مِمَّنْ كَانَ قَبْلَكُمْ فَجَزِعَ مِنْهُ، فَأَخَذَ سِكِّينًا فَجَرَّ بِهَا يَدَهُ، فَمَا رَقَأَ، عَنْهُ الدَّمُ حَتَّى مَاتَ، قَالَ اللَّهُ تَعَالَى: عَبْدِي بَادَرَنِي بِنَفْسِهِ حَرَّمْتُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ " قَالَ أَبُو مُوسَى قَالَ وَهْبٌ: الْقَدَرِيَّةُ يَحْتَجُّونَ بِهَذَا الْحَدِيثِ وَلَيْسَ لَهُمْ فِيهِ حَجَّةٌ

اپنے ہاتھ کو چھری کے ساتھ کھینچا۔ اس سے خون جاری ہوگیا یہاں تک کہ وہ مرگیا۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا میرے بندے نے اپنی جان کے معاملہ میں مجھ سے جلدی کی میں نے اس پر جنت حرام کر دی۔ ابوموسیٰ فرماتے ہیں کہ وہب فرماتے ہیں کہ قدریہ اس حدیث سے دلیل پکڑتے ہیں (لیکن) یہ اُن کے لیے دلیل نہیں ہے۔

1525 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ أَبِي عَمَّارٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، وَعَنْ حَمَّادٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " لَقِيَ آدَمُ مُوسَى فَقَالَ مُوسَى: أَنْتَ آدَمُ الَّذِي خَلَقَكَ اللَّهُ بِيَدِهِ، وَأَسْكَنَكَ جَنَّتَهُ، وَأَسْجَدَ لَكَ مَلَائِكَتَهُ، فَعَلَتَ مَا فَعَلْتَ، فَأَخْرَجْتَ ذُرِّيَّتَكَ مِنَ الْجَنَّةِ، قَالَ آدَمُ: يَا مُوسَى، أَنْتَ الَّذِي اصْطَفَاكَ اللَّهُ بِرِسَالَتِهِ، وَكَلَّمَكَ، وَقَرَّبَكَ نَجِيًّا، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَأَنَا أَقْدَمُ أَمِ الذِّكْرُ؟ قَالَ: الذِّكْرُ " ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَحَجَّ آدَمُ مُوسَى، فَحَجَّ آدَمُ مُوسَى

حضرت جندب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت آدم علیہ السلام' موسیٰ علیہ السلام سے ملے' حضرت موسیٰ نے عرض کی کہ آپ آدم ہیں جس کو اللہ عزوجل نے اپنے دستِ قدرت سے پیدا کیا' تیرے لیے فرشتوں کو سجدہ کروایا تجھے اپنی جنت میں رکھا۔ پس آپ لوگوں کو جنت سے نکال لائے۔ حضرت آدم علیہ السلام نے فرمایا: آپ وہ موسیٰ علیہ السلام ہیں جن کو اللہ نے رسالت دی اور تیرے ساتھ کلام کیا اور جس سے باتیں کیں۔ حضرت موسیٰ نے عرض کی: جی ہاں! حضرت آدم نے فرمایا: میں پہلے ہوں یا ذکر؟ حضرت موسیٰ نے عرض کی: ذکر! حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حضرت آدم' موسیٰ پر غالب آ گئے' آدم موسیٰ پر غالب آ گئے۔

1526 - حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ حَاتِمِ بْنِ وَرْدَانَ

حضرت جندب بن عبداللہ البجلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

1525- أخرجه مسلم في القدر' باب: حجاج آدم وموسىٰ عليهما السلام . وأبو داؤد في السنة' باب: في القدر . ومالك في القدر' باب: النهي عن القول بالقدر . والبخاري في الأنبياء' باب: وفاة موسىٰ وذكره بعد' وفي التفسير باب: (واصطنعتك لنفسي)' وباب: (فلا يخرجنكما من الجنة فتشقىٰ)' وفي القدر باب: تحاج آدم وموسىٰ' وفي التوحيد باب: ما جاء في قوله عزوجل: (وكلم الله موسىٰ تكليمًا) .

1526- أخرجه مسلم في البر' باب: النهي عن تقنيط الانسان من رحمة الله .

بْنِ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ، عَنْ أَبِي عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْبَجَلِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، " قَالَ رَجُلٌ: وَاللَّهِ لَا يَغْفِرُ اللَّهُ لِفُلَانٍ، فَقَالَ اللَّهُ: مَنْ ذَا الَّذِي يَتَأَلَّى عَلَيَّ أَنْ لَا أَغْفِرَ لِفُلَانٍ؟ فَإِنِّي قَدْ غَفَرْتُ لِفُلَانٍ، وَأَحْبَطْتُ عَمَلَكَ"

کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک آدمی تھا' اس نے کہا: قسم بخدا! اللہ فلاں کو نہ بخشے گا! اللہ عزوجل نے فرمایا: تُو کون ہے جو میرے اوپر قسم اُٹھا کر کہہ رہا ہے کہ میں فلاں کو نہیں بخشوں گا؟ میں نے فلاں کو بخش دیا ہے اور میں نے تیرے عمل باطل کر دیا ہے۔

1527 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ يَعْنِي الرُّؤَاسِيَّ، حَدَّثَنِي حُسْنُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَ: " مَنْ سَلَّمَ عَلَيْكَ مِنْ خَلْقِ اللَّهِ فَارْدُدْ عَلَيْهِ، وَإِنْ كَانَ مَجُوسِيًّا، فَإِنَّ اللَّهَ يَقُولُ: (وَإِذَا حُيِّيتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوا بِأَحْسَنَ مِنْهَا أَوْ رُدُّوهَا) (النساء: 86)"

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جو تجھ کو سلام کرے اللہ کی مخلوق میں سے اس کا جواب دو اگرچہ مجوسی ہی کیوں نہ ہو۔ بے شک اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اور جب تمہیں (مسلمانوں کی طرف سے) کسی لفظ سے سلام کیا جائے تو تم اس سے بہتر (لفظ کے ساتھ) جواب دو' یا وہی لوٹا دو)۔

1528 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ، حَدَّثَنَا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ، عَنْ يُونُسَ، عَنِ الْحَسَنِ، " (وَإِذَا حُيِّيتُمْ بِتَحِيَّةٍ فَحَيُّوا بِأَحْسَنَ مِنْهَا) (النساء: 86) لِأَهْلِ الْإِسْلَامِ (أَوْ رُدُّوهَا) (النساء: 86) عَلَى أَهْلِ الشِّرْكِ"

حضرت حسن فرماتے ہیں کہ کہ اللہ کا ارشاد ہے: ''جب تم میں سے کوئی سلام کرے تو اس کا جواب دو اچھے طریقے سے'' یہ اہل اسلام کے لیے ہے ''یا پھر وہی لوٹا دو'' یہ اہل شرک کے لیے ہے۔

1529 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنَا أَبُو

حضرت جندب بن سفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم

1527- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد8صفحه41 للمصنف .

1529- أخرجه مسلم في الأضاحي' باب: وقتها . وأحمد جلد4صفحه313 . والنسائي باب: ذبح الناس بالمصلى' وفي الضحايا باب: ذبح الضحية قبل الامام . وابن ماجه في الأضاحي' باب: النهي عن ذبح الأضحية قبل الصلاة . والبخاري في العيدين' باب: كلام الامام والناس في خطبة العيد' وفي الذبائح باب: قول النبي صلى الله عليه وسلم: فليذبح علي اسم الله' وفي الأضاحي باب: من ذبح قبل الصلاة أعاد' وفي الأيمان باب: اذا حنث ناسيًا في الأيمان' وفي التوحيد باب: السؤال بأسماء الله تعالى والاستعاذه بها .

عَوَانَةَ، عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ سُفْيَانَ، قَالَ: صَلَّيْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ، فَذَبَحَ نَاسٌ ضَحَايَاهُمْ قَبْلَ الصَّلَاةِ، فَلَمَّا انْصَرَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَآهُمْ قَدْ ذَبَحُوا قَبْلَ الصَّلَاةِ، قَالَ: مَنْ كَانَ ذَبَحَ أُضْحِيَتَهُ قَبْلَ الصَّلَاةِ فَلْيَذْبَحْ ذِبْحًا آخَرَ، وَمَنْ كَانَ لَمْ يَذْبَحْ حَتَّى صَلَّيْنَا، فَلْيَذْبَحْ عَلَى اسْمِ اللّٰهِ

نے حضور ﷺ کے ساتھ ایک دن (عید الاضحیٰ) کی نماز پڑھی بعض صحابہ کرام نے نماز سے پہلے قربانی کر دی جب حضور ﷺ نماز سے فارغ ہوئے۔ آپ ﷺ نے ان کو دیکھا کہ وہ نماز سے پہلے ذبح کر رہے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جس نے نماز سے پہلے قربانی کی ہے وہ اس کی جگہ دوسرا جانور ذبح کرے۔ جس نے قربانی نہیں کی یہاں تک کہ ہمارے ساتھ نماز پڑھی وہ اللہ کے نام پر ذبح کرے۔

1530 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنِ الْأَسْوَدِ، عَنْ جُنْدُبِ بْنِ سُفْيَانَ الْبَجَلِيِّ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَمِيَتْ إِصْبَعُهُ فِي بَعْضِ الْمَشَاهِدِ، فَقَالَ: هَلْ أَنْتِ إِلَّا إِصْبَعٌ دَمِيتِ، وَفِي سَبِيلِ اللّٰهِ مَا لَقِيتِ؟

حضرت جندب بن سفیان البجلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کی بعض غزوات میں انگلی مبارک زخمی ہوئی' آپ نے ارشاد فرمایا: کیا تُو صرف ایک ہی انگلی تو ہے' تو اللہ کی راہ میں زخمی ہوئی ہے' بتا! تجھے کیا تکلیف پہنچی ہے۔

1531 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي، عَنْ صَاحِبٍ لَهُ وَهُوَ الْحَضْرَمِيُّ، عَنْ أَبِي السَّوَّارِ يُحَدِّثُ عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ رَهْطًا وَبَعَثَ عَلَيْهِمْ أَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ، فَلَمَّا أَخَذَ يَنْطَلِقُ لَكِنَّهُ بَكَى صُبَابَةً إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَعَثَ

حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک لشکر بھیجا اور اُن پر امیر ابوعبیدہ بن جراح کو بنا کر بھیجا' جب چلنے لگے لیکن شوق میں رونے لگے' رسول اللہ ﷺ کے' آپ نے ان کی جگہ کسی کو بھیجا' اس کو عبداللہ بن جحش کہا جاتا تھا' اس کے لیے آپ نے ایک خط لکھا اور حکم دیا: کسی صحابی کو چلنے پر مجبور نہ کرنا' اپنے ساتھ جب خط پڑھا تو انا للہ وانا الیہ راجعون پڑھنے

1530- أخرجه أحمد جلد **4** صفحه **312-313** . والبخاري في الجهاد' باب: من ينكب في سبيل الله' وفي الأدب باب: ما يجوز من الشعر والرجز . ومسلم في الجهاد' باب: ما لقي النبي صلى الله عليه وسلم من أذى المشركين والمنافقين .

1531- أخرجه البيهقي في السنن جلد **9** صفحه **11-12** . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **6** صفحه **198** . للطبراني .

رَجُلًا بِمَكَانِهِ يُقَالُ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَحْشٍ، وَكَتَبَ لَهُ كِتَابًا، وَأَمَرَهُ أَنْ لَا يُكْرِهَ أَحَدًا مِنْ أَصْحَابِهِ عَلَى الْمَسِيرِ مَعَهُ، فَلَمَّا قَرَأَ الْكِتَابَ، اسْتَرْجَعَ، وَقَالَ: سَمْعٌ وَطَاعَةٌ- يَعْنِي لِلّٰهِ وَرَسُولِهِ- خَبَرُهُمُ الْخَبَرُ، وَقَرَأَ عَلَيْهِمُ الْكِتَابَ، فَرَجَعَ رَجُلَانِ، وَمَضَى بَقِيَّتُهُمْ، فَلَقُوا ابْنَ الْحَضْرَمِيِّ، فَقَتَلُوهُ وَلَمْ يُدْرِكْ ذَاكَ الْيَوْمَ مِنْ رَجَبٍ أَوْ مِنْ جُمَادَى، فَقَالَ الْمُشْرِكُونَ لِلْمُسْلِمِينَ: فَعَلْتُمْ كَذَا وَكَذَا فِي الشَّهْرِ الْحَرَامِ، فَأَتَوْا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَدَّثُوهُ الْحَدِيثَ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ (يَسْأَلُونَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ قِتَالٍ فِيهِ قُلْ قِتَالٌ فِيهِ كَبِيرٌ) (البقرة: 217) إِلَى قَوْلِهِ (وَالْفِتْنَةُ أَكْبَرُ مِنَ الْقَتْلِ) (البقرة: 217) قَالَ: الشِّرْكُ، قَالَ بَعْضُ الَّذِينَ كَانُوا فِي السَّرِيَّةِ: وَاللّٰهِ مَا قَتَلَهُ إِلَّا وَاحِدٌ، فَإِنْ يَكُ خَيْرًا، فَقَدْ وَلِيتُهُ، وَإِنْ يَكُ ذَنْبًا فَقَدْ عَمِلْتَهُ، وَقَالَ بَعْضُ الْمُسْلِمِينَ إِنْ لَمْ يَكُونُوا أَصَابُوا فِي شَهْرِهِمْ هَذَا وِزْرًا، فَلَيْسَ لَهُمْ فِيهِ أَجْرٌ، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ (إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَالَّذِينَ هَاجَرُوا وَجَاهَدُوا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ أُولَئِكَ يَرْجُونَ رَحْمَةَ اللّٰهِ وَاللّٰهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ)

لگے اور عرض کرنے لگے: سن اور اطاعت کر' یعنی اللہ اور اس کے رسول کی۔ صحابہ کرام کو خبر دی' ان کے سامنے خط پڑھا تو دو آدمی لوٹ پڑے اور باقی چل پڑے' وہ ابن حضرمی کو ملے اور اس کو قتل کیا' ابھی رجب یا جمادی کا دن نہیں آیا تھا۔ مشرکوں نے مسلمانوں سے کہا: تم نے شہر حرام میں یہ یہ کیا ہے' وہ حضور ﷺ کے پاس آئے' اُنہوں نے یہ بات بیان کی کہ اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''وہ آپ سے ماہ حرام میں (مسلمانوں سے اتفاقاً سرزد ہونے والی) لڑائی کے بارے میں پوچھتے ہیں تو تم فرما دو: اس میں لڑنا بڑا گناہ ہے یہاں تک (اسلام دشمنی کا) فتنہ قتل سے بھی زیادہ بڑا ہے' بعض جو سریہ میں تھے اُنہوں نے کہا: اللہ کی قسم! اس کو صرف ایک آدمی نے قتل کیا ہے' اگر کوئی خیر ہوتی تو میں اس کو درست بناتا' اگر گناہ ہوتا تو بے شک تُو نے ایک عمل کیا ہے۔ بعض مسلمانوں نے کہا: اگر وہ اس مہینہ میں لڑائی نہ کرتے تو یہ نقصان تھا' ان کے لیے ثواب نہیں ہونا تھا۔ اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: ''بے شک جو لوگ ایمان لائے اور ہجرت کی اور اللہ کی راہ میں جہاد کیا' یہی لوگ اللہ کی رحمت کے اُمیدوار ہیں' اللہ عزوجل بخشنے والا رحم کرنے والا ہے''۔

مُسْنَدُ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ

مسند ثابت بن ضحاک رضی اللہ عنہ

1532 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا أَبَانُ

حضرت ثابت بن ضحاک رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ

بْنُ يَزِيدَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ، أَنَّ أَبَا قِلَابَةَ، حَدَّثَهُ، أَنَّ ثَابِتَ بْنَ الضَّحَّاكِ حَدَّثَهُ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " مَنْ حَلَفَ عَلَى مِلَّةٍ غَيْرِ الْإِسْلَامِ كَاذِبًا، فَهُوَ كَمَا قَالَ: لَيْسَ عَلَى رَجُلٍ نَذْرٌ فِيمَا لَا يَمْلِكُ"

حضور اقدس ﷺ نے فرمایا: جس نے اسلام کے علاوہ کسی اور دین پر قسم اٹھائی وہ جھوٹی ہے وہ ایسے ہی ہے جیسے اس نے کہا: آدمی پر اس قسم کا پورا کرنا ضروری نہیں جس کا وہ مالک نہیں۔

مُسْنَدُ حَمْزَةَ الْأَسْلَمِيّ

مسند حمزہ اسلمی رضی اللہ عنہ

1533 - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، حَدَّثَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ خَالِدِ بْنِ حِزَامٍ الْحِزَامِيّ، حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنَادِ، أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ حَمْزَةَ، حَدَّثَهُ، عَنْ أَبِيهِ حَمْزَةَ الْأَسْلَمِيّ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَهُ فِي سَرِيَّةٍ، وَأَمَّرَهُ عَلَيْهِمْ وَقَالَ: إِنْ أَخَذْتُمْ فُلَانًا فَأَحْرِقُوهُ بِالنَّارِ فَلَمَّا وَلَّيْتُ دَعَانِي مِنْ وَرَائِي، فَجِئْتُ، فَقَالَ: إِنْ أَخَذْتُمْ فُلَانًا فَاقْتُلُوهُ، وَلَا تُحْرِقُوهُ بِالنَّارِ، فَإِنَّهُ لَا يُعَذِّبُ بِالنَّارِ إِلَّا رَبُّ النَّارِ

حضرت حمزہ الاسلمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ان کو ایک سریہ میں بھیجا اور ان کو ان پر امیر مقرر کیا اور فرمایا: اگر تم فلاں کو پکڑ لو تو اس کو آگ میں جلا دو۔ جب میں چلا، آپ ﷺ نے مجھے پیچھے سے بلوایا۔ میں آیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تم فلاں کو پکڑو تو اس کو قتل کر دو۔ اس کو آگ میں نہ جلاؤ بے شک کسی کو زیب نہیں دیتا کہ کسی کو آگ میں جلائے یہ شان اللہ عزوجل کی ہے کہ وہ آگ میں جلائے۔

يَزِيدُ بْنُ رُكَانَةَ

مسند یزید بن رکانہ رضی اللہ عنہ

1534 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ

حضرت یزید بن رکانہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں

1533- أخرجه أحمد جلد3صفحه494 . وأبو داؤد في الجهاد' باب: كراهية حرق العدو بالنار .

1534- أخرجه أبو داؤد في الطلاق' باب: في البتة . والترمذي في الطلاق' باب: ما جاء في الرجل يطلق امرأته البتة . وابن ماجه في الطلاق'باب: في طلاق البتة . والدارمي في الطلاق جلد 2صفحه163' باب: في الطلاق البتة . والبيهقي في السنن جلد7صفحه342 .

يَعْنِي ابْنَ حَازِمٍ، عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ بْنِ رُكَانَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ الْبَتَّةَ فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَا أَرَدْتَ بِهَا؟ قَالَ: وَاحِدَةً، قَالَ: آللّٰهِ قَالَ: آللّٰهِ، قَالَ: هِيَ عَلَى مَا أَرَدْتَ

نے اپنی بیوی کو طلاق بائنہ (پکی طلاق) دی۔ اس کے بعد وہ حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے' آپ نے فرمایا: تُو نے اس کے ساتھ کیا ارادہ کیا ہے؟ اس نے عرض کی: ایک کا! آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کی قسم! اللہ کی قسم! آپ نے فرمایا: جوتُو نے ارادہ کیا وہی ہے۔

1535 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، حَدَّثَنَا الزُّبَيْرُ بْنُ سَعِيدٍ الْهَاشِمِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ بْنِ رُكَانَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، أَنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ الْبَتَّةَ عَلَى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَهُ، فَقَالَ: مَا نَوَيْتَ بِذَلِكَ؟ قَالَ: وَاحِدَةً، قَالَ: آللّٰهِ قَالَ: آللّٰهِ، قَالَ: هِيَ عَلَى مَا أَرَدْتَ

حضرت یزید بن رکانہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے اپنی بیوی کو البتہ کے لفظ کے ساتھ طلاق دی۔ اس کے بعد وہ حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے' آپ نے فرمایا: تُو نے اس کے ساتھ کیا ارادہ کیا ہے؟ اس نے عرض کی: ایک! آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کی قسم! اللہ کی قسم! آپ نے فرمایا: جوتُو نے ارادہ کیا وہی ہے۔

الْجَارُودُ

مسند جادور رضی اللہ عنہ

1536 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا أَبَانُ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ أَبِي مُسْلِمٍ الْجَذَمِيِّ، عَنِ الْجَارُودِ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ضَالَّةُ الْمُسْلِمِ حَرَقُ النَّارِ

حضرت جادور رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: مؤمن کا گمشدہ جانور لے لینا دوزخ میں جلنا ہے۔

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَارِثِ بْنِ جَزْءٍ الزُّبَيْدِيُّ

مسند عبداللہ بن الحارث بن جزء زبیدی رضی اللہ عنہ

1537 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، حَدَّثَنَا

حضرت عبداللہ بن الحارث بن جزء الزبیدی رضی اللہ عنہ

1537- أخرجه أحمد جلد 4 صفحه 191 . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 8 صفحه 27 للمصنف والبزار والطبراني .

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ، أَخْبَرَنِي عَمْرٌو، أَنَّ سُلَيْمَانَ بْنَ زِيَادٍ الْحَضْرَمِيَّ، حَدَّثَهُ، أَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الْحَارِثِ بْنِ جَزْءٍ الزُّبَيْدِيَّ حَدَّثَهُ أَنَّهُ مَرَّ وَصَاحِبٌ لَهُ بِأُمِّ أَيْمَنَ، وَفِتْيَةٌ مِنْ قُرَيْشٍ قَدْ حَلُّوا أُزُرَهُمْ، فَجَعَلُوهَا مَخَارِيقَ يَجْتَلِدُونَ بِهَا وَهُمْ عُرَاةٌ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَلَمَّا مَرَرْنَا بِهِمْ، قَالُوا: إِنَّ هَؤُلَاءِ قِسِّيسُونَ فَدَعَوْهُمْ، ثُمَّ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ عَلَيْهِمْ فَلَمَّا أَبْصَرُوهُ تَبَدَّدُوا فَرَجَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُغْضَبًا حَتَّى دَخَلَ، وَكُنْتُ وَرَاءَ الْحُجْرَةِ فَسَمِعْتُهُ يَقُولُ: سُبْحَانَ اللّٰهِ، لَا مِنَ اللّٰهِ اسْتَحْيَوْا، وَلَا مِنْ رَسُولِهِ اسْتَتَرُوا وَأُمُّ أَيْمَنَ، عِنْدَهُ تَقُولُ: اسْتَغْفِرْ لَهُمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ: فَبِأَبِي مَا اسْتَغْفَرَ لَهُمْ

بیان کرتے ہیں کہ وہ اور ان کے ساتھی اُم ایمن اور قریش کے ایک نوجوان کے پاس سے گزرے انہوں نے اپنے تہبند اُتارے ان کی گیند بنائی اور اس کے ساتھ کھیلنے لگے اور خود مجرد ہو گئے۔ حضرت عبداللہ فرماتے ہیں کہ جب ہم ان کے پاس سے گزرے تو انہوں نے کہا: یہ پادری ہیں! سو انہوں نے ان کو بلایا پھر اُن کی طرف حضور ﷺ نکلے جب اُنہوں نے آپ کو دیکھا تو وہ بھاگ گئے۔ حضور ﷺ غصہ کی حالت میں واپس آئے یہاں تک کہ آپ داخل ہوئے تو میں حجرے کے پیچھے تھا میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا: اللہ پاک ہے! یہ لوگ اللہ اور اس کے رسول سے حیاء نہیں کرتے۔ حالانکہ حضرت اُم ایمن آپ کے پاس بیٹھی ہوئی تھیں۔ عرض کرنے لگی: یارسول اللہ! ان کے لیے بخشش مانگیں! حضرت عبداللہ نے عرض کی: میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! آپ ان کے لیے بخشش نہ مانگیں۔

1538 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا الْمُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ زِيَادٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَزْءٍ، قَالَ: أَكَلْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا شِوَاءً وَنَحْنُ فِي الْمَسْجِدِ أُقِيمَتِ الصَّلَاةُ فَلَمْ نَزِدْ عَلَى أَنْ مَسَحْنَا أَيْدِينَا بِالْحَصَاةِ

حضرت عبداللہ بن جزء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے حضور ﷺ کے ساتھ ایک دن بھونا ہوا گوشت کھایا اس حالت میں کہ ہم مسجد میں تھے نماز کے لیے اقامت کہی گئی ہم نے صرف ٹھیکریوں یا کنکریوں کے ساتھ اپنے ہاتھ صاف کیے۔

1538- أخرجه أحمد جلد4صفحه190-191 . وابن ماجه في الأطعمة، باب: الشواء .

هُبَيْبُ بْنُ مُغَفَّلٍ

1539 - حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ، قَالَ: وَحَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ، عَنْ أَسْلَمَ أَبِي عِمْرَانَ، عَنْ هُبَيْبِ بْنِ مُغَفَّلٍ، أَنَّهُ رَأَى مُحَمَّدَ بْنَ عُلْبَةَ الْقُرَشِيَّ يَجُرُّ إِزَارَهُ فَنَظَرَ إِلَيْهِ هُبَيْبُ بْنُ مُغَفَّلٍ، فَقَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ وَطِئَهُ خُيَلَاءُ وَطِئَهُ فِي النَّارِ

مسند هبیب بن مغفل رضی اللہ عنہ

حضرت هبیب بن مغفل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے محمد بن علبہ القرشی کو دیکھا وہ اپنے تہبند کو لٹکائے ہوئے تھے۔ حضرت هبیب بن مغفل رضی اللہ عنہ نے اس کی طرف دیکھا۔ فرمایا: میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے تکبر سے اپنے تہبند کو روندا تو اس کو جہنم میں روندا جائے گا۔

مُسْنَدُ أَبِي شَهْمٍ

1540 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْكِنْدِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ عَطَاءٍ، عَنْ بَيَانِ بْنِ بِشْرٍ، عَنْ قَيْسِ بْنِ أَبِي حَازِمٍ، عَنْ أَبِي شَهْمٍ، وَكَانَ بَطَّالًا قَالَ: مَرَّتْ بِي جَارِيَةٌ فِي بَعْضِ طُرُقِ الْمَدِينَةِ فَأَهْوَيْتُ بِيَدِي إِلَى خَاصِرَتِهَا، فَلَمَّا كَانَ الْغَدُ أَتَى النَّاسُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُبَايِعُونَهُ، وَأَتَيْتُهُ فَبَسَطْتُ يَدِي لِأُبَايِعَهُ، فَقَبَضَ يَدَيْهِ فَقَالَ: أَنْتَ صَاحِبُ الْجُبَيْذَةِ أَمْسِ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ،

مسند ابی شہم رضی اللہ عنہ

حضرت ابی شہم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ان کو بے کار آدمی سمجھا جاتا تھا' فرماتے ہیں کہ میرے پاس مدینہ شریف کے بعض راستوں میں سے ایک لونڈی گزری' میں اپنے ہاتھ کے ساتھ اس کی کمر کی طرف جھکا' جب صبح ہوئی تو لوگ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے آپ کی بیعت کرنے کے لیے' میں نے اپنا ہاتھ بڑھایا تاکہ میں آپ کی بیعت کروں تو آپ نے اپنا دست مبارک کھینچ لیا' آپ نے فرمایا: تو کل والا ہاتھ لگانے والا نہیں ہے۔

1539- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **347** وجلد **4** صفحه **237** . وعزاه أيضًا الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **5** صفحه **124-125** . للمصنف والطبراني .

1540- أخرجه أحمد جلد **5** صفحه **294** .

بَايِعْنِي لَا أَعُودُ أَبَدًا، قَالَ: فَنَعَمْ إِذًا

میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میری بیعت کرلیں! میں ہمیشہ کے لیے ایسا نہیں کروں گا۔ آپ نے فرمایا: اس وقت ٹھیک ہے۔

مُسْنَدُ رَافِعِ بْنِ مَكِيثٍ

رافع بن مکیث رضی اللہ عنہ کی مسند

1541 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ زُفَرَ، عَنْ بَعْضِ بَنِي رَافِعِ بْنِ مَكِيثٍ، عَنْ رَافِعِ بْنِ مَكِيثٍ، وَكَانَ شَهِدَ الْحُدَيْبِيَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: حُسْنُ الْمَلِكَةِ نَمَاءٌ، وَسُوءُ الْخُلُقِ شُؤْمٌ

حضرت رافع بن مکیث رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں وہ حدیبیہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا کہ آپ نے فرمایا: اچھے اخلاق آدمی کو بلند کرتا ہے اور بُرا اخلاق نحوست ہے۔

1542 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا هَمَّامُ بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ، عَنْ عَامِرِ بْنِ أَبِي أُمَيَّةَ، أَخِي أُمِّ سَلَمَةَ، عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصْبِحُ جُنُبًا وَيَصُومُ وَلَا يُفْطِرُ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم صبح کے وقت جنبی ہوتے آپ روزہ رکھتے اور روزہ چھوڑتے نہ تھے۔

مُسْنَدُ رَبَاحٍ

رباح بن ربیع رضی اللہ عنہ

1541- أخرجه أحمد جلد3صفحه502 . وأبو داؤد في الأدب' باب: في حق المملوك .

1542- أخرجه أحمد جلد 6صفحه34-36 . ومالك في الصيام' باب: ما جاء في صيام الذي يصبح جنبًا في رمضان . والبخاري في الصيام' باب: الصائم يصبح جنبًا'وباب: اغتسال الصائم . ومسلم في الصيام' باب: صحة صوم من طلع عليه الفجر وهو جنب . والنسائي في الطهارة' باب: ترك الوضوء مما غيرت النار . وأبو داؤد في الصوم' باب: في من اصبح جنبًا في شهر رمضان . والترمذي في الصوم' باب: ما جاء في الذي يدركه الفجر وهو يريد الصوم .

بن ربیع

1543 - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، بِالْبَصْرَةِ، حَدَّثَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْخُزَامِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو الزِّنَادِ، عَنْ مُرَقِّعِ بْنِ صَيْفِيٍّ، عَنْ جَدِّهِ رَبَاحِ بْنِ رَبِيعٍ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزَاةٍ، وَعَلَى مُقَدِّمَةِ النَّاسِ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيدِ، فَإِذَا امْرَأَةٌ مَقْتُولَةٌ عَلَى الطَّرِيقِ، يَتَعَجَّبُونَ مِنْ خَلْقِهَا، قَدْ أَصَابَتْهَا الْمُقَدَّمَةُ، فَأَتَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَقَفَ عَلَيْهَا، فَقَالَ: هَا مَا كَانَتْ هَذِهِ تُقَاتِلُ ثُمَّ قَالَ لِرَجُلٍ: أَدْرِكْ خَالِدًا فَلَا يَقْتُلَنَّ ذُرِّيَّةً، وَلَا عَسِيفًا

کی مسند

حضرت مرقع بن صیفی اپنے دادا رباح بن ربیع رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' فرماتے ہیں: ہم ایک غزوہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے' لوگوں کے آگے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ تھے۔ ایک عورت راستے میں قتل کی ہوئی تھی' صحابہ کرام اس کی خوبصورتی پر تعجب کرنے لگے' اس کو آگے والے صحابہ نے مارا تھا۔ اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو آپ اس کے پاس ٹھہرے' آپ نے فرمایا: اس کو کس نے قتل کیا ہے؟ پھر ایک آدمی سے کہا: خالد کو پاؤ۔ (آپ نے فرمایا:) ہرگز کسی بچے اور خدمت گزار کو قتل نہ کیا جائے۔

مُسْنَدُ عُفَيْفٍ الْكِنْدِيِّ

1544 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ خُثَيْمٍ الْهِلَالِيُّ، عَنْ أَسَدِ بْنِ وَدَاعَةَ الْبَجَلِيِّ، عَنِ ابْنِ يَحْيَى بْنِ عُفَيْفٍ الْكِنْدِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ عُفَيْفٍ، قَالَ: جِئْتُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ إِلَى مَكَّةَ، وَأَنَا أُرِيدُ أَنْ أَبْتَاعَ لِأَهْلِي مِنْ ثِيَابِهَا

عفیف الکندی رضی اللہ عنہ کی مسند

حضرت عفیف رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں زمانہ جاہلیت میں مکہ آیا۔ میں چاہتا تھا کہ میں اپنے گھر والوں کے لیے نئے کپڑے اور خوشبو خرید لوں۔ میں حضرت عباس بن عبدالمطلب کے پاس آیا۔ حضرت عباس تاجر تھے۔ میں ان کے پاس بیٹھ گیا۔ اس وقت میں کعبہ کی

1543- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **488** . وابن ماجه في الجهاد' باب: الغارة والبيات' وقتل النساء والصبيان . وأبو داؤد في الجهاد رقم الحديث: **2669**' باب: في قتل النساء .

1544- أخرجه أحمد جلد **1** صفحه **209-210** . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **9** صفحه **103-222** للمصنف والطبراني .

وَعِطْرِهَا، فَأَتَيْتُ الْعَبَّاسَ بْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، وَكَانَ رَجُلًا تَاجِرًا، فَأَنَا، عِنْدَهُ جَالِسٌ حَيْثُ أَنْظُرُ إِلَى الْكَعْبَةِ، وَقَدْ حَلَّقَتِ الشَّمْسُ فِي السَّمَاءِ، فَارْتَفَعَتْ فَذَهَبْتُ، إِذْ جَاءَ شَابٌّ فَرَمَى بِبَصَرِهِ إِلَى السَّمَاءِ، ثُمَّ قَامَ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ، ثُمَّ لَمْ أَلْبَثْ إِلَّا يَسِيرًا حَتَّى جَاءَ غُلَامٌ، فَقَامَ عَلَى يَمِينِهِ، ثُمَّ لَمْ أَلْبَثْ إِلَّا يَسِيرًا حَتَّى جَاءَتِ امْرَأَةٌ، فَقَامَتْ خَلْفَهُمَا فَرَكَعَ الشَّابُّ، فَرَكَعَ الْغُلَامُ وَالْمَرْأَةُ، فَرَفَعَ الْغُلَامُ وَالْمَرْأَةُ، فَقُلْتُ يَا عَبَّاسُ، أَمْرٌ عَظِيمٌ، فَقَالَ الْعَبَّاسُ: أَمْرٌ عَظِيمٌ، تَدْرِي مَنْ هَذَا الشَّابُّ؟ قُلْتُ: لَا، قَالَ: هَذَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ ابْنِ أَخِي، تَدْرِي مَنْ هَذَا الْغُلَامُ؟ هَذَا عَلِيُّ ابْنُ أَخِي، تَدْرِي مَنْ هَذِهِ الْمَرْأَةُ؟ هَذِهِ خَدِيجَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدٍ زَوْجَتُهُ، إِنَّ ابْنَ أَخِي هَذَا أَخْبَرَنِي أَنَّ رَبَّهُ رَبُّ السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضِ أَمَرَهُ بِهَذَا الدِّينِ الَّذِي هُوَ عَلَيْهِ، وَلَا وَاللَّهِ مَا عَلَى الْأَرْضِ كُلِّهَا أَحَدٌ عَلَى هَذَا الدِّينِ غَيْرِ هَؤُلَاءِ الثَّلَاثَةِ

طرف دیکھ رہا تھا۔ دیکھا کہ سورج نے آسمان میں حلقہ بنا لیا۔ پس وہ بلند ہوا تو میں گیا اچانک ایک نوجوان آیا اس نے اپنی نظر آسمان کی طرف اٹھائی۔ پھر قبلہ شریف کی طرف منہ کر کے کھڑا ہو گیا۔ پھر تھوڑی دیر بعد ایک بچہ آیا وہ آپ کے دائیں جانب کھڑا ہو گیا۔ پھر تھوڑی دیر بعد ایک عورت آئی۔ وہ ان دونوں کے پیچھے کھڑی ہو گئی۔ اس نوجوان نے رکوع کیا اور اس بچے اور عورت نے بھی رکوع کیا۔ اس نوجوان نے رکوع سے سر اٹھایا اس بچے اور عورت نے بھی سر اٹھایا اس نوجوان نے سجدہ کیا۔ اس بچے اور عورت نے بھی سجدہ کیا۔ میں نے عرض کی: اے عباس! یہ عظیم کام ہے۔ حضرت عباس نے کہا: یہ کام بہت بڑا ہے۔ جانتے ہو یہ نوجوان کون ہے؟ میں نے عرض کی: نہیں! فرمایا: یہ نوجوان محمد بن عبداللہ میرے بھائی کا بیٹا ہے۔ یہ بچہ علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ ہے میرے بھائی ابوطالب کا بیٹا ہے۔ یہ عورت خدیجہ بنت خویلد اس کی بیوی ہے یہ میرے بھائی کہتا ہے کہ اس کا رب تو زمین و آسمان کا رب اور اس کو اس دین کا حکم دیا ہے جس پر یہ ہے اور کوئی خدا نہیں ہے۔ اللہ کی قسم اس کے ساتھ ان تین کے علاوہ اس دین پر کوئی نہیں ہے۔

مُسْنَدُ قَتَادَةَ بْنِ النُّعْمَانِ

قتادہ بن نعمان رضی اللہ عنہ کی مسند

1545 - حَدَّثَنَا أَبُو مَعْمَرٍ الْهُذَلِيُّ

حضرت قتادہ بن نعمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک

1545- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 35 . ومالك في القرآن' باب: ما جاء في (قل هو الله احد) و (تبارك) . والبخاري

اِسْمَاعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ أَنَسٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي صَعْصَعَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، قَالَ: أَخْبَرَنِي أَخِي قَتَادَةُ بْنُ النُّعْمَانِ أَنَّ رَجُلًا قَامَ فِي زَمَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ مِنَ السَّحَرِ: قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ يُرَدِّدُهَا لَا يَزِيدُ عَلَيْهَا، فَلَمَّا أَصْبَحَ أَتَى رَجُلٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ، يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّ فُلَانًا قَامَ اللَّيْلَةَ فَقَرَأَ فِي السَّحَرِ (قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ اللَّهُ الصَّمَدُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُولَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوا أَحَدٌ) (الاخلاص: 1) يُرَدِّدُهَا لَا يَزِيدُ عَلَيْهَا كَأَنَّ الرَّجُلَ يَتَقَالُّهَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ إِنَّهَا لَتَعْدِلُ ثُلُثَ الْقُرْآنَ

آدمی حضور ﷺ کے زمانہ میں سحری کے وقت سے قیام کرتا تھا وہ سحری کے وقت قل ھو اللہ احد بار بار پڑھتا تھا اس کے علاوہ کوئی نہیں پڑھتا تھا جب صبح ہوئی تو ایک آدمی حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا۔ عرض کی: یا رسول اللہ! فلاں آدمی رات کے وقت حالت قیام میں قل ھو اللہ احد الیٰ آخرہ بار بار پڑھتا ہے اور اس کے علاوہ کوئی نہیں پڑھتا۔ گویا وہ دس باقی سورتوں کے ثواب کو کم سمجھتا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ایک ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! اس سورۃ مبارک کا ثواب تعالیٰ قرآن کے ثلث کے برابر ہے۔

1546 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْحَمِيدِ الْحِمَّانِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ غَسِيلٍ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ، عَنْ أَبِيهِ - يَعْنِي - ، عَنْ قَتَادَةَ بْنِ النُّعْمَانِ، أَنَّهُ أُصِيبَتْ عَيْنُهُ يَوْمَ بَدْرٍ، فَسَالَتْ حَدَقَتُهُ عَلَى وَجْنَتِهِ، فَأَرَادُوا أَنْ يَقْطَعُوهَا فَسَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: لَا فَدَعَا بِهِ فَغَمَزَ حَدَقَتَهُ بِرَاحَتِهِ، فَكَانَ لَا يَدْرِي أَيَّ

حضرت قتادہ بن نعمان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ان کی آنکھ پہ بدر کے دن (تیر) لگا' وہ بہہ پڑی' اس سے انہوں نے ارادہ کیا کہ اس کو کاٹ دیں۔ حضور ﷺ سے سوال کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ایسا نہیں کرنا۔ آپ ﷺ نے اس کے لیے دعا کی' اس کو اسی جگہ گاڑ دیا' وہ نہیں جانتے تھے کہ ان کو کس پر تکلیف ہے۔

فی فضائل القرآن' باب: فضل (قل هو الله احد)' وفی الایمان والنذور باب: کیف کانت یمین النبی صلی الله علیه وسلم' وفی التوحید باب: ما جاء فی دعاء النبی صلی الله علیه وسلم ۔ وأبو داؤد فی الصلاة' باب: فی سورة الصمد ۔ والنسائی فی الافتتاح' باب: الفضل فی قراءة (قل هو الله احد) ۔

1546- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد8صفحه297-298 للمصنف والطبراني ۔

عَيْنَيْهِ أُصِيبَتْ؟

1547 - حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْأَذْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عِمْرَانَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: أُصِيبَتْ عَيْنُ أَبِي ذَرٍّ يَوْمَ أُحُدٍ فَبَزَقَ فِيهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَانَتْ أَصَحَّ عَيْنَيْهِ

حضرت عبدالرحمٰن بن حارث بن عبید اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کی آنکھ کو احد کے دن چوٹ آ گئی' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا لعاب مبارک لگایا۔ وہ آنکھ اس سے زیادہ بہتر ہوگئی جس طرح پہلے والی آنکھ تھی۔

مُسْنَدُ مَعْنِ بْنِ يَزِيدَ

معن بن یزید رضی اللہ عنہ کی مسند

1548 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَامٍ، وَعِدَّةٌ، قَالُوا: حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ أَبِي الْجُوَيْرِيَةِ، عَنْ مَعْنِ بْنِ يَزِيدَ، قَالَ: بَايَعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَا وَأَبِي وَجَدِّي، وَخَاصَمْتُ إِلَيْهِ فَأَفْلَجَنِي وَخَطَبَ عَلَيَّ فَأَنْكَحَنِي، وَقَالَ مَعْنٌ: لَا تَحِلُّ غَنِيمَةٌ حَتَّى تُقَسَّمَ عَلَى النَّاسِ جُفَّةً وَاحِدَةً. فَإِذَا قُسِّمَ حَلَّ لِي أَنْ أُعْطِيَكَ، وَهَذَا لَفْظُ عَبْدِ الْأَعْلَى خَاصَّةً، وَلَيْسَ فِي حَدِيثِ غَيْرِهِ، فَإِذَا قُسِّمَ أَنَا أُعْطِيكَ

حضرت معن بن یزید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے اور میرے باپ اور دادا نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بیعت کی' میں اپنا جھگڑا لے کر آپ کے پاس گیا تو آپ نے مجھے اپنے پاس داخل کیا اور میرے لیے نکاح کا پیغام بھیجا' اس کے بعد میرا نکاح کر دیا۔ حضرت معن نے فرمایا: مالِ غنیمت حلال نہیں ہے یہاں تک کہ لوگوں پر تقسیم کیا جائے' ایک ہی دفعہ جب تقسیم کیا جائے تو وہ میرے لیے حلال ہے تجھے دنیا کے لیے۔ یہ لفظ خاص عبدالاعلیٰ کے ہیں' اس حدیث کے علاوہ میں نہیں ہے کہ جب وہ تقسیم کیا جائے گا تو میں تجھے دوں گا۔

مُسْنَدُ أَحْمَرَ

مسند احمر رضی اللہ عنہ

1547- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**8**صفحه**298** للمصنف .

1548- أخرجه أحمد جلد**3**صفحه**470** وجلد**4**صفحه**459** . والبخاري في الزكاة' باب: اذا تصدق على ابنه وهو لا يشعر . والبيهقي في السنن جلد**6**صفحه**314** . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**6**صفحه**7** للطبراني .

1549 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ رَاشِدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْحَسَنَ، يَقُولُ: حَدَّثَنَا أَحْمَرُ، صَاحِبُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ كُنَّا لَنَأْوِي لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّا يُجَافِي مِرْفَقَيْهِ، عَنْ جَنْبَيْهِ إِذَا سَجَدَ

حضرت حسن فرماتے ہیں کہ ہم کو احمر صحابیؓ رسول ﷺ نے بتایا کہ حضور ﷺ دونوں کلائیوں کو کروٹ سے جدا رکھتے تھے جب سجدہ کرتے تھے۔

مسند هشام بن عامر

ہشام بن عامر رضی اللہ عنہ کی مسند

1550 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ، حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ جَاءَتِ الْأَنْصَارُ يَوْمَ أُحُدٍ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، بِنَا قَرْحٌ وَجَهْدٌ، فَكَيْفَ تَأْمُرُنَا؟ قَالَ: احْفِرُوا، وَأَوْسِعُوا، وَاجْعَلُوا الرَّجُلَيْنِ وَالثَّلَاثَةَ فِي الْقَبْرِ فَقَالُوا: مَنْ نُقَدِّمُ؟ قَالَ: قَدِّمُوا أَكْثَرَكُمْ قُرْآنًا قَالَ: فَقُدِّمَ أَبِي بَيْنَ يَدَيِ اثْنَيْنِ مِنَ الْأَنْصَارِ، أَوْ قَالَ: وَاحِدٌ مِنَ الْأَنْصَارِ

حضرت ہشام بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: انصار احد کے دن آئے' عرض کی: یا رسول اللہ! آپ کو زخم اور مشکلات پہنچی ہیں' اب ہم کو کیا حکم دیتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: کھودو اور وسیع کرو' دو دو تین تین ایک قبر میں دفن کرو۔ عرض کی: پہلے کس کو رکھیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جو قرآن کا بڑا قاری ہو۔ میرے باپ کو درمیان میں رکھا گیا دو انصار کے یا ایک انصار کے۔

1551 - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا

حضرت ابو قلابہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگ سونا

1549- أخرجه أحمد جلد 4صفحه342 وجلد5صفحه30-31 . وابن ماجه فى الاقامة' باب: السجود . وأبو داؤد فى الصلاة' باب: صفة السجود .

1550- أخرجه أحمد جلد4صفحه19-21 . وأبو داؤد فى الجنائز' باب: فى تعميق القبر . والنسائى فى الجنائز' باب: ما يستحب فى اعماق القبر' وباب: ما يستحب من توسيع القبر .

1551- أخرجه أحمد جلد 4صفحه19-20 . وعزاه أيضًا الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد4صفحه114-115 للمصنف .

إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، حَدَّثَنَا أَيُّوبُ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، قَالَ: كَانَ النَّاسُ يَشْتَرُونَ الذَّهَبَ بِالْوَرِقِ نَسِيئَةً - قَالَ إِسْمَاعِيلُ: أَحْسَبُهُ إِلَى الْعَطَاءِ - فَأَتَى عَلَيْهِمْ هِشَامُ بْنُ عَامِرٍ فَنَهَاهُمْ، وَقَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ نَبِيعَ الذَّهَبَ نَسِيئَةً، وَأَنْبَأَنَا، أَوْ قَالَ: أَخْبَرَنَا أَنَّ ذَلِكَ هُوَ الرِّبَا

چاندی کے بدلے خریدتے تھے اُدھار۔ حضرت اسماعیل فرماتے ہیں: میرا گمان ہے کہ اُن کے پاس ہشام بن عامر آئے' پس اس نے ان کو منع فرمایا اور فرمایا کہ حضور ﷺ نے منع فرمایا ہے کہ سونے کی بیع کی جائے ادھار' فرمایا یہ سود ہے۔ ہم کو بتایا' یا فرمایا: ہم کو بتایا کہ یہ سود ہے۔

1552 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ بَعْضِ، أَشْيَاخِهِمْ قَالَ: قَالَ هِشَامُ بْنُ عَامِرٍ لِجِيرَانِهِ: إِنَّكُمْ مُتَخَطُّونَ إِلَى رِجَالٍ مَا كَانُوا بِأَخَصَّ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَلَا أَوْعَى لِحَدِيثِهِ مِنِّي، سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا بَيْنَ خَلْقِ آدَمَ إِلَى أَنْ تَقُومَ السَّاعَةُ خَلْقٌ أَكْبَرُ مِنَ الدَّجَّالِ

حضرت حمید بن ہلال اپنے بعض شیوخ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضرت ہشام بن عامر نے اپنے پڑوسیوں سے فرمایا: تم ایسے لوگوں کے پاس جاتے ہو جو مجھ سے زیادہ حضور ﷺ کے خاص نہیں ہیں' نہ اس کو مجھ سے زیادہ حدیث یاد ہے' میں نے حضور ﷺ سے سنا ہے کہ آپ نے فرمایا: حضرت آدم علیہ السلام کے پیدا ہونے سے لے کر قیامت آنے تک جو فتنہ پیدا ہوتا ہے' دجال سے بڑا فتنہ کوئی نہیں ہوگا۔

1553 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنَا أَيُّوبُ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ رَهْطٍ مِنْهُمْ: أَبُو الدَّهْمَاءِ، وَأَبُو قَتَادَةَ قَالَ: كُنَّا نَمُرُّ عَلَى هِشَامٍ نَأْتِي عِمْرَانَ بْنَ حُصَيْنٍ، فَقَالَ ذَاتَ يَوْمٍ: إِنَّكُمْ لَتَتَجَاوَزُونَنِي إِلَى رِجَالٍ مَا كَانُوا بِأَخَصَّ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنِّي، وَلَا أَعْلَمَ بِحَدِيثِهِ مِنِّي، سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا بَيْنَ

حضرت حمید بن ہلال اپنے بعض شیوخ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت ہشام بن عامر کے پاس سے گزرتے جبکہ ہم عمران بن حصین کے پاس آرہے ہوتے تھے' ایک دن انہوں نے فرمایا: تم ایسے لوگوں کے پاس جاتے ہو جو مجھ سے زیادہ حضور ﷺ کے خاص نہیں ہیں' نہ اس کو مجھ سے زیادہ حدیث یاد ہے' میں نے حضور ﷺ سے سنا ہے کہ آپ نے فرمایا: حضرت آدم علیہ السلام کے پیدا ہونے سے لے کر

1552- أخرجه أحمد جلد4صفحه19-21 .

1553- أخرجه مسلم في الفتن' باب: في بقية من أحاديث الدجال .

خَلْقِ آدَمَ إِلَى قِيَامِ السَّاعَةِ خَلْقٌ أَكْبَرُ مِنَ الدَّجَّالِ

قیامت آنے تک جوفتنہ پیدا ہوتا ہے' دجال سے بڑا فتنہ کوئی نہیں ہوگا۔

1554 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ يَزِيدَ الرِّشْكِ، عَنْ مُعَاذَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عَامِرٍ الْأَنْصَارِيِّ، قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ أَنْ يُصَارِمَ مُسْلِمًا فَوْقَ ثَلَاثٍ وَإِنَّهُمَا نَاكِبَانِ، عَنِ الْحَقِّ مَا كَانَا عَلَى صِرَامِهِمَا وَإِنَّ أَوَّلَهُمَا فَيْئًا يَكُونُ فِي سَبْقِهِ بِالْفَيْءِ كَفَّارَةٌ لَهُ وَإِنْ سَلَّمَ عَلَيْهِ فَلَمْ يَقْبَلْ سَلَامَهُ رَدَّتْ عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةُ وَرَدَّ عَلَى الْآخَرِ الشَّيْطَانُ وَإِنْ مَاتَا عَلَى صِرَامِهِمَا لَمْ يَدْخُلَا الْجَنَّةَ أَوْ لَمْ يَجْتَمِعَا فِي الْجَنَّةِ

حضرت ہشام بن عامر انصاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: کسی مسلمان کے لیے جائز نہیں ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی سے تین دن سے زیادہ دیر تک گفتگو کرنا چھوڑ دے (اگر تین دن سے زیادہ چھوڑے تو) وہ دونوں حق سے دور رہیں گے' ان دونوں میں سے جو پہلے دوسرے سے گفتگو کرے گا' وہ پہل کرنا اس کے گناہ کا کفارہ ہو جائے گا' اگر پہل کرنے والے نے دوسرے کو سلام کیا اور اُس نے اس کا سلام قبول نہ کیا تو اس کے سلام کا جواب فرشتے دیں گے اور جواب نہ دینے والے کو شیطان کو جواب دیتا ہے' اگر دونوں ناراضگی کی حالت میں مرے تو دونوں جنت میں داخل نہ ہوں گے' یا فرمایا: دونوں جنت میں جمع نہیں ہوں گے۔

1555 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا أَيُّوبُ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ أَبِي الدَّهْمَاءِ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عَامِرٍ، قَالَ: شَكَوْا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بِهِمْ مِنَ الْقَرْحِ، فَقَالَ: احْفِرُوا، وَأَحْسِنُوا، وَأَوْسِعُوا،

حضرت ہشام بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ لوگوں نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو شکایت کی جوان کو قرح سے تھی' پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کھودو اور اچھی طرح کھودو اور وسیع کرو اور دو آدمیوں کو یا تین کو ایک قبر میں دفن کرو اور جس کو قرآن زیادہ آتا ہے اس کو

1554- أخرجه أحمد جلد 4صفحه20 . وعزاه أيضًا الهيثمي في مجمع الزوائد جلد8صفحه66 للمصنف والطبراني .

1555- أخرجه أحمد جلد 4صفحه20 . والترمذي في الجهاد' باب: ما جاء في دفن الشهداء . وابن ماجه في الجنائز' باب: ما جاء في حفر القبر .

وَادْفِنُوا الِاثْنَيْنِ وَالثَّلَاثَةَ فِي الْقَبْرِ، وَقَدِّمُوا أَكْثَرَهُمْ قُرْآنًا قَالَ: فَمَاتَ أَبِي قُدِّمَ بَيْنَ يَدَيْ رَجُلَيْنِ

پہلے رکھو۔ فرماتے ہیں: میرا والد فوت ہو گیا تو پس اسے دو آدمیوں کے درمیان پہلے رکھا گیا۔

مُسْنَدُ أَبِي جُمُعَةَ

مسند حضرت ابو جمعہ رضی اللہ عنہ کی مسند

1556 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْغَفَّارِ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عُطَارِدٍ الْبَصْرِيُّ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ أَسِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ صَالِحِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنْ أَبِي جُمُعَةَ، قَالَ: تَغَدَّيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَعَنَا أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ، فَقَالَ لَهُ أَبُو عُبَيْدَةَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَحَدٌ خَيْرٌ مِنَّا؟ أَسْلَمْنَا مَعَكَ، وَجَاهَدْنَا مَعَكَ، قَالَ: نَعَمْ، قَوْمٌ يَكُونُونَ مِنْ بَعْدِي يُؤْمِنُونَ بِي، وَلَمْ يَرَوْنِي

حضرت ابو جمعہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ میں نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ صبح کی اور ہمارے ساتھ ابوعبیدہ بن جراح تھے' پس ابوعبیدہ نے ان سے کہا: یارسول اللہ! ہم میں سے کوئی بہتر ہے' ہم آپ پر اسلام لائے اور آپ کے ساتھ جہاد کیا۔ فرمایا: جی ہاں! ایک قوم میرے بعد ہو گی مجھ پر ایمان لائیں گے حالانکہ اُنہوں نے مجھے دیکھا نہیں ہو گا۔

1557 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ، مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ، عَنْ أَبِي خَلَفٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عَوْفٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا جُمُعَةَ جُنْدُبَ بْنَ سَبُعٍ، يَقُولُ: قَاتَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوَّلَ النَّهَارِ كَافِرًا، وَقَاتَلْتُ مَعَهُ آخِرَ النَّهَارِ مُسْلِمًا، وَكُنَّا ثَلَاثَةَ رِجَالٍ وَسَبْعَ نِسْوَةٍ، وَفِينَا أُنْزِلَتْ (لَوْلَا رِجَالٌ مُؤْمِنُونَ وَنِسَاءٌ مُؤْمِنَاتٌ) (الفتح: 25) " الْآيَةَ

حضرت عبداللہ بن عوف فرماتے ہیں کہ میں نے ابو جمعہ جندب بن سبع کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ دن کے اوّل حصہ میں کفر کی حالت میں آپ کے ساتھ لڑا مسلمان ہونے کی حالت میں' ہم تین مرد اور سات عورتیں تھے۔ یہ آیت ہمارے متعلق نازل ہوئی: ''اگر مؤمن مرد اور مؤمنہ عورتیں نہ ہوتیں''۔

1556- أخرجه أحمد جلد4صفحه106 . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه66 .

1557- وعزاه أيضًا الهيثمي في مجمع الزوائد جلد9صفحه398 للمصنف والطبراني .

1558 - حَدَّثَنَا أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْفُضَيْلِ بْنِ عِيَاضٍ، حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ، مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ، حَدَّثَنَا الْمَسْعُودِيُّ، عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: لَقِيتُ شَيْخًا بِالشَّامِ، فَقُلْتُ: أَسَمِعْتَ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا؟ قَالَ: نَعَمْ، سَمِعْتُهُ يَقُولُ: اللَّهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا

حضرت عون بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ میں شام میں ایک شیخ سے ملا' پس میں نے کہا: کیا تُو نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ سنا ہے؟ فرمایا: ہاں! میں نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ فرمارہے تھے: اے اللہ! ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما!

1559 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ حَمَّادٍ الْكُوفِيُّ، حَدَّثَنَا مُسْهِرُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ سَلْعٍ، أَخْبَرَنِي أَبِي قَالَ: قُلْتُ: لِعَبْدِ خَيْرٍ كَمْ أَتَى عَلَيْكَ؟ قَالَ: عِشْرُونَ وَمِئَةُ سَنَةٍ، قُلْتُ: هَلْ تَذْكُرُ مِنْ أَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ شَيْئًا؟ قَالَ: " نَعَمْ، كُنَّا بِبَلَادِ الْيَمَنِ، فَجَاءَنَا كِتَابُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْعُو النَّاسَ إِلَى خَيْرٍ وَاسِعٍ، فَكَانَ أَبِي مِمَّنْ خَرَجَ، وَأَنَا غُلَامٌ، فَلَمَّا رَجَعَ أَبِي، قَالَ لِأُمِّي: مُرِي بِهَذِهِ الْقِدْرِ فَلْتُرَقْ لِلْكِلَابِ، فَإِنَّا قَدْ أَسْلَمْنَا فَأَسْلِمِي "

حضرت مسہر بن عبدالملک بن سلع فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے بیان کیا کہ میں نے اپنے غلام خیر سے کہا: آپ پر کتنے سال گزرے ہیں؟ فرمایا: ایک سو بیس سال! میں نے کہا: کیا آپ کو جاہلیت کے کاموں میں سے کوئی شی یاد ہے؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! ہم یمن کے شہروں میں تھے' ہمارے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا خط آیا' آپ لوگوں کو کھلی بھلائی کی طرف دعوت دیتے تھے' میرے والد نکلے' میں بچہ تھا' جب میرے والد واپس آئے تو میری والدہ نے کہا: اس ہنڈیا کے متعلق حکم دیا گیا کہ اس کو کتوں کے آگے بہا دو کیونکہ ہم مسلمان ہو گئے ہیں' تُو مسلمان ہو جا!

مُسْنَدُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَرْجِسَ

حضرت عبداللہ بن سرجس رضی اللہ عنہ کی مسند

1560 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ

حضرت عبداللہ بن سرجس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں

1558- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه172 لأحمد .

1559- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه7 للطبراني .

1560- أخرجه مسلم في الفضائل' باب: اثبات خاتم النبوة..... . وأحمد جلد5صفحه82-83 .

السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ، حَدَّثَنَا عَاصِمٌ الْأَحْوَلُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَرْجِسَ، قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَكَلْتُ مَعَهُ خُبْزًا وَلَحْمًا أَوْ قَالَ: ثَرِيدًا، فَقُلْتُ: غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: وَلَكَ قُلْتُ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَرْجِسَ، اسْتَغْفَرَ لَكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ، وَلَكَ، وَتَلَا هَذِهِ الْآيَةَ (اسْتَغْفِرْ لِذَنْبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ) (محمد:19) قَالَ: ثُمَّ دُرْتُ حَتَّى صِرْتُ خَلْفَهُ فَرَأَيْتُ خَاتَمَ النُّبُوَّةِ، عِنْدَ نُغْضِ كَتِفِهِ الْيُسْرَى جُمْعًا عَلَيْهِ خِيلَانٌ

نے حضور ﷺ کو دیکھا اور میں نے آپ ﷺ کے ساتھ روٹی یا گوشت کھایا یا ثرید کھائی۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اللہ تعالیٰ آپ کی وجہ سے آپ کی امت کے گناہ معاف کرے! آپ ﷺ نے فرمایا: اور تیرے بھی! میں نے عبداللہ سے کہا: حضور ﷺ نے تیرے لیے معافی مانگی ہے۔ حضرت عبداللہ نے کہا: جی ہاں! اور تیرے لیے بھی' اور یہ آیت تلاوت کی: ''بخشش مانگیں اپنے لیے اور مؤمن مرد اور عورتوں کے گناہوں کی'' (سورۃ محمد:۱۹) پھر میں آپ کے قریب ہوا یہاں تک کہ آپ کے پیچھے ہوا۔ میں نے مہر نبوت بائیں کندھے پر اُبھری ہوئی دیکھی اس پر تل کے نشانات تھے۔

1561 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُخْتَارِ، حَدَّثَنَا عَاصِمٌ الْأَحْوَلُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَرْجِسَ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ يَغْتَسِلَ الرَّجُلُ بِفَضْلِ الْمَرْأَةِ، وَتَغْتَسِلَ الْمَرْأَةُ بِفَضْلِ الرَّجُلِ، وَلَكِنْ يَشْرَعَانِ فِيهِ جَمِيعًا

حضرت عبداللہ بن سرجس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضور ﷺ نے منع فرمایا کہ آدمی عورت کے بچے ہوئے پانی سے غسل کرے اور عورت مرد کے بچے ہوئے پانی سے وضو کرے۔ لیکن دونوں اکٹھے کرلیں تو جائز ہے۔

مُسْنَدُ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ

مسند عمرو بن مرہ رضی اللہ عنہ کی مسند

1562 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ يَعْنِي بْنَ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ،

حضرت عمرو بن مرہ رضی اللہ عنہ نے حضرت معاویہ سے کہا: میں نے حضور ﷺ سے سنا ہے کہ آپ ﷺ نے

1561- أخرجه البيهقي في السنن جلد1صفحه192 . وابن ماجه في الطهارة' باب: النهي عن ذلك . وأبو داؤد في الطهارة' باب: النهي عن ذلك . والنسائي في الطهارة' باب: ذكر النهي عن الاغتسال بفضل الجنب .

1562- أخرجه أحمد جلد4صفحه231 . والترمذي في الأحكام' باب: ما جاء في امام الرعية . وأبو داؤد في الخراج والامارة' باب: فيما يلزم الامام من أمر الرعية .

عَنْ أَبِي حَسَنٍ، أَنَّ عَمْرَو بْنَ مُرَّةَ، قَالَ لِمُعَاوِيَةَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقُولُ: مَا مِنْ وَالٍ يُغْلَقُ بَابُهُ دُونَ ذَوِي الْخَلَّةِ وَالْحَاجَةِ، إِلَّا أَغْلَقَ اللَّهُ أَبْوَابَ السَّمَاءِ، عَنْ خَلَّتِهِ وَمَسْكَنَتِهِ

فرمایا: جو حکمران اپنی عوام پر ضرورت اور دوستی کے دروازے بند کر دیتا ہے اللہ تعالیٰ کی ذات آسمان کے دروازے اس پر محتاجی اور دوستی کے بند کر دیتا ہے۔

1563 - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو حَسَنٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، قَالَ: قُلْتُ لِمُعَاوِيَةَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْ أَمِيرٍ وَلَا وَالٍ يُغْلَقُ بَابُهُ دُونَ ذَوِي الْحَاجَةِ وَالْخَلَّةِ وَالْمَسْكَنَةِ إِلَّا أَغْلَقَ اللَّهُ أَبْوَابَ السَّمَاءِ دُونَ حَاجَتِهِ وَمَسْكَنَتِهِ قَالَ: فَجَعَلَ مُعَاوِيَةُ رَجُلًا عَلَى حَوَائِجِ النَّاسِ

حضرت عمرو بن مرہ رضی اللہ عنہ نے حضرت معاویہ سے کہا: میں نے حضور ﷺ سے سنا ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جو حکمران اپنی عوام پر ضرورت اور دوستی کے دروازے بند کر دیتا ہے اللہ تعالیٰ کی ذات آسمان کے دروازے اس پر محتاجی اور دوستی کے بند کر دیتا ہے۔ حضرت معاویہ نے سن کر ایک آدمی کو لوگوں کی ضرورت پر مقرر کر دیا تھا۔

1564 - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سَبْرَةَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ الْجُهَنِيِّ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا، عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَنْ هَاهُنَا مِنْ مَعَدٍّ فَلْيَقُمْ؟ قَالَ: فَأَخَذْتُ ثَوْبِي لِأَقُومَ، قَالَ: اقْعُدْ ثُمَّ قَالَ الثَّانِيَةَ، فَقُلْتُ: مِمَّنْ أَنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ: مِنْ حِمْيَرَ

حضرت عمرو بن مرہ الجہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور انور ﷺ کے پاس بیٹھا ہوا تھا آپ ﷺ نے فرمایا: جو یہاں قبیلہ معد سے ہو وہ کھڑا ہو جائے۔ میں نے اپنا کپڑا پکڑا تا کہ کھڑا ہو جاؤں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: بیٹھ جا۔ پھر دوسری مرتبہ فرمایا کہ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں کن سے ہوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: حمیر سے۔

مُخَوَّلٌ

مسند مخول رضی اللہ عنہ

1565 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ،

حضرت محمد بن سلیمان بن مسمول فرماتے ہیں کہ

1563- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد1صفحه193-194 للمصنف وأحمد والبزار والطبراني في الكبير .

1564- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد7صفحه304-305 للمصنف والطبراني في الأوسط .

حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ مَسْمُولٍ، قَالَ: سَمِعْتُ الْقَاسِمَ بْنَ مُخَوَّلٍ الْبَهْزِيَّ ثُمَّ السُّلَمِيَّ، يَقُولُ: سَمِعْتُ أَبِي وَكَانَ قَدْ أَدْرَكَ الْجَاهِلِيَّةَ وَالْإِسْلَامَ يَقُولُ: نُصِبَتْ حَبَائِلُ لِي بِالْأَبْوَاءِ، فَوَقَعَ فِي حَبْلٍ مِنْهَا ظَبْيٌ، فَأَفْلَتَ فَخَرَجْتُ فِي إِثْرِهِ، فَوَجَدْتُ رَجُلًا قَدْ أَخَذَهُ، فَتَنَازَعْنَا فِيهِ، فَتَسَاوَقْنَا إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدْنَاهُ نَازِلًا بِالْأَبْوَاءِ تَحْتَ شَجَرَةٍ يَسْتَظِلُّ بِنِطَعٍ، فَاخْتَصَمْنَا إِلَيْهِ، فَقَضَى بِهِ بَيْنَنَا شِطْرَيْنِ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، نَلْقَى الْإِبِلَ وَبِهَا لَبَنٌ وَهِيَ مُصَرَّاةٌ، وَنَحْنُ مُحْتَاجُونَ، قَالَ: نَادِ صَاحِبَ الْإِبِلِ ثَلَاثًا، فَإِنْ جَاءَ، وَإِلَّا فَاحْلُلْ صِرَارَهَا، ثُمَّ اشْرَبْ، ثُمَّ صُرَّ، وَأَبْقِ لِلَّبَنِ دَوَاعِيَهُ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، الضَّوَالُّ تَرِدُ عَلَيْنَا، هَلْ لَنَا أَجْرٌ أَنْ نَسْقِيَهَا؟ قَالَ: نَعَمْ، فِي كُلِّ ذَاتِ كَبِدٍ حَرَّى أَجْرٌ ثُمَّ أَنْشَأَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَدِّثُنَا، قَالَ: سَيَأْتِي عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ، خَيْرُ الْمَالِ فِيهِ غَنَمٌ بَيْنَ الْمَسْجِدَيْنِ تَأْكُلُ الشَّجَرَ وَتَرِدُ الْمَاءَ، يَأْكُلُ صَاحِبُهَا مِنْ رَسْلِهَا، وَيَشْرَبُ مِنْ أَلْبَانِهَا، وَيَلْبَسُ مِنْ أَصْوَافِهَا- أَوْ قَالَ- أَشْعَارِهَا، وَالْفِتَنُ تَرْتَكِسُ بَيْنَ جَرَاثِيمَ الْعَرَبِ، وَاللَّهِ مَا تَعْبَئُونَ يَقُولُهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثًا قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَوْصِنِي، قَالَ: أَقِمِ الصَّلَاةَ، وَآتِ الزَّكَاةَ، وَصُمْ رَمَضَانَ، وَحُجَّ الْبَيْتَ، وَاعْتَمِرْ، وَبِرَّ

میں نے قاسم بن مخول البہزی' پھر سلمی کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے اپنے والد سے سنا کہ اُنہوں نے جاہلیت اور اسلام کا زمانہ پایا ہے' وہ فرماتے ہیں کہ مقام ابواء پر جال لگایا تھا' اس جال میں ہرن پھنسا' وہ اس سے نکلا تو میں اس کے پیچھے نکلا' میں نے ایک آدمی کو پایا کہ اُس نے اسے پکڑا ہوا تھا۔ دونوں اس ہرن کے متعلق جھگڑنے لگے' ہم دونوں اپنا معاملہ حضور ﷺ کے پاس لے کر چلے تو ہم نے آپ کو مقام ابواء میں ایک سایہ دار درخت کے نیچے چمڑے میں لیٹے ہوئے پایا' ہم نے آپ کی بارگاہ میں جھگڑا پیش کیا تو آپ نے ہمارے درمیان آدھے آدھے کا فیصلہ کیا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم کو اونٹ ملتے ہیں کہ ان کے تھنوں میں دودھ روکا ہوا ہوتا ہے' ہم کو دودھ کی ضرورت بھی ہوتی ہے۔ آپ نے فرمایا: اونٹ کے مالک کو تین مرتبہ پکارو! اگر آ جائے تو اجازت لے لو ورنہ اس کا دودھ دوہ لو' پھر اس کو پیو اور کچھ دودھ ان کے تھنوں میں رہنے دو۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم پر ایسی اشیاء آتی ہیں جو پیاسی ہوتی ہیں کیا ہمارے لیے ثواب ہے کہ ہم اُن کو پانی پلائیں؟ آپ نے فرمایا: ہر تازہ کلیجی میں ثواب ملے گا (یعنی ہر جان دار شی کو سکون دینے سے' یعنی کھلانے پلانے کے ساتھ ثواب ملے گا) پھر حضور ﷺ ہم کو حدیث بیان کرنے لگے کہ عنقریب لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا کہ ان کے لیے دو مسجدوں کے درمیان بہترین مال بکریاں ہوں گی' ان کو کھانے کے لیے درخت اور

وَالِدَيْكَ، وَصِلْ رَحِمَكَ، وَأَقْرِ الضَّيْفَ، وَأْمُرْ بِالْمَعْرُوفِ، وَانْهَ، عَنِ الْمُنْكَرِ، وَزُلْ مَعَ الْحَقِّ حَيْثُ زَالَ

پینے کے لیے پانی دیا جائے گا' اس کا مالک بہت زیادہ (یعنی پوری بکری) کھائے گا' اس کا دودھ پیے گا اور اس کا صوف پہنے گا۔ یا فرمایا: بال پہنے گا اور فتنے' عرب کے کیڑوں کے درمیان سے' اللہ کی قسم! وہ تھکیں گے نہیں' حضور ﷺ نے یہ تین مرتبہ فرمایا' تو میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے وصیت کریں! آپ نے فرمایا: تُو نماز قائم کر اور زکوٰۃ ادا کر' رمضان کے روزے رکھ' بیت اللہ کا حج کر اور عمرہ کر' اپنے والدین سے نیکی کر' صلہ رحمی کر' مہمان نوازی کر' نیکی کا حکم دے اور بُرائی سے منع کرے اور ہمیشہ حق کے ساتھ رہ جہاں بھی ہو۔

مُسْنَدُ عَمِّ أَبِي حَرَّةَ الرَّقَاشِيِّ

ابوحرہ رقاشی کے چچا کی مسند

1566 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي حَرَّةَ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ عَمِّهِ، قَالَ: كُنْتُ آخِذًا بِزِمَامِ نَاقَةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَوْسَطِ أَيَّامِ التَّشْرِيقِ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ، فَقَالَ: فِيمَا يَقُولُ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّ كُلَّ رِبًا مَوْضُوعٌ، وَإِنَّ أَوَّلَ رِبًا يُوضَعُ رِبَا الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، لَكُمْ رُءُوسُ أَمْوَالِكُمْ لَا تَظْلِمُونَ وَلَا تُظْلَمُونَ

حضرت ابوحرہ الرقاشی اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے حجۃ الوداع میں ایام تشریق کے وسط میں حضور ﷺ کی اونٹنی کی نکیل پکڑی ہوئی تھی' آپ نے اپنے ارشادات میں فرمایا: اے لوگو! ہر سود ختم ہے' بے شک سب سے پہلے عباس بن عبدالمطلب کا سود' ختم کیا جاتا ہے' تمہارے لیے تمہارے اموال کے حصوں سے' اصل زر ہے' نہ تم ظلم کرو نہ تم پر ظلم کیا جائے گا۔

1567 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي حَرَّةَ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ عَمِّهِ،

حضرت ابوحرہ رقاشی اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں کہ بے شک نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مسلمان کا مال

1566- أخرجه أحمد جلد5صفحه72-73 . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه265-266 .

AlHidayah - الهداية

أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَحِلُّ مَالُ امْرِءٍ مُسْلِمٍ إِلَّا بِطِيبِ نَفْسٍ مِنْهُ

کسی دوسرے مسلمان کے لیے حلال نہیں ہے مگر جب وہ اپنی خوشی سے دے۔

الْحَارِثُ الْأَشْعَرِيُّ

حضرت حارث اشعری

1761 - حَدَّثَنَا أَبُو هَمَّامٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ شَابُورٍ، أَخْبَرَنِي أَبُو عَمْرٍو يَحْيَى بْنُ الْحَارِثِ الذِّمَارِيُّ، أَنَّهُ سَمِعَ الْقَاسِمَ أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ، مَوْلَى يَزِيدَ بْنِ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ يَرْفَعُ الْحَدِيثَ إِلَى عُقْبَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ صَامَ يَوْمًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ بَاعَدَ اللّٰهُ مِنْهُ جَهَنَّمَ مَسِيرَةَ مِائَةِ عَامٍ

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جس نے ایک روزہ اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے رکھا اللہ عزوجل اس کو جہنم سے ایک سو سال کی مسافت تک دور کر دے گا۔

مُسْنَدُ جَابِرٍ

مسند جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ

1762 - أَخْبَرَنَا أَبُو يَعْلَى أَحْمَدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الْمُثَنَّى الْمَوْصِلِيُّ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، قَالَ: سَمِعْتُ عَطَاءَ بْنَ أَبِي رَبَاحٍ، حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے کشمش اور کھجور اور خشک کھجور اور تر کھجور ملانے سے منع کیا۔

1761- أخرجه النسائي في الصوم' باب: ذكر الاختلاف على سفيٰن الثوري فيه . والترمذي في فضائل الجهاد' باب: ما جاء في فضل الصوم في سبيل الله .

1762- أخرجه مسلم في الأشربة' باب: كراهية انتباذ التمر والزبيب . وأحمد جلد3صفحه294-300 . والنسائي في الأشربة' باب: خليط البسر والرطب . وابن ماجه في الأشربة' باب: النهي عن الخليطين . وأبو داؤد في الأشربة' باب: في الخليطين . والترمذي في الأشربة' باب: ما جاء في خليط البسر والتمر . والبخاري في الأشربة' باب: من رأى أن لا يخلط البسر والتمر اذا كان مسكرًا .

عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ يُخْلَطَ الزَّبِيبُ وَالتَّمْرُ، وَالْبُسْرُ وَالتَّمْرُ

1763 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُنْبَذُ لَهُ فِي تَوْرٍ مِنْ حِجَارَةٍ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے پتھر کے ایک برتن میں نبیذ بناتے تھے۔

1764 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا الْفُرَاتُ بْنُ أَبِي الْفُرَاتِ الْقُرَشِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ عَطَاءَ بْنَ أَبِي رَبَاحٍ يُحَدِّثُ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنِمْتُ، ثُمَّ اسْتَيْقَظْتُ، ثُمَّ نِمْتُ، ثُمَّ اسْتَيْقَظْتُ، فَقَامَ رَجُلٌ مِنَ الْمُسْلِمِينَ، فَقَالَ: الصَّلَاةَ الصَّلَاةَ، قَالَ: فَخَرَجَ إِلَيْنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَأْسُهُ يَقْطُرُ فَصَلَّى، ثُمَّ قَالَ: لَوْلَا أَنْ أَشُقَّ عَلَى أُمَّتِي، وَلَا أُحِبُّ أَنْ أَشُقَّ عَلَى أُمَّتِي، لَأَحْبَبْتُ أَنْ تُصَلُّوا هَذِهِ الصَّلَاةَ هَذِهِ السَّاعَةَ، قَالَ: الْفُرَاتُ: أَظُنُّهَا الْعِشَاءَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے ایک سفر میں۔ میں سو گیا پھر اٹھا پھر میں سو گیا پھر اٹھا۔ مسلمانوں میں سے ایک آدمی کھڑا ہوا' اس نے کہا: نماز نماز، حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے اس حال میں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سر سے پانی کے قطرے گر رہے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھی پھر فرمایا اگر مجھے اپنی امت پر مشقت کا خوف نہ ہوتا تو میں پسند کرتا کہ اپنی امت پر کہ یہ نماز اس وقت ادا کی جائے۔ حضرت فرات فرماتے ہیں میرا خیال ہے کہ وہ عشاء کی نماز تھی۔

1765 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ،

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

1763- أخرجه مسلم فى الأشربة' باب: النهى عن الانتباذ فى المزفت . وأحمد جلد3صفحه304-307 . والنسائى فى الأشربة' باب: الاذن فيما كان فى الأسقية منها . وابن ماجه فى الأشربة' باب: صفة النبيذ وشربه . وأبو داؤد فى الأشربة' باب: فى الأوعية . والدارمى فى الأشربة' باب: فيمن ينتبذ للنبى .

1764- عزاه الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد 1صفحه312-313 للمصنف . وأخرجه البيهقى فى الصلاة' باب: آخر وقت العشاء .

1765- أخرجه مسلم فى الأشربة' باب: الأمر بتغطية الاناء وايكاء السقاء . وأبو داؤد فى الجهاد' باب: فى كراهية السير فى أول الليل . وأحمد جلد3صفحه312-386 .

حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ حَبِيبٍ الْمُعَلِّمِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُفُّوا فَوَاشِيَكُمْ حَتَّى تَذْهَبَ فَزْعَةُ الْعِشَاءِ، فَإِنَّهَا سَاعَةٌ تَحْتَرِقُ فِيهَا الشَّيَاطِينُ

حضور ﷺ نے فرمایا: اپنے مویشیوں کو روک لیا کرو یہاں تک کہ رات کا ڈر چلا جائے کیونکہ اس وقت میں شیاطین کو جلایا جاتا ہے۔

1766 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: أَمَرَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نُغْلِقَ الْأَبْوَابَ وَأَنْ نُخَمِّرَ الْآنِيَةَ، وَأَنْ نُوكِيَ الْأَسْقِيَةَ، وَأَنْ نُطْفِءَ الْمَصَابِيحَ، وَأَنْ نَكُفَّ مَوَاشِينَا حَتَّى تَذْهَبَ فَحْمَةُ الْعِشَاءِ، وَنَهَى أَنْ يَأْكُلَ أَحَدُنَا بِشِمَالِهِ، وَأَنْ يَمْشِيَ فِي نَعْلٍ وَاحِدٍ، وَعَنِ الصَّمَّاءِ، وَالِاحْتِبَاءِ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حکم دیا کہ ہم کو دروازے بند کرنے کا اور برتن کو ڈھانپنے کا اور مشکیزوں کا منہ بند کرنے کا اور چراغ بجھانے کا اور ہم اپنے مویشی کو روک لیں۔ یہاں تک کہ عشاء کی تاریکی جائے اور منع کیا ہم کو بائیں ہاتھ سے کھانے اور ایک جوتی میں چلنے سے صماء اور احتباء ایک کپڑے میں کرنے سے۔

1767 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ حَسَّابٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى عَلَى النَّجَاشِيِّ، قَالَ:

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت نجاشی کی نماز جنازہ پڑھی پڑھائی تو میں دوسری یا تیسری صف میں تھا۔

1766- أخرجه أحمد جلد3صفحه294-301 . ومسلم فى الأشربة' باب: الأمر بتغطية الاناء . وأبو داؤد فى الأشربة' باب: ايكاء السقاء . ومالك فى صفة النبى صلى الله عليه وسلم' باب: جامع ما جاء فى الطعام والشراب . والترمذى فى الأطعمة' باب: ما جاء فى تخمير الاناء . وابن ماجه فى الأشربة رقم الحديث: **3410** باب: تخمير الاناء . والبخارى فى بدء الخلق' باب: صفة ابليس' وباب: خير مال المسلم غنم يتبع بها شعف الجبال' وباب: اذا وقع الذباب فى شراب أحدكم..... وفى الأشربة وباب: شرب اللبن' وباب: تغطية الاناء' وفى الاستئذان باب: غلق الأبواب بالليل .

1767- أخرجه أحمد جلد3صفحه355-366 . ومسلم فى الجنائز' باب: ما جاء فى التكبير على الجنازة . والبخارى فى الجنائز' باب: من صف صفين أو ثلاثة على الجنازة' وباب: الصفوف على الجنازة' وباب: التكبير على الجنازة أربعًا' وفى مناقب الأنصار باب: موت النجاشى .

فَكُنْتُ فِي الصَّفِّ الثَّانِي، أَوِ الثَّالِثِ

1768 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، وَعَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، أَنَّ رَجُلًا يُقَالُ لَهُ: أَبُو حُمَيْدٍ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِإِنَاءٍ فِيهِ لَبَنٌ مِنَ النَّقِيعِ نَهَارًا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا خَمَّرْتَهُ وَلَوْ أَنْ تَعْرُضَ عَلَيْهِ بِعُودٍ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی جس کو ابو حمید کہا جاتا ہے۔ وہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں دودھ لے کر آیا ایک برتن میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا. اس کو ڈھانپ کر کیوں نہیں لائے اگر چہ اس پر لکڑی رکھ لو۔

1769 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَعَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَدِّدُوا وَقَارِبُوا، وَلَنْ يُنْجِيَ أَحَدًا مِنْكُمْ عَمَلُهُ ، قُلْنَا: وَلَا أَنْتَ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟ قَالَ : وَلَا أَنَا إِلَّا أَنْ يَتَغَمَّدَنِي اللَّهُ مِنْهُ بِرَحْمَةٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سیدھے رہو، میانہ روی اختیار کرو تم میں سے کوئی بھی اپنے عمل کے ساتھ نجات نہیں پائے گا۔ ہم نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ بھی؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں بھی نہیں مگر مجھے اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت سے ڈھانپ لیا ہے۔

1770 - حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ سُرَيْجٍ، حَدَّثَنَا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

1768- أخرجه أحمد جلد3صفحه294 . ومسلم فى الأشربة' باب: فى شرب النبيذ وتخمير الاناء . والبخارى فى الأشربة' باب: شرب اللبن . وأبو داؤد فى الأشربة' باب: فى ايكاء الآنية . والدارمى فى الأشربة' باب: فى تخمير الآنية . وعزاه الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد5صفحه83-84 للمصنف .

1769- أخرجه أحمد جلد 2صفحه235-256 . والدارمى فى الرقاق' باب: لا ينجى أحدكم عمله . وابن ماجه فى الزهد' باب: التوقى على العمل . ومسلم فى المنافقين' باب: لن يدخل أحد الجنة بعمله' وباب: لن يدخل أحد الجنة بعمله . والبخارى فى المرضى' باب: تمنى المريض الموت' وفى الرقاق' باب: القصد والمداومة على العمل .

1770- عزاه الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد10صفحه350 للمصنف .

مُعْتَمِرٌ، حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ عِيسَى، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، أَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ حَدَّثَهُ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْعَارُ وَالنَّخْزِيَةُ تَبْلُغُ مِنِ ابْنِ آدَمَ فِي الْقِيَامَةِ فِي الْمَقَامِ بَيْنَ يَدَيِ اللَّهِ مَا يَتَمَنَّى الْعَبْدُ أَنْ يُؤْمَرَ بِهِ فِي النَّارِ

اقدس ﷺ نے فرمایا: شرمندگی اور رسوائی ابن آدم کو قیامت کے دن اللہ کے سامنے کھڑا ہونے کے موقعہ پر اتنی ہوگی' بندہ خواہش کرے گا کہ اسے دوزخ میں پھینکنے کا حکم جاری کر دیا جائے۔

1771 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ أَبِي بِشْرٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: دَعَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبَا طَيْبَةَ فَحَجَمَهُ فَسَأَلَهُ عَنْ ضَرِيبَتِهِ، فَقَالَ: ثَلَاثَةُ آصُعٍ، قَالَ: فَوَضَعَ عَنْهُ صَاعًا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ابوطیبہ کو بلوایا اس نے آپ ﷺ کو پچھنا لگایا' اس نے اس کی مزدوری مانگی تو آپ نے اس کو تین صاع دیئے' اس نے ایک صاع (ساڑھے چار کلو) واپس کر دیا۔

1772 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ أَبِي بِشْرٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَاتَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُحَارِبَ خَصَفَةَ بِنَخْلٍ فَرَأَوْا مِنَ الْمُسْلِمِينَ غِرَّةً، فَجَاءَ رَجُلٌ مِنْهُمْ يُقَالُ لَهُ: غَوْرَثُ بْنُ الْحَارِثِ حَتَّى قَامَ عَلَى رَأْسِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالسَّيْفِ، فَقَالَ: مَنْ يَمْنَعُكَ مِنِّي؟ قَالَ: اللَّهُ، قَالَ: فَسَقَطَ السَّيْفُ مِنْ يَدِهِ، فَأَخَذَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّيْفَ، فَقَالَ لَهُ: مَنْ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ' محارب خصفہ سے مقام نخل میں لڑے' مسلمانوں میں سے کچھ لوگوں نے دیکھا کہ ان میں سے ایک آدمی آیا اس کو غورث بن حارث کہا جاتا تھا یہاں تک کہ وہ حضور ﷺ کے سر پر کھڑا ہو گیا تلوار کے ساتھ۔ اس نے کہا: کون آپ کو مجھ سے بچائے گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ! تلوار اس کے ہاتھ سے گری۔ حضور ﷺ نے اس کی تلوار کو پکڑا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اب تم کو کون مجھ سے بچائے گا؟ اس نے کہا: آپ بہتر

1771- أخرجه أحمد جلد 3صفحه353 . والبخاري في البيوع' باب: ذكر الحجام . ومسلم في المساقاة' باب: حل أجرة الحجامة . وعزاه أيضًا الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه94 للمصنف .

1772- أخرجه أحمد جلد 3صفحه164-364 . والبخاري في الجهاد' باب: من علق سيفه بالشجر في السفر عند القائلة والاستظلال بالشجر' وفي المغازي باب: غزوة ذات الرقاع بصيغة الجزم . والنسائي في صلاة الخوف . وابن ماجه في الاقامة' باب: ما جاء في صلاة الخوف . مسلم في صلاة المسافرين' باب: صلاة الخوف .

يَمْنَعُكَ مِنِّي؟ ، قَالَ: كُنْ خَيْرَ آخِذٍ، قَالَ: تَشْهَدُ أَنَّ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ ، قَالَ: لَا، وَلَكِنِّي أُعَاهِدُكَ أَنْ لَا أُقَاتِلَكَ، وَلَا أَكُونَ مَعَ قَوْمٍ يُقَاتِلُونَكَ، قَالَ: فَخَلَّى سَبِيلَهُ، فَجَاءَ إِلَى أَصْحَابِهِ، فَقَالَ: جِئْتُكُمْ مِنْ عِنْدِ خَيْرِ النَّاسِ، فَلَمَّا كَانَ عِنْدَ الظُّهْرِ أَوِ الْعَصْرِ أَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِصَلَاةِ الْخَوْفِ ـ شَكَّ أَبُو عَوَانَةَ ـ قَالَ: فَكَانَ النَّاسُ طَائِفَتَيْنِ: طَائِفَةٌ بِإِزَاءِ عَدُوِّهِمْ، وَطَائِفَةٌ يُصَلُّونَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَصَلَّى بِالطَّائِفَةِ الَّذِينَ مَعَهُ رَكْعَتَيْنِ، ثُمَّ انْصَرَفُوا فَكَانُوا فِي مَكَانِ أُولَئِكَ، وَجَاءَ أُولَئِكَ فَصَلُّوا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَيْنِ فَكَانَتْ لِرَسُولِ اللَّهِ أَرْبَعُ رَكَعَاتٍ، وَلِلْقَوْمِ رَكْعَتَيْنِ

پکڑنے والے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تُو گواہی دیتا ہے کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں؟ اس نے کہا: نہیں! لیکن میں آپ سے وعدہ کرتا ہوں کہ نہ تو میں خود آپ سے لڑوں گا اور نہ اُن لوگوں کے ساتھ ہوں گا جو لوگ آپ سے لڑیں گے۔ آپ ﷺ نے اس کا راستہ چھوڑ دیا' وہ اپنے ساتھیوں کے پاس آیا۔ اس نے کہا کہ میں لوگوں میں سے بہتر کے پاس سے آیا ہوں۔ جب ظہر یا عصر کا وقت آیا۔ حضور ﷺ نے نماز خوف کا حکم دیا (امام ابوعوانہ کو شک ہے) لوگوں کے دو گروہ تھے ایک گروہ دشمن کے مقابلہ میں تھا ایک گروہ حضور ﷺ کے ساتھ نماز پڑھ رہا تھا۔ پس جس گروہ نے آپ ﷺ کے ساتھ دو رکعت پڑھی پھر وہ چلا گیا وہ اس جگہ چلے گئے جس جگہ پر دوسرا گروہ تھا وہ آئے اور انہوں نے حضور ﷺ کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھی۔ پس رسول اللہ ﷺ کی چار رکعتیں ہوگئی اور صحابہ کرام کے لیے دو دو ہوگئی۔

1773 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ رَجُلًا ذَبَحَ قَبْلَ أَنْ يُصَلِّيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَتُودًا جَذَعًا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَجْزِي عَنْ أَحَدٍ بَعْدَكَ أَنْ يَذْبَحَ حَتَّى يُصَلِّيَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عید کی نماز سے پہلے بکری کا بچہ ذبح کر لیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: تیرے بعد کسی کے لیے جائز نہیں ہے ذبح کرنا یہاں تک کہ وہ عید کی نماز پڑھ لے۔

1774 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے

1773- أخرجه أحمد جلد**3**صفحه**364** . ومسلم في الأضاحي' باب: سن الأضحية . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**4**صفحه**24** للمصنف .

1774- أخرجه مسلم في الصيام' باب: جواز الصوم والفطر في شهر رمضان للمسافر في غير معصية اذا كان سفره مرحلتين فأكثر . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**3**صفحه**161** للمصنف .

عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَافَرَ فِي رَمَضَانَ، فَاشْتَدَّ الصَّوْمُ عَلَى رَجُلٍ مِنْ أَصْحَابِهِ، فَجَعَلَتْ نَاقَتُهُ تَهِيمُ بِهِ تَحْتَ ظِلَالِ الشَّجَرِ، فَأُخْبِرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَمَرَهُ فَأَفْطَرَ، ثُمَّ دَعَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِإِنَاءٍ فِيهِ مَاءٌ، فَوَضَعَهُ عَلَى يَدِهِ، فَلَمَّا رَآهُ النَّاسُ شَرِبَ شَرِبُوا

رمضان میں سفر کیا، صحابہ کرام میں سے کسی کو روزہ سخت لگا۔ اس نے اپنی اونٹنی درخت کے سایہ کے نیچے کر لی۔ حضور ﷺ کو اس کی خبر دی گئی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کو حکم دو کہ وہ افطار کرے۔ پھر حضور ﷺ نے ایک برتن منگوایا اس میں پانی تھا۔ آپ ﷺ نے اپنا ہاتھ مبارک رکھا۔ جب صحابہ کرام نے دیکھا کہ آپ ﷺ نے پیا تو انہوں نے بھی پیا۔

1775 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ، عَنْ وَاسِعِ بْنِ حَبَّانَ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَخَّصَ فِي الْعَرَايَا بِالْوَسْقِ وَالْوَسْقَيْنِ وَالثَّلَاثَةِ وَالْأَرْبَعَةِ، وَقَالَ: فِي كُلِّ جَادٍ عَشَرَةُ أَوْسُقٍ، وَمَا بَقِيَ عِذْقًا يُوضَعُ فِي الْمَسْجِدِ لِلْمَسَاكِينَ، قَالَ مُحَمَّدٌ: وَهُمُ الْيَوْمَ يَشْتَرِطُونَ ذَلِكَ عَلَى التُّجَّارِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں نے عرایا میں رخصت دی ایک وسق کے ساتھ دو اور تین اور چار وسقوں کی بیع کرنے کی اور فرمایا: ہر کھجور کے درخت میں دس وسق ہیں جو باقی کی کھجور ہو اس کو مسجد میں رکھ دیا جائے مساکین کے لیے۔ محمد نامی راوی فرماتے ہیں کہ اس دن آپ اس تجارت پر شرط لگاتے ہیں۔

1776 - حَدَّثَنَا سُوَيْدٌ، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ هَاشِمِ بْنِ هَاشِمِ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نِسْطَاسٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ حَلَفَ عَلَى مِنْبَرِي

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے میرے منبر پر جھوٹی قسم اٹھائی وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنا لے۔

1775- أخرجه البيهقي في البيوع' باب: ما يجوز من بيع العرايا . وأحمد جلد3صفحه359-360 . وأبو داؤد في الزكاة' باب: في حقوق المال . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد4صفحه103 للمصنف .

1776- أخرجه مالك في الأقضية' باب: ما جاء في الحنث على منبر رسول الله صلى الله عليه وسلم . وأبو داؤد في الأيمان والنذور' باب: ما جاء في تعظيم اليمين على منبر النبي صلى الله عليه وسلم . وابن ماجه في الأحكام' باب: اليمين عند مقاطع الحقوق .

هَذَا يَمِينًا آثِمَةً تَبَوَّأَ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

1777 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَيْنَ الْعَبْدِ وَبَيْنَ الْكُفْرِ تَرْكُ الصَّلَاةِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کافر اور مسلمان کے درمیان فرق نماز کو چھوڑنا ہے (یعنی انکار کرنا مراد ہے)۔

1778 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا بَيْنَ مِنْبَرِي إِلَى حُجْرَتِي رَوْضَةٌ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ، وَإِنَّ مِنْبَرِي عَلَى تُرْعَةٍ مِنْ تُرَعِ الْجَنَّةِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم میرے منبر اور میرے گھر کے درمیان جگہ جنت کی کیاریوں میں سے ایک کیاری ہے اور بے شک میرے منبر جنت کی نہروں میں سے ایک نہر پر ہے۔

1779 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا، عَنِ الْمُعَلَّى، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُقَيْلٍ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَتَابَ رَجُلًا ارْتَدَّ عَنِ الْإِسْلَامِ أَرْبَعَ مَرَّاتٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی کی توبہ قبول ہوتی ہے اگرچہ اسلام سے چار مرتبہ بھی مرتد ہوا ہو۔

1780 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ

1777- أخرجه البيهقي في السنن' باب: جماع أبواب تارك الصلاة . والترمذي في الايمان رقم الحديث: **2621**' باب: ما جاء في ترك الصلاة . ومسلم في الايمان' باب: اطلاق اسم الكفر على من ترك الصلاة . والنسائي في الصلاة' باب: الحكم في تارك الصلاة . والدارمي في الصلاة' باب: في تارك الصلاة . وأحمد جلد **3** صفحه **389** . وأبو داؤد في السنة' باب: في رد الارجاء . وابن ماجه في الاقامة' باب: ما جاء فيمن ترك الصلاة .

1778- أخرجه أحمد جلد**3**صفحه**389** . وعزاه أيضًا الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**4**صفحه**8** . للمصنف والبزار .

1779- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**6**صفحه**262** للمصنف .

1780- أخرجه أحمد جلد **3**صفحه**303-308** . والنسائي في الصيد' باب: ميتة البحر . ومسلم في الصيد والذبائح'

أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّهُمْ كَانُوا فِي مَغْزًى لَهُمْ فَأَصَابَهُمْ جُوعٌ شَدِيدٌ، فَأَلْقَى الْبَحْرُ دَابَّةً عَظِيمَةً، فَأَكَلُوا مِنْهَا خَمْسَةً وَعِشْرِينَ يَوْمًا لَحْمًا عَبِيطًا، قَالَ أَبُو الزُّبَيْرِ: قَالَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَلْ جِئْتُمُونَا مِنْهُ بِشَيْءٍ؟

غزوہ میں تھے اور ان کو سخت بھوک لگی۔ سمندر نے ایک بہت بڑا جانور پھینکا انہوں نے اس کو پکڑا اور پچیس دن اس کا گوشت کھاتے رہے۔ حضرت ابوزبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم اس سے کوئی شے ہمارے لیے بھی لائے ہو؟

1781 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّهُمْ ذَبَحُوا يَوْمَ خَيْبَرَ الْخَيْلَ، وَالْبِغَالَ، وَالْحَمِيرَ الْأَهْلِيَّةَ، فَنَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبِغَالِ، وَالْحَمِيرِ، وَلَمْ يَنْهَ عَنِ الْخَيْلِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انہوں نے خیبر کے دن گھوڑے، خچر اور پالتو گدھے ذبح کیے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا خچروں اور پالتو گدھوں کو ذبح کرنے سے اور گھوڑے سے منع نہیں کیا۔

1782 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

باب: اباحة ميتات البحر . والبيهقي في الصيد والذبائح' باب: الحيتان وميتة البحر . وأبو داؤد في الأطعمة' باب: في دواب البحر . ومالك في صفة النبي صلى الله عليه وسلم' باب: ما جاء في الطعام والشراب . وابن ماجه في الزهد' باب: معيشة أصحاب النبي صلى الله عليه وسلم . والدارمي في الصيد' باب: في صيد البحر . والبخاري في الشركة' باب: الشركة في الطعام والنهد والعروض' وفي الجهاد باب: حمل الزاد على الرقاب' وفي المغازي باب: غزوة سيف البحر' وفي الذبائح والصيد باب: أحل لكم صيد البحر .

1781- أخرجه أحمد جلد3صفحه323-356 . وأبو داؤد في الأطعمة' باب: في أكل لحوم الحمر الأهلية' باب: في أكل لحوم الخيل . والبيهقي في الضحايا' باب: أكل لحوم الخيل . ومسلم في الصيد' باب: أكل لحوم الخيل . والنسائي في الصيد والذبائح' باب: اباحة أكل لحوم حمر الوحش . وابن ماجه في الذبائح' باب: لحوم الخيل . والترمذي في الأطعمة' باب: ما جاء في أكل لحوم الخيل . والبخاري في المغازي' باب: غزوة خيبر' وفي الذبائح والصيد باب: لحوم الخيل' وباب: لحوم الحمر الانسية . والدارمي في الأضاحي' باب: في أكل لحوم الخيل .

1782- أخرجه أحمد جلد3صفحه304-356 . ومسلم في الأشربة' باب: النهي عن الانتباذ بالمزفت . وأبو داؤد في الأشربة' باب: في الأوعية . والنسائي في الأشربة' باب: الاذن فيما كان في الأسقية منها . والدارمي في

أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ وَالنَّقِيرِ، قَالَ أَبُو الزُّبَيْرِ: فَكَانَ جَابِرٌ إِذَا لَمْ يَجِدْ سِقَاءً انْتَبَذَ لَهُ فِي تَوْرِ حِجَارَةٍ

حضور ﷺ نے دباء اور مزفت اور نقیر (برتن میں نبیذ بنانے سے منع کیا)۔ حضرت ابوزبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ جب مشکیزہ نہ پاتے تو ایک پتھر کے پیالہ میں بناتے تھے۔

1783 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا عَدْوَى وَلَا طِيَرَةَ وَلَا صَفَرَ وَلَا غُولَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: چھوت کی بیماری ہے نہ فال ہے، نہ صفر مہینہ کی نحوست، نہ ناگہانی کوئی چیز نہیں ہے۔

1784 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ أَبِي عَمَّارٍ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: جَاءَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرَ، فَأَطْعَمْنَاهُمْ رُطَبًا، وَأَسْقَيْنَاهُمْ مِنَ الْمَاءِ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَذَا مِنَ النَّعِيمِ الَّذِي تُسْأَلُونَ عَنْهُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ، حضرت عمر رضی اللہ عنہ ہمارے پاس تشریف لائے ہم نے ان کو تازہ کھجوریں دیں اور پینے کے لیے پانی دیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ نعمتوں میں سے ہیں ان کے متعلق پوچھا جائے گا۔

1785 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ حَجَّاجٍ الصَّوَّافِ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " إِذَا أَوَى الرَّجُلُ إِلَى فِرَاشِهِ ابْتَدَرَهُ مَلَكٌ وَشَيْطَانٌ، فَيَقُولُ: الْمَلَكُ اخْتِمْ بِخَيْرٍ، وَيَقُولُ الشَّيْطَانُ: اخْتِمْ بِشَرٍّ، فَإِنْ ذَكَرَ اللَّهَ ثُمَّ نَامَ بَاتَ الْمَلَكُ يَكْلَؤُهُ، فَإِذَا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب آدمی اپنے بستر پہ آتا ہے۔ فرشتہ اور شیطان دونوں اس کی طرف جلدی کرتے ہیں' فرشتہ کہتا ہے: تُو اس کا اختتام بہتر کرنا' اور شیطان کہتا ہے: برائی کے ساتھ اختتام کرا اگر اللہ کا ذکر کر کے پھر سو جاتا ہے فرشتہ اس کی حفاظت کرتے ہوئے رات گزارتا

الأشربة' باب: فيمن ينتبذ للنبي صلى الله عليه وسلم . وابن ماجه في الأشربة' باب: صفة النبيذ وشربه .

1783- أخرجه أحمد جلد3صفحه293-312 . ومسلم في السلام' باب: لا عدوى ولا طيرة ولاهامة ولا صفر .

1784- أخرجه أحمد جلد3صفحه338-351 . والنسائي في الوصايا' باب: قضاء الدين قبل الميراث .

1785- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه120 للمصنف .

اسْتَيْقَظَ، قَالَ الْمَلَكُ: افْتَحْ بِخَيْرٍ، وَقَالَ الشَّيْطَانُ: افْتَحْ بِشَرٍّ، فَإِنْ قَالَ: الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي رَدَّ عَلَيَّ نَفْسِي وَلَمْ يُمِتْهَا فِي مَنَامِهَا، الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي (يُمْسِكُ السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضَ أَنْ تَزُولَا) ، إِلَى آخِرِ الْآيَةِ، الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي (يُمْسِكُ السَّمَاءَ أَنْ تَقَعَ عَلَى الْأَرْضِ إِلَّا بِإِذْنِهِ) (الحج:65) ، فَإِنْ وَقَعَ مِنْ سَرِيرِهِ فَمَاتَ دَخَلَ الْجَنَّةَ"

ہے' جب جگاتا ہے تو فرشتہ کہتا ہے: بھلائی سے آغاز کر۔ شیطان کہتا ہے: بُرائی کے ساتھ آغاز کر۔ اگر وہ کہتا ہے کہ تمام تعریفیں اللہ کے لیے جس نے میری جان کو واپس کیا مجھے اس نیند میں نہیں مارا۔ تمام تعریفیں اللہ کے لیے جس نے زمین و آسمان کو روکا ہوا ہے۔ تمام تعریفیں اللہ کے لیے جس نے آسمان کو روکا ہوا ہے زمین پر گرنے سے مگر اس کی اجازت سے اگر وہ چارپائی پر تھا پس اس کو موت آئی تو وہ جنت میں داخل ہو جائے گا۔

1786 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُقَيْلٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِكَبْشَيْنِ أَقْرَنَيْنِ أَمْلَحَيْنِ عَظِيمَيْنِ مَوْجُوءَيْنِ، فَأَضْجَعَ أَحَدَهُمَا، وَقَالَ: بِسْمِ اللَّهِ، وَاللَّهُ أَكْبَرُ، اللَّهُمَّ عَنْ مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ ، ثُمَّ أَضْجَعَ الْآخَرَ، فَقَالَ: بِسْمِ اللَّهِ، وَاللَّهُ أَكْبَرُ عَنْ مُحَمَّدٍ وَأُمَّتِهِ مَنْ شَهِدَ لَكَ بِالتَّوْحِيدِ وَشَهِدَ لِي بِالْبَلَاغِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس دو سینگھوں والے چتکبرے بہت موٹے مینڈھے لائے گئے۔ آپ نے اُن میں سے ایک کو لٹایا اور پڑھا: ''بسم اللہ واللہ اکبر اللّٰھم عن محمد و آل محمد''۔ پھر دوسرے کو لٹایا اور پڑھا: ''بسم اللہ الی آخرہ''۔

1787 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ،

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول

1786- أخرجه البيهقي في الضحايا' باب: الأضحية سنة' باب: الرجل يضحي عن نفسه وعن أهلبيته . وأبو داؤد في الضحايا' باب: ما يستحب من الضحايا' وباب: في الشاة يضحى بها . وابن ماجه في الأضاحي' باب: أضاحي رسول الله صلى الله عليه وسلم . والدارمي في الأضاحي' باب: السنة في الأضحية . وأحمد جلد 3 صفحه 362-375 . والترمذي في الأضاحي . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 22 للمصنف .

1787- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 299-303 . والترمذي في البيوع' باب: ما جاء في اشتراط ظهر الدابة عند البيع . والنسائي في البيع جلد 7 صفحه 297' باب: البيع يكون فيه اشتراط فيصح البيع والشرط . وابن ماجه في التجارات' باب: السوم . وأبو داؤد في الاجارة' باب: في شرط في بيع . ومسلم في المسافرين' باب:

عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي الْمُتَوَكِّلِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ فِي غَزْوَةِ تَبُوكَ وَهُوَ عَلَى جَمَلٍ أَحْمَرَ فَتَخَلَّفَ الْبَعِيرُ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا شَأْنُكَ يَا جَابِرُ؟ ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، تَخَلَّفَ بَعِيرِي، فَأَتَاهُ مِنْ قِبَلِ عَجُزِهِ فَدَعَا لَهُ وَزَجَرَهُ، فَأَتَى عَلَيَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَا فَعَلَ الْبَعِيرُ يَا جَابِرُ؟ ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، مَا زَالَ يُقْدِمُنَا مُنْذُ اللَّيْلَةِ، قَالَ: فَبِكَمْ أَخَذْتَهُ؟ ، فَقُلْتُ: بِثَلَاثَةَ عَشَرَ دِينَارًا، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بِعْنِيهِ بِثَمَنِهِ الَّذِي أَخَذْتَهُ وَلَكَ ظَهْرُهُ إِلَى الْمَدِينَةِ ، فَفَعَلْتُ، فَلَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِينَةَ خَطَمْتُهُ فَأَتَيْتُهُ فَأَعْطَانِي الْبَعِيرَ وَالثَّلَاثَةَ عَشَرَ دِينَارًا

اللہ ﷺ نے ان کو غزوہ تبوک میں فرمایا اس حال میں کہ وہ سرخ اونٹ پر سوار تھے کہ میرا اونٹ پیچھے رہ گیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اے جابر! کیا وجہ ہے؟ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میرا اونٹ پیچھے رہ گیا۔ آپ اس کے پیچھے کی جانب سے آئے۔ اس کے لیے دعا کی اور اس کو ڈانٹا' حضور ﷺ میرے پاس تشریف لائے اور فرمایا: اے جابر! اونٹ کا کیا بنا؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ ﷺ نے فرمایا: تُو نے کتنے کا خریدا تھا؟ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! تیرہ دینار کا۔ حضور ﷺ نے فرمایا. مجھے فروخت کر دو اتنے کا۔ جتنے کا آپ نے لیا اور مدینہ شریف تک سواری تیرے لیے ہے۔ میں نے ایسے ہی کیا جب ہم مدینہ شریف آئے میں نے اس کی لگام پکڑی میں اس کو لے کر آپ ﷺ کے پاس آیا اور آپ ﷺ نے مجھے اونٹ بھی دے دیا اور تیرہ دینار بھی واپس کر دیئے۔

استحباب تحية المسجد بركعتين' وفي المساقاةباب: في بيع البعير واستثناء ركوبه' وفي الامارة باب: كراهية الطروق لمن ورد من سفر' وفي الرضاع باب: استحباب نكاح ذات الولد . والبخاري في الصلاة' باب: الصلاة اذا قدم من سفر' وفي العمرة باب: لا يطرق أهله اذا بلغ المدينة' وفي الهبة باب: الهبة المقبوضة وغير المقبوضة' وفي الجهاد باب: من ضرب دابة غيره في الغزو' وباب: استئذان الرجل الامام' وباب: الصلاة اذا قدم من سفر' وباب: الطعام عند القدوم' وفي النكاح باب: تزويج البنات' وباب: لا يطرق أهله ليلًا اذا طال الغيبة' وباب: طلب الولد' وباب: تستحد المغيبة وتمتشط الشعثة' وفي المظالم باب: من عقل بعيره على البلاط' وفي الاستقراض باب: من اشترى بالدين' وباب: الشفاعة في وضع الدين' وباب: حسن القضاء' وفي الشروط باب: اذا اشترط البائع ظهر الدابة' وفي الوكالة باب: اذا وكل رجلٌ رجلًا أن يعطي شيئًا فلم يبين كم يعطى' وفي النفقات باب: خون امرأة زوجها في ولده' وفي الدعوات باب: الدعاء للمتزوج' وفي المغازي باب: (اذاهمت طائفتان منكم أن تفشلا والله وليهما)' وفي البيوع باب: شراء الدواب والحمير .

1788 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مَنْصُورٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ نَبْهَانَ، عَنْ أَبِي شَدَّادٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " ثَلاثٌ مَنْ جَاءَ بِهِنَّ مَعَ إِيمَانٍ دَخَلَ مِنْ أَيِّ أَبْوَابِ الْجَنَّةِ شَاءَ، وَزُوِّجَ مِنَ الْحُورِ الْعِينِ حَيْثُ شَاءَ: مَنْ عَفَا عَنْ قَاتِلِهِ، وَأَدَّى دَيْنًا خَفِيًّا، وَقَرَأَ فِي دُبُرِ كُلِّ صَلاةٍ مَكْتُوبَةٍ عَشْرَ مَرَّاتٍ قُلْ هُوَ اللَّهُ أَحَدٌ" ، قَالَ: فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: أَوْ إِحْدَاهُنَّ يَا رَسُولَ اللَّهِ، قَالَ: أَوْ إِحْدَاهُنَّ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین چیزیں انسان ایمان کے ساتھ کرے وہ جنت کے جس دروازے سے چاہے داخل ہو جس حور العین سے چاہے شادی کرے۔ وہ یہ تین چیزیں ہیں: جس نے اپنے قاتل کو معاف کر دیا اور قرض خفیہ طور پر ادا کیا اور ہر فرض نماز کے بعد دس مرتبہ قل ہو اللہ احد پڑھا۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کی: (دیکھا دریائے رحمت جوش پہ ہے مانگ لیں جو مانگنا ہے) یا رسول اللہ! اگر کوئی ان میں سے ایک کر لے فرمایا: ایک ہی کر لے۔

1789 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ عِيسَى بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: صَلَّى أُبَيٌّ بِالنَّاسِ فِي قُبَاءَ، وَدَخَلَ فِي صَلاتِهِ غُلامٌ مِنَ الْأَنْصَارِ وَلَهُ سِقْيٌ، قَالَ: فَلَمَّا سَمِعَ أُبَيًّا يَقْرَأُ سُورَةً طَوِيلَةً انْفَتَلَ مِنْ صَلاتِهِ، فَلَمَّا انْفَتَلَ أُبَيٌّ أَخْبَرَ بِذَلِكَ، قَالَ: فَعَرَفَ أُبَيٌّ أَنَّ الْغُلامَ يَشْكُو إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَرَّبَ الْغُلامُ يَشْكُو أُبَيًّا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ مِنْكُمْ مُنَفِّرِينَ، فَإِذَا صَلَّيْتُمْ فَأَوْجِزُوا ، أَوْ قَالَ: فَأَوْجِزُوا ـ شَكَّ أَبُو يَحْيَى ـ أَوْ كَمَا قَالَ: فَإِنَّ خَلْفَكُمُ الْكَبِيرَ وَالْمَرِيضَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ لوگوں کو مسجد قباء شریف میں نمازیں پڑھاتے تھے۔ انصار کا غلام ان کی نماز میں شریک ہوا اس کو پیٹ کی بیماری تھی۔ جب اس نے سنا کہ ابی لمبی سورت پڑھتے ہیں وہ نماز سے پھر گیا جب وہ پھر نماز سے حضرت ابی کو خبر ہوگئی۔ حضرت ابی کو معلوم ہو گیا کہ یہ غلام حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے شکایت کرنے لگا۔ وہ غلام قریب ہوا اور حضرت ابی کی شکایت کی حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کچھ لوگ نفرت پھیلاتے ہیں؛ جب تم نماز پڑھاؤ تو مختصر کرو۔ بے شک تمہارے پیچھے بزرگ اور مریض اور ضرورت مند لوگ بھی ہوتے ہیں۔

1788- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**10** صفحه**102** للمصنف .

1789- أخرجه مسلم في الصلاة،باب: أمر الأئمة بتخفيف الصلاة . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **2** صفحه**72** للمصنف .

وَذَا الْحَاجَةِ

1790 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ عِيسَى بْنِ جَارِيَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ فَمَرَّ عَلَى رَجُلٍ قَائِمٍ يُصَلِّي عَلَى صَخْرَةٍ، فَأَتَى نَاحِيَةَ مَكَّةَ فَمَكَثَ مَلِيًّا، ثُمَّ أَقْبَلَ فَوَجَدَ الرَّجُلَ عَلَى حَالِهِ يُصَلِّي، فَجَمَعَ يَدَيْهِ، ثُمَّ قَالَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ: يَا أَيُّهَا النَّاسُ، عَلَيْكُمْ بِالْقَصْدِ، عَلَيْكُمْ بِالْقَصْدِ، عَلَيْكُمْ بِالْقَصْدِ، فَإِنَّ اللَّهَ لَنْ يَمَلَّ حَتَّى تَمَلُّوا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم مکہ کی طرف نکلے ایک آدمی کے پاس سے گذرے وہ چٹان پر کھڑے ہو کر نماز پڑھ رہا تھا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ کی ایک بستی میں آئے۔ کچھ دیر ٹھہرے پھر واپس جانے لگے۔ اس آدمی کو اس حالت میں نماز پڑھتے ہوئے پایا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں ہاتھ جمع کیے پھر تین مرتبہ فرمایا: اے لوگو! تم پر درمیانہ روی درمیانہ روی ہے۔ تم پر درمیانہ روی ہے۔ بے شک اللہ نہیں تھکتا یہاں تک کہ تم تھک جاتے ہو۔

1791 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ، حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ جَارِيَةَ، عَنْ جَابِرٍ، مَرَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ عَلَى رَجُلٍ يُصَلِّي عَلَى صَخْرَةٍ فَأَتَى نَاحِيَةً فَمَكَثَ مَلِيًّا، ثُمَّ انْصَرَفَ فَوَجَدَ الرَّجُلَ يُصَلِّي عَلَى حَالِهِ، فَقَامَ فَجَمَعَ يَدَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ، عَلَيْكُمْ بِالْقَصْدِ، عَلَيْكُمْ بِالْقَصْدِ، فَإِنَّ اللَّهَ لَا يَمَلُّ حَتَّى تَمَلُّوا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم مکہ کی طرف نکلے ایک آدمی کے پاس سے گذرے وہ چٹان پر کھڑے ہو کر نماز پڑھ رہا تھا پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم مکہ کی ایک بستی میں آئے۔ کچھ دیر ٹھہرے پھر واپس جانے لگے۔ اس آدمی کو اس حالت میں نماز پڑھتے ہوئے پایا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دونوں ہاتھ جمع کر کے تین مرتبہ فرمایا: اے لوگو! تم پر درمیانہ روی درمیانہ روی ہے۔ تم پر درمیانہ روی ہے۔ بے شک اللہ نہیں تھکتا یہاں تک کہ تم تھک جاتے ہو۔

1792 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ، أَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ جَارِيَةَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: كَانَ أُبَيٌّ يُصَلِّي بِأَهْلِ قُبَاءَ فَاسْتَفْتَحَ سُورَةً طَوِيلَةً وَدَخَلَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت اُبی رضی اللہ عنہ قباء والوں کو نماز پڑھاتے تھے' اُنہوں نے لمبی سورت شروع کی تو آپ کے ساتھ انصار کا غلام نماز میں

1790- أخرجه ابن ماجه في الزهد'باب: المداومة على العمل .

1792- انظر تخريج الحديث رقم: **1789** .

مَعَهُ غُلَامٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فِي الصَّلَاةِ، فَلَمَّا سَمِعَهُ قَدِ اسْتَفْتَحَ بِسُورَةٍ طَوِيلَةٍ، انْفَتَلَ الْغُلَامُ مِنْ صَلَاتِهِ وَكَانَ يُرِيدُ أَنْ يُعَالِجَ نَاضِحًا لَهُ يَسْقِي عَلَيْهِ، فَلَمَّا انْفَتَلَ أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ قَالَ لَهُ الْقَوْمُ: إِنَّ فُلَانًا انْفَتَلَ مِنَ الصَّلَاةِ، فَغَضِبَ أُبَيٌّ، فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشْكُو الْغُلَامَ، فَأَتَاهُ الْغُلَامُ يَشْكُوهُ إِلَيْهِ، فَغَضِبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى رُئِيَ الْغَضَبُ فِي وَجْهِهِ، ثُمَّ قَالَ: إِنَّ مِنْكُمْ مُنَفِّرِينَ، فَإِذَا صَلَّيْتُمْ فَأَوْجِزُوا، فَإِنَّ خَلْفَكُمُ الضَّعِيفَ وَالْكَبِيرَ وَالْمَرِيضَ وَذَا الْحَاجَةِ

شریک ہوا' جب اُس نے سنا کہ آپ نے لمبی سورت شروع کی ہے تو وہ غلام نماز چھوڑ کر چلا گیا' وہ اپنے پیٹ کا علاج کروانا چاہتا تھا۔ جب حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ نے سلام پھیرا تو قوم نے آپ کو کہا: فلاں نماز چھوڑ کر چلا گیا ہے۔ حضرت اُبی رضی اللہ عنہ کو غصہ آیا' آپ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس غلام کی شکایت کرنے کے لیے آئے تو وہ غلام بھی آپ کی شکایت کرنے آیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو غصہ آیا یہاں تک کہ غصہ آپ کے چہرہ سے معلوم ہو رہا تھا' پھر فرمایا: تم نفرت پھیلانا چاہتے ہو! جب تم میں سے کوئی نماز پڑھائے تو وہ مختصر پڑھائے' بے شک تمہارے پیچھے کمزور' بزرگ' مریض' ضرورت مند بھی ہوتے ہیں۔

1793 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ، حَدَّثَنِي عِيسَى بْنُ جَارِيَةَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: دَخَلَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْعُودٍ الْمَسْجِدَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ، فَجَلَسَ إِلَى جَنْبِ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ فَسَأَلَهُ عَنْ شَيْءٍ أَوْ كَلَّمَهُ بِشَيْءٍ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ أُبَيٌّ، فَظَنَّ ابْنُ مَسْعُودٍ أَنَّهَا مَوْجِدَةٌ، فَلَمَّا انْفَتَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ صَلَاتِهِ، قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ: يَا أُبَيُّ، مَا مَنَعَكَ أَنْ تَرُدَّ عَلَيَّ؟ قَالَ: إِنَّكَ لَمْ تَحْضُرْ مَعَنَا الْجُمُعَةَ، قَالَ: لِمَ؟ قَالَ: تَكَلَّمْتَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ، فَقَامَ ابْنُ مَسْعُودٍ فَدَخَلَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذَلِكَ لَهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ مسجد میں داخل ہوئے اس حال میں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ ارشاد فرما رہے تھے۔ آپ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کے پہلو کے پاس بیٹھ گئے۔ ان سے کسی چیز کے متعلق پوچھا یا کسی شے کے ساتھ کلام فرمایا۔ حضرت ابی نے کوئی جواب نہیں دیا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے گمان کیا کہ آپ ناراض ہیں' جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم نماز سے فارغ ہوئے تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے پوچھا: اے ابی! آپ کو کون سی شے رکاوٹ تھی کہ میرا جواب نہ دینے کے متعلق؟ حضرت ابی نے کہا آپ ہمارے ساتھ جمعہ میں شریک نہیں تھے۔ حضرت عبداللہ نے کہا کیوں؟ حضرت ابی نے کہا: آپ

1793- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد2صفحه185 للمصنف والطبراني في الأوسط .

AlHidayah - الهداية

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَدَقَ أُبَيٌّ أَطِعْ أُبَيًّا

نے گفتگو کی۔ اس حال میں کہ حضور ﷺ خطبہ ارشاد فرما رہے تھے۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور حضور ﷺ کے پاس آئے اس بات کا ذکر آپ ﷺ کی بارگاہ میں کیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: ابی نے سچ کہا، ابی کی اطاعت کرو۔

1794 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ، أَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ جَارِيَةَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: دَخَلَ ابْنُ مَسْعُودٍ الْمَسْجِدَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ فَذَكَرَ نَحْوَ حَدِيثِ عَبْدِ الْأَعْلَى

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ مسجد میں داخل ہوئے اس حال میں کہ حضور ﷺ خطبہ دے رہے تھے' باقی حدیث وہی ہے جو عبدالاعلیٰ کی حدیث ہے۔

1795 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ، عَنْ عِيسَى بْنِ جَارِيَةَ، حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: جَاءَ أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنْ كَانَ مِنِّي اللَّيْلَةَ شَيْءٌ يَعْنِي فِي رَمَضَانَ، قَالَ: وَمَا ذَاكَ يَا أُبَيُّ؟، قَالَ: نِسْوَةٌ فِي دَارِي، قُلْنَ: إِنَّا لَا نَقْرَأُ الْقُرْآنَ فَنُصَلِّي بِصَلَاتِكَ، قَالَ: فَصَلَّيْتُ بِهِنَّ ثَمَانَ رَكَعَاتٍ، ثُمَّ أَوْتَرْتُ، قَالَ: فَكَانَ شِبْهُ الرِّضَا وَلَمْ يَقُلْ شَيْئًا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے اور عرض کی: یا رسول اللہ! اگر میری رمضان کی رات آپ کو معلوم ہوتی' آپ نے فرمایا: اے اُبی! کیا ہوا ہے؟ عرض کی: میرے گھر میں عورتیں تھیں' اُنہوں نے کہا: ہم نے قرآن نہیں پڑھا' ہم آپ کے ساتھ نماز پڑھیں گے' میں نے اُن کو آٹھ رکعتیں پڑھائیں' پھر میں نے وتر پڑھائے' آپ ﷺ نے رضا کا اظہار کیا اور کوئی شی نہیں فرمائی۔

1796 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ، أَخْبَرَنَا عِيسَى، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: صَلَّى

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کو حضور ﷺ نے رمضان شریف کے مہینہ میں آٹھ رکعتیں

1795- أخرجه مسلم في الحيض' باب: تستر المغتسل بثوب ونحوه . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد للمصنف والطبراني في الأوسط .

1796- أخرجه مسلم في صلاة المسافرين' باب: فضيلة العمل الدائم . والبخاري في الايمان' باب: أحب الدين الى الله أدومه . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه172 للمصنف والطبراني في الصغير .

بِنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي شَهْرِ رَمَضَانَ ثَمَانَ رَكَعَاتٍ وَأَوْتَرَ، فَلَمَّا كَانَتِ الْقَابِلَةُ اجْتَمَعْنَا فِي الْمَسْجِدِ وَرَجَوْنَا أَنْ يَخْرُجَ إِلَيْنَا، فَلَمْ نَزَلْ فِيهِ حَتَّى أَصْبَحْنَا، ثُمَّ دَخَلْنَا، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اجْتَمَعْنَا فِي الْمَسْجِدِ وَرَجَوْنَا أَنْ تُصَلِّيَ بِنَا، فَقَالَ: إِنِّي خَشِيتُ أَوْ كَرِهْتُ أَنْ تُكْتَبَ عَلَيْكُمْ

نفل اور وتر پڑھائے جب آئندہ رات آئی تو ہم مسجد میں جمع ہوئے اور ہم نے امید کی کہ آپ ﷺ ہمارے پاس تشریف لائیں گے۔ ہم مسلسل انتظار کرتے رہے یہاں تک کہ ہم نے صبح کی۔ پھر ہم داخل ہوئے۔ ہم نے عرض کی: یا رسول اللہ! ہم نماز (تراویح) کے لیے جمع ہوئے تھے اور ہم نے امید کی تھی کہ آپ ﷺ تشریف لائیں گے اور ہم کو نماز پڑھائیں گے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: میں خوف کرتا ہوں یا ناپسند کرتا ہوں کہ تم پر فرض نہ ہو جائے۔

1797 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ، أَخْبَرَنَا عِيسَى بْنُ جَارِيَةَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: جَاءَ ابْنُ أُمِّ مَكْتُومٍ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي مَكْفُوفُ الْبَصَرِ شَاسِعُ الْمَنْزِلِ، فَكَلَّمَهُ فِي الصَّلَاةِ أَنْ يُرَخِّصَ لَهُ أَنْ يُصَلِّيَ فِي مَنْزِلِهِ، قَالَ: أَتَسْمَعُ الْأَذَانَ؟ ، قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: ائْتِهَا وَلَوْ حَبْوًا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابن ام مکتوم تشریف لائے اور حضور ﷺ کی بارگاہ میں عرض کی: یا رسول اللہ! میں نابینا آدمی ہوں میرا گھر دور ہے۔ انہوں نے نماز کے متعلق سوال کیا کہ انہیں رخصت دی جائے کہ اپنے گھر میں نماز پڑھنے کی آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تو اذان سنتا ہے؟ عرض کی: جی ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا: تو مسجد میں اگرچہ گھٹنوں کے بل آؤ۔

1798 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ،

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

1797- أخرجه أحمد جلد 3صفحه367 . وأبو داؤد في الصلاة' باب: التشديد في ترك الجماعة . والنسائي في الامامة' باب: المحافظة على الصلوات الخمس حيث ينادى بهن . ومسلم في المساجد' باب: يجب اتيان المسجد على من سمع النداء . وعزاه أيضًا الهيثمي في مجمع الزوائد جلد2صفحه42 للمصنف والطبراني في الأوسط .

1798- أخرجه أحمد جلد3صفحه326 . ومسلم في المساقاة' باب: الأمر بقتل الكلاب . وأبو داؤد في الصيد' باب: في اتخاذ الكلاب للصيد وغيره . وعزاه أيضًا الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 4صفحه43 للمصنف والطبراني في الاوسط .

حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ جَارِيَةَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: أَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَتْلِ الْكِلَابِ، فَجَاءَ ابْنُ أُمِّ مَكْتُومٍ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّ مَنْزِلِي شَاسِعٌ، وَلِي كَلْبٌ، فَرَخَّصَ لَهُ أَيَّامًا، ثُمَّ أَمَرَ بِقَتْلِهِ

حضور ﷺ نے حکم دیا کہ کتوں کو مار دیا جائے۔ حضرت ابن مکتوم تشریف لائے اور عرض کی: یا رسول اللہ! میرا گھر دور ہے اور میرے پاس کتا ہے۔ آپ نے کچھ دن رخصت دی (انہیں کتا رکھنے کی)' پھر آپ ﷺ نے حکم دیا اس کو مارنے کا۔

1799 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ أَحْيَا أَرْضًا مَيْتَةً فَلَهُ فِيهَا أَجْرٌ، وَمَا أَكَلَتِ الْعَافِيَةُ - يَعْنِي الطَّيْرَ - وَالسِّبَاعُ فَهُوَ لَهُ صَدَقَةٌ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے غیر آباد زمین کو آباد کی اس کے لیے ہے جو اس میں اگائے جو اس سے پرندے درندے کھائیں وہ اس کے لیے صدقہ ہو جائے گا۔

1800 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْمُحَاقَلَةِ، وَالْمُزَابَنَةِ، وَالْمُخَابَرَةِ، وَالْمُعَاوَمَةِ، وَالثُّنْيَا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے بیع محاقلہ' مزابنہ' مخابرہ' معاومہ اور ثنیاء سے منع کیا۔

1801 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: نَهَى

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے منع فرمایا پانی میں داخل ہونے سے مگر

1799- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **304-327** . والترمذى فى الأحكام' باب: ما ذكر فى احياء الأرض الموات . والدارمى فى البيوع' باب: من احيا أرضًا ميتة فهى له . والبخارى فى الحرث والمزارعة' باب: من أحيا أرضًا مواتًا .

1800- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **313-356** . ومسلم فى البيوع' باب: النهى عن المحاقلة والمزابنة..... وأبو داؤد فى البيوع' باب: فى بيع السنين . والنسائى باب: بيع الزرع بالطعام' وباب: بيع السنين' وفى البيوع باب: النهى عن بيع الثنيا . والترمذى باب: ما جاء فى النهى عن الثنيا' وفى البيوع باب: ما جاء فى المخابرة والمعاومة . والبخارى فى البيوع' باب: بيع الثمر بالتمر كيلًا' وبيع الكرم بالزبيب كيلًا' وفى المساقاة باب: الرجل يكون له ممر أو شرب فى حائط أوفى نخل .

1801- أخرجه الحاكم فى الطهارة جلد **1** صفحه **162** .

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَدْخُلَ الْمَاءُ إِلَّا بِمِئْزَرٍ

تہبند پہن کے۔

1802 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ذَكَاةُ الْجَنِينِ ذَكَاةُ أُمِّهِ إِذَا أَشْعَرَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پیٹ کے بچہ کو اس کی ماں کی طرح ذبح کرنا چاہیے جب اس کے بال ہوں۔

1803 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، حَدَّثَنَا أَبُو إِسْمَاعِيلَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، وَالْوَلِيدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي مُغِيثٍ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَأْذَنُوا لِمَنْ لَمْ يَبْدَأْ بِالسَّلَامِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کو اندر داخل ہونے کی اجازت نہ دو جو سلام کے ساتھ ابتداء نہ کرے۔

1804 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، عَنْ مَالِكٍ، عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَمَلَ مِنَ الْحَجَرِ الْأَسْوَدِ حَتَّى انْتَهَى إِلَى الْحَجَرِ الْأَسْوَدِ الثَّلَاثَةَ أَطْوَافٍ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجر اسود سے لے کر حجر وہ اسود تک تین طوافوں میں رمل کیا (یعنی کندھے ہلا ہلا کر چلے)۔

1802- أخرجه أبو داؤد في الأضاحي' باب: في زكاة الجنين . والدارمي في الأضاحي' باب: زكاة الجنين زكاة أمه . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد3صفحه35 للمصنف .

1803- أخرجه أبو داؤد في الأدب' باب: كيف الاستئذان؟ وأحمد جلد 3صفحه414 . والترمذي في الاستئذان' باب: ما جاء في التسليم قبل الاستئذان . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد8صفحه32 .

1804- أخرجه مالك في الحج' باب: الرمل في الطواف . وأحمد جلد3صفحه340-373 . ومسلم في الحج' باب: استحباب الرمل في الطواف والعمرة . والنسائي في المناسك' باب: كيف يطوف أول ما يقدم' وباب: الرمل من الحجر الى الحجر' وباب: القول بعد ركعتي الطواف . وابن ماجه في المناسك' باب: الرمل حول البيت . والترمذي في الحيج' باب: ما جاء كيف الطواف؟ وباب: ما جاء في الرمل من الحجر الى الحجر . والدارمي في المناسك' باب: من رمل ثلاثًا ومشى أربعًا .

1805 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ أَبِي دَاوُدَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: عَادَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرِيضًا وَأَنَا مَعَهُ فَرَآهُ يُصَلِّي وَيَسْجُدُ عَلَى وِسَادَةٍ فَنَهَاهُ، وَقَالَ: إِنِ اسْتَطَعْتَ أَنْ تَسْجُدَ عَلَى الْأَرْضِ فَاسْجُدْ، وَإِلَّا فَأَوْمِئْ إِيمَاءً، وَاجْعَلِ السُّجُودَ أَخْفَضَ مِنَ الرُّكُوعِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ایک مریض کی عیادت کے لیے تشریف لائے۔ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو دیکھا وہ تکیہ پر سجدہ کر رہا تھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو منع کیا اور فرمایا: اگر تو طاقت رکھتا ہے تو زمین پر سجدہ کرنے کی تو زمین پر سجدہ کر۔ ورنہ اشارہ کے ساتھ کر اور سجدہ رکوع سے جھک کر کیا کر۔

1806 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا سَلَّامٌ يَعْنِي ابْنَ سُلَيْمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي حُمَيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَلَا أَدُلُّكُمْ عَلَى مَا يُنْجِيكُمْ مِنْ عَدُوِّكُمْ وَيَدِرُّ لَكُمْ أَرْزَاقَكُمْ؟ تَدْعُونَ اللَّهَ فِي لَيْلِكُمْ وَنَهَارِكُمْ، فَإِنَّ الدُّعَاءَ سِلَاحُ الْمُؤْمِنِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا میں تم کو ایسی چیز نہ بتاؤں جس کی وجہ سے تم دشمن سے نجات پاؤ اور تمہارے رزق میں برکت ہو۔ تم اللہ سے دن و رات دعا کیا کرو بے شک دعا مومن کا اسلحہ ہے۔

1807 - حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْأَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ يَزِيدَ الرَّقَاشِيِّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " عَسَى أَنْ يُكَذِّبَنِي رَجُلٌ وَهُوَ مُتَّكِئٌ عَلَى أَرِيكَتِهِ يَبْلُغُهُ الْحَدِيثُ عَنِّي، فَيَقُولُ: مَا قَالَ ذَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قریب ہے کہ ایک آدمی مجھے جھٹلائے وہ تکیہ پر ٹھیک لگائے ہوئے ہوگا اس کو میری حدیث بیان کی جائے گی، وہ کہے گا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا فرمایا: اس کو چھوڑ دو وہ لاؤ جو قرآن میں ہے۔

1805- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد2صفحه148 للمصنف والبزار .

1806- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه147 للمصنف .

1807- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد1صفحه155 للمصنف .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، دَعْ هَذَا وَهَاتِ مَا فِي الْقُرْآنِ "

1808 - قَالَ إِسْمَاعِيلُ: فَحَدَّثْتُ بِهِ عَمْرَو بْنَ عُبَيْدٍ فَقَالَ: لَا حَدَّثَنَا الْحَسَنُ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: قُلْتُ: فَانْطَلِقْ بِنَا إِلَى الْحَسَنِ، فَأَتَيْنَا الْحَسَنَ فَسَأَلْنَاهُ عَنِ الْحَدِيثِ، فَقَالَ: حَدَّثَنِي يَزِيدُ الرَّقَاشِيُّ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ

حضرت اسماعیل فرماتے ہیں کہ مجھے عمرو بن عبید نے حدیث بیان کی انہوں نے کہا: نہیں! کیا ہم کو حسن نے بیان کی' انہوں نے جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے۔ میں نے کہا: ہم کو حسن کے پاس لے چلو' ہم حسن کے پاس آئے۔ ہم نے اس حدیث کے متعلق پوچھا تو انہوں نے کہا: مجھے یزید رقاشی نے بیان کی' انہوں نے محمد بن منکدر سے' انہوں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے بیان کی۔

1809 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا أَبُو خَالِدٍ الْأَحْمَرُ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ارْكَبُوا الْهَدْيَ بِالْمَعْرُوفِ حَتَّى تَجِدُوا ظَهْرًا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قربانی کے جانور پر سوار ہو جاؤ، بھلائی کے ساتھ یہاں تک کہ تم پالو کوئی اور سواری۔

1810 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ طَرْقِ الْفَحْلِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا نر کو مادہ پر کدوانے کی مزدوری لینے سے۔

1811 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ النَّبِيَّ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا فالتو پانی کی بیع کرنے سے

1809- أخرجه أحمد جلد 3صفحه 317-324 . ومسلم فى الحج' باب: جواز ركوب البدنة . وأبو داؤد فى المناسك' باب: فى ركوب البدن . والنسائى فى المناسك' باب: ركوب البدن بالمعروف . والبيهقى فى الحج' باب: ركوب البدنة اذا اضطر اليه .

1810- أخرجه مسلم فى المساقاة' باب: تحريم فضل بيع الماء . والبيهقى فى البيوع' باب: النهى عن عسب الفحل . والنسائى فى البيوع' باب: بيع ضراب الجمل .

1811- أخرجه مسلم فى المساقاة' باب: تحريمبيع الماء . وابن ماجه فى الرهون' باب: النهى عن بيع الماء . والبيهقى فى البيوع' باب:النهى عن عسب الفحل . والنسائى فى البيوع' باب: بيع الماء .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ مَنْعِ فَضْلِ الْمَاءِ لِيَمْنَعَ بِهِ الْكَلَأَ

تا کہ اس کے ساتھ گھاس اُگے۔

1915- أخرجه أحمد والنسائي في البيوع' باب: ما استثنى من بيع الكلب . والترمذي في البيوع' باب: ما جاء في كراهية ثمن الكلب والسنور . وابن ماجه في التجارات' باب: النهيعن ثمن الكلب . وأبو داؤد في البيوع' باب: ثمن السنور .

عَنْ لَيْثٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: بَعَثَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سِتَّمِائَةِ رَجُلٍ مَعَ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ وَمَا مَعَنَا إِلَّا جِرَابٌ مِنْ تَمْرٍ، قَالَ: فَاقْتَسَمْنَاهُ، فَأَصَابَ كُلَّ رَجُلٍ مِنَا خَمْسَ تَمَرَاتٍ، أَوْ سَبْعَ تَمَرَاتٍ، فَأَكَلْنَا حَتَّى بَلَغَنَا الْجُوعَ، قَالَ: فَجَعَلْنَا نَمَصُّ نَوَاهُ، فَلَمَّا بَلَغَنَا الْجُوعُ سَاحَلْنَا الْبَحْرَ، فَإِذَا حُبَابٌ مِثْلُ الْكَثِيبِ الضَّخْمِ قَدْ نَضَبَ عَنْهُ الْمَاءُ، فَقَالَ بَعْضُنَا: أَنَأْكُلُ هَذَا وَهُوَ مَيْتَةٌ؟ فَقَالَ أَبُو عُبَيْدَةَ: أَنْتُمْ غُزَاةٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، كُلُوا فَلَا بَأْسَ، فَأَكَلْنَا مِنْهُ وَمَلَحْنَا مِنْهُ وَتَزَوَّدْنَا، فَلَمَّا انْتَهَيْنَا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرْنَا لَهُ ذَلِكَ، فَقَالَ: لَا بَأْسَ بِهِ، هَلْ مَعَ أَحَدٍ مِنْكُمْ شَيْءٌ مِنْهُ يُطْعِمُنِيهِ؟ ، قَالَ: فَقَالَ بَعْضُنَا لِبَعْضٍ: نَعَمْ، فَبَعَثْنَا إِلَيْهِ مِنْهُ

حضور ﷺ نے ہماری چھ سو افراد کی جماعت کو حضرت ابوعبید بن الجراح رضی اللہ عنہ کے ساتھ بھیجا۔ ہمارے پاس زادِ راہ صرف ایک کھجوروں کی تھیلی تھی۔ ہم کو حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے تقسیم کی۔ ہم میں سے ہر آدمی کو پانچ یا سات کھجوریں ملیں؛ ہم نے کھالیں۔ یہاں تک کہ ہم کو بھوک لگی ہم اس کی گٹھلیوں کو چوستے۔ جب ہم کو بھوک لگی تو سمندر نے ہم پر ایک مچھلی پھینکی؛ وہ مچھلی بہت بڑے ٹیلے کی طرح تھی اس سے پانی صاف کیا۔ ہم میں سے بعض کہنے لگے: یہ مردار ہے؟ حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کہنے لگے: تم اللہ کی راہ میں جہاد کے لیے نکلے ہو، کھاؤ! کوئی حرج نہیں۔ ہم نے اس سے کھایا اور اس سے ہم نے اور بھی بچا کر رکھ لی۔ جب ہم حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے، اس کا ذکر کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: کوئی حرج نہیں! کیا تمہارے پاس اس میں سے کوئی چیز باقی ہے کہ ہم بھی کھالیں؟ ہم میں سے بعض کہنے لگے: جی ہاں! ہم نے اس سے آپ کے لیے مچھلی بھیجی۔

1916 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا جَرِيرٌ، عَنْ مُغِيرَةَ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: تُوُفِّيَ أَوِ اسْتُشْهِدَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرِو بْنِ حَرَامٍ وَعَلَيْهِ دِينٌ فَاسْتَعْدَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى غُرَمَائِهِ أَنْ يَضَعُوا مِنْ دَيْنِهِ، فَطَلَبْتُ إِلَيْهِمْ فَلَمْ يَفْعَلُوا، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اذْهَبْ فَصَنِّفْ تَمْرَكَ أَصْنَافًا، الْعَجْوَةَ عَلَى حِدَةٍ، وَعَذْقَ زَيْدٍ عَلَى حِدَةٍ، أَصْنَافًا، ثُمَّ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عبداللہ بن عمرو بن حرام شہید ہو گئے یا وصال کر گئے۔ ان پر قرض تھا۔ میں نے حضور ﷺ سے عرض کی کہ قرض خواہوں کا قرضہ معاف کر دیں۔ آپ ان کو بلوایا انہوں نے معاف نہیں کیا۔ مجھے حضور ﷺ نے فرمایا: جاؤ تم مختلف قسم کی کھجوروں کو توڑو۔ عجوہ کو علیحدہ رکھو، عذق زید علیحدہ رکھو، پھر مجھے بلوایا۔ میں نے ایسا ہی کیا۔ حضور ﷺ تشریف لائے، آپ اوپر یا درمیان میں بیٹھ

أَرْسَلَ إِلَيَّ ، قَالَ: فَفَعَلْتُ، ثُمَّ أَرْسَلْتُ إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ فَجَلَسَ عَلَى أَعْلَاهُ أَوْ فِي وَسَطِهِ، ثُمَّ قَالَ: كِلْ لِلْقَوْمِ ، قَالَ: فَكِلْتُ لَهُمْ حَتَّى أَوْفَيْتُهُمُ الَّذِي لَهُمْ ثُمَّ بَقِيَ تَمْرِي كَأَنَّهُ لَمْ يَنْقُصْ مِنْهُ شَيْءٌ

گئے پھر فرمایا: قوم کو ناپ کر دو! میں نے ناپی یہاں تک کہ میں نے ان کو دی جو ان کی بنتی تھیں پھر باقی کھجوریں بھی وہی تھیں گویا کہ کم ہوئی ہی نہیں۔

1917 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا فِي الْأَرْضِ نَفْسٌ مَنْفُوسَةٌ تَأْتِي عَلَيْهَا مِائَةُ سَنَةٍ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو زمین پر ہے' سو سال رہنے کے بعد کوئی بھی سانس لینے والا باقی نہیں رہے گا۔

1918 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَسَمَّوْا بِاسْمِي وَلَا تَكْتَنُوا بِكُنْيَتِي، فَإِنَّمَا جُعِلْتُ قَاسِمًا أَقْسِمُ بَيْنَكُمْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میرے نام پر نام رکھو' میری کنیت پر کنیت نہ رکھو' مجھے قاسم بنایا گیا ہے' میں تمہارے درمیان تقسیم کرنے والا ہوں۔

1919 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے

1917- أخرجه النسائي في الوصايا' باب: الوصية بالثلث' وباب: قضاء الدين قبل الميراث . وأبو داؤد في الوصايا' باب: ما جاء في الرجل يموت وعليه دين وله وفاء . وأحمد جلد3صفحه365و373 . والبخاري في البيوع' باب: الكيل على البائع والمعطي' وباب: اذا قضى دون حقه أو حلله فهو جائز' وفي الاستقراض باب: اذا قاص أو جازفه في الدين تمرًا بتمر أو غيره' وباب: الشفاعة في وضع الدين' وفي الهبة باب: اذا وهب دينًا على رجل' وفي الصلح باب: الصلح بين الغرماء وأصحاب الميراث' وفي الوصايا باب: قضاء الوصي ديون الميت بغير محضر من الورثة' وفي المناقب باب: علامات النبوة' وفي المغازي باب: (اذ همت طائفتان منكم أن تفشلا والله وليهما)' وفي الاستئذان باب: اذا قال: مَنْ ذا؟ قال: أنا .

1918- أخرجه أحمد جلد3صفحه305و314 . والترمذي في الفتن' باب: لا تأتي مائة سنة وعلى الأرض نفس منفوسة اليوم . ومسلم في فضائل الصحابة' باب: قوله ﷺ: لا تأتي مائة سنة وعلى الأرض نفس منفوسة اليوم .

1919- أخرجه أحمد جلد3صفحه313 . وابن ماجه في الأدب' باب: الجمع بين اسم النبي وكنيته .

حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَسَمَّوْا بِاسْمِي وَلَا تَكْتَنُوا بِكُنْيَتِي، فَإِنَّمَا جُعِلْتُ قَاسِمًا أَقْسِمُ بَيْنَكُمْ

فرمایا: میرے نام پہ نام رکھو میری کنیت پہ نہ رکھو میں قاسم ہوں تمہارے درمیان تقسیم کرتا ہوں۔

1920 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، حَدَّثَنَا حُسْنُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَابِرٍ، كُنَّا نُصَلِّي مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجُمُعَةَ، ثُمَّ نَرْجِعُ فَنُرِيحُ نَوَاضِحَنَا، قَالَ حَسَنٌ: فَقُلْتُ لِجَعْفَرٍ: أَيُّ سَاعَةٍ تِيكَ؟ قَالَ: زَوَالُ الشَّمْسِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جمعہ کی نماز پڑھا کرتے تھے پھر واپس آتے، ہم قیلولہ کرتے تھے۔ حضرت حسن کہتے ہیں کہ میں نے جعفر سے کہا: کون سی گھڑی تھی؟ انہوں نے کہا: سورج ڈھلنے کے وقت۔

1921 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا مُصْعَبٌ، حَدَّثَنَا حُسْنُ بْنُ صَالِحٍ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ طَاوُسٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يَدْخُلُ الْحَمَّامَ بِغَيْرِ إِزَارٍ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يُدْخِلُ حَلِيلَتَهُ الْحَمَّامَ، وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلَا يَأْكُلُ عَلَى مَائِدَةٍ تُشْرَبُ عَلَيْهَا الْخَمْرُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اللہ اور آخرت پر ایمان رکھتا ہے وہ حمام میں بغیر تہبند داخل نہ ہو۔ جو اللہ اور آخرت پر ایمان رکھتا ہے وہ اپنی بیوی کو حمام میں داخل نہ کرے۔ جو اللہ اور آخرت پر ایمان رکھتا ہے وہ ایسے دسترخوان پر کھانا نہ کھائے جس میں شراب پی جاتی ہو۔

1922 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنْ جَعْفَرٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: كَانَتِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: عربوں کو جو آدمی پھراتا تھا اس کا نام ابوسیارہ علی حمار (گدھے پر سوار ہو کر

1921- أخرجه مسلم في الجمعة (858)، باب: صلاة الجمعة حين تزول الشمس . وأحمد جلد 3 صفحه 331 . والنسائي في الجمعة، باب: وقت الجمعة .

1922- أخرجه الترمذي في الأدب، باب: ما جاء في دخول الحمام . وأحمد جلد 3 صفحه 339 . والنسائي في الغسل، باب: الرخصة في دخول الحمام .

الْعَرَبُ يُفِيضُ بِهِمُ الرَّجُلُ يُقَالُ لَهُ: أَبُو سَيَّارَةَ عَلَى حِمَارٍ، فَلَمَّا حَجَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَفَتْ قُرَيْشٌ مَوَاقِفَهَا، فَكَانَتْ تَقُولُ: نَحْنُ الْحُمْسُ فَخَرَجَ حَتَّى وَقَفَ بِعَرَفَاتٍ فَهُوَ قَوْلُهُ " (ثُمَّ أَفِيضُوا مِنْ حَيْثُ أَفَاضَ النَّاسُ) (البقرة: 199)"

سیر کرنے والا) جب رسول کریم ﷺ نے حج فرمایا تو قریش اپنے (سابقہ) ٹھہرنے کی جگہوں میں کھڑے ہو گئے اور کہہ رہے تھے: ہم اپنے مذہب میں بڑے سخت ہیں' سو آپ ﷺ وہاں سے آگے نکلے یہاں تک کہ عرفات میں جا ٹھہرے' سو یہ اللہ کے رسول: ''پھر اس جگہ سے پھرو جہاں سے لوگ پھرتے ہیں'' کا معنی ہے۔

1923 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ أُسَامَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: سَلُوا اللَّهَ عِلْمًا نَافِعًا وَتَعَوَّذُوا بِاللَّهِ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ سے علم نافع مانگو اور ایسے علم سے پناہ مانگو جو نفع نہ دے۔

1924 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنْ عَامِرٍ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: رَجَمَ يَهُودِيًّا وَيَهُودِيَّةً

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے یہودی مرد اور یہودی عورت کو رجم کیا۔

1925 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ أَبَا بَكْرٍ كَانَ يُصَلِّي بِصَلَاةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ ، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ، حضور ﷺ کے پیچھے نماز پڑھ رہے تھے اور لوگ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے ساتھ نماز پڑھ رہے

1923- أخرجه مسلم في الحج' باب: حجة النبي صلى الله عليه وسلم' وباب: الوقوف في عرفة . والبخاري في الحج' باب: الوقوف بعرفة . وأبو داؤد في المناسك' باب: الوقوف بعرفة . والترمذي في الحج' باب: ما جاء في الوقوف بعرفات والدعاء بها . والنسائي في الحج' باب: رفع اليدين في الدعاء بعرفة .

1924- أخرجه ابن ماجه في الدعاء' باب: ما تعوذ منه رسول الله صلى الله عليه وسلم .

1925- أخرجه أبو داؤد في الحدود' باب: رجم اليهود' باب: في رجم اليهوديين . وابن ماجه في الأحكام' باب: شهادة أهل الكتاب بعضهم على بعض . وأحمد جلد 3 صفحه 321 . ومسلم في الحدود' باب: رجم اليهود . والبخاري في الحدود' باب: الرجم في البلاط' وباب: أحكام أهل الذمة . والترمذي في الحدود' باب: ما جاء في رجم أهل الكتاب .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسُ يُصَلُّونَ بِصَلَاةِ أَبِي بَكْرٍ

تھے۔

1926 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو أَحْمَدَ، عَنْ شَرِيكٍ، عَنِ ابْنِ عُقَيْلٍ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ أَرَادَ أَنْ يَصُومَ فَلْيَتَسَحَّرْ وَلَوْ بِشَيْءٍ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو روزہ رکھنے کا ارادہ کرے وہ سحری کر لے اگرچہ تھوڑی چیز ہی کیوں نہ ہو۔

1927 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدِ اهْتَزَّ الْعَرْشُ لِمَوْتِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حضرت سعد بن معاذ کی موت کی وجہ سے عرش کانپ گیا تھا۔

1928 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ، عَنْ عَطَاءٍ، وَأَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَاعَ مُدَبَّرًا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مدبر غلام کو فروخت کیا۔

1929 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا شَبَابَةُ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَقَّ عَنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت امام حسن و حسین رضی اللہ عنہما کا عقیقہ کیا۔

1930 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، وَأَبِي

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا انگلیاں صاف کرنے کا کیونکہ تم نہیں جانتے کہ کس

1927- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 367 و 379 . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 150 للمصنف والبزار والطبراني في الأوسط .

1928- أخرجه مسلم، وفي فضائل الصحابة، باب: من فضائل سعد بن معاذ . وأحمد جلد 3 صفحه 295-296 . وابن ماجه في المقدمة، باب: فضل سعد بن معاذ . والترمذي في المناقب رقم الحديث: 3847، باب: مناقب سعد بن معاذ . والبخاري في مناقب الأنصار، باب: مناقب سعد بن معاذ .

1930- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 4 صفحه 57، وأخرجه أبي داؤد في الأضاحي، باب: في العقيقة . والنسائي، باب: كم يعق عن الجارية .

سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا فَرَغَ أَحَدُكُمْ مِنْ طَعَامِهِ فَلْيَلْعَقْ أَصَابِعَهُ فَإِنَّهُ لَا يَدْرِي فِي أَيِّ طَعَامِهِ تَكُونُ الْبَرَكَةُ

لقمہ میں برکت ہے۔

1931 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: الْإِيمَانُ فِي أَهْلِ الْحِجَازِ، وَالْقَسْوَةُ وَغِلَظُ الْقُلُوبِ قِبَلَ الْمَشْرِقِ فِي رَبِيعَةَ وَمُضَرَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سختی اور سخت دل یہ مشرق کی جانب قبیلۂ ربیعہ اور مضر میں ہوگا اور ایمان اہل حجاز میں ہوگا۔

1932 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ، عَنْ زَائِدَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: جَهَّزَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَيْشًا حَتَّى انْتَصَفَ اللَّيْلُ أَوْ بَلَغَ ذَلِكَ، ثُمَّ خَرَجَ إِلَيْنَا فَقَالَ: قَدْ صَلَّى النَّاسُ وَرَقَدُوا وَأَنْتُمْ تَنْتَظِرُونَ هَذِهِ الصَّلَاةَ، أَمَا إِنَّكُمْ لَنْ تَزَالُوا فِي صَلَاةٍ مَا انْتَظَرْتُمُوهَا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے لشکر تیار کیا۔ یہاں تک کہ آدھی رات ہو گئی یا اس کے قریب وقت ہو گیا پھر ہماری طرف نکلے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگوں نے نماز پڑھ لی ہے اور سو گئے ہیں اور تم انتظار میں ہو اس نماز کے لیے۔ فرمایا: تم مسلسل نماز میں تھے جب سے تم نماز کا انتظار کر رہے تھے۔

1933 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ سَابِطٍ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، كَيْفَ أَصْبَحْتَ؟ قَالَ: بِخَيْرٍ مِنْ رَجُلٍ لَمْ يُصْبِحْ صَائِمًا وَلَمْ يَعُدْ سَقِيمًا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! آپ نے کیسے صبح کی ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس آدمی سے بہتر جس نے صبح روزہ نہیں رکھا اور کسی بیمار کی عیادت بھی نہیں کی۔

1934 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے

1933- أخرجه أحمد جلد3صفحه367 . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد1صفحه312 للمصنف .

1934- أخرجه ابن ماجه في الأدب' باب: الرجل يقال له: كيف أصبحت؟ وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 2

بْنُ خَازِمٍ، عَنْ حَجَّاجٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَعْرَابِيٌّ، فَقَالَ: أَخْبِرْنِي عَنِ الْعُمْرَةِ أَوَاجِبَةٌ هِيَ؟ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا، وَأَنْ تَعْتَمِرَ خَيْرٌ لَكَ

پاس ایک دیہاتی آیا۔عرض کی: یا رسول اللہ! کیا عمرہ واجب ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں! عمرہ اگر کرے تو تیرے لیے بہتر ہے۔

1935 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ أَبِي هِنْدَ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى أَصْحَابِهِ ذَاتَ لَيْلَةٍ، وَهُمْ يَنْتَظِرُونَ الْعِشَاءَ، فَقَالَ: صَلَّى النَّاسُ وَرَقَدُوا وَأَنْتُمْ تَنْتَظِرُونَهَا، أَمَا إِنَّكُمْ فِي صَلَاةٍ مَا انْتَظَرْتُمُوهَا ، ثُمَّ قَالَ: لَوْلَا ضَعْفُ الضَّعِيفِ وَكِبَرُ الْكَبِيرِ لَأَخَّرْتُ هَذِهِ الصَّلَاةَ إِلَى شِطْرِ اللَّيْلِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ایک رات اپنے صحابہ کرام کے پاس آئے۔ وہ نمازِ عشاء کا انتظار کر رہے تھے۔آپ ﷺ نے فرمایا: لوگوں نے نماز پڑھ لی اور تم انتظار میں ہو۔فرمایا: جس نماز کا تم انتظار کر رہے ہو۔فرمایا: اگر کمزور کی کمزوری اور عمر رسیدہ کی بڑی عمر کا خیال نہ ہوتا تو اس نماز کو آدھی رات تک مؤخر کر دیتا۔

1936 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النُّعْمَانُ بْنُ قَوْقَلٍ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِذَا أَحْلَلْتُ الْحَلَالَ، وَحَرَّمْتُ الْحَرَامَ، وَصَلَّيْتُ الْمَكْتُوبَاتِ، أَأَدْخُلُ الْجَنَّةَ؟ قَالَ: قَالَ: نَعَمْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت نعمان بن قوقل حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے' عرض کی: یارسول اللہ! جب میں حلال کو حلال جانوں اور حرام کو حرام جانوں اور پانچ نماز پڑھوں تو کیا میں جنت میں داخل ہو جاؤں گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جی ہاں!

1937 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

صفحہ299-300 وجلد3صفحہ183 للمصنف والطبرانی فی الأوسط .

1935- أخرجه أحمد جلد3صفحہ316 . والترمذی فی الحج' باب: ما جاء فی العمرة أواجبة هی أم لا؟

1937- أخرجه مسلم فی الایمان (15)' باب: بیان الایمان الذی یدخل به الجنة' وأن من تمسك بما أمر به دخل الجنة' وأحمد جلد3صفحہ316 و348 .

خَازِمٍ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَثَلُ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ كَمَثَلِ نَهَرٍ جَارٍ غَمْرٍ عَلَى بَابِ أَحَدِكُمْ يَغْتَسِلُ كُلَّ يَوْمٍ خَمْسَ مَرَّاتٍ

حضور ﷺ نے فرمایا: پانچ نمازوں کی مثال اس جاری نہر کی طرح ہے جو تم میں سے کسی کے دروازے کے سامنے ہو۔ ہر روز پانچ دفعہ غسل کرے (کیا اس کے جسم پر میل باقی رہ جائے گی؟)

1938 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَازِمٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ قَبْلَ مَوْتِهِ بِثَلَاثٍ: لَا يَمُوتَنَّ أَحَدٌ مِنْكُمْ إِلَّا وَهُوَ يُحْسِنُ بِاللّٰهِ الظَّنَّ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ سے سنا کہ آپ ﷺ نے اپنی وفات سے تین دن پہلے فرمایا: تم میں سے کوئی ہرگز نہ مرے مگر اس حالت میں کہ وہ اللہ عزوجل کے متعلق اچھا گمان رکھتا ہو۔

1939 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا قَضَى أَحَدُكُمُ الصَّلَاةَ فِي مَسْجِدِهِ فَلْيَجْعَلْ لِبَيْتِهِ نَصِيبًا مِنْ صَلَاتِهِ، فَإِنَّ اللّٰهَ جَاعِلٌ فِي بَيْتِهِ مِنْ صَلَاتِهِ خَيْرًا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی نماز مسجد میں مکمل کرے اور وہ نماز کا کچھ حصہ اپنے گھر کے لیے رکھے، تو بے شک اللہ تعالیٰ نماز کی برکت سے گھر میں خیر فرماتا ہے۔

1940 - وَبِهِ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: إِنَّمَا أَهَلَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَجِّ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حج کا تلبیہ پڑھا۔

1941 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، حَدَّثَنَا

1938- أخرجه أحمد جلد 2 صفحه 426 . ومسلم في المساجد' باب: المشي الى الصلاة تمحى به الخطايا وترفع به الدرجات . والدارمي في الصلاة' باب: في فضل الصلوات .

1940- أخرجه أحمد ومسلم في صلاة المسافرين' باب: استحباب صلاة النافلة في بيته وجوازها في المسجد . والبيهقي في الصلاة' باب: السنة في رد النافلة الى البيت . وابن ماجه في الاقامة' باب: ما جاء في التطوع في البيت .

1941- أخرجه البيهقي في السنن' باب: من اختار الافراد ورآه أفضل . ومسلم في الحج' باب: بيان وجوه الاحرام .

بَقِيَّةُ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ يَزِيدَ الْحِمْيَرِيِّ، حَدَّثَنِي الْمُنْذِرُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: مَرَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَجُلٍ يَتَوَضَّأُ وَهُوَ يَغْسِلُ خُفَّيْهِ فَنَخَسَهُ بِيَدِهِ وَقَالَ: إِنَّا لَمْ نُؤْمَرْ بِهَذَا ، قَالَ: فَأَرَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ بِيَدِهِ مِنْ مَقْدَمِ الْخُفَّيْنِ إِلَى السَّاقِ وَفَرَّقَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ مَرَّةً وَاحِدَةً

حضور ﷺ ایک آدمی کے پاس سے گزرے وہ وضو کر رہا تھا اور اپنے موزوں کو دھو رہا تھا۔ آپ ﷺ نے اپنا ہاتھ اُسے لگا کر۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اس کا حکم ہمیں نہیں دیا گیا۔ آپ ﷺ نے اسے دکھا کر فرمایا: ہاتھ موزوں کے آگے رکھو اور پنڈلی کی طرف کھینچو انگلیوں کو کھلا رکھتے ہوئے ایک مرتبہ۔

1942 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي صَالِحٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ، وَعَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: جَاءَ سُلَيْكُ الْغَطَفَانِيُّ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ فِي يَوْمِ الْجُمُعَةِ، فَقَالَ لَهُ: أَصَلَّيْتَ قَبْلَ أَنْ تَجِيءَ؟ ، قَالَ: لَا، قَالَ: فَصَلِّ رَكْعَتَيْنِ، وَتَجَوَّزْ فِيهِمَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سلیک غطفانی آیا اس حالت میں کہ رسول پاک ﷺ جمعہ کا خطبہ ارشاد فرما رہے تھے۔ آپ ﷺ نے اس سے فرمایا کہ کیا تو نے آنے سے پہلے نماز پڑھی ہے؟ انہوں نے عرض کی: نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا: دو رکعتیں پڑھو، ان میں مختصر قرأت کرو۔

1943 - حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب کوئی بڑی مصیبت آ جائے یا کالی

1942- أخرجه ابن ماجه في الطهارة (**551**)' باب: مسح أعلى الخف وأسفله . وعزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد**1**صفحه**256** للطبراني في الأوسط .

1943- أخرجه ابن ماجه وفي الاقامة' باب: ما جاء فيمن دخل المسجد والامام يخطب . وأبو داؤد في الصلاة' باب: اذا دخل الرجل والامام يخطب . ومسلم باب: التحية والامام يخطب . والبيهقي جلد**3**صفحه**193**' وفي الجمعة جلد **3**صفحه**194** باب: من دخل المسجد يوم الجمعة والامام على المنبر . والدارقطني في السنن جلد**2**صفحه**14,14** . وأحمد جلد**3**صفحه**297** . والترمذي في الصلاة رقم الحديث: **510**' باب: ما جاء في الركعتين اذا جاء الرجل والامام يخطب . والدارمي في الصلاة' باب: فيمن دخل المسجد يوم الجمعة والامام يخطب . والبخاري في الجمعة' باب: اذا رأى الامام رجلًا جاء وهو يخطب أمره أن يصلي ركعتين' وباب: من جاء والامام يخطب صلى ركعتين خفيفتين' وفي التهجد باب: ما جاء في التطوع مثنى مثنى .

مُحَمَّدِ بْنِ زَاذَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا وَقَعَتْ كَبِيرَةٌ، أَوْ هَاجَتْ رِيحٌ مُظْلِمَةٌ، فَعَلَيْكُمْ بِالتَّكْبِيرِ، فَإِنَّهُ يُجَلِّي الْعَجَاجَ الْأَسْوَدَ

آندھی چلے تو تم پر لازم ہے کہ اللہ کی بڑائی بیان کرو (اللہ اکبر اللہ اکبر کہو) کیونکہ یہ بڑی سے بڑی مصیبت کو ٹال دیتا ہے۔

1944 - حَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ اللّٰهِ أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ النُّكْرِيُّ، حَدَّثَنَا مُبَشِّرٌ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَيُّ الْقُرْآنِ أُنْزِلَ قَبْلُ؟ فَقَالَ: يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ، فَقُلْتُ: أَوِ اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ، قَالَ: سَأَلْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ أَيُّ الْقُرْآنِ أُنْزِلَ قَبْلُ؟ فَقَالَ: يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ، فَقُلْتُ: أَوِ اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ، قَالَ جَابِرٌ: لَا أُخْبِرُكَ إِلَّا مَا حَدَّثَنَا رَسُولُ اللّٰهِ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: جَاوَرْتُ بِحِرَاءٍ شَهْرًا، فَلَمَّا قَضَيْتُ جِوَارِي نَزَلْتُ فَاسْتَبْطَنْتُ بَطْنَ الْوَادِي، قَالَ: فَنُودِيتُ، فَنَظَرْتُ أَمَامِي وَخَلْفِي، وَعَنْ يَمِينِي وَعَنْ شِمَالِي، فَلَمْ أَرَ أَحَدًا، ثُمَّ نُودِيتُ، فَنَظَرْتُ أَمَامِي وَخَلْفِي، وَعَنْ يَمِينِي وَعَنْ شِمَالِي، فَلَمْ أَرَ أَحَدًا، ثُمَّ نَظَرْتُ إِلَى السَّمَاءِ، فَإِذَا هُوَ عَلَى الْعَرْشِ فِي الْهَوَاءِ، قَالَ: مُبَشِّرٌ - يَعْنِي جِبْرِيلَ - فَجُئِثْتُ، فَأَتَيْتُ خَدِيجَةَ، فَأَمَرْتُهُمْ، فَدَثَّرُونِي، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ قُمْ فَأَنْذِرْ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ

حضرت یحییٰ بن ابی کثیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن سے پوچھا کہ قرآن کی کون سی سورۃ سب سے پہلے نازل ہوئی؟ آپ نے فرمایا: یا ایھا المدثر (المدثر:۱) میں نے کہا: کیا ''اقراء باسم ربك الذی خلق (العلق:۱) نہیں؟ فرماتے ہیں: میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے پوچھا: قرآن کی کونسی سورۃ پہلے نازل ہوئی؟ انہوں نے کہا: یا ایھا المدثر۔ میں نے کہا: کیا ''اقراء باسم ربك الذی خلق ''نہیں؟ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا میں آپ کو نہ بتاؤں جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو بتایا ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں ایک ماہ تک غارِ حرا میں رہا۔ جب میں نے ایک مہینہ تک مدت پوری کر کے پہاڑ سے نیچے اترا اور بطنِ وادی میں پہنچا تو مجھے آواز دی گئی میں نے اپنے آگے اور پیچھے، دائیں و بائیں دیکھا۔ میں نے کسی کو نہیں دیکھا پھر مجھے آواز دی گئی۔ میں نے اپنے آگے و پیچھے، دائیں و بائیں جانب دیکھا۔ میں نے کسی کو نہیں دیکھا۔ پھر میں نے آسمان کی طرف دیکھا تو وہ تخت ہوا میں تھا جس پر خوشخبری دینے والے جبرائیل علیہ السلام تھے، مجھ پر کپکپی طاری ہوگئی۔ میں نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے پاس آ کر ان کو

1944- عزاه الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه138 للمصنف .

حکم دیا کہ مجھے چادر اوڑھا دیں۔ پس اللہ عزوجل نے اتارا: ''یا ایھا المدثر الیٰ آخرہٖ''۔

1945 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا أَبَانُ بْنُ يَزِيدَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ، قَالَ: سَأَلْتُ أَبَا سَلَمَةَ أَيُّ الْقُرْآنِ أُنْزِلَ أَوَّلُ؟ قَالَ: يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ، قَالَ: فَقُلْتُ: إِنِّي أُنْبِئْتُ أَنَّ أَوَّلَ سُورَةٍ نَزَلَتْ مِنَ الْقُرْآنِ اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ، قَالَ أَبُو سَلَمَةَ: سَأَلْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ أَيُّ الْقُرْآنِ أُنْزِلَ أَوَّلُ؟ قَالَ: يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ فَقُلْتُ لَهُ: إِنِّي أُنْبِئْتُ أَنَّ أَوَّلَ سُورَةٍ نَزَلَتْ مِنَ الْقُرْآنِ اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ، قَالَ جَابِرٌ: لَا أُحَدِّثُكَ إِلَّا مَا حَدَّثَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: جَاوَرْتُ فِي حِرَاءٍ، فَلَمَّا قَضَيْتُ جِوَارِي فَاسْتَبْطَنْتُ الْوَادِيَ، فَنُودِيتُ، فَنَظَرْتُ أَمَامِي وَخَلْفِي، وَعَنْ يَمِينِي وَعَنْ شِمَالِي، فَلَمْ أَرَ شَيْئًا، فَنُودِيتُ فَنَظَرْتُ فَوْقِي، فَإِذَا أَنَا بِهِ قَاعِدٌ عَلَى عَرْشٍ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ، قَالَ: " فَجُئِثْتُ مِنْهُ، فَانْطَلَقْتُ إِلَى خَدِيجَةَ فَقُلْتُ: دَثِّرُونِي فَدَثَّرُونِي، وَصُبُّوا عَلَيَّ مَاءً بَارِدًا، فَأُنْزِلَتْ عَلَيَّ يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ

حضرت یحییٰ بن ابی کثیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن سے پوچھا کہ قرآن کی کون سی سورۃ سب سے پہلے نازل ہوئی؟ آپ نے فرمایا: یا ایھا المدثر (المدثر:۱) میں نے کہا: کیا ''اقراء باسم ربك الذی خلق'' (العلق:۱) نہیں؟ فرماتے ہیں: میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے پوچھا: قرآن کی کونسی سورۃ پہلے نازل ہوئی؟ انہوں نے کہا: یا ایھا المدثر۔ میں نے کہا: کیا ''اقراء باسم ربك الذی خلق'' نہیں؟ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا میں آپ کو نہ بتاؤں جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو بتایا ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں ایک ماہ تک غارِ حرا میں رہا۔ جب میں ایک مہینہ تک مدت پوری کر کے پہاڑ سے نیچے اترا اور بطنِ وادی میں پہنچا تو مجھے آواز دی گئی میں نے اپنے آگے اور پیچھے، دائیں و بائیں دیکھا۔ میں نے کسی کو نہیں دیکھا پھر مجھے آواز دی گئی۔ میں نے اپنے آگے و پیچھے، دائیں و بائیں جانب دیکھا۔ میں نے کسی کو نہیں دیکھا۔ پھر میں نے آسمان کی طرف دیکھا وہ ہوا میں تخت بریں کی

1945- أخرجه أحمد جلد3صفحه306 و392 . ومسلم فى الايمان' باب: بدء الوحى الى رسول الله صلى الله عليه وسلم . والترمذى فى التفسير' باب: ومن سورة المدثر . والبخارى فى التفسير' باب: (قم فأنذر)' وباب: (وربك فكبر)' وباب: (وثيابك فطهر)' وباب: (والرجز فاهجر)' وفى بدء الوحى فى فاتحته' وفى بدء الخلق باب: اذا قال أحدكم آمين' وفى تفسير القرآن باب: تفسير سورة (اقرأ باسم ربك الذى خلق) وفى الأدب باب: رفع البصر الى السماء .

قُمْ فَأَنْذِرْ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ"

خوشخبری دینے والے جبرائیل علیہ السلام تھے، مجھ پر کپکپی طاری ہوگئی۔ میں نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے پاس آ کر ان کو حکم دیا کہ مجھے چادر اوڑھا دیں اور مجھ پر ٹھنڈا پانی بہائیں۔ پس اللہ عزوجل نے اتارا: ''یا ایھا المدثر الی آخرہ''۔

1946 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ، حَدَّثَنَا مُبَشِّرٌ، عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ، حَدَّثَنِي ابْنُ مِقْسَمٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَرَّتْ بِنَا جِنَازَةٌ، فَقَامَ لَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا ذَهَبْنَا لِنَحْمِلَ إِذَا هِيَ جِنَازَةُ يَهُودِيَّةٍ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّهَا جِنَازَةُ يَهُودِيَّةٍ، قَالَ: إِنَّ الْمَوْتَ فَزَعٌ، فَإِذَا رَأَيْتُمْ جِنَازَةً فَقُومُوا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے ہمارے پاس سے جنازہ گزرا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہو گئے۔ جب ہم گئے تا کہ ہم اس کو اٹھائیں۔ وہ یہودیہ عورت کا جنازہ تھا۔ ہم نے عرض کی: یا رسول اللہ! یہ یہودیہ کا جنازہ ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: موت گھبراہٹ ہے، جب تم جنازہ دیکھو تو کھڑے ہو جاؤ۔

1947 - حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ أَبِي إِسْرَائِيلَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنِ ابْنِ أَبِي صُعَيْرٍ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: لَمَّا كَانَ يَوْمُ أُحُدٍ أَشْرَفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الشُّهَدَاءِ الَّذِينَ اسْتُشْهِدُوا يَوْمَئِذٍ فَقَالَ: زَمِّلُوهُمْ بِدِمَائِهِمْ، فَإِنِّي قَدْ شَهِدْتُ عَلَى هَؤُلَاءِ، فَكَانَ يُدْفَنُ الرَّجُلَانِ وَالثَّلَاثَةُ فِي الْقَبْرِ الْوَاحِدِ،

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب احد کا دن تھا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ان شہداء پر کھڑے ہوئے جو اس دن شہید ہوئے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان کو خون کے ساتھ ہی لپیٹ دو۔ میں ان تمام پر گواہ ہوں۔ پس دو اور تین آدمی کو ایک قبر میں دفن کرتے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم پوچھتے تھے ان میں قرآن کا قاری کون ہے اس کو مقدم کرتے۔ میرے باپ اور چچا تو اس دن ایک

1946- أخرجه أحمد جلد3صفحه306 و392 .

1947- أخرجه أبو داؤد في الجنائز' باب: القيام للجنازة . والبخاري في الجنائز' باب: الأمر بالقيام للجنازة . ومسلم في الجنائز رقم الحديث: **960**' باب: القيام للجنازة . والنسائي في الجنائز' باب: القيام لجنازة أهل الشرك .

وَيَسْأَلُ: أَيُّهُمْ كَانَ أَقْرَأَ لِلْقُرْآنِ فَيُقَدِّمُهُ؟ ، قَالَ جَابِرٌ: فَدُفِنَ أَبِي وَعَمِّي يَوْمَئِذٍ فِي قَبْرٍ وَاحِدٍ

ہی قبر میں دفن کیا گیا تھا۔

1948 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الْوَاسِطِيُّ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ باندھا اس کو اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالینا چاہیے۔

1949 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ، حَدَّثَنَا إِسْمَاعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَيْسَ بَيْنَ الْعَبْدِ وَبَيْنَ تَرْكِهِ الْإِيمَانَ إِلَّا تَرْكُهُ الصَّلَاةَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کافر اور مسلمان کے درمیان فرق نماز کو چھوڑنا ہے۔

1950 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: كُنَّا مَعَ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ فِي سَرِيَّةٍ أَوْ جَيْشٍ فَنَفِدَ زَادُنَا، فَبَصُرْنَا بِحُوتٍ قَذَفَهُ الْبَحْرُ فَأَرَدْنَا أَنْ نَأْكُلَ مِنْهُ، فَنَهَانَا أَبُو عُبَيْدَةَ، ثُمَّ قَالَ: نَحْنُ رُسُلُ رَسُولِ اللَّهِ، وَفِي سَبِيلِ اللَّهِ كُلُوا، فَأَكَلْنَا مِنْهُ، فَلَمَّا رَجَعْنَا ذَكَرْنَا ذَلِكَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنْ كَانَ مَعَكُمْ مِنْهُ شَيْءٌ فَابْعَثُوا بِهِ إِلَيْنَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ ہم حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کے ساتھ ایک سریہ میں تھے یا ایک لشکر میں تھے' پس ہمارا زادِ راہ ختم ہو گیا' پس ہم نے ایک مچھلی کو دیکھا جو سمندر نے پھینکی تھی' پس ہم نے ارادہ کیا کہ ہم اس میں سے کھائیں' پس ہم کو ابوعبیدہ نے روک دیا' پھر فرمایا: ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بھیجے ہوئے ہیں اور اللہ کے راستہ میں ہیں' کھاؤ! پس ہم نے اس میں سے کھایا' پس جب ہم واپس لوٹے تو ہم نے اس کا ذکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا' پس آپ صلی اللہ علیہ وسلم

1948- أخرجه وأبو داؤد في الجنائز' باب: في الشهيد يغسل . والترمذي في الجنائز' باب: ما جاء في ترك الصلاة على الشهيد . والنسائي في الجنائز' باب: ترك الصلاة على الشهيد . والبخاري في الجنائز' باب: الصلاة على الشهيد' وباب: دفن الرجلين والثلاثة في قبر' وباب: من لم ير غسل الشهداء' وباب: من يقدم في اللحد' وفي المغازي باب: من قتل من المسلمين يوم أحد .

نے فرمایا: اگر تمہارے پاس اس میں سے کچھ ہے تو ہماری طرف بھیج دو۔

1951 - حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ: بَعَثَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ثَلاثِمِائَةِ رَاكِبٍ، وَأَمِيرُنَا أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ نَرْصُدُ عِيرًا لِقُرَيْشٍ، فَأَقَمْنَا بِالسَّاحِلِ نِصْفَ شَهْرٍ، فَأَصَابَنَا جُوعٌ شَدِيدٌ حَتَّى أَكَلْنَا الْخَبَطَ، قَالَ: فَسُمِّيَ ذَلِكَ الْجَيْشُ جَيْشَ الْخَبَطِ، ثُمَّ أَلْقَى الْبَحْرُ لَنَا دَابَّةً يُقَالُ لَهَا: الْعَنْبَرُ، فَأَكَلْنَا مِنْهُ نِصْفَ شَهْرٍ حَتَّى ثَابَتْ أَجْسَامُنَا وَادَّهَنَّا بِوَدَكِهِ، فَأَخَذَ أَبُو عُبَيْدَةَ ضِلَعًا مِنْ أَضْلاعِهِ فَنَظَرَ إِلَى أَطْوَلِ جَمَلٍ فِي الْجَيْشِ فَحَمَلَهُ عَلَيْهِ فَمَرَّ تَحْتَهُ قَالَ أَبُو عُثْمَانَ: قَالَ لَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ: قَالَ أَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ: أَعْطَانَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جِرَابًا فِيهِ تَمْرٌ، فَلَمَّا نَفِدَ وَجَدْنَا فَقْدَهُ، فَجَعَلَ الرَّجُلُ يَجِيءُ بِالشَّيْءِ، قَالَ: وَأَخْرَجْنَا مِنْ عَيْنَيْهِ كَذَا وَكَذَا جَرَّةً مِنْ وَدَكٍ، قَالَ: فَلَمَّا قَدِمْنَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَأَلَنَا هَلْ مَعَكُمْ مِنْهُ شَيْءٌ؟

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہمیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تین سو تیرہ آدمیوں کو بھیجا اور ہمارے اوپر امیر حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کو بنایا' ہم قریش کے ایک قافلہ میں ٹھہرے' ہم آدھا ماہ ساحل پر رہے' ہمیں سخت بھوک لگی یہاں تک کہ ہم نے درخت سے جھاڑے ہوئے پتے کھائے۔ راوی کا بیان ہے کہ اس لشکر کا نام ہی جیش خبط پڑ گیا' پھر سمندر نے ہمارے لیے جانور پھینکا اُسے عنبر کہا جاتا تھا' ہم اس کو آدھے ماہ تک کھاتے رہے یہاں تک کہ ہم موٹے ہو گئے' ہم نے اس کی چربی اکٹھی کر لی۔ حضرت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ نے اس کی پسلی پکڑی' اس کی لمبائی دیکھی تو اس کے نیچے سے لشکر گزر جاتا تھا۔ حضرت ابوعثمان فرماتے ہیں کہ ہمیں سفیان بن عیینہ نے بیان کیا' اُنہوں نے فرمایا کہ ابوزبیر' حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ ہمیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک تھال دیا اس میں کھجوریں تھیں' جب ہمارے پاس سے ختم ہو گئیں تو ایک آدمی کوئی شی لاتا' ہم اس کی دونوں آنکھوں سے چربی نکالتے' جب ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے تو آپ سے ہم سے پوچھا کہ کیا تمہارے پاس اس سے کوئی شی ہے؟

1952 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: كَسَعَ رَجُلٌ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ رَجُلًا مِنَ الأَنْصَارِ، فَقَالَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مہاجرین میں سے ایک آدمی نے انصار کے آدمی کو دُبر پر مارا' انصاری نے کہا: اے انصار! مہاجر نے کہا: اے مہاجرین! جب

الْأَنْصَارِيُّ: يَا لِلْأَنْصَارِ، وَقَالَ الْمُهَاجِرِيُّ: يَا لِلْمُهَاجِرِينَ، فَلَمَّا سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاكَ، قَالَ: مَا بَالُ دَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ؟ ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، رَجُلٌ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ كَسَعَ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ، فَقَالَ: دَعُوهَا فَإِنَّهَا مُنْتِنَةٌ ، فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ أُبَيٍّ ابْنُ سَلُولٍ: أَقَدْ فَعَلُوهَا؟ لَئِنْ رَجَعْنَا إِلَى الْمَدِينَةِ لَيُخْرِجَنَّ الْأَعَزُّ مِنْهَا الْأَذَلَّ، فَقَالَ عُمَرُ: دَعْنِي يَا رَسُولَ اللَّهِ أَضْرِبْ عُنُقَ هَذَا الْمُنَافِقِ، فَقَالَ: دَعْهُ إِنَّهُ لَا يَتَحَدَّثُ النَّاسُ أَنَّ مُحَمَّدًا يَقْتُلُ أَصْحَابَهُ

حضور ﷺ سے یہ سنا تو آپ نے فرمایا: کیا زمانۂ جاہلیت کے دعوی ہیں! صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! مہاجرین میں سے ایک آدمی نے انصار کے ایک آدمی کو دُبر پر مارا ہے۔ عبداللہ بن ابی بن سلول نے کہا: کیا اس نے کیا ہے؟ اگر ہم مدینہ کی طرف گئے تو ضرور عزت والے ذلیل کو نکال دیں گے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا میں اس منافق کی گردن نہ اُڑا دوں؟ آپ نے فرمایا: اس کو چھوڑ دو! کیونکہ لوگ بیان کریں گے کہ محمد اپنے ساتھیوں کو قتل کرتا ہے۔

1953 - حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: أَتَى النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدَ اللَّهِ بْنِ أُبَيٍّ بَعْدَمَا أُدْخِلَ حُفْرَتَهُ فَأَمَرَ بِهِ، فَأُخْرِجَ فَوُضِعَ عَلَى رُكْبَتَيْهِ، وَنَفَثَ عَلَيْهِ مِنْ رِيقِهِ، وَأَلْبَسَهُ قَمِيصَهُ ، وَاللَّهُ أَعْلَمُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ حضرت عبداللہ بن ابی کے پاس تشریف لائے۔ اس کو قبر میں داخل کرنے کے بعد آپ ﷺ نے حکم دیا اس کو نکلنے کا، وہ نکلا آپ ﷺ نے اس کے کفن پر اپنا لعاب لگایا اور اس کو قمیض پہنائی' اللہ زیادہ جانتا ہے۔

1954 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: كَسَعَ رَجُلٌ مِنَ الْمُهَاجِرِينَ رَجُلًا مِنَ الْأَنْصَارِ، قَالَ: فَجَاءَ قَوْمُ ذَا، وَقَوْمُ ذَا، فَقَالَ هَؤُلَاءِ : يَا لِلْمُهَاجِرِينَ، وَقَالَ هَؤُلَاءِ: يَا لِلْأَنْصَارِ، فَبَلَغَ ذَلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: دَعُوهَا فَإِنَّهَا مُنْتِنَةٌ ، ثُمَّ قَالَ: أَلَا مَا بَالُ دَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ؟ أَلَا مَا بَالُ دَعْوَى الْجَاهِلِيَّةِ؟

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک مہاجر نے ایک انصاری کو دھکا دیا (تو جنگ و جدل کی آگ بھڑک اُٹھی) دونوں قومیں آمنے سامنے آ گئیں' انصار نے مہاجرین کو للکارا اور مہاجرین نے انصار کو' پس یہ بات رسول کریم ﷺ تک پہنچی' آپ ﷺ نے فرمایا: اب اسے چھوڑ بھی دو کیونکہ یہ انتہائی قبیح چیز ہے' پھر فرمایا: خبردار! یہ جاہلیت کی آواز کہاں سے آئی؟ خبردار! یہ زمانۂ جاہلیت کے دعوے کدھر آئے؟

1955 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الْوَاسِطِيُّ،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی کریم ﷺ نے

حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، حَدَّثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: لَعَنَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ آكِلَ الرِّبَا، وَمُوكِلَهُ، وَشَاهِدَيْهِ وَكَاتِبَهُ، وَقَالَ: هُمْ سَوَاءٌ

سود کھانے والے' کھلانے والے' اس کے دونوں گواہوں اور لکھنے والے پر لعنت فرمائی ہے اور فرمایا: یہ سب (گناہ میں) برابر ہیں۔

1956 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ خَالِدٍ قَالَ: حَدَّثَنَا بَعْضُ أَشْيَاخِنَا، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّ أَبَا بَكْرٍ قَالَ: مَنْ كَانَتْ لَهُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِدَةٌ فَلْيَقُمْ، قَالَ: فَقُلْتُ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَدَنِي أَنْ يُعْطِيَنِي كَذَا وَكَذَا، وَحَفَنَ بِيَدِهِ ثَلَاثَ حَفَنَاتٍ، قَالَ: فَقَالَ أَبُو بَكْرٍ: إِذَا أَتَانَا مَالٌ فَأْتِنَا، قَالَ: فَجَاءَهُ مَالٌ، فَأَتَيْتُهُ، قَالَ: فَحَفَنْتُهُ بِيَدِي، فَقَالَ: اعْدُدْهَا، فَإِذَا هِيَ خَمْسُ مِئَةٍ، قَالَ: فَأَعْطَانِي أَلْفًا أُخْرَى، قَالَ: وَقَالَ: أَلَكَ مَالٌ سِوَاهُ؟، قَالَ: قُلْتُ: لَا، قَالَ: فَإِذَا حَالَ عَلَيْهِ الْحَوْلُ فَأَدِّ زَكَاتَهُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جس کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے وعدہ ہو' وہ کھڑا ہو۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے کہا کہ مجھ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے وعدہ کیا تھا کہ میں تمہیں اتنا اتنا دوں گا تو آپ نے تین چلّو بھر دیئے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب ہمارے پاس مال آئے تو آنا۔ پس مال آیا تو میں اُن کے پاس آیا۔ پس میں نے ایک چلّو بھرا۔ فرمایا: اس کو گنو! وہ پانچ سو تھے۔ آپ نے مجھے ایک ہزار اور دیا۔ فرمایا: اس کے علاوہ بھی مال تیرے پاس ہے؟ میں نے عرض کی: نہیں! آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جب اس پر سال گزر جائے تو اس کی زکوٰۃ ادا کرنا۔

1957 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ مُجَالِدٍ، عَنِ الشَّعْبِيِّ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ أَبَا بَكْرٍ قَالَ: مَنْ كَانَ لَهُ عِدَةٌ فَلْيَقُمْ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ، إِلَّا أَنَّهُ لَمْ يُذْكَرْ فِيهِ قَوْلَ أَبِي بَكْرٍ: إِذَا حَالَ عَلَيْهِ الْحَوْلُ،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: بے شک ابوبکر نے کہا: جس کا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی وعدہ ہو' وہ کھڑا ہو' پس آپ نے اس کی مثل ذکر کیا' مگر اس میں ابوبکر کے قول کا ذکر نہیں کیا کہ جب اس پر سال گزر جائے اور

1957- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 307-308 . ومسلم في الفضائل' باب: ما سئل رسول الله صلى الله عليه وسلم شيئًا قط فقال: لا . والبخاري في الكفالة' باب: من تكفل عن ميت دينًا فليس له أن يرجع' وفي الهبة باب: اذا وهب هبة أو وعد ثم مات قبل أن تصل اليه' وفي الشهادات باب: من أمر بانجاز الوعد' وفي فرض الخمس باب: ومن الدليل على أن الخمس لنوائب المسلمين' وفي الجزية باب: ما أقطع النبي صلى الله عليه وسلم من البحرين' وفي المغازي باب: قصة عمان والبحرين .

وَلَا قَوْلَهُ: أَلَكَ مَالٌ غَيْرُهُ

نہ یہ قول کہ تیرے پاس اس کے علاوہ کوئی مال ہے۔

1958 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: أَكَلْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَبِي بَكْرٍ، وَعُمَرَ، وَعُثْمَانَ، خُبْزًا وَلَحْمًا فَصَلُّوا وَلَمْ يَتَوَضَّئُوا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم ، حضرت ابوبکر، حضرت عمر، حضرت عثمان رضی اللہ عنہم کے ساتھ روٹی اور گوشت کھایا۔ انہوں نے نماز پڑھی اور وضو نہیں کیا۔

1959 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا بَيْنَ مِنْبَرِي إِلَى حُجْرَتِي رَوْضَةٌ مِنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ، وَإِنَّ مِنْبَرِي عَلَى تُرْعَةٍ مِنْ تُرَعِ الْجَنَّةِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم میرے منبر اور میرے گھر کے درمیان جگہ جنت کی کیاریوں میں سے ایک کیاری ہے اور بے شک میرا منبر جنت کی نہروں میں سے ایک نہر ہے۔

1960 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، أَخْبَرَنَا سَيَّارٌ، عَنْ أَبِي هُبَيْرَةَ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: اشْتَرَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنِّي بَعِيرًا كَانَ لِي وَنَحْنُ فِي سَفَرٍ، قَالَ: وَجَعَلَ لِي ظَهْرَهُ إِلَى أَنْ نَقْدَمَ، فَلَمَّا قَدِمْنَا أَتَيْتُهُ بِالْبَعِيرِ، فَدَفَعْتُ إِلَيْهِ فَأَمَرَ لِي بِثَمَنِهِ أُوقِيَّتَيْنِ فَانْصَرَفْتُ، فَإِذَا رَسُولُهُ قَدِ اتَّبَعَنِي، فَقَالَ: هَلُمَّ يَدْعُوكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَظَنَنْتُ أَنَّهُ قَدْ بَدَا لَهُ، فَلَمَّا أَتَيْتُهُ، قَالَ لِي: خُذْ بَعِيرَكَ فَهُوَ لَكَ ، قَالَ: فَانْصَرَفْتُ،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے اونٹ خریدا جبکہ ہم سفر میں تھے' اور سواری کو میرے لیے بنایا کہ میں اس پر سوار ہو کر آؤں (مدینہ) جب ہم مدینہ پہنچے تو میں اونٹ لے کر آپ کے پاس آیا' میں نے آپ کے حوالے کر دیا' پس آپ نے میرے لیے حکم دیا کہ اسے دو اوقیہ اونٹ کی قیمت دے دی جائے' پس میں واپس لوٹ آیا۔ سو اچانک میری نگاہ اُٹھی تو قاصد میرے پیچھے پیچھے آ رہے ہیں' اس نے مجھے کہا: آپ کو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم بلا رہے

1959- أخرجه أحمد جلد 3صفحه304 و307 . وأبو داؤد فى الطهارة' باب: فى ترك الوضوء مما مست النار . والترمذى فى الطهارة' باب: ما جاء فى ترك الوضوء مما غيرت النار . وابن ماجه فى الطهارة' باب: الرخصة فى ذلك .

فَلَقِيتُ رَجُلًا مِنَ الْيَهُودِ، فَأَخْبَرْتُهُ بِالَّذِي كَانَ، فَجَعَلَ يَعْجَبُ، وَقَالَ: أَعْطَاكَ الثَّمَنَ وَرَدَّ عَلَيْكَ الْبَعِيرَ

ہیں۔ پس میں نے گمان کیا کہ کوئی عیب ظاہر ہو گیا ہے' پس جب میں آپ ﷺ کے پاس آیا تو آپ ﷺ نے مجھے فرمایا: پکڑ لو اپنا اونٹ' وہ تیرا ہے۔ میں لوٹ کر ایک یہودی آدمی سے ملا' پس میں نے اسے اس بات کی خبر دی' پس اس نے تعجب کرنا شروع کیا کہ قیمت بھی تجھے دے دی اور اونٹ بھی تجھے لوٹا دیا۔

1961 - حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ عَمْرٍو، سَمِعَ جَابِرًا يَقُولُ: قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا جَاءَ مَالُ الْبَحْرَيْنِ أَعْطَيْنَاكَ هَكَذَا وَهَكَذَا، وَحَفَنَ سُفْيَانُ بِيَدِهِ ثَلَاثَ حَفَنَاتٍ

حضرت عمرو سے روایت ہے کہ اُنہوں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے سنا' وہ فرما رہے تھے: مجھے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب بحرین کا مال آئے گا تو ہم تجھے اتنا اتنا عطا فرمائیں گے۔ حضرت سفیان نے تین چلّو بھرے۔

1962 - حَدَّثَنَا عَمْرٌو، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: لَمَّا أُنْزِلَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (قُلْ هُوَ الْقَادِرُ عَلَى أَنْ يَبْعَثَ عَلَيْكُمْ عَذَابًا مِنْ فَوْقِكُمْ) (الأنعام:65)، قَالَ: أَعُوذُ بِوَجْهِكَ، (أَوْ مِنْ تَحْتِ أَرْجُلِكُمْ) (الأنعام: 65)، قَالَ: أَعُوذُ بِوَجْهِكَ، (أَوْ يَلْبِسَكُمْ شِيَعًا وَيُذِيقَ بَعْضَكُمْ بَأْسَ بَعْضٍ) (الأنعام:65)، قَالَ: هَاتَانِ أَهْوَنُ أَوْ هَاتَانِ أَيْسَرُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضور اکرم ﷺ پر یہ آیت نازل ہوئی: ''قل هو القادر على ان يبعث عليكم عذاباً من قومكم'' (انعام:٦٥) تو آپ ﷺ نے فرمایا: میں تیری رضا کے ساتھ پناہ مانگتا ہوں ''او من تحت ارجلكم'' آپ ﷺ نے فرمایا: میں پناہ مانگتا ہوں تیری رضا کے ساتھ ''اويلبسكم شيعًا ويذيق بعضكم باس بعضٍ''۔ فرمایا: یہ دونوں ہلکی اور آسان بھی ہیں۔

1963 - حَدَّثَنَا عَمْرٌو، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا جَابِرٌ، قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْحَرْبُ خُدْعَةٌ، قَالَ أَبُو عُثْمَانَ: قَالَ لِي بَعْضُ أَصْحَابِنَا: كَثِيرٌ مِنْهُمْ كَانَ يَقُولُ: الْحَرْبُ خَدْعَةٌ، وَلَمْ أَسْمَعْهُ أَنَا إِلَّا بِالرَّفْعِ خُدْعَةٌ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جنگ دھوکہ ہے۔ ابوعثمان فرماتے ہیں کہ مجھے ہمارے بعض اصحاب نے فرمایا: ان میں سے اکثر کہتے تھے کہ جنگ دھوکہ ہے' میں نے نہیں سنا مگر رفع کے ساتھ ''خُدْعَةٌ''۔

1964 - حَدَّثَنَا عَمْرٌو، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: دَخَلَ رَجُلٌ الْمَسْجِدَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ قَالَ: صَلَّيْتَ؟ ، قَالَ: لَا، قَالَ: فَصَلِّ رَكْعَتَيْنِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ ارشاد فرمارہے تھے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تُو نے نماز پڑھ لی ہے؟ عرض کی: نہیں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو رکعتیں پڑھ لے۔

1965 - حَدَّثَنَا عَمْرٌو، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: دَخَلَ سُلَيْكٌ الْغَطَفَانِيُّ الْمَسْجِدَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ قَالَ: أَصَلَّيْتَ؟ ، قَالَ: لَا، قَالَ: فَصَلِّ رَكْعَتَيْنِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سلیک غطفانی مسجد میں داخل ہوا' حضور صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ ارشاد فرمارہے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تُو نے نماز پڑھ لی ہے؟ عرض کی: نہیں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو رکعتیں پڑھ لے۔

1966 - حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، قَالَ: قُلْتُ لِعَمْرٍو: أَسَمِعْتَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ: مَرَّ رَجُلٌ بِسِهَامٍ فِي الْمَسْجِدِ فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَمْسِكْ بِنِصَالِهَا

حضرت سفیان فرماتے ہیں کہ میں نے عمرو سے کہا: کیا آپ نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے سنا ہے کہ انہوں نے فرمایا ہے کہ ایک آدمی تیر لے کر مسجد کے پاس سے گزر رہا تھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ اس کو اپنی کمان میں بند کر۔

1967 - حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَجُلٌ يَوْمَ أُحُدٍ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنْ قُتِلْتُ فَأَيْنَ أَنَا؟ قَالَ: فِي الْجَنَّةِ ، فَأَلْقَى تَمَرَاتٍ فِي يَدِهِ، وَقَاتَلَ حَتَّى قُتِلَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اُحد کے دن ایک آدمی نے عرض کی: یا رسول اللہ! اگر میں قتل کیا جاؤں تو میں کہاں ہوں گا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں! اس نے کھجوریں ڈالیں اپنے ہاتھ میں اور لڑا یہاں تک کہ شہید ہو گیا۔

1968 - حَدَّثَنَا عَمْرٌو، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ، يُشِيرُ إِلَى أُذُنَيْهِ سَمِعَ أُذُنَيَّ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے دونوں کانوں سے سنا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک قوم کو جہنم سے نکالا جائے گا اور اُن کو جنت میں داخل کیا

1968- أخرجه البخاری فی المغازی' باب: غزوة أحد . ومسلم فی الامارة' باب: ثبوت الجنة للشهيد . والنسائی فی الجهاد' باب: ثواب من قتل فی سبيل الله عزوجل . ومالك فی الجهاد' باب: الترغيب فی الجهاد .

أَنَّ قَوْمًا يَخْرُجُونَ مِنَ النَّارِ فَيَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ

جائے گا۔

1969 - حَدَّثَنَا عَمْرٌو، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا جَابِرُ، أَتَزَوَّجْتَ؟ ، قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: بِكْرًا أَوْ ثَيِّبًا؟ ، قَالَ: قُلْتُ: لَا، بَلْ ثَيِّبًا، قَالَ: فَهَلَّا جَارِيَةً تُلَاعِبُكَ وَتُلَاعِبُهَا؟ ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّ أَبِي قُتِلَ يَوْمَ أُحُدٍ وَتَرَكَ تِسْعَ بَنَاتٍ، وَهُنَّ لِي تِسْعُ أَخَوَاتٍ، فَلَمْ أُحِبَّ أَنْ أَجْمَعَ إِلَيْهِنَّ جَارِيَةً خَرْقَاءَ مِثْلَهُنَّ، وَلَكِنِ امْرَأَةً تُمَشِّطُهُنَّ وَتَقُومُ عَلَيْهِنَّ، قَالَ: أَصَبْتَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا: کیا تُو نے شادی کر لی ہے؟ میں نے جواب دیا: جی ہاں! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کنواری سے کی ہے یا بیوہ سے؟ میں نے عرض کی: نہیں! بلکہ بیوہ سے کی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو نے کنواری سے کیوں نہیں کی کہ وہ تیرے ساتھ کھیلتی اور تُو اس کے ساتھ کھیلتا؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے والد اُحد کے دن شہید ہو گئے تھے' انہوں نے نو بیٹیاں پیچھے چھوڑی ہیں' میری نو بہنیں ہیں' میں نے ان جیسی لڑکی پسند نہ کی' لیکن ایسی عورت جو ان کو کنگھی کرے اور ان کے کام سرانجام دے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تُو نے ٹھیک کیا۔

1970 - حَدَّثَنَا عَمْرٌو، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ جَابِرٍ، أَطْعَمَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لُحُومَ الْخَيْلِ، وَنَهَانَا عَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گھوڑے کا گوشت کھلایا اور ہمیں گدھے کے گوشت سے منع فرمایا۔

1971 - حَدَّثَنَا عَمْرٌو، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " دَخَلْتُ الْجَنَّةَ فَرَأَيْتُ فِيهَا دَارًا، فَسَمِعْتُ فِيهَا ضَوْضَاءَ، فَقُلْتُ: لِمَنْ هَذَا؟، قَالُوا: لِرَجُلٍ مِنْ قُرَيْشٍ، قُلْتُ: مَنْ هُوَ؟ قَالُوا: عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَأَرَدْتُ أَنْ أَدْخُلَهَا، فَذَكَرْتُ غَيْرَتَكَ يَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں جنت میں داخل ہوا' میں اس میں گھر دیکھا، اس میں میں نے شور سنا، میں نے کہا: یہ کس کا ہے؟ انہوں نے عرض کی کہ ایک قریش کے آدمی کا ہے' میں نے کہا: وہ کون ہے؟ انہوں نے عرض کی: وہ عمر بن الخطاب ہیں۔ میں نے ارادہ کیا کہ اس میں داخل ہوتا

1970- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 308 . والبخاري في المغازي' باب: (اذا همت طائفتان منكم أن تفشلا والله وليهما)

أَبَا حَفْصٍ " ، فَبَكَى وَقَالَ: أَعَلَيْكَ أَغَارُ يَا رَسُولَ اللَّهِ؟

ہوں' اے ابوحفص! مجھے تیری غیرت یاد آ گئی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ رو پڑے' عرض کی: یا رسول اللہ! کیا میں آپ پر غیرت کروں گا؟

1972 - حَدَّثَنَا عَمْرٌو، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرٍو، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: إِنَّ رَجُلًا دَبَّرَ غُلَامًا لَهُ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ غَيْرُهُ، فَبَاعَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاشْتَرَاهُ ابْنُ النَّحَّامِ مِنْهُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی کے پاس مدبر غلام تھا' اس کے علاوہ اس کے پاس کوئی مال نہیں تھا' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو فروخت کیا' اسے ابن نحام نے خریدا۔

1973 - حَدَّثَنَا عَمْرٌو، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ، سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: قَالَ لِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ تَزَوَّجْتُ: هَلِ اتَّخَذْتُمْ أَنْمَاطًا؟ ، قُلْتُ: أَنَّى لَنَا أَنْمَاطٌ؟ قَالَ: أَمَا إِنَّهَا سَتَكُونُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس وقت میں نے شادی کی: کیا تمہارے پاس قالین ہیں؟ میں نے عرض کی: ہمارے پاس قالین کیسے ہو سکتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: عنقریب ہوں گے۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے گزرا۔ صحابہ کرام نے اس کی (عبادت کی) تعریف کی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کو کون قتل کرے گا؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: مَیں۔ آپ رضی اللہ عنہ چلے۔ اس کو پایا، اس نے اپنے سامنے ایک خط کھینچ رکھا تھا، اور نماز اس میں پڑھ رہا تھا۔ جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس کو اس حالت میں دیکھا تو آپ رضی اللہ عنہ واپس آئے اور اس کو قتل نہیں کیا پھر اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کو کون قتل کرے گا؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں۔ آپ رضی اللہ عنہ گئے اس کو دیکھا وہ اس خط میں نماز پڑھ رہا تھا۔ آپ رضی اللہ عنہ بھی واپس آ گئے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے بھی اس کو قتل نہیں کیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کون اس کو قتل کرے گا؟ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آپ اگر اس کو پالیں گے تو قتل کریں گے میرا خیال ہے کہ آپ اس کو نہیں پائیں گے، آپ رضی اللہ عنہ چلے تب وہ جا چکا تھا۔

2213 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، فرمایا: صلح

2212- الحديث فى المقصد العلى برقم: **985** . وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد **6** صفحه **227** وقال: رواه أبو يعلى ورجاله رجال الصحيح .

2213- الحديث فى المقصد العلى برقم: **410** . وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد **2** صفحه **272** وقال: رواه أحمد وأبو يعلى والبزار باختصار .

هَارُونَ، أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، أَنَّ شُرَحْبِيلَ بْنَ سَعْدٍ، أَخْبَرَهُ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: أَقْبَلْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَمَنَ الْحُدَيْبِيَةِ فَنَزَلْنَا بِالسُّقْيَا، فَقَالَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ: مَنْ يَسْقِينَا فِي أَسْقِيَتِنَا؟ قَالَ جَابِرٌ: فَقُلْتُ: أَنَا، فَخَرَجْتُ فِي فِتْيَةٍ مَعِي حَتَّى أَتَيْنَا الْمَاءَ الَّذِي بِالْأُثَايَةِ وَبَيْنَهُمَا قَرِيبًا مِنْ ثَلَاثَةٍ وَعِشْرِينَ مِيلًا، قَالَ: فَأَتَيْنَا الْمَاءَ الَّذِي بِالْأُثَايَةِ فَسَقَيْنَا فِي حَوْضِنَا وَسَقَيْنَا فِي أَسْقِيَتِنَا حَتَّى إِذَا كَانَ بَعْدَ عَتَمَةٍ إِذَا أَنَا بِرَجُلٍ يُنَازِعُهُ بَعِيرُهُ عَلَى الْحَوْضِ، فَقَالَ: أَوْرِدُوا . وَإِذَا هُوَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَوْرَدَ وَأَخَذَ بِزِمَامِ رَاحِلَتِهِ، فَقَامَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلَّى الْعِشَاءَ، وَجَابِرٌ فِيمَا ذَكَرَ إِلَى جَنْبِهِ. ثُمَّ صَلَّى بَعْدَ الْعِشَاءِ ثَلَاثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً

حدیبیہ کے زمانہ میں ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ آگے بڑھے تو ہم ایک کنویں پر اُترے' سو حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہماری مشکوں میں پانی کون بھرے گا؟ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے کہا: میں بھروں گا۔ سو میں جوانوں کے ایک گروہ کو لے کر نکلا یہاں تک کہ ہم پانی تک پہنچ گئے' جو اُثایہ کے مقام پر تھا اور تقریباً ۲۳ میل چلے' سو ہم اُثایہ کے مقام سے پانی لائے' ہم نے اسے حوض میں بھی بھرا اور اپنی مشکوں میں بھی ڈالا یہاں تک کہ تھوڑے فاصلے پر تھے تو حوض پر ایک آدمی سے اُس کا اونٹ جھگڑ رہا تھا' سو اُس نے کہا: وارد ہو جاؤ جبکہ دیکھا تو وہ اللہ کے رسول ﷺ تھے' پس آپ اُترے' اپنی سواری کی مہار پکڑ کر کھڑے ہو گئے' آپ نے عشاء کی نماز پڑھی اور جابر نے آپ ﷺ کے پہلو میں نماز ادا کی' پھر آپ نے عشاء کے بعد تیرہ رکعتیں ادا فرمائیں۔

2214 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْكُمْ مِنْ نَفْسٍ مَنْفُوسَةٍ يَأْتِي عَلَيْهَا مِائَةُ سَنَةٍ وَهِيَ حَيَّةٌ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی نفس ایسا نہیں جو سانس لے اور اس پر سو سال گزر جائیں زندگی کی حالت میں۔

2215 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں

2214- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 305 قال: حدثنا محمد بن أبي عدي . وفي جلد 3 صفحه 379 قال: حدثنا يزيد . ومسلم جلد 7 صفحه 187 قال: حدثني يحيى بن حبيب' ومحمد بن عبد الأعلى كلاهما عن المعتمر .

2215- الحديث سبق برقم: 2198,1976,2208 فراجعه .

AlHidayah - الهداية

هَارُونَ، أَخْبَرَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ أَبِي زَيْنَبَ، حَدَّثَنَا أَبُو سُفْيَانَ طَلْحَةُ بْنُ نَافِعٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: كُنْتُ جَالِسًا فِي دَارِي فَمَرَّ بِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَشَارَ إِلَيَّ فَقُمْتُ إِلَيْهِ، فَأَخَذَ بِيَدِي فَانْطَلَقْنَا حَتَّى أَتَى بَعْضَ حُجَرِ نِسَائِهِ فَدَخَلَ، ثُمَّ أَذِنَ لِي فَدَخَلْتُ، وَالْحِجَابُ عَلَيْهَا، فَقَالَ: هَلْ مِنْ غَدَاءٍ؟ فَقَالُوا: نَعَمْ، فَأُتِيَ بِثَلَاثَةِ أَقْرَاصٍ فَوَضَعَهُنَّ، فَأَخَذَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُرْصَةً فَوَضَعَهُ بَيْنَ يَدَيْهِ، وَأَخَذَ قُرْصَةً آخَرَ فَوَضَعَهُ بَيْنَ يَدَيَّ، ثُمَّ أَخَذَ الثَّالِثَ فَكَسَرَهُ بِاثْنَيْنِ فَجَعَلَ نِصْفَهُ بَيْنَ يَدَيْهِ وَنِصْفَهُ بَيْنَ يَدَيَّ، ثُمَّ قَالَ: هَلْ مِنْ أُدْمٍ؟ قَالُوا: لَا، إِلَّا شَيْئًا مِنْ خَلٍّ. قَالَ: هَاتُوا، فَنِعْمَ الْأُدْمُ هُوَ

اپنے گھر میں بیٹھا ہوا تھا' سو رسول کریم ﷺ میرے قریب سے گزرے تو میری طرف اشارہ کیا' سو میں اُٹھ کر آپ ﷺ کی طرف چلا گیا' آپ ﷺ میرا ہاتھ پکڑ کر لے چلے یہاں تک کہ ہم ازواجِ مطہرات میں سے ایک کے حجرہ تک پہنچ گئے' پہلے آپ ﷺ داخل ہوئے' تھوڑی دیر بعد مجھے بھی بلا لیا' سو میں بھی اندر چلا گیا جبکہ زوجہ محترمہ پردہ میں تھیں' سو اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: کھانے کو کچھ ہے؟ انہوں نے عرض کی: ہاں ہے۔ آپ ﷺ کے سامنے تین ٹکیاں لائی گئیں' آپ نے پہلے ایک اُٹھائی اور اپنے سامنے رکھی' دوسری میرے سامنے رکھ کر تیسری کے دو ٹکڑے کیے اور آدھا اپنے سامنے اور آدھا میرے سامنے رکھ دیا' پھر فرمایا: کوئی سالن ہے؟ تو اُنہوں نے کہا: سرکہ کے علاوہ نہیں' تو آپ نے فرمایا: لاؤ! یہ کتنا بہترین سالن ہے۔

2216 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا هِشَامٌ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا كُنْتُمْ فِي الْخِصْبِ فَأَمْكِنُوا الرُّكْبَ أَسِنَّتَهَا، وَلَا تَعْدُوا الْمَنَازِلَ، وَإِذَا كُنْتُمْ فِي الْجَدْبِ فَاسْتَنْجُوا، وَعَلَيْكُمْ بِالدُّلْجَةِ فَإِنَّ الْأَرْضَ تُطْوَى بِاللَّيْلِ، فَإِذَا تَغَوَّلَتْ لَكُمُ الْغِيلَانُ فَبَادِرُوا بِالْأَذَانِ، وَلَا تُصَلُّوا عَلَى جَوَادِّ الطَّرِيقِ، وَلَا تَنْزِلُوا عَلَيْهَا فَإِنَّهَا مَأْوَى

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب تم خشکی میں سفر کرو تو سواری کو تیز کر لو۔ جب تم سرسبز زمین میں ہو تو اس کو اپنا حصہ لینے دو۔ تم پر ہے کہ تم رات کو سفر کرو۔ بے شک رات کو زمین لپیٹ دی جاتی ہے۔ راستہ میں رات کو نماز نہ پڑھو نہ راستہ میں اترو۔ بے شک رات کو سانپ، درندے راستہ میں سے گزرتے ہیں' نہ قضاء حاجت کرو کیونکہ وہ نقصان دے گا۔

2216- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **305** قال: حدثنا محمد بن سلمة . وفي جلد **3** صفحه **381** قال: حدثنا يزيد بن هارون . وأبو داؤد رقم الحديث: **2570** قال: حدثنا عثمان بن أبي شيبة' قال: حدثنا يزيد بن هارون .

الْحَيَّاتِ وَالسِّبَاعِ، وَلَا تَقْضُوا عَلَيْهَا الْحَوَائِجَ فَإِنَّهَا الْمُلَاعِنُ

2217 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ بِبَيْضَةٍ مِنْ ذَهَبٍ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَصَابَهَا فِي بَعْضِ الْمَغَازِي، فَقَالَ: خُذْهَا يَا رَسُولَ اللَّهِ صَدَقَةً، فَوَاللَّهِ مَا أَصْبَحْتُ أَمْلِكُ غَيْرَهَا، فَأَعْرَضَ عَنْهُ، ثُمَّ أَتَاهُ عَنْ شِمَالِهِ فَقَالَ مِثْلَ ذَلِكَ، ثُمَّ أَتَاهُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ فَقَالَ مِثْلَ ذَلِكَ، فَقَالَ: هَاتِهَا مُغْضَبًا، فَأَخَذَهَا فَحَذَفَهُ بِهَا حَذْفَةً لَوْ أَصَابَهُ لَشَجَّهُ أَوْ عَقَرَهُ ثُمَّ قَالَ: يَأْتِي أَحَدُكُمْ بِمَالِهِ كُلِّهِ فَيَتَصَدَّقُ بِهِ ثُمَّ يَجْلِسُ فَيَتَكَفَّفُ النَّاسَ، أَلَا إِنَّهُ لَا صَدَقَةَ إِلَّا عَنْ ظَهْرِ غِنًى

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھے اچانک ایک آدمی سونے کا انڈہ لے کر آیا جو اس کو کسی جنگ سے ملا تھا۔ اس کو لے کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بائیں طرف کھڑا ہو گیا اور عرض کی: یا رسول اللہ! میری طرف سے یہ صدقہ قبول کیجیے۔ اللہ کی قسم! میں اس مال کے علاوہ کسی اور چیز کا مالک نہیں ہوں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے اعراض فرمایا۔ پھر وہ دائیں جانب آ گیا۔ پھر اس نے یہی بات کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے اعراض فرمایا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے کی طرف آیا۔ اس نے پہلے والی بات کہی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے لاؤ! غصہ کی حالت میں فرمایا۔ جب اس نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی مال لے کر آتا ہے یا اس جیسا کوئی اور وہ کہتا ہے وہ اس کے علاوہ کا مالک نہیں ہے وہ صدقہ بھی کرتا ہے پھر اس کے بعد بیٹھ جائے گا۔ اور لوگوں سے مانگتا پھرے گا۔ صدقہ مال دار پر ہے۔

2218 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا سَمِعْتُمْ نُبَاحَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم کتوں کے بھونکنے اور گدھوں کے بولنے کی آواز سنو تو اللہ کی شیطان مردود سے پناہ مانگو کیونکہ وہ دیکھتے ہیں تم نہیں دیکھتے ہو جب رات ہو

2217- الحديث سبق برقم: 2080 فراجعه .

2218- الحديث سبق برقم: 2126,1833 فراجعه .

الْكِلَابِ، وَنَهِيقَ الْحُمُرِ فَتَعَوَّذُوا بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ، فَإِنَّهُنَّ يَرَوْنَ مَا لَا تَرَوْنَ، وَأَقِلُّوا الْخُرُوجَ إِذَا هَدَأَتِ الرِّجْلُ فَإِنَّ اللّٰهَ يَبُثُّ فِي خَلْقِهِ فِي لَيْلِهِ مَا شَاءَ، وَأَجِيفُوا الْأَبْوَابَ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَفْتَحُ بَابًا إِذَا أُجِيفَ، وَأَوْكُوا الْأَسْقِيَةَ، وَخَمِّرُوا الْآنِيَةَ، وَأَطْفِئُوا السُّرُجَ

جائے تو کم نکلو؛ بے شک اللہ عزوجل رات کو جو چاہے مخلوق بھیجتا ہے' دروازے بند کرلیا کرو؛ بے شک شیطان بند دروازہ نہیں کھولتا ہے' اپنے مشکیزے کو منہ بند کرلیا کرواور برتن ڈھانپ لیا کرواور چراغ بجھالیا کرو۔

2219 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، أَخْبَرَنَا الْحَجَّاجُ، عَنْ عَطَاءٍ، وَعَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: وَقَّتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ مِنْ ذِي الْحُلَيْفَةِ، وَلِأَهْلِ الشَّامِ الْجُحْفَةَ، وَلِأَهْلِ الْيَمَنِ أَلَمْلَمَ، وَلِأَهْلِ طَائِفٍ قَرْنَ، وَلِأَهْلِ الْعِرَاقِ ذَاتَ عِرْقٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل مدینہ کے لیے میقات (یعنی احرام باندھنے کی جگہ) ذی الحلیفہ، اور اہل شام کے لیے جحفہ، اہل یمن کے لیے یلملم، اہل طائف کے لیے قرن، اہل عراق کے لیے ذات میقات مقرر فرمائے۔

2220 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ، أَخْبَرَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ أَرْطَاةَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فِي الْحَيَوَانِ اثْنَانِ بِوَاحِدٍ لَا بَأْسَ بِهِ، وَلَا يَصْلُحُ نَسِيئَةً

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک حیوان کی دو حیوانوں کے ساتھ بیع کرنے میں حرج نہیں ہے شرط یہ کہ نقد نقد ہو ادھار میں بھلائی نہیں۔

2221 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ حَبِيبٍ الْمُعَلِّمِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ رَجُلًا نَذَرَ أَنْ يُصَلِّيَ فِي بَيْتِ الْمَقْدِسِ فَسَأَلَ عَنْ ذَلِكَ رَسُولَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے نذر مانی کہ وہ بیت المقدس میں نماز ادا کرے گا' پس اس نے اس بارے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا تو آپ نے اس سے فرمایا: یہیں نماز پڑھ لے' یعنی مسجد حرام میں'

2219- أخرجه أحمد جلد2صفحه181 قال: حدثنا يزيد' قال: اخبرنا حجاج . وأخرجه أحمد جلد3صفحه333 قال: حدثنا روح . ومسلم جلد4صفحه7 قال: حدثنا اسحاق بن ابراهيم' قال: أخبرنا روح بن عبادة .

2220- الحديث سبق برقم: **2021** فراجعه .

2221- الحديث سبق برقم: **2112** فراجعه .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ: صَلِّ هَا هُنَا - يَعْنِي الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ- ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنِّي إِنَّمَا نَذَرْتُ أَنْ أُصَلِّيَ فِي بَيْتِ الْمَقْدِسِ، قَالَ: صَلِّ هَا هُنَا قَالَ: وَأَظُنُّهُ قَالَ فِي الثَّالِثَةِ: صَلِّ حَيْثُ قُلْتَ

اُس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! بے شک میں نے تو نذر مانی تھی کہ بیت المقدس میں نماز پڑھوں گا' آپ ﷺ نے فرمایا: یہیں نماز ادا کرلو۔ راوی کہتے ہیں: میرا گمان ہے کہ اس نے تیسری دفعہ سوال کیا تو آپ نے فرمایا: اس جگہ پڑھ لے' جہاں تُو کہتا ہے۔

2222 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو عَمْرٍو الْأَوْزَاعِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ يَحْيَى، يَقُولُ: سَأَلْتُ أَبَا سَلَمَةَ، أَيُّ الْقُرْآنِ أُنْزِلَ قَبْلُ؟ فَقَالَ: يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ فَقُلْتُ: أَوِ اقْرَأْ فَقَالَ جَابِرٌ: أُحَدِّثُكُمْ مَا حَدَّثَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " جَاوَرْتُ بِحِرَاءٍ شَهْرًا فَلَمَّا قَضَيْتُ جِوَارِي، نَزَلْتُ فَاسْتَبْطَنْتُ الْوَادِي، فَنُودِيتُ فَنَظَرْتُ أَمَامِي وَخَلْفِي وَعَنْ يَمِينِي وَعَنْ شِمَالِي، فَلَمْ أَرَ أَحَدًا، ثُمَّ نُودِيتُ فَنَظَرْتُ فَلَمْ أَرَ أَحَدًا، ثُمَّ نُودِيتُ فَنَظَرْتُ فَلَمْ أَرَ أَحَدًا، فَرَفَعْتُ رَأْسِي فَإِذَا هُوَ عَلَى الْعَرْشِ فِي الْهَوَاءِ - يَعْنِي جِبْرِيلَ - فَأَخَذَتْنِي رَجْفَةٌ شَدِيدَةٌ، فَأَتَيْتُ خَدِيجَةَ فَقُلْتُ: دَثِّرُونِي، فَدَثَّرُونِي وَصَبُّوا عَلَيَّ مَاءً، فَأَنْزَلَ اللّٰهُ (يَا أَيُّهَا الْمُدَّثِّرُ قُمْ فَأَنْذِرْ وَرَبَّكَ فَكَبِّرْ وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ) (المدثر: 2)"

حضرت یحییٰ بن ابی کثیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن سے پوچھا کہ قرآن کی کون سی سورۃ سب سے پہلے نازل ہوئی؟ آپ نے فرمایا: یا ایھا المدثر (المدثر:۱) میں نے کہا: کیا ''اقراء باسم ربك الذی خلق'' (العلق:۱) نہیں؟ فرماتے ہیں: میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے پوچھا: قرآن کی کونسی سورۃ پہلے نازل ہوئی؟ انہوں نے کہا: یا ایھا المدثر ۔ میں نے کہا: کیا ''اقراء باسم ربك الذی خلق'' نہیں؟ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا میں آپ کو نہ بتاؤں جو حضور ﷺ نے ہم کو بتایا ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: میں ایک ماہ تک غارِ حرا میں رہا۔ جب میں ایک مہینہ تک مدت پوری کر کے پہاڑ سے نیچے اترا اور بطن وادی میں پہنچا تو مجھے آواز دی گئی میں نے اپنے آگے اور پیچھے، دائیں بائیں دیکھا۔ میں نے کسی کو نہیں دیکھا پھر مجھے آواز دی گئی۔ میں نے اپنے آگے پیچھے، دائیں و بائیں جانب دیکھا۔ میں نے کسی کو نہیں دیکھا۔ پھر میں نے آسمان کی طرف دیکھا وہ ہوا میں تخت بریں کی خوشخبری دینے والے جبرائیل علیہ السلام تھے، مجھ پر کپکپی طاری ہوگئی۔

2222- الحديث سبق برقم: 1945,1944 فراجعه .

میں نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے پاس آ کر ان کو حکم دیا کہ مجھے چار داوڑھا دیں۔ پس اللہ عزوجل نے اتارا: ''یا ایها المدثر الی آخره'' انہوں نے مجھ پر پانی ڈالا۔

2223 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبَصَلِ وَالْكُرَّاثِ، قَالَ: فَغَلَبَتْنَا الْحَاجَةُ فَأَكَلْنَا مِنْهَا، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَنْ أَكَلَ مِنْ هَذِهِ الشَّجَرَةِ الْخَبِيثَةِ، فَلَا يَقْرَبَنَّ مَسْجِدَنَا، فَإِنَّ الْمَلَائِكَةَ تَأَذَّى بِمَا يَتَأَذَّى بِهِ الْإِنْسُ- أَوْ قَالَ: بَنُو آدَمَ" -

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے لہسن اور پیاز کھانے سے منع کیا' ہم کو ایک دفعہ ضرورت پیش آئی' ہم نے کھالیا' اس سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو اس برے درخت سے کھائے' وہ ہماری مسجدوں میں نہ آئے' بے شک فرشتے ہر اس چیز سے تکلیف پاتے ہیں جس سے انسان پاتا ہے' یا فرمایا: بنو آدم۔

2224 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ مُخَوَّلٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اغْتَسَلَ أَفْرَغَ عَلَى رَأْسِهِ ثَلَاثًا ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنْ بَنِي هَاشِمٍ: إِنَّ شَعْرِي كَثِيرٌ. فَقَالَ: كَانَ شَعْرُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَكْثَرَ مِنْ شَعْرِكَ وَأَطْيَبَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب غسل فرماتے تھے اپنے سر پر تین بار پانی ڈالتے تھے۔ بنی ہاشم میں سے ایک نے کہا میرے بال بہت زیادہ ہیں۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بال مبارک تمہارے بالوں سے زیادہ تھے اور خوبصورت بھی تھے۔

2225 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر قبیلہ پر شرطیں لکھیں' پھر لکھا کہ کسی کے لیے جائز نہیں ہے

2223- الحديث سبق برقم: **1886** فراجعه .

2224- الحديث سبق برقم: **1843** فراجعه .

2225- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **321** قال: حدثنا عبد الرزاق (ح) وروح . ومسلم جلد **4** صفحه **216** قال: حدثني محمد بن رافع' قال: حدثنا عبد الرزاق .

أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ، يَقُولُ: كَتَبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى كُلِّ بَطْنٍ عُقُولَهُ، ثُمَّ كَتَبَ أَنَّهُ لَا يَحِلُّ أَنْ يَتَوَلَّى مَوْلَى رَجُلٍ مُسْلِمٍ بِغَيْرِ إِذْنِهِ

کہ کسی مسلمان آدمی کے غلام کو اس کی اجازت کے بغیر غلام بنائے۔

2226 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ، أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرًا، يَقُولُ: كُنَّا نَبِيعُ سَرَارِينَا أُمَّهَاتِ الْأَوْلَادِ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيٌّ فِينَا لَا يَرَى بِذَلِكَ بَأْسًا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم لونڈیوں کی اولاد فروخت کرتے تھے اس حالت میں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے اندر ظاہری حیات سے تھے' اس میں کوئی حرج نہیں دیکھتے تھے۔

2227 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحٌ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا، وَهِشَامُ بْنُ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ، قَالَا: أَخْبَرَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: بَعَثَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحَاجَةٍ فَرَجَعْتُ وَهُوَ عَلَى رَاحِلَتِهِ، فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ شَيْئًا، - وَزَادَ زَكَرِيَّا: ثُمَّ سَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ شَيْئًا، ثُمَّ اتَّفَقَ حَدِيثُهُمَا بَعْدُ - فَرَأَيْتُهُ يَرْفَعُ وَيَسْجُدُ فَتَنَحَّيْتُ عَنْهُ، ثُمَّ قَالَ: مَا صَنَعْتُ فِي حَاجَتِكَ؟ فَقُلْتُ: صَنَعْتُ كَذَا وَكَذَا، فَقَالَ: مَا مَنَعَنِي أَنْ أَرُدَّ عَلَيْكَ إِلَّا أَنِّي كُنْتُ أُصَلِّي. وَزَادَ زَكَرِيَّا، فَلَمَّا قَضَى صَلَاتَهُ نَادَانِي، فَرَدَّ عَلَيَّ السَّلَامَ وَقَالَ: إِنِّي

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے کسی کام کے لیے بھیجا' میں واپس آیا تو آپ سواری پر تھے' میں نے سلام کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی جواب نہیں دیا۔ زکریا نے یہ اضافہ کیا: پھر میں نے سلام کیا مگر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوئی جواب نہ دیا' پھر اس کے بعد بعد والی حدیث کے الفاظ پر دونوں متفق ہیں۔ میں نے دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے رکوع کیا اور سجدہ کیا۔ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے ہٹ گیا' پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کام کا کیا کیا؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے اس اس طرح کیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے کوئی رکاوٹ بھی نہیں سلام کا جواب دینے میں مگر میں نماز کی

2226- أخرجه عبد الرزاق رقم الحديث: **13211** من طريق ابن جريج بهذا السند . ومن طريق عبد الرزاق أحمد أحمد جلد**3**صفحه**321** . وابن ماجة رقم الحديث: **2517** . والبيهقي جلد**10**صفحه**348** .

2227- أخرجه أحمد جلد **3**صفحه**334** . ومسلم رقم الحديث: **540** . والنسائي جلد **3**صفحه**6** . وابن ماجه رقم الحديث: **1018** . والبيهقي جلد**2**صفحه**258** من طرق عن الليث' عن أبي الزبير به .

كُنْتُ أُصَلِّي

حالت میں تھا۔ ایک روایت میں ہے کہ جب نماز سے فارغ ہوئے تو آپ ﷺ نے مجھے بلوایا اور میرے سلام کا جواب دیا اور فرمایا: میں نماز پڑھ رہا تھا۔

2228 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحٌ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُقْتَلَ شَيْءٌ مِنَ الدَّوَابِّ صَبْرًا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے جانوروں کو باندھ کر قتل کرنے سے منع کیا۔

2229 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحٌ، حَدَّثَنَا أَيْمَنُ بْنُ نَابِلٍ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا الزُّبَيْرِ، يُحَدِّثُ عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعَلِّمُنَا التَّشَهُّدَ كَمَا يُعَلِّمُنَا السُّورَةَ مِنَ الْقُرْآنِ: بِسْمِ اللَّهِ التَّحِيَّاتُ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ لِلَّهِ، السَّلَامُ عَلَيْكَ أَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللَّهِ وَبَرَكَاتُهُ، السَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلَى عِبَادِ اللَّهِ الصَّالِحِينَ، أَسْأَلُ اللَّهَ الْجَنَّةَ، وَأَعُوذُ بِاللَّهِ مِنَ النَّارِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہم کو تشہد سکھاتے تھے جس طرح ہم کو قرآن سکھاتے تھے۔ فرمایا: اس طرح پڑھ "بسم اللہ الی آخرہ"۔

2230 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحٌ، حَدَّثَنَا حَجَّاجُ الصَّوَّافُ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " مَنْ قَالَ: سُبْحَانَ اللَّهِ الْعَظِيمِ وَبِحَمْدِهِ غُرِسَتْ لَهُ نَخْلَةٌ فِي الْجَنَّةِ"

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے سبحان اللہ العظیم وبحمدہ پڑھا اس کے لیے جنت میں کھجور کا درخت لگا دیا جائے گا۔

2228- أخرجه أحمد جلد**3**صفحه**318** قال: حدثنا يحيى . وفي جلد**3**صفحه**339** قال: حدثنا حجاج .

2229- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **902** قال: حدثنا محمد بن زياد' قال: المعتمر بن سليمان (ح) وحدثنا يحيى بن حكيم' قال: حدثنا محمد بن بكير .

2230- أخرجه الترمذى رقم الحديث: **3464** قال: حدثنا أحمد بن منيع' وغير واحد' قالوا: حدثنا روح بن عبادة .

2231 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحٌ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِذَا وَلِيَ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ فَلْيُحْسِنْ كَفَنَهُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنے بھائی کا ولی ہو اس کو چاہیے کہ اس کو اچھا کفن دے۔

2232 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحٌ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْوَسْمِ فِي الْوَجْهِ، وَالضَّرْبِ فِي الْوَجْهِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے چہرے پر داغنے اور چہرے پر مارنے سے منع کیا۔

2233 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحٌ، حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ الْمُعَلِّمُ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ رَجُلًا أَعْتَقَ غُلَامًا لَهُ عَنْ دُبُرٍ مِنْهُ، وَأَنَّ الرَّجُلَ احْتَاجَ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ يَشْتَرِيهِ مِنِّي؟ فَاشْتَرَاهُ نُعَيْمُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، فَأَخَذَ ثَمَنَهُ فَدَفَعَهُ إِلَيْهِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے غلام آزاد کیا' وہ آدمی ضرورت مند بھی تھا' وہ غلام مدبر تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھ سے کون خریدے گا؟ اس کو نعیم بن عبداللہ نے خریدا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے پیسے لے کر اس کو دے دیا۔

2234 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحٌ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ، أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرًا، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةٌ قَدْ دَعَا بِهَا فِي أُمَّتِهِ، وَخَبَّأْتُ دَعْوَتِي شَفَاعَةً لِأُمَّتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر نبی کی دعا قبول ہوئی ہے جو اس نے اپنی امت کے لیے کی ہو۔ میں نے اپنی دعا مؤخر کی اپنی امت کی شفاعت کے لیے قیامت کے دن۔

2231- أخرجه أحمد جلد**3**صفحه**295** قال: حدثنا عبد الرزاق . ومسلم جلد**3**صفحه**50** قال: حدثنا هارون بن عبد الله' وحجاج بن الشاعر' قالا: حدثنا حجاج بن محمد .

2232- الحديث سبق برقم: **2145,2095** فراجعه .

2233- الحديث سبق برقم: **2163** فراجعه .

2234- أخرجه أحمد جلد**3**صفحه**384** . ومسلم جلد**1**صفحه**132** قال: حدثني محمد بن أحمد بن أبي خلف .

2235 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحٌ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: قَالَ عَطَاءٌ: سَمِعْتُ جَابِرًا، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَجْمَعُوا بَيْنَ الرُّطَبِ وَالْبُسْرِ، وَبَيْنَ الزَّبِيبِ وَالتَّمْرِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کشمش اور کھجور اور خشک کھجور اور تر کھجور جمع کرنے سے منع کیا۔

2236 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحٌ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: غَزَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِحْدَى وَعِشْرِينَ غَزْوَةً قَالَ أَبُو الزُّبَيْرِ: قَالَ جَابِرٌ: شَهِدْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْعَقَبَةِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اکیس غزوات میں شرکت فرمائی۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں عقبہ کے دن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ موجود تھا۔

2237 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحٌ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا، حَدَّثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ، أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرًا، يَقُولُ: غَزَوْتُ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِسْعَ عَشْرَةَ غَزْوَةً، قَالَ جَابِرٌ: لَمْ أَشْهَدْ بَدْرًا وَلَا أُحُدًا، مَنَعَنِي أَبِي، قَالَ: فَلَمَّا قُتِلَ عَبْدُ اللَّهِ يَوْمَ أُحُدٍ لَمْ أَتَخَلَّفْ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةٍ قَطُّ"

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ۱۹ غزوات میں شرکت کی۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ احد اور بدر میں میں شریک نہیں ہوا' میرے باپ نے منع کیا تھا۔ جب احد کے دن میرے باپ عبداللہ کو قتل کیا گیا (اس کے بعد) میں کسی جنگ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے پیچھے نہیں رہا۔

2238 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحٌ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ، أَنَّهُ

حضرت ابوزبیر فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ہڈی یا

2235- الحديث سبق برقم: **1867,1862** فراجعه .

2236- قال الحافظ فى الفتح: اسناده صحيح وأصله فى مسلم (فتح البارى جلد**7**صفحه**280**) .

2237- أخرجه أحمد جلد **3**صفحه**329** قال: حدثنا روح . وعبد بن حميد رقم الحديث: **1065** قال: حدثنى سعيد بن سلام . ومسلم جلد**5**صفحه**199** قال: حدثنا زهير بن حرب' قال: حدثنا روح بن عبادة .

2238- أخرجه أحمد جلد **3**صفحه**336** قال: حدثنا حسن' قال: حدثنا ابن لهيعة . وأخرجه أحمد جلد **3** صفحه**384,343** . ومسلم جلد**1**صفحه**154** قال: حدثنا زهير بن حرب .

سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ، يَقُولُ: نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَتَمَسَّحَ بِعَظْمٍ أَوْ بِبَعْرٍ

مینگنی سے استنجاء کرنے سے منع کیا۔

2239 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحٌ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا، حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ، قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ، يُحَدِّثُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنْقُلُ مَعَهُمُ الْحِجَارَةَ لِلْكَعْبَةِ وَعَلَيْهِ إِزَارُهُ، فَقَالَ لَهُ الْعَبَّاسُ عَمُّهُ: يَا ابْنَ أَخِي لَوْ حَلَلْتَ إِزَارَكَ فَجَعَلْتَهُ عَلَى مَنْكِبِكَ دُونَ الْحِجَارَةِ قَالَ: فَحَلَّهُ فَجَعَلَهُ عَلَى مَنْكِبِهِ، قَالَ: فَسَقَطَ مَغْشِيًّا، قَالَ: فَمَا رُئِيَ بَعْدَ ذَلِكَ الْيَوْمِ عُرْيَانًا

حضرت عمرو بن دینار رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تعمیر کعبہ کے لیے لوگوں کے ساتھ پتھر اُٹھا رہے تھے' آپ نے تہبند پہنا ہوا تھا' حضرت عباس آپ کے چچا نے عرض کی: اے میرے بھتیجے! اگر آپ اپنا تہبند اتار کر اپنے کندھے پر رکھ لیں پتھروں کی آسانی کے لیے۔ آپ نے اس کو اُتار کر اپنے کندھے پر رکھا' آپ بے ہوش ہو کر گر پڑے' اس کے بعد میں نے آپ کو کبھی بھی برہنہ نہیں دیکھا۔

2240 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحٌ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، أَخْبَرَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ، أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ، يَزْعُمُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الصُّوَرِ فِي الْبَيْتِ، وَنَهَى الرَّجُلَ أَنْ يَصْنَعَ ذَلِكَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا گھر میں تصویر رکھنے سے اور تصویریں بنانے سے۔

2241 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحٌ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ، أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرًا، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَغْرِسُ رَجُلٌ مُسْلِمٌ غِرَاسًا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو مسلمان بھی کوئی شی اُگاتا ہے اور اس سے کوئی بھی کھائے تو وہ اس کے لیے صدقہ ہو جائے گا۔ جو بھی اس سے چوری کی جائے جو بھی اس سے پرندہ کھائے جو

2239- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **295** قال: حدثنا عبد الرزاق . وفي جلد **3** صفحه **380** قال: حدثنا محمد بن بكر . والبخاري جلد **3** صفحه **179** قال: حدثنا عبد الله بن محمد' قال: حدثنا أبو عاصم .

2240- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **335** قال: حدثنا عبد الله بن الحارث . وفي جلد **3** صفحه **383** قال: حدثنا روح .

2241- الحديث سبق برقم: **1801,2201** .

وَلَا زَرْعًا فَيَأْكُلُ مِنْهُ سَبُعٌ أَوْ طَائِرٌ أَوْ شَيْءٌ إِلَّا كَانَ لَهُ فِيهِ أَجْرٌ

بھی وحشی اس سے کھائے۔

2242 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحٌ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ، قَالَ: أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ، أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرًا، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَمْسَحُ أَحَدُكُمْ بِالْمِنْدِيلِ حَتَّى يَلْعَقَ يَدَهُ، إِنَّهُ لَا يَدْرِي فِي أَيِّ طَعَامِهِ يُبَارَكُ لَهُ، وَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَرْصُدُ النَّاسَ عِنْدَ كُلِّ شَيْءٍ حَتَّى عِنْدَ طَعَامِهِمْ، وَلَا يَرْفَعِ الْقَصْعَةَ حَتَّى يَلْعَقَهَا، فَإِنَّ آخِرَ الطَّعَامِ فِيهِ الْبَرَكَةُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: تم میں سے کوئی اپنے ہاتھ رومال سے صاف نہ کرے کیونکہ وہ نہیں جانتا کہ کھانے کے کس حصہ میں برکت ہے، بے شک شیطان لوگوں کی ہر شی کے پاس شریک ہوتا ہے یہاں تک کہ کھاتے وقت بھی کوئی پیالہ نہ اُٹھائے یہاں تک کہ اس کو صاف کر لے کیونکہ کھانے کے آخری حصہ میں برکت ہوتی ہے۔

2243 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحٌ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ، أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرًا أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا طَعِمَ أَحَدُكُمْ فَسَقَطَتْ لُقْمَتُهُ مِنْ يَدِهِ، فَلْيُمِطْ مَا أَرَابَهُ ثُمَّ لِيَطْعَمْهَا وَلَا يَدَعْهَا لِلشَّيْطَانِ، فَإِنَّ الرَّجُلَ لَا يَدْرِي فِي أَيِّ طَعَامِهِ يُبَارَكُ لَهُ فِيهِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جب تم میں سے کوئی کھانا کھائے تو اس کا لقمہ گر جائے تو وہ اسے شیطان کے لیے نہ چھوڑ کیونکہ آدمی نہیں جانتا ہے کہ کھانے کے کس حصہ میں برکت ہے۔

2244 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحٌ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرًا يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا رَأَيْتُمُ الْهِلَالَ فَصُومُوا، وَإِذَا رَأَيْتُمُوهُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم چاند دیکھ لو تو روزہ رکھو جب چاند دیکھو تو عید کرو، اگر تم پر آسمان غبار آلود ہو تو تیس دن مکمل کرو۔

2242- الحديث سبق برقم: 2162,2192,1930,1831 فراجعه .

2243- الحديث سبق برقم: 1899 فراجعه .

2244- الحديث فى المقصد العلى برقم: 501 . وأخرجه أحمد جلد3صفحه329 . والبيهقى جلد4صفحه206 من طريق روح بهذا الاسناد .

فَأَفْطِرُوا، فَإِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَعُدُّوا ثَلَاثِينَ يَوْمًا

2245 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحٌ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرًا يَقُولُ: اعْتَزَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَاءَهُ شَهْرًا، فَخَرَجَ صُبْحَ تِسْعٍ وَعِشْرِينَ فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ: يَا رَسُولَ اللَّهِ أَصْبَحْنَا مِنْ تِسْعٍ وَعِشْرِينَ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الشَّهْرَ تِسْعٌ وَعِشْرُونَ. ، ثُمَّ صَفَّقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدَيْهِ ثَلَاثًا مَرَّتَيْنِ بِالْأَصَابِعِ كُلِّهَا وَالثَّالِثَةَ بِتِسْعٍ مِنْهَا"

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنی عورتوں سے ایک ماہ تک علیحدہ رہے' انتیس کی صبح آپ صلی اللہ علیہ وسلم نکلے جب بعض صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم نے انتیس کی صبح کی ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مہینہ انتیس کا بھی ہوتا ہے۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دونوں ہاتھوں کے ساتھ تین مرتبہ مارا' دومرتبہ اپنی تمام انگلیوں کے ساتھ تیسری مرتبہ ان میں سے نو کے ساتھ اشارہ کیا۔

2246 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحٌ، حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرًا يَقُولُ: أَرَادَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَنْهَى أَنْ يُسَمَّى بِبَرَكَةَ، وَأَفْلَحَ، وَبِيَسَارٍ، وَبِنَافِعٍ وَبِنَحْوِ ذَلِكَ . ثُمَّ رَأَيْتُهُ سَكَتَ بَعْدُ عَنْهَا فَلَمْ يَقُلْ شَيْئًا، ثُمَّ قُبِضَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَنْهَ عَنْ ذَلِكَ . ثُمَّ أَرَادَ عُمَرُ أَنْ يَنْهَى عَنْ ذَلِكَ ثُمَّ تَرَكَهُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارادہ کیا منع کرنے سے کہ ہم نام رکھیں برکۃ' افلح' یسار' نافع وغیرہ پھر میں نے دیکھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بعد خاموش ہو گئے کسی شئے کا حکم نہیں دیا۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع بھی نہیں کیا پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے منع کرنے کا ارادہ کیا پھر آپ نے بھی اس کو چھوڑ دیا۔

2247 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحٌ،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب صفیہ بنت

2245- أخرجه أحمد جلد3صفحه329 قال: حدثنا روح' قال: حدثنا زكريا . وأخرجه أحمد جلد3صفحه329 قال: حدثنا روح .

2246- أخرجه أحمد جلد3صفحه336 قال: حدثنا حسن' قال: حدثنا ابن لهيعة . وأخرجه أحمد جلد 3صفحه388 قال: حدثنا مؤمّل' قال: حدثنا سفيان .

2247- الحديث في المقصد العلى برقم: 787 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9صفحه251 وقال: رواه أحمد ورجاله رجال الصحيح . ولم يعزه لأبي يعلى .

حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ: أَخْبَرَنِي زِيَادُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ عَتِيقٍ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: لَمَّا دَخَلَتْ صَفِيَّةُ بِنْتُ حُيَيٍّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فُسْطَاطُهُ حَضَرَهُ نَاسٌ وَحَضَرْتُ مَعَهُمْ لِيَكُونَ لِي فِيهَا قَسْمٌ فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: قُومُوا عَنْ أُمِّكُمْ فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْعَشِيِّ حَضَرْنَا فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي رِدَائِهِ نَحْوٌ مِنْ مُدٍّ وَنِصْفٍ مِنْ تَمْرٍ عَجْوَةٍ قَالَ: كُلُوا مِنْ وَلِيمَةِ أُمِّكُمْ

حیی' حضور ﷺ کے پاس خیمہ میں آئیں تو صحابہ کرام تشریف لائے' میں بھی ان کے ساتھ آیا تا کہ میں بھی اس لنگر میں شریک ہو جاؤں۔ حضور ﷺ باہر تشریف لائے اور فرمایا: اپنی ماں سے اٹھ جاؤ' جب رات ہوئی۔ ہم حاضر ہوئے ،حضور ﷺ ایک چادر لے کر نکلے باہر اس میں مد اور نصف عجوہ کھجور تھی' فرمایا: تم اپنی امی کا ولیمہ کھاؤ۔

2248 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحٌ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةٍ غَزَاهَا وَذَلِكَ فِي رَمَضَانَ، فَصَامَ رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَعُفَ ضَعْفًا شَدِيدًا، وَكَادَ الْعَطَشُ يَقْتُلُهُ وَجَعَلَتْ نَاقَتُهُ تَدْخُلُ الْعَضَاهَ ـ فَأُخْبِرَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: ائْتُونِي بِهِ فَأُتِيَ بِهِ فَقَالَ: أَلَسْتَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ وَمَعَ رَسُولِ اللَّهِ؟ أَفْطِرْ. فَأَفْطَرَ

حضرت جابر ؓ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے ساتھ ایک غزوہ میں نکلے وہ غزوہ رمضان شریف میں ہوا۔ حضور ﷺ کے اصحاب میں سے ایک صحابی روزہ رکھے تھے وہ بہت زیادہ کمزور ہو گئے۔ قریب تھا کہ پیاس کی وجہ سے فوت ہو جاتے۔ انہوں نے اونٹنی ایک درخت کے نیچے کر لی۔ حضور ﷺ کو اس کی خبر دی گئی آپ ﷺ نے فرمایا: ان کو میرے پاس لاؤ، جب انہیں آپ ﷺ کے پاس لایا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تو اللہ کی راہ میں اور رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نہیں ہے؟ تو افطار کر لے۔ تو اُس نے افطار کر لیا۔

2249 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا رَوْحٌ، حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ إِسْحَاقَ، حَدَّثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ

حضرت جابر ؓ سے روایت ہے کہ حضرت ابوبکر ؓ نے حضور ﷺ کے پاس آنے کی اجازت مانگی'

2248- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **327** قال: حدثنا زيد بن الحُباب' قال: حدثني حسين بن واقد . وفي جلد **3** صفحه **329** قال: حدثنا روح' قال: حدثنا زكريا .

2249- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **328** قال: حدثنا عبد الملك بن عمرو' أبو عامر . وفي جلد **3** صفحه **328** قال: حدثنا روح .

جَابِرٍ قَالَ: دَخَلَ أَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ يَسْتَأْذِنُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدَ النَّاسَ جُلُوسًا بِبَابِهِ لَمْ يُؤْذَنْ لِأَحَدٍ مِنْهُمْ ۔ قَالَ: فَأُذِنَ لِأَبِي بَكْرٍ فَدَخَلَ ثُمَّ أَقْبَلَ عُمَرُ فَاسْتَأْذَنَ فَأُذِنَ لَهُ، فَوَجَدَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا حَوْلَهُ نِسَاؤُهُ وَاجِمًا سَاكِتًا فَقَالَ: لَأَقُولَنَّ شَيْئًا أُضْحِكُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَوْ رَأَيْتُ بِنْتَ خَارِجَةَ سَأَلَتْنِي النَّفَقَةَ فَقُمْتُ إِلَيْهَا فَوَجَأْتُ عُنُقَهَا ۔ فَضَحِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ: هُنَّ حَوْلِي كَمَا تَرَى يَسْأَلْنَنِي النَّفَقَةَ۔ ، فَقَامَ أَبُو بَكْرٍ إِلَى عَائِشَةَ يَجَأُ عُنُقَهَا، وَقَامَ عُمَرُ إِلَى حَفْصَةَ يَجَأُ عُنُقَهَا كِلَاهُمَا يَقُولُ: تَسْأَلْنَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لَيْسَ عِنْدَهُ؟ فَقُلْنَ: وَاللّٰهِ لَا نَسْأَلُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا أَبَدًا لَيْسَ عِنْدَهُ، ثُمَّ اعْتَزَلَهُنَّ شَهْرًا أَوْ تِسْعًا وَعِشْرِينَ ثُمَّ نَزَلَ عَلَيْهِ هَذِهِ الْآيَةُ (يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِأَزْوَاجِكَ) (الأحزاب:28) حَتَّى بَلَغَ (لِلْمُحْسِنَاتِ مِنْكُنَّ أَجْرًا عَظِيمًا) (الأحزاب: 29) قَالَ: فَبَدَأَ بِعَائِشَةَ فَقَالَ: يَا عَائِشَةُ إِنِّي أُرِيدُ أَنْ أَعْرِضَ عَلَيْكِ أَمْرًا لَا أُحِبُّ أَنْ تَعْجَلِي فِيهِ بِشَيْءٍ حَتَّى تَسْتَشِيرِي أَبَوَيْكِ ۔ قَالَتْ: وَمَا هُوَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ فَتَلَا عَلَيْهَا الْآيَةَ ۔ فَقَالَتْ: أَفِيكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَسْتَشِيرُ أَبَوَيَّ؟ بَلْ أَخْتَارُ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ وَالدَّارَ الْآخِرَةَ وَأَسْأَلُكَ أَنْ لَا تُخْبِرَ امْرَأَةً مِنْ

لوگوں کو درِ اقدس کے دروازے پر پایا' ان میں سے کسی نے اجازت نہیں مانگی۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: حضرت ابوبکر کو داخل ہونے کی اجازت دی گئی' آپ داخل ہوئے' پھر حضرت عمر آئے تو آپ نے بھی اجازت چاہی' آپ کو اجازت دی گئی' آپ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بیٹھا ہوا پایا' آپ کے اردگرد آپ کی ازواج خاموشی سے بیٹھی ہوئی تھیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے دل میں فرمایا: میں ضرور کوئی ایسی بات کروں گا جس سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم خوش ہو جائیں گے۔ عرض کی: یارسول اللہ! اگر آپ دیکھتے کہ بنت خارجہ (حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی بیوی) نے مجھ سے مانگا ہے' میں اس کی طرف کھڑا ہو کر' میں نے اس کی گردن مروڑ دوں' اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم مسکرائے۔ آپ نے فرمایا: یہ جو میرے اردگرد ہیں جس طرح آپ دیکھ رہے ہیں' مجھ سے خرچ مانگ رہی ہیں۔ حضرت ابوبکر' حضرت عائشہ کی طرف کھڑے ہوئے' اُن کی گردن مروڑی۔ حضرت عمر' حضرت حفصہ کی طرف کھڑے ہوئے' اُنہوں نے ان کی گردن مروڑی' دونوں کہہ رہے تھے: تم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مانگتی ہو' ایسی چیز جو آپ کے پاس نہیں ہے؟ اُنہوں نے عرض کی: اللہ کی قسم! ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی شی نہیں مانگیں گی جو آپ کے پاس نہ ہو۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم ایک ماہ یا انتیس دن تک ان سے علیحدہ رہے۔ پھر آپ پر یہ آیت نازل ہوئی: ''اے غیب کی خبریں دینے والے! اپنی ازواج کو فرمائیں'' یہاں تک ''احسان کرنے والیوں سے کہ تم

نِسَائِكَ بِالَّذِي قُلْتُ. قَالَ: لَا تَسْأَلْنِي امْرَأَةٌ مِنْهُنَّ إِلَّا أَخْبَرْتُهَا. إِنَّ اللَّهَ لَمْ يَبْعَثْنِي مُعَنِّتًا وَلَكِنْ بَعَثَنِي مُعَلِّمًا مُيَسِّرًا

میں سے ہر کے لیے اجر عظیم ہے''۔ آپ نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے ابتداء کی' فرمایا: اے عائشہ! میں تم سے اس کام کا اعراض کرنا چاہتا ہوں' میں پسند کرتا ہوں کہ تُو اس معاملہ میں جلدی نہ کرنا یہاں تک کہ اپنے ماں باپ سے مشورہ کر لے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ کیا ہے؟ آپ نے یہ آیت تلاوت کی تو حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: کیا آپ کے ہوتے ہوئے اپنے ماں باپ سے مشورہ کروں؟ بلکہ میں اللہ اور اس کے رسول اور آخرت کے گھر کو پسند کروں گی' میں آپ سے سوال کرتی ہوں کہ آپ اپنی ازواج میں سے کسی کو نہ بتائیں جو میں نے عرض کی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان میں سے کوئی عورت مجھ سے سوال کرے گی تو میں اس کو بتا دوں گا کیونکہ اللہ عزوجل نے مجھے سخت مزاج نہیں بنایا ہے بلکہ مجھے آسانی کرنے والا استاذ بنا کر بھیجا ہے۔

2250 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَرْتَدُوا الصَّمَّاءَ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ، وَلَا يَأْكُلُ أَحَدُكُمْ بِشِمَالِهِ وَلَا يَمْشِيَنَّ فِي نَعْلٍ وَاحِدٍ، وَلَا يَحْتَبِيَنَّ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک ہی کپڑے میں صماء نہ کرو (صماء کا مطلب ہے: کوئی آدمی کپڑے کو اس طرح جسم پر لپیٹ لے کہ کسی طرف سے کھلا نہ رہے' ہاتھ پاؤں سب بند ہو جائیں' کوئی حصہ کپڑے سے باہر نہ رہے) نہ کوئی تم میں اپنے بائیں ہاتھ سے کھائے اور نہ ایک جوتی پہن کر چلے اور منع فرمایا کہ کوئی ایک ہی کپڑے میں گوٹ

2250- أخرجه النسائي في الكبرى جلد2صفحه352 الأطراف من طريق اسحاق الأزرق' عنن هشام به . وأخرجه أحمد جلد3صفحه362,357,349,344,327,322,297,293 من طرق عن أبي الزبير .

مارے۔

2251 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: كُنَّا نَعْزِلُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَنْهَنَا عَنْهُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں عزل کرتے تھے' آپ اس سے ہم کو منع نہیں کرتے تھے۔

2252 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ الْمَكِّيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ قَالَ: سَمِعْتُ جَابِرًا يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْعَبْدَ إِذَا تَزَوَّجَ بِغَيْرِ إِذْنِ سَيِّدِهِ كَانَ عَاهِرًا

حضرت عبداللہ بن محمد بن عقیل فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کوئی غلام اپنے آقا کی اجازت کے بغیر شادی کرے' وہ نافرمان ہے۔

2253 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ، حَدَّثَنَا كَثِيرٌ، حَدَّثَنَا عَطَاءٌ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: أَرْسَلَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَانْطَلَقْتُ ثُمَّ رَجَعْتُ وَقَدْ قَضَيْتُهَا، فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ فَوَقَعَ فِي نَفْسِي مَا اللَّهُ أَعْلَمُ بِهِ. قَالَ: قُلْتُ: لَعَلَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَدَ عَلَيَّ أَنِّي أَبْطَأْتُ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ، فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيَّ فَوَقَعَ فِي نَفْسِي أَشَدُّ مِنَ الْأُولَى. ثُمَّ سَلَّمْتُ عَلَيْهِ فَرَدَّ عَلَيَّ وَقَالَ: إِنَّهُ لَمْ يَمْنَعْنِي أَنْ أَرُدَّ عَلَيْكَ إِلَّا أَنِّي كُنْتُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے کہیں بھیجا' میں نے کیا' پھر وہ کام کر کے واپس لوٹا تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوا' میں نے آپ پر سلام کیا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے سلام کا جواب نہیں دیا' میرے دل میں کوئی بات آ گئی جسے اللہ جانتا ہے' میں نے دل ہی دل میں کہا: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم مجھ پر ناراض نہ ہو گئے ہوں کہ میں نے آنے میں دیر کر دی ہے' میں نے پھر سلام کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب نہیں دیا' پس میرے دل میں پہلی سے بھی زیادہ سخت بات آ گئی' پھر میں نے سلام کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے

2251- الحديث سبق برقم: 2190,2072,1905 فراجعه .

2252- الحديث سبق برقم: 1996 فراجعه .

2253- الحديث سبق برقم: 2227 فراجعه .

أُصَلِّي وَكَانَ عَلَى رَاحِلَتِهِ مُتَوَجِّهًا لِغَيْرِ الْقِبْلَةِ

سلام کا جواب دے کر فرمایا: مجھے تمہارے سلام کا جواب دینے سے سوائے اس کے کوئی رکاوٹ نہیں تھی کہ میں نماز پڑھ رہا تھا۔ اس وقت آپ ﷺ سواری پر تھے اور آپ کا چہرۂ مبارک قبلہ کی طرف نہیں تھا۔

2254 - حَدَّثَنَا كَامِلُ بْنُ طَلْحَةَ، حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: غَطُّوا الْإِنَاءَ، وَأَوْكُوا السِّقَاءَ، وَأَطْفِئُوا السِّرَاجَ؛ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَحِلُّ سِقَاءً وَلَا يُفْتَحُ بَابًا وَلَا يَكْشِفُ إِنَاءً، وَإِنْ لَمْ يَجِدْ أَحَدُكُمْ إِلَّا أَنْ يَعْرِضَ عَلَى إِنَائِهِ عُودًا وَيَذْكُرَ اللَّهَ فَلْيَفْعَلْ؛ فَإِنَّ الْفُوَيْسِقَةَ تُضْرِمُ عَلَى أَهْلِ الْبَيْتِ بَيْتَهُمْ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: برتن ڈھانپ لیا کرو، مشکیزے کا منہ بند کر لیا کرو اور چراغ بجھا دیا کرو کیونکہ شیطان مشکیزہ نہیں کھول سکتا نہ بند دروازہ کھول سکتا ہے اور نہ برتن کو کھول سکتا ہے، اگر تم میں سے کوئی ڈھانپنے کے لیے کچھ نہ پائے تو اس پر لکڑی رکھ لے اور اللہ کا ذکر کرے تو وہ ایسا ضرور کرے بے شک چوہیا اس کو (چراغ کی بتی کو) گھسیٹ کر گھر والوں پر لے آئے گی اور جلا دے گی۔

2255 - حَدَّثَنَا كَامِلٌ، حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ: وَقَالَ أَبُو الزُّبَيْرِ: إِنَّ جَابِرًا قَالَ: إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَأْكُلُوا بِالشِّمَالِ؛ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَأْكُلُ بِالشِّمَالِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بائیں ہاتھ سے نہ کھاؤ، بے شک شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا ہے۔

2256 - حَدَّثَنَا كَامِلٌ، حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ حَدَّثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ نَهَى عَنِ اشْتِمَالِ الصَّمَّاءِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے ایک کپڑے میں صماء اور احتباء کرنے سے منع کیا اور چت لیٹنے کی صورت میں ایک پاؤں دوسرے پاؤں

2254- الحديث سبق برقم: **1832** فراجعه .

2255- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **334** قال: حدثنا يونس بن محمد، وحُجَين . ومسلم جلد **6** صفحه **108** قال: حدثنا قتيبة بن سعيد (ح) وحدثنا محمد بن رمح .

2256- الحديث سبق برقم: **2250,2178,2027** فراجعه .

وَالِاحْتِبَاءِ فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ، وَأَنْ يَرْفَعَ الرَّجُلُ اِحْدَى رِجْلَيْهِ عَلَى الْأُخْرَى وَهُوَ مُسْتَلْقٍ عَلَى ظَهْرِهِ

پر رکھنے سے بھی (منع کیا)۔ (احتباء کا معنی ہے: پیٹھ اور ٹانگوں کو ایک ہی کپڑا سے باندھ کر مکمل سہارا اسی پر لے کر پاؤں کے بل بیٹھ جانا)۔

2257 - حَدَّثَنَا كَامِلٌ، حَدَّثَنَا لَيْثٌ، حَدَّثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: عُرِضَ عَلَيَّ الْأَنْبِيَاءُ جَمِيعًا فَإِذَا مُوسَى ضَرْبٌ مِنَ الرِّجَالِ كَأَنَّهُ مِنْ رِجَالِ شَنُوءَةَ. وَرَأَيْتُ عِيسَى فَإِذَا أَقْرَبُ مَنْ رَأَيْتُ بِهِ شَبَهًا عُرْوَةُ بْنُ مَسْعُودٍ. وَرَأَيْتُ إِبْرَاهِيمَ فَإِذَا أَقْرَبُ مَنْ رَأَيْتُ بِهِ شَبَهًا صَاحِبُكُمْ - يَعْنِي نَفْسَهُ - وَرَأَيْتُ جِبْرِيلَ فَأَقْرَبُ مَنْ رَأَيْتُ بِهِ شَبَهًا دِحْيَةُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے تمام انبیاء دکھائے گئے' حضرت موسیٰ علیہ السلام دُبلے پتلے' کم گوشت والے' چھریرے بدن کے آدمی تھے' میں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھا' میں نے آپ کی مشابہت کے قریب عروہ بن مسعود کو دیکھا' میں نے ابراہیم علیہ السلام کو دیکھا آپ کے مشابہ تمہارا صاحب یعنی خود اپنی ذات ہے' میں نے حضرت جبریل علیہ السلام کو دیکھا آپ کے مشابہ میں نے دحیہ کلبی کو دیکھا۔

2258 - حَدَّثَنَا كَامِلٌ، حَدَّثَنَا لَيْثٌ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ رَآنِي فِي النَّوْمِ فَقَدْ رَآنِي؛ فَإِنَّهُ لَا يَنْبَغِي لِلشَّيْطَانِ أَنْ يَتَمَثَّلَ صُورَتِي. وَقَالَ: إِذَا حَلَمَ أَحَدُكُمْ فَلَا يُخْبِرِ النَّاسَ بِتَلَعُّبِ الشَّيْطَانِ بِهِ فِي الْمَنَامِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے نیند کی حالت میں مجھے دیکھا تو بے شک اُس نے مجھے ہی دیکھا' شیطان میری صورت میں نہیں آ سکتا ہے' جب تم میں سے کوئی بُرا خواب دیکھے تو لوگوں کو نہ بتائے کیونکہ اس صورت میں شیطان اس کے ساتھ کھیلتا ہے۔

2259 - حَدَّثَنَا كَامِلٌ، حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، حَدَّثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی ناپسند خواب دیکھے تو اپنی

2257- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **334** قال: حدثنا يونس وحجين . وعبد بن حميد رقم الحديث: **1045** قال: حدثني أحمد بن يونس .

2258- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **350** قال: حدثنا حجين' ويونس . وعبد بن حميد رقم الحديث: **1046** قال: حدثني أحدم بن يونس .

2259- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **350** . وعبد بن حميد رقم الحديث: **1047** قال: حدثني أحمد بن يونس . ومسلم جلد **7** صفحه **52** قال: حدثنا قتيبة بن سعيد .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَالَ: إِذَا رَأَى أَحَدُكُمُ الرُّؤْيَا يَكْرَهُهَا فَلْيَبْصُقْ عَنْ يَسَارِهِ ثَلَاثًا، وَلْيَسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ ثَلَاثًا، وَلْيَتَحَوَّلْ عَنْ شِقِّهِ الَّذِي كَانَ عَلَيْهِ

بائیں جانب تین مرتبہ تھوکے اور تین مرتبہ اللہ عزوجل سے شیطان مردود کی پناہ مانگے اور جس کروٹ پر ہو اس کو بدل لے۔

2260 - حَدَّثَنَا كَامِلٌ، حَدَّثَنَا لَيْثٌ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اعْتَزَلَ نِسَاءَهُ شَهْرًا، فَخَرَجَ لَيْلَةَ تِسْعٍ وَعِشْرِينَ. فَقُلْنَا: إِنَّمَا مَضَى تِسْعٌ وَعِشْرُونَ. فَقَالَ: إِنَّمَا الشَّهْرُ هَكَذَا. وَصَفَّقَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ، وَخَنَسَ إِصْبَعًا وَاحِدًا فِي الْآخِرَةِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنی عورتوں سے ایک ماہ تک علیحدہ رہے' انتیس کی رات آپ صلی اللہ علیہ وسلم نکلے۔ بعض صحابہ کرام نے عرض کی: بے شک ہم نے انتیس کی صبح کی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مہینہ انتیس کا بھی ہوتا ہے۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ پر تین تین مرتبہ اور پھر دو مرتبہ اپنی تمام انگلیوں کے ساتھ تیسری مرتبہ نو کے ساتھ اشارہ کیا۔

2261 - حَدَّثَنَا كَامِلٌ، حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، أَنَّهُ أَخْبَرَهُ أَنَّ حَاطِبَ بْنَ أَبِي بَلْتَعَةَ كَتَبَ إِلَى أَهْلِ مَكَّةَ يَذْكُرُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرَادَ غَزْوَهُمْ، فَدَلَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْمَرْأَةِ الَّتِي كَانَ مَعَهَا الْكِتَابُ فَأَرْسَلَ إِلَيْهَا، فَأَخَذَ كِتَابَهَا مِنْ رَأْسِهَا فَقَالَ: يَا حَاطِبُ أَفَعَلْتَ؟ قَالَ: نَعَمْ. أَمَا إِنِّي لَمْ أَفْعَلْهُ غِشًّا لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا نِفَاقًا. قَدْ عَلِمْتُ أَنَّ اللّٰهَ مُظْهِرٌ رَسُولَهُ وَمُتَمِّمٌ لَهُ أَمْرَهُ. غَيْرَ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حاطب بن ابی بلتعہ نے اہلِ مکہ کو خط لکھا' اس میں ذکر کیا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم جہاد کے ارادہ سے آ رہے ہیں' حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک عورت کے متعلق بتایا جو وہ خط لے کر جا رہی تھی' آپ نے اس کی طرف کسی صحابی کو بھیجا' وہ خط اس کے سر کے بالوں کے اندر سے پکڑا گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے حاطب! کیا تُو نے یہ کیا ہے؟ حضرت حاطب نے عرض کی: جی ہاں! بہرحال میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے دھوکہ نہ کیا اور نہ منافقت کی ہے' میں جانتا تھا کہ بے شک اللہ عزوجل اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو

2260- الحديث سبق برقم: 2245 فراجعه .

2261- الحديث في المقصد العلي برقم: 1415 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 9 صفحه 303 وقال: رواه أبو يعلى وأحمد أتم منه' وقال فيه: غير أني كنت عزيزًا بين ظهرانيهم . ورجال أحمد رجال الصحيح .

أَنِّي كُنْتُ بَيْنَ ظَهْرَانَيْهِمْ، وَكَانَتْ وَالِدَتِي مَعَهُمْ، فَأَرَدْتُ أَنْ أَتَّخِذَهَا عِنْدَهُمْ . فَقَالَ لَهُ عُمَرُ: أَلَا أَضْرِبُ عُنُقَ هَذَا؟ فَقَالَ: " تُقْتَلُ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ بَدْرٍ؟ وَمَا يُدْرِيكَ لَعَلَّ اللَّهَ قَدِ اطَّلَعَ عَلَى أَهْلِ بَدْرٍ فَقَالَ: اعْمَلُوا مَا شِئْتُمْ"

غالب فرمائے گا اور آپ ﷺ کے کام کو مکمل کرے گا۔ میں چونکہ ان کے اندر رہا ہوں اور میری والدہ ان کے ساتھ تھی' میں نے ان چیزوں کے علاوہ یہ ارادہ کیا (میرے اہلِ خانہ) ان کے درمیان رہتے تھے' میں نے ارادہ کیا کہ میرا اُن کے ہاں کوئی مقام ومرتبہ ہو جائے (یعنی میرے گھر والوں کو کچھ نہ کہیں)۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضور ﷺ کی بارگاہ میں عرض کی: کیا میں اس کی گردن نہ اُڑا دوں؟ آپ نے فرمایا: تو بدر میں شریک ہونے والے کو مارے گا؟ تمہیں علم نہیں ہے کہ اللہ عزوجل نے بدر والوں پر یقینی طور پر توجہ فرمائی کہ جو تم چاہو کام کرو۔

2262 - حَدَّثَنَا كَامِلٌ، حَدَّثَنَا لَيْثٌ، حَدَّثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ خَيْرَ مَا رُكِبَتْ إِلَيْهِ الرَّوَاحِلُ مَسْجِدِي هَذَا وَالْبَيْتُ الْعَتِيقُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بہترین جگہ جس کے لیے سواریاں باندھی جائیں' وہ میری مسجد ہے اور خانۂ کعبہ ہے۔

2263 - حَدَّثَنَا كَامِلٌ، حَدَّثَنَا لَيْثٌ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّ أُمَّ سَلَمَةَ اسْتَأْذَنَتْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْحِجَامَةِ، فَأَمَرَ أَبَا طَيْبَةَ فَحَجَمَهَا . قَالَ أَبُو يَعْلَى: حَسِبْتُ أَنَّهُ قَالَ: كَانَ أَخَاهَا مِنَ الرَّضَاعَةِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے حضور ﷺ سے پچھنا لگوانے کی اجازت چاہی' آپ نے ابوطیبہ کو پچھنا لگانے کا حکم دیا' انہوں نے پچھنا لگایا۔ حضرت امام ابویعلیٰ فرماتے ہیں: میں گمان کرتا ہوں کہ حضرت ابوطیبہ' حضرت اُم سلمہ کے

2262- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **350** من طريق حجين ويونس كلاهما عن الليث بن سعد به . وأخرجه البزار رقم الحديث: **1075** من طريق محمد بن اسماعيل' حدثنا ابن أبي أويس' حدثنا ابن أبي الزناد' عن موسى بن عقبة' عن أبي الزبير' عن جابر .

2263- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **350** قال: حدثنا حُجَين' ويونس . ومسلم جلد **7** صفحه **22** قال: حدثنا قتيبة ابن سعيد (ح) وحدثنا محمد بن رُمح . وأبو داؤد رقم الحديث: **4105** قال: حدثنا قتيبة' وابن مَوهَب .

رضاعی بھائی تھے۔

2264 - حَدَّثَنَا كَامِلٌ، حَدَّثَنَا لَيْثٌ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ مَوْلَى حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، عَنْ جَابِرٍ أَنَّهُمْ كَانُوا إِذَا كَانُوا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَاضِرِينَ يَبْعَثُ بِالْهَدْيِ، فَمَنْ شَاءَ مِنَّا أَحْرَمَ وَمَنْ شَاءَ مِنَّا تَرَكَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ حج کے موقع پر قربانی کا جانور بھیجنے میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہوتے تھے' (آپ نے فرمایا:) جو چاہے احرام باندھے رکھے اور جو چاہے چھوڑ دے۔

2265 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ مَاتَ عَلَى شَيْءٍ بَعَثَهُ اللَّهُ عَلَيْهِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کوئی جس حالت میں مرتا ہے' اسی حالت میں اس کو اللہ اُٹھائے گا۔

2266 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَهْلُ الْجَنَّةِ يَأْكُلُونَ وَيَشْرَبُونَ فِيهَا، وَلَا يَتَغَوَّطُونَ وَلَا يَبُولُونَ وَلَا يَتَمَخَّطُونَ، وَلَكِنْ رَشْحُ الْمِسْكِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اہل جنت، جنت میں کھائیں گے اور پئیں گے اور نہ ناک صاف کریں گے نہ بول و براز کریں گے، نہ تھوک پھینکیں گے' ان کا پسینہ مشک خوشبو کی طرح ہوگا۔

2267 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ وَأَبِي قَالَا: حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَيُّمَا مُؤْمِنٍ سَبَبْتُهُ أَوْ لَعَنْتُهُ فَاجْعَلْهَا لَهُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی مؤمن کو میں نے گالی دی ہو یا لعنت کی ہو' (اے اللہ!) تو اس کے لیے ان کو گناہوں سے پاکیزگی اور ثواب بنا دے۔

2264- أخرجه النسائي جلد **5** صفحه **174** من طريق قتيبة بن سعيد' عن الليث بهذا السند . وأخرجه أحمد جلد **3** صفحه **350** عن حجين ويونس قالا: حدثنا الليث بن سعد به .

2265- الحديث سبق برقم: **1896** فراجعه .

2266- الحديث سبق برقم: **2048,1901** فراجعه .

2267- أخرجه مسلم رقم الحديث: **2602** . والدارمي جلد **2** صفحه **315** من طريق ابن نمير' عن أبيه بهذا السند . وأخرجه أحمد جلد **3** صفحه **391** . ومسلم رقم الحديث: **2602** من طريق أبي معاوية به .

زَكَاةً وَأَجْرًا

2268 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: النَّاسُ تَبَعٌ لِقُرَيْشٍ فِي الْخَيْرِ وَالشَّرِّ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لوگ خیر وشر میں قریش کے تابع ہیں۔

2269 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَيُّ الْمُسْلِمِينَ أَفْضَلُ؟ قَالَ: مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهِ وَيَدِهِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں آیا' عرض کی: مسلمانوں میں افضل کون ہے؟ آپ نے فرمایا: جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرا مسلمان محفوظ رہے۔

2270 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنِّي رَأَيْتُ فِي الْمَنَامِ كَأَنَّ رَأْسِي قُطِعَ. فَضَحِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِذَا لَعِبَ الشَّيْطَانُ بِأَحَدِكُمْ فِي مَنَامِهِ، فَلَا يُحَدِّثْ بِهِ النَّاسَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے عرض کی: میں نے دیکھا گویا میری ناک ماری گئی ہے یا میرا سر کاٹ دیا گیا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی کیوں بتاتا ہے کہ شیطان اس کے ساتھ کھیلا ہے۔

2271 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ قَالَ: قَالَ جَابِرٌ: نَهَى رَسُولُ اللَّهِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کتے اور بلی کی کمائی سے منع فرمایا۔

2268- الحديث سبق برقم: **1891** فراجعه .

2269- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **372** قال: حدثنا عبد الله بن الوليد (يعنى العدنى)' قال: حدثنا سفيان (ح) قال أحمد: وحدثنا وكيع . والدارمى رقم الحديث: **2715** قال: أخبرنا محمد بن يوسف' قال: حدثنا مالك بن مِغْوَل .

2270- الحديث سبق برقم: **1835,1853** .

2271- أخرجه أبو داؤد رقم الحديث: **3479** قال: حدثنا ابراهيم بن موسى الرازى (ح) وحدثنا الربيع بن نافع' أبو توبة' وعلى بن بحر . والترمذى رقم الحديث: **1279** قال: حدثنا على بن حُجر' وعلى بن خشرم .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ثَمَنِ الْكَلْبِ وَالسِّنَّوْرِ - قَالَ الْأَعْمَشُ: أَظُنُّ أَبَا سُفْيَانَ ذَكَرَهُ-

حضرت اعمش فرماتے ہیں کہ میرا خیال ہے کہ ابوسفیان نے بھی اس کو ذکر کیا ہے۔

2272 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا حَفْصٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: جَاءَ سُلَيْكٌ الْغَطَفَانِيُّ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا جَاءَ أَحَدُكُمْ وَالْإِمَامُ يَخْطُبُ فَلْيُصَلِّ رَكْعَتَيْنِ يَتَجَوَّزُ فِيهِمَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سلیک رضی اللہ عنہ آئے اس حالت میں کہ حضور ﷺ خطبہ دے رہے تھے آپ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اس حالت میں آئے کہ امام صاحب خطبہ دے رہے ہوں تو اس کو چاہیے کہ وہ دو رکعت مختصر (نفل) ادا کرے۔

2273 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ عِشْتُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ آمُرُ أَوْ أَنْهَى أُمَّتِي أَنْ لَا يُسَمُّوا أَفْلَحَ وَلَا نَافِعًا وَلَا بَرَكَةَ قَالَ الْأَعْمَشُ: لَا أَدْرِي أَذَكَرَ نَافِعًا أَمْ لَا؛ لِأَنَّ الرَّجُلَ إِذَا جَاءَ قَالَ: ثَمَّ بَرَكَةٌ؟ قَالُوا: لَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر میں زندہ رہا اور اگر اللہ نے چاہا تو میں حکم بھی دوں گا اور منع بھی کروں گا کہ افلح اور نافع اور برکہ نام نہ رکھو۔ حضرت اعمش فرماتے ہیں: میں نہیں جانتا ہوں کہ آپ نے نافع کا ذکر کیا یا نہیں' کیونکہ اس نام کا آدمی آیا تھا' فرمایا: برکہ؟ انہوں نے کہا: نہیں!

2274 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَا الْمُوجِبَتَانِ؟ فَقَالَ: مَنْ مَاتَ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ، وَمَنْ مَاتَ يُشْرِكُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا' عرض کی: دو واجب کرنے والی کیا ہیں؟ آپ نے فرمایا: جو اس حالت میں مرے کہ اس نے اللہ کے ساتھ ذرّہ برابر بھی کسی کو شریک نہ ٹھہرایا ہو تو وہ جنت میں داخل ہوگا' اور جو اس حالت

2272- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **369** قال: حدثنا محمد بن جعفر . والدارمي رقم الحديث: **155** قال: حدثنا هاشم ابن القاسم . والبخاري جلد **2** صفحه **71** قال: حدثنا آدم .

2273- الحديث سبق برقم: **2246** فراجعه .

2274- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **391** قال: حدثنا أبو معاوية . وفي جلد **3** صفحه **391** قال: حدثنا محمد بن عبيد . ومسلم جلد **1** صفحه **65** قال: حدثنا أبو بكر بن أبي شيبة' وأبو كُريب' قالا: حدثنا أبو معاوية .

بِاللّٰهِ شَيْئًا دَخَلَ النَّارَ

میں مرے کہ اس نے اللہ کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرایا ہو تو اس کے لیے جہنم واجب ہوگئی۔

2275 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، وَيَعْلَى، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ خَافَ مِنْكُمْ أَنْ لَا يُوتِرَ آخِرَ اللَّيْلِ فَلْيُوتِرْ أَوَّلَهُ؛ فَإِنَّ قِرَاءَةَ آخِرِ اللَّيْلِ مَحْضُورَةٌ وَهُوَ أَفْضَلُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے جس کو خوف ہو کہ وہ رات کے آخری حصہ میں وتر نہیں پڑھ سکے گا تو وہ رات کے اوّل حصہ میں پڑھے' رات کے آخری حصہ میں فرشتے حاضر ہوتے ہیں' یہ زیادہ افضل ہے۔

2276 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا يَعْلَى، وَمُحَمَّدٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى عَائِشَةَ وَعِنْدَهَا صَبِيٌّ يَقْطُرُ مِنْخَرَاهُ دَمًا فَقَالَتْ: بِهِ الْعُذْرَةُ. فَقَالَ: لَا تَقْتُلُوا أَوْلَادَكُمْ، وَلَكِنْ أَيَّةُ امْرَأَةٍ بِصَبِيِّهَا الْعُذْرَةُ أَوْ وَجَعٌ فِي رَأْسِهِ فَلْتَأْخُذْ قُسْطًا هِنْدِيًّا، ثُمَّ لِتَحُتَّهُ بِالْمَاءِ ثُمَّ لِتُسْعِطْهُ إِيَّاهُ. ثُمَّ أَمَرَ عَائِشَةَ فَفَعَلَتْ ذَلِكَ فَبَرَأَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے پاس ایک عورت تھی' اس کے ساتھ ایک بچہ تھا جس کے دونوں نتھنوں سے خون جاری تھا' حضور صلی اللہ علیہ وسلم داخل ہوئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس بچے کو کیا ہے؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ! اس کو گلے آئے ہوئے ہیں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عورتوں کے گروہ! تم اپنی اولاد کو قتل نہ کرو، کوئی عورت ان کے بچہ کو گلے آئے ہوئے ہوں یا سر پر درد ہو تو وہ قسط ہندی لے کر اس کو سات مرتبہ پانی میں گھولو اور اس کے گلے میں ٹپکا دو۔ پھر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کو حکم دیا اس نے ایسے ہی کیا تو بچہ ٹھیک ہوگیا۔

2277 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ فِي

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک رات کے وقت ایک ایسی گھڑی ہوتی ہے کہ جو مسلمان بھی اس کو پالے' کوئی بھلائی اس وقت

2275- الحديث سبق برقم: 2102 فراجعه .

2276- الحديث سبق برقم: 2005 فراجعه .

2277- الحديث سبق برقم: 1906 فراجعه .

اللَّيْلِ سَاعَةً لَا يُوَافِقُهَا مُسْلِمٌ يَسْأَلُ اللَّهَ خَيْرًا إِلَّا أَعْطَاهُ إِيَّاهُ وَذَلِكَ كُلَّ لَيْلَةٍ

مانگے تو اللہ عزوجل اس کو عطا کرے گا۔

2278 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا يَعْلَى، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُولُوا: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، فَإِذَا قَالُوهَا عَصَمُوا مِنِّي دِمَاءَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ إِلَّا بِحَقِّهَا وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللَّهِ"

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں لوگوں سے لڑوں یہاں تک کہ لوگ لا الہ الا اللہ کہیں' جب اُنہوں نے یہ کہہ لیا تو اُنہوں نے مجھ سے اپنا خون اور اپنے اموال بچا لیے مگر حق کے ساتھ ان کا معاملہ اللہ کے سپرد ہے۔

2279 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا يَعْلَى، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَكَلَ أَحَدُكُمْ فَلْيَلْعَقْ أَصَابِعَهُ؛ فَإِنَّهُ لَا يَدْرِي فِي أَيِّ طَعَامِهِ تَكُونُ الْبَرَكَةُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی کھانا کھالے تو اپنی انگلیاں چاٹ لے۔ وہ نہیں جانتا کہ کھانے کے کس حصہ میں برکت ہوتی ہے۔

2280 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا يَعْلَى، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا سَقَطَتْ لُقْمَةُ أَحَدِكُمْ فَلْيَأْخُذْهَا وَلَا يَدَعْهَا لِلشَّيْطَانِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے ہر ایک کے پاس ہر لقمہ کے وقت شیطان حاضر ہوتا ہے۔

2281 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا سَجَدَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی سجدہ کرے تو برابر طریقے سے کرے' کتے کی طرح اپنی کلائیاں نہ بچھائے۔

2278- أخرجه مسلم جلد **1** صفحه **39** قال: حدثنا أبو بكر بن أبي شيبة' قال: حدثنا حفص بن غياث . وابن ماجة رقم الحديث: **3928** قال: حدثنا سويد بن سعيد' قال: حدثنا علي بن مُسهر .

2279- الحديث سبق برقم: **2242,2162** فراجعه .

2280- الحديث سبق برقم: **1899** فراجعه .

2281- الحديث سبق برقم: **2004** فراجعه .

أَحَدُكُمْ فَلْيَعْتَدِلْ، وَلَا يَفْتَرِشْ ذِرَاعَيْهِ افْتِرَاشَ الْكَلْبِ

2282 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا قَضَى أَحَدُكُمُ الصَّلَاةَ فِي الْمَسْجِدِ فَلْيَجْعَلْ لِبَيْتِهِ جُزْءًا مِنْ صَلَاتِهِ؛ فَإِنَّ اللَّهَ جَاعِلٌ فِي بَيْتِهِ مِنْ صَلَاتِهِ خَيْرًا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب تم میں سے کوئی مسجد میں نماز پڑھے تو اس نماز میں سے (یعنی نفل سنن وغیرہ) کچھ حصہ گھر کے لیے بھی رکھ لے کیونکہ بے شک گھر میں نماز پڑھنا بہتر ہے۔

2283 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: اشْتَكَى أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ فَبَعَثَ إِلَيْهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَبِيبًا، فَكَوَاهُ عَلَى أَكْحَلِهِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ بیمار ہوئے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی طرف طبیب بھیجا' اس طبیب نے اُن کی دونوں آنکھوں کے درمیان داغا۔

2284 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَطَعَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ عِرْقًا وَكَوَاهُ عَلَى أَكْحَلِهِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ کی رگ کاٹی اور انہیں ان کی آنکھ سے داغا۔

2285 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: طَعَامُ الرَّجُلِ يَكْفِي اثْنَيْنِ، وَطَعَامُ الرَّجُلَيْنِ يَكْفِي الْأَرْبَعَةَ، وَطَعَامُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک آدمی کا کھانا دو کے لیے کافی ہوتا ہے اور دو آدمیوں کا کھانا چار کے لیے کافی ہوتا ہے اور چار کا آٹھ کے لیے کافی ہوتا ہے۔

2282- الحديث سبق برقم: 1939 فراجعه .

2283- اخرجه أحمد جلد 3 صفحه 303 قال: حدثنا هشيم . وفي جلد 3 صفحه 304 قال: حدثنا محمد بن جعفر' قال: حدثنا شعبة . وفي جلد 3 صفحه 315 قال: حدثنا أبو معاوية .

2284- الحديث سبق برقم: 2283 فراجعه .

2285- الحديث سبق برقم: 1899 فراجعه .

الْأَرْبَعَةِ يَكْفِي الثَّمَانِيَةَ

2286 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ قَبْلَ وَفَاتِهِ بِثَلَاثٍ يَقُولُ: لَا يَمُوتَنَّ أَحَدُكُمْ إِلَّا وَهُوَ يُحْسِنُ بِاللَّهِ الظَّنَّ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے وصال سے تین دن پہلے فرماتے ہوئے سنا: خبردار! تم میں سے کوئی دنیا سے نہ جائے مگر اس حالت میں کہ وہ اللہ کے متعلق اچھا گمان رکھتا ہو۔

2287 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ بِالْمَدِينَةِ لَرِجَالًا مَا سِرْتُمْ مِنْ مَسِيرٍ، وَلَا قَطَعْتُمْ وَادِيًا إِلَّا كَانُوا مَعَكُمْ حَبَسَهُمُ الْعُذْرُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' وہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: مدینہ میں کچھ مرد ایسے ہیں کہ تم نہیں چلتے اور نہ کوئی وادی پار کرتے ہو مگر وہ تمہارے ساتھ ہوتے ہیں' ان کو عذر نے روک رکھا ہے۔

2288 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَثَلُ الصَّلَوَاتِ مَثَلُ نَهْرٍ جَارٍ عَلَى بَابِ أَحَدِكُمْ يَغْتَسِلُ مِنْهُ كُلَّ يَوْمٍ خَمْسَ مَرَّاتٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پانچ نمازوں کی مثال اس جاری نہر کی طرح ہے جو کسی کے دروازہ پر ہو اور وہ اس میں پانچ دفعہ غسل کرے۔

2289 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو رَبِيعَةَ، عَنْ أَبِي عَوَانَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا سَمِعَ الشَّيْطَانُ ذِكْرَ اللَّهِ ذَهَبَ حَتَّى

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب شیطان اللہ کا ذکر سنتا ہے تو چلا جاتا ہے یہاں تک کہ مکانِ روحاء پر آ جاتا ہے۔

2286- الحديث سبق برقم: **2049** فراجعه .

2287- أخرجه مسلم رقم الحديث: **1911** وأحمد جلد **3** صفحه **300** من طريق وكيع . وأخرجه مسلم رقم الحديث: **1911** من طريق جرير . وابن ماجة رقم الحديث: **2765** من طريق أبي معاوية .

2288- الحديث سبق برقم: **1937** فراجعه .

2289- الحديث سبق برقم: **1890** فراجعه .

يَكُونَ مَكَانَ الرَّوْحَاءِ

2290 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ الشَّيْطَانَ أَيِسَ أَنْ يَعْبُدَهُ الْمُصَلُّونَ، وَلَكِنْ بِالتَّحْرِيشِ بَيْنَهُمْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک شیطان مایوس ہو گیا لوگوں کو اپنی عبادت کروانے میں' لیکن ان کے درمیان نفرت پھیلانے میں مایوس نہیں ہوا۔

2291 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ - يُقَالُ لَهُ النُّعْمَانُ بْنُ قَوْقَلٍ - فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ أَرَأَيْتَ" إِنْ صَلَّيْتُ الصَّلَوَاتِ الْمَكْتُوبَةَ وَأَحْلَلْتُ وَحَرَّمْتُ الْحَرَامَ وَلَمْ أَزِدْ عَلَى ذَلِكَ أَدْخُلُ الْجَنَّةَ؟ قَالَ: نَعَمْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انصار سے ایک آدمی آیا جسے نعمان بن قوقل کہا جاتا تھا' اُس نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ بتائیں کہ اگر میں فرض نمازیں پڑھوں اور حلال کو حلال جانوں اور حرام کو حرام جانوں اور اس پر کوئی اضافہ نہ کروں تو کیا میں جنت میں داخل ہو جاؤں گا؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں!

2292 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَأَلَهُ رَجُلٌ:" أَيُّ الصَّلَاةِ أَفْضَلُ؟ قَالَ: طُولُ الْقُنُوتِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے پوچھا کہ کون سی نماز افضل ہے؟ آپ نے فرمایا: جس میں لمبا قیام ہو۔

2293 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: صُرِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ فَرَسٍ فَرَثِيَتْ رِجْلُهُ، فَدَخَلْنَا عَلَيْهِ وَهُوَ يُصَلِّي فَأَشَارَ إِلَيْنَا بِيَدِهِ،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم گھوڑے سے نیچے گرے' آپ کا پاؤں زخمی ہوا' اس کے بعد آپ کے پاس ہم داخل ہوئے تو آپ فرض نماز بیٹھ کر ادا کر رہے تھے' آپ نے ہمیں اپنے ہاتھ سے بیٹھنے کا

2290- الحديث سبق برقم: 2151,2091 فراجعه .

2291- الحديث سبق برقم: 1936 فراجعه .

2292- الحديث سبق برقم: 2117 فراجعه .

2293- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 395 قال: حدثنا أبو جعفر محمد بن جعفر المدائني . وابن خزيمة رقم الحديث: 1487 قال: حدثنا محمد بن العلاء بن كُريب بخبر غريب غريب' قال: حدثنا قبيصة .

ثُمَّ دَخَلْنَا مِنَ الْغَدِ وَهُوَ يُصَلِّي الْمَكْتُوبَةَ قَاعِدًا فَأَشَارَ إِلَيْنَا بِيَدِهِ أَنِ اقْعُدُوا، ثُمَّ انْصَرَفَ فَقَالَ: إِذَا كَانَ الْإِمَامُ قَاعِدًا فَصَلُّوا قُعُودًا، وَإِذَا صَلَّى قَائِمًا فَصَلُّوا قِيَامًا

اشارہ کیا' پھر آپ نے سلام پھیرا اور فرمایا: جب امام بیٹھ کر نماز پڑھے تو تم بھی بیٹھ کر پڑھو' جب کھڑے ہو کر نماز پڑھے تو تم بھی کھڑے ہو کر نماز پڑھو۔

2294 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " مَا مِنْ مُسْلِمٍ وَلَا مُسْلِمَةٍ: ذَكَرٍ وَلَا أُنْثَى يَنَامُ بِاللَّيْلِ إِلَّا عَلَى رَأْسِهِ جَرِيرٌ مَعْقُودٌ، فَإِنْ هُوَ اسْتَيْقَظَ فَذَكَرَ اللَّهَ انْحَلَّتْ عُقْدَةٌ، فَإِنْ قَامَ تَوَضَّأَ وَصَلَّى انْحَلَّتْ عُقَدُهُ كُلُّهَا وَأَصْبَحَ نَشِيطًا قَدْ أَصَابَ خَيْرًا ـ وَإِنْ هُوَ نَامَ لَا يَذْكُرُ اللَّهَ أَصْبَحَ عَلَيْهِ عُقَدُهُ ثَقِيلًا"

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو مسلمان مرد اور عورت رات کو جب سوتے ہیں تو ان کے سر کے پاس شیطان گرہ لگاتا ہے' جب وہ جاگتا ہے اور اللہ کا ذکر کرتا ہے تو گرہ کھل جاتی ہے' جب وہ کھڑا ہو اور وضو کرے اور نماز پڑھے تو ساری گرہیں کھل جاتی ہیں اور اگر وہ سویا رہے اور اللہ کا ذکر نہ کرے تو وہ سستی کی حالت میں صبح کرتا ہے۔

2295 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: " نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الرُّقَى فَأَتَاهُ خَالِي وَكَانَ يَرْقِي مِنَ الْعَقْرَبِ فَقَالَ: إِنَّكَ نَهَيْتَ عَنِ الرُّقَى وَأَنَا أَرْقِي مِنَ الْعَقْرَبِ ـ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنِ اسْتَطَاعَ أَنْ يَنْفَعَ أَخَاهُ فَلْيَفْعَلْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دَم کرنے سے منع کیا' میرے خالو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے وہ بچھو کا دَم کرتے تھے' اُنہوں نے عرض کی: آپ نے دَم سے منع کیا تھا اور میں بچھو کا دَم کرتا ہوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو تم میں طاقت رکھتا ہے کہ اپنے بھائی کو فائدہ پہنچائے تو اپنے بھائی کو فائدہ پہنچائے۔

2296 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنْ قُطْبَةَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میت کو خوشبو لگاؤ تو طاق مرتبہ لگاؤ۔

2294- الحديث في المقصد العلي برقم: **398** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **2** صفحه **261** وقال: رواه أحمد وأبو يعلى ورجالهما رجال الصحيح .

2295- الحديث سبق برقم: **909** فراجعه .

2296- اخرجه أحمد جلد **3** صفحه **331** قال: حدثنا يحيى بن آدم' قال: حدثنا قُطبة' عن الأعمش' عن أبي سفيان' فذكره .

جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا أَجْمَرْتُمُ الْمَيِّتَ فَأَوْتِرُوا

2297 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو الْجَوَّابِ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ رُزَيْقٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: بَايَعْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ عَلَى أَنْ لَا نَفِرَّ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی درخت کے نیچے بیعت کی' اس بات پر کہ ہم بھاگیں گے نہیں۔

2298 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَاضِرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: أَتَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: جِئْتُمْ تَسْأَلُونِي عَنْ كَذَا وَكَذَا؟ قُلْنَا: نَعَمْ ـ قَالَ: تَسَمَّوْا بِاسْمِي، وَلَا تَكَنَّوْا بِكُنْيَتِي ـ قَالَ: وَذَكَرْتُمُ السَّاعَةَ؟ قُلْنَا: قَدْ كَانَ ذَلِكَ ـ قَالَ: فَمَا مِنْ نَفْسٍ مَنْفُوسَةٍ يَأْتِي عَلَيْهَا مِائَةُ سَنَةٍ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم مجھ سے یہ یہ سوال کرنے کے لیے آئے ہو؟ ہم نے عرض کی: جی ہاں! فرمایا: میرے نام پہ نام رکھو، میری کنیت پر کنیت نہ رکھو۔ اور تم قیامت کا ذکر کرتے ہو؟ ہم نے کہا: جی ہاں! آپ نے فرمایا: کوئی سانس لینے والی جان نہیں ہے کہ اس پر سو سال گزریں۔

2299 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ أَنَّ لِابْنِ آدَمَ نَخْلًا لَتَمَنَّى إِلَيْهِ مِثْلَهُ، وَلَا يَمْلَأُ جَوْفَهُ إِلَّا التُّرَابُ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے میں نے سنا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر انسان کے لیے ایک کھجور کا باغ ہو وہ خواہش کرے گا کہ ایک اور ہو' انسان کا پیٹ صرف مٹی ہی بھرے گی۔

2300 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ عبداللہ بن ابی کی لونڈی تھی' اس کو مسیکہ کہا جاتا تھا' اس کے لیے وہ اس کو

2297- الحديث سبق برقم: **1903** فراجعه .

2298- الحديث سبق برقم: **1918,1917** فراجعه .

2299- الحديث سبق برقم: **1894** فراجعه .

2300- أخرجه مسلم جلد **8** صفحه **244** قال: حدثنا أبو بكر بن أبي شيبة' وأبو كُريب' جميعًا عن أبي معاوية (ح) وحدثني أبو كامل الجَحْدَرِي' قال: حدثنا أبو عوانة .

عَنْ جَابِرٍ قَالَ: كَانَتْ جَارِيَةٌ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أُبَيٍّ يُقَالُ لَهَا مُسَيْكَةُ، فَأَكْرَهَهَا فَأَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَكَتْ ذٰلِكَ إِلَيْهِ. فَأَنْزَلَ اللّٰهُ (وَلَا تُكْرِهُوا فَتَيَاتِكُمْ عَلَى الْبِغَاءِ إِنْ أَرَدْنَ تَحَصُّنًا لِتَبْتَغُوا عَرَضَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا) (النور:33)

ناپسند کرتی تھی وہ حضور ﷺ کے پاس آئی۔ اس کی شکایت کہ تو اللہ عزوجل نے یہ حکم نازل فرمایا: ''اگر تمہاری لونڈی (گناہ سے) بچنا چاہیں تو تم اُنہیں بُرے کام پر (اس لیے) مجبور نہ کرو کہ تم دنیا کی زندگی کا مال چاہتے ہو۔'' (النور:۳۳)

2301 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَاضِرٌ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَمْرَضُ مُؤْمِنٌ وَلَا مُؤْمِنَةٌ، وَلَا مُسْلِمٌ وَلَا مُسْلِمَةٌ إِلَّا حَطَّ اللّٰهُ بِهِ خَطَايَاهُ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو مومن مرد اور مومن عورت' مسلمان مرد اور مسلمان عورت بیمار ہوتے ہیں اس کے ساتھ اللہ عزوجل غلطیاں معاف کرتا ہے۔

2302 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَاضِرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: "يُبْعَثُ بَعْثٌ فَيُقَالُ لَهُمْ: هَلْ فِيكُمْ أَحَدٌ صَحِبَ مُحَمَّدًا؟ فَيُقَالُ: نَعَمْ. فَيُلْتَمَسُ فَيُوجَدُ الرَّجُلُ فَيُسْتَفْتَحُ فَيُفْتَحُ عَلَيْهِمْ، ثُمَّ يُبْعَثُ بَعْثٌ فَيُقَالُ: هَلْ فِيكُمْ مَنْ رَأَى أَصْحَابَ مُحَمَّدٍ؟ فَيُلْتَمَسُ فَلَا يُوجَدُ حَتَّى لَوْ كَانَ مِنْ وَرَاءِ الْبَحْرِ لَأَتَيْتُمُوهُ، ثُمَّ يَبْقَى قَوْمٌ يَقْرَءُونَ الْقُرْآنَ لَا يَدْرُونَ مَا هُوَ"

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: لوگوں پر ایک زمانہ ایسا آئے گا کہ لشکروں میں سے ایک لشکر نکلے گا۔ ان کو کہا جائے گا کیا تم میں کوئی حضور ﷺ کا صحابی ہے؟ اس کے وسیلہ سے مدد مانگے گا، ان کی مدد کی جائے؟ پھر ان کو کہا جائے گا کیا تم میں کوئی صحابیٔ رسول ﷺ ہیں؟ کہا جائے گا: نہیں۔ وہ ہے جس نے صحابی کی صحبت اختیار کی ہو؟ ان کو کہا جائے گا: نہیں! کہا جائے گا: وہ ہے جس نے صحابی کے دیکھنے والے کو دیکھا ہو؟ اگر تم نے سنا ہوگا۔ سمندر کے پیچھے اس کے متعلق تو تم اس کو ضرور لاؤ گے' پھر اس کے بعد ایسے لوگ آئیں گے کہ وہ قرآن پڑھیں گے لیکن جو قرآن

2301- الحديث في المقصد العلي برقم: 1605 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 301 وقال: رواه أحمد وأبو يعلى والبزار ورجال أحمد رجال الصحيح .

2302- الحديث سبق برقم: 2179 فراجعه .

کے اندر ہے اس کو نہیں جانیں گے۔

2303 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَاضِرٌ، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، حَدَّثَنَا أَبُو سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرِهِ فَهَاجَتْ رِيحٌ تَكَادُ تَدْفِنُ الرَّاكِبَ. فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بُعِثَتْ هَذِهِ الرِّيحُ لِمَوْتِ مُنَافِقٍ. فَلَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِينَةَ إِذَا هُوَ قَدْ مَاتَ فِي ذَلِكَ الْيَوْمِ عَظِيمٌ مِنْ عُظَمَاءِ الْمُنَافِقِينَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں نکلے بہت تیز ہوا آئی، قریب تھا کہ ہماری سواری کو ہانک لے جاتی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ ہوا بھیجی گئی ہے کسی منافق کی موت کی خبر دینے کے لیے، جب مدینہ شریف آئے تو وہ اسی دن مر گیا تھا جس دن ہوا چلی تھی، منافقوں میں سے بڑا۔

2304 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَاضِرٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: رَأَى النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا تَوَضَّأَ فَلَمْ يُصِبْ عَقِبَهُ مَاءٌ فَقَالَ: وَيْلٌ لِلْعَرَاقِيبِ مِنَ النَّارِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ ہلاکت ہے اُن ایڑیوں کے لیے جہنم سے جو خشک رہ جاتی ہیں۔

2305 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْإِيمَانُ فِي أَهْلِ الْحِجَازِ، وَالْقَسْوَةُ وَالْغِلْظَةُ فِي رَبِيعَةَ وَمُضَرَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایمان حجاز والوں میں ہے اور سختی اور سخت دلی قبیلہ ربیعہ اور مضر میں ہے۔

2306 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا إِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ، حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں نکلے بہت تیز ہوا آئی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے

2303- أخرجه مسلم رقم الحديث: **2782** من طريق محمد بن العلاء، حدثنا حفص بن غياث، عن الأعمش بهذا السند. وأخرجه أحمد جلد **3** صفحه **346,341** من طريق حسن، وموسى كلاهما عن ابن لهيعة، حدثنا أبو الزبير، عن جابر.

2304- الحديث سبق برقم: **2142,2061** فراجعه.

2305- الحديث سبق برقم: **1931,1888** فراجعه.

2306- الحديث سبق برق: **2303** فراجعه.

سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزَاةٍ فَهَاجَتْ رِيحٌ مُنْتِنَةٌ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَؤُلَاءِ قَوْمٌ مِنَ الْمُنَافِقِينَ ذَكَرُوا أُنَاسًا فَاغْتَابُوهُمْ

فرمایا: یہ ہوا بھیجی گئی ہے کسی منافق کی موت کی خبر دینے کے لیے، جب مدینہ شریف آئے تو وہ مر گیا تھا ان منافقین میں سے بڑا۔

2307 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، وَيَعْلَى، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُصَلِّي عَلَى حَصِيرٍ وَيَسْجُدُ عَلَيْهِ، وَدَخَلْتُ عَلَيْهِ وَهُوَ يُصَلِّي مُتَوَشِّحًا

حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اس حال میں آئے کہ آپ چٹائی پر نماز پڑھ رہے تھے اور میں آپ کے پاس آیا' آپ ایک کپڑے میں لپٹ کر نماز پڑھ رہے تھے۔

2308 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ، أَنَّ عُمَرَ رَأَى رَجُلًا تَوَضَّأَ فَتَرَكَ مَوْضِعَ الظُّفُرِ عَلَى قَدَمِهِ فَأَمَرَهُ بِالْإِعَادَةِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک آدمی کو دیکھا جس نے وضو کیا' لیکن اپنے پاؤں پر ناخن کے برابر جگہ چھوڑ دی تو آپ نے اسے دوبارہ وضو کرنے کا حکم دیا۔

2309 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ أَنَّهُ سُئِلَ عَنِ "الرَّجُلِ يَضْحَكُ فِي الصَّلَاةِ، فَقَالَ: يُعِيدُ الصَّلَاةَ وَلَا يُعِيدُ الْوُضُوءَ"

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ سے اُس شخص کے بارے میں پوچھا گیا جو نماز میں ہنستا ہے' تو آپ نے فرمایا: وہ دوبارہ نماز لوٹائے اور وضو دوبارہ نہ کرے۔

2310 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اگر میں ایسی قوم کے پاس آؤں جو نماز پڑھ رہی ہو میں ان کو سلام نہیں

2307- الحديث سبق فى مسند أبى سعيد الخدرى برقم: 1368,1303,1118 .

2308- أخرجه ابن أبى شيبة جلد 1 صفحه 42 عن أبى معاوية' عن الأعمش به . وأصله فى صحيح مسلم عن جابر عن عمر مرفوعًا .

2309- الحديث فى المقصد العلى برقم: 290 . وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 82 وقال: رواه أبو يعلى ورجاله رجال الصحيح .

2310- الحديث فى المقصد العلى برقم: 1097 . وأورده ابن حجر فى المطالب العالية جلد 2 صفحه 427 .

جَابِرٍ قَالَ: لَوْ دَخَلْتُ عَلَى الْقَوْمِ يُصَلُّونَ مَا سَلَّمْتُ عَلَيْهِمْ

کروں گا۔

2311 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: كُنْتُ أَمِيحُ لِأَصْحَابِي يَوْمَ بَدْرٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں بدر کے دن اپنے دوستوں کو پانی پلاتا رہا۔

2312 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: " إِذَا دَخَلَ قَبْرَهُ - يَعْنِي الْمَيِّتَ - فَجَاءَهُ الْمَلَكُ قَامَ يَهُبُّ كَمَا يَهُبُّ النَّائِمُ فَيَسْأَلَانِهِ فَيُجِيبُهُمْ . فَيَقُولَانِ: مَا دِينُكَ؟ فَيَقُولُ: الْإِسْلَامُ . دَعُونِي حَتَّى أُخْرُجَ. فَيَقُولَانِ لَهُ: اسْكُتْ"

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب میت کو قبر میں داخل کیا جاتا ہے تو فرشتہ آتا ہے اس کو اٹھاتا ہے جس طرح سوئے ہوئے کو اٹھایا جاتا ہے۔ اس سے دونوں سوال کرتے ہیں وہ ان کا جواب دیتا ہے وہ دونوں کہتے: ہیں تیرا دین کیا ہے؟ وہ کہتا ہے: اسلام۔ وہ کہتا ہے: مجھے چھوڑ دو، میں نکلوں (اور گھر والوں کو بتاؤں) وہ دونوں اسے کہتے ہیں: خاموش رہو۔

2313 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، قَالَ: سَأَلْتُ جَابِرًا وَهُوَ مُجَاوِرٌ بِمَكَّةَ وَكَانَ نَازِلًا فِي بَنِي فِهْرٍ فَسَأَلَهُ رَجُلٌ: " هَلْ كُنْتُمْ تَدْعُونَ أَحَدًا مِنْ أَهْلِ الْقِبْلَةِ مُشْرِكًا؟ قَالَ: مُعَاذَ اللَّهِ فَفَزِعَ لِذَلِكَ . قَالَ: هَلْ كُنْتُمْ تَدْعُونَ أَحَدًا مِنْكُمْ كَافِرًا؟ قَالَ: لَا"

حضرت ابی سفیان فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے سوال کیا وہ مکہ کے مجاور تھے۔ بنی فہر کے گھر تھے ان سے ایک آدمی نے پوچھا کیا تم اہل قبلہ میں سے کسی کو مشرک کہہ کر پکارتے تھے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی پناہ! آپ رضی اللہ عنہ سے عرض کیا: تم کسی کو کافر کہہ کر پکارتے تھے ان میں سے؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نہیں۔

2314 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ مرفوعاً بیان کرتے ہیں کہ

2311- أخرجه أبو داؤد رقم الحديث: **2731** من طريق سعيد بن منصور، عن أبي معاوية، عن الأعمش بهذا السند .

2312- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **331** قال: حدثنا شاذان قال: حدثنا أبو بكر بن عياش، عن الأعمش، عن أبي سفيان فذكره .

2313- الحديث في المقصد العلي برقم: **1737** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **107** وقال: رواه أبو يعلى والطبراني في الكبير ورجاله رجال الصحيح .

2314- الحديث في المقصد العلي برقم: **1699**، وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **176** وقال:

عَنْ سُفْيَانَ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ رَفَعَهُ قَالَ: كَانَ يَقُولُ: يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ ثَبِّتْ قَلْبِي عَلَى دِينِكَ. فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ تَخَافُ عَلَيْنَا، وَقَدْ آمَنَّا بِمَا جِئْتَ بِهِ؟ فَقَالَ: إِنَّ الْقُلُوبَ بَيْنَ- وَأَشَارَ الْأَعْمَشُ بِإِصْبَعَيْنِ

حضور ﷺ یہ دعا کرتے تھے: ''اے دلوں کے پلٹنے والے میرے دل کو پلٹ اپنے دین پر''۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! ہم پر آپ خوف کرتے ہیں حالانکہ ہم ایمان لائے ہیں' اس پر جو آپ ﷺ لے کر آئے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک دل دو انگلیوں کے درمیان ہے جس طرف چاہے پلٹ دے۔ حضرت اعمش نے دوانگلیوں کے ساتھ اشارہ کیا۔

2315 - حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ، حَدَّثَنَا يَعْلَى، حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ، عَنْ أَبِي سُفْيَانَ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: أُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقِيلَ لَهُ: إِنَّ الْحُمَّى قَدْ أَلَحَّتْ عَلَيْنَا فَقَالَ: إِنْ شِئْتُمْ أَنْ تُرْفَعَ عَنْكُمْ رُفِعَتْ، وَإِنْ شِئْتُمْ أَنْ تَكُونَ لَكُمْ طَهُورًا. قَالُوا: تَكُونُ لَنَا طَهُورًا.

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا' آپ سے عرض کی گئی: بخار ہم پر بہت زیادہ ہے' آپ نے فرمایا: اگر تم چاہو تو میں تم سے دعا کر کے اُٹھا دیتا ہوں اور اگر چاہو تو تمہارے گناہوں کا کفارہ ہو جائے؟ اُنہوں نے عرض کی: ہمارے لیے گناہوں کا کفارہ ہو جائے۔

2316 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا أَبِي قَالَ: قَالَ لِي جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ: سَأَلَنِي ابْنُ عَمِّكَ الْحَسَنُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ غُسْلِ الْجَنَابَةِ، فَقُلْتُ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَصُبُّ بِيَدِهِ عَلَى رَأْسِهِ ثَلَاثًا. قَالَ: إِنَّ شَعْرِي كَثِيرٌ. قَالَ: قُلْتُ: يَا ابْنَ أَخِي كَانَ شَعَرُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَكْثَرَ مِنْ شَعْرِكَ وَأَطْيَبَ

حضرت جعفر بن محمد فرماتے ہیں: ہمیں میرے والد نے بیان کیا کہ مجھے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہا: مجھ سے آپ کے چچازاد حسن بن محمد نے غسلِ جنابت کے متعلق پوچھا تھا تو میں نے کہا تھا کہ حضور ﷺ اپنے ہاتھ کے ساتھ اپنے سر پر تین مرتبہ پانی ڈالتے تھے' اُنہوں نے کہا: میرے بال بہت زیادہ ہیں۔ میں نے کہا: اے میرے بھائی کے بیٹے! حضور ﷺ کے بال تمہارے بالوں سے زیادہ تھے اور تم سے زیادہ خوبصورت تھے۔

رواه أبو يعلى ورجاله رجال الصحيح .

2315- الحديث سبق برقم: 1887 فراجعه .

2316- الحديث سبق برقم: 2224 فراجعه .

2317 - حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، حَدَّثَنَا أَيُّوبُ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ الثُّومَ وَالْبَصَلَ أَوْ أَحَدَهُمَا فَقَالَ: إِنَّ الْمَلَائِكَةَ تَتَأَذَّى مِمَّا يَتَأَذَّى مِنْهُ ابْنُ آدَمَ"

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لہسن اور پیاز یا ان میں سے کسی ایک کا ذکر کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک فرشتوں کو بھی وہی چیز اذیت پہنچاتی ہے جو چیز ابن آدم کو اذیت پہنچاتی ہے۔

2318 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ قَالَ: سَمِعْتُ لَيْثًا يَذْكُرُ عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جَابِرٍ أَنَّ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ أَكَلَ الثُّومَ وَالْبَصَلَ وَالْكُرَّاثَ، فَلَا يَقْرَبَنَّ مَسْجِدَنَا

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے لہسن، پیاز کھایا ہمارے قریب نہ آئے یعنی نماز کے لیے نہ آئے۔

2319 - حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْقُرَشِيُّ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ، حَدَّثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا عَزَّ عَلَيْكَ الْمُسِنَّةُ مِنَ الضَّأْنِ أَجْزَأَ الْجَذَعُ مِنَ الضَّأْنِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تم پر ایک سال کے بھیڑ کے بچہ کی قربانی کرنا مشکل ہو جائے تو چھ ماہ کا کرلیا کرو۔

2320 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَذْبَحُوا إِلَّا مُسِنَّةً، إِلَّا أَنْ يَعْسُرَ عَلَيْكُمْ، فَتَذْبَحُوا جَذَعَةً مِنَ الضَّأْنِ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: نہ ذبح کرو مگر ایک سال کا اگر تم پر تنگی ہو ایک سال والے کی تو بھیڑ ذبح کرلو (جو سال کی دکھائی دے)۔

2317- الحديث سبق برقم: **2223** فراجعه .

2318- الحديث سبق برقم: **1884** فراجعه .

2319- اسناده فيه: محمد بن عثمان القرشي، وهو ضعيف .

2320- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **312** قال: حدثنا هاشم، وحسن بن موسى . ومسلم جلد **6** صفحه **77** قال: حدثنا أحمد بن يونس . وأبو داؤد رقم الحديث: **2797** قال: حدثنا أحمد بن أبي شعيب الحراني .

2321 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ مِسْعَرٍ، سَمِعَهُ مِنْ عَطَاءِ بْنِ أَبِي رَبَاحٍ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: نَهَى عَنِ الْبُسْرِ وَالتَّمْرِ وَالزَّبِيبِ وَالتَّمْرِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا: خشک اور تر اور کشمش اور کھجور کی نبیذ سے یا فروخت کرنے سے۔

2322 - حَدَّثَنَا أَبُو سَعِيدٍ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمُؤْمِنُ يَأْكُلُ فِي مِعًى وَاحِدٍ، وَالْكَافِرُ فِي سَبْعَةِ أَمْعَاءٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مؤمن ایک آنت میں کھاتا ہے اور کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے۔

2323 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِذَا سَمِعْتُمْ نُبَاحَ الْكَلْبِ بِاللَّيْلِ أَوْ نُهَاقَ الْحَمِيرِ فَتَعَوَّذُوا بِاللّٰهِ؛ فَإِنَّهُمْ يَرَوْنَ مَا لَا تَرَوْنَ. وَأَقِلُّوا الْخُرُوجَ إِذَا هَدَأَتِ الرِّجْلُ؛ فَإِنَّ اللّٰهَ يَبُثُّ فِي لَيْلِهِ مِنْ خَلْقِهِ مَا يَشَاءُ. وَأَجِيفُوا الْأَبْوَابَ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا؛ فَإِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَفْتَحُ بَابًا أُجِيفَ وَذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ. وَغَطُّوا الْجِرَارَ وَاكْفِئُوا الْآنِيَةَ وَأَوْكُوا الْقِرَبَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم کتوں کے بھونکنے اور گدھوں کے بولنے کی آواز سنو تو اللہ سے شیطان مردود کی پناہ مانگو کیونکہ وہ دیکھتے ہیں تم نہیں دیکھتے ہو، جب رات ہو جائے تو کم نکلو، بے شک اللہ عزوجل رات کو جو چاہے مخلوق بھیجتا ہے، دروازے بند کرلیا کرو، بے شک شیطان بند دروازہ نہیں کھولتا ہے، اپنے مشکیزے کا منہ بند کرلیا کرو اور برتن ڈھانپ لیا کرو اور چراغ بجھالیا کرو۔

أَوَّلُ مُسْنَدِ — مسند سیدنا

2322- الحديث سبق برقم: 2149 فراجعه .

2323- الحديث سبق برقم: 2218 فراجعه .

ابْنِ عَبَّاسٍ

2324 - أخبرنا أبو يعلى أحمد بن علي بن المثنى الموصلي حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ أَبِي نَضْرَةَ قَالَ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَخْطُبُ عَلَى مِنْبَرِ الْبَصْرَةِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " إِنَّهُ لَمْ يَكُنْ نَبِيٌّ إِلَّا وَلَهُ دَعْوَةٌ يَتَنَجَّزُهَا فِي الدُّنْيَا، وَإِنِّي خَبَّأْتُ دَعْوَتِي شَفَاعَةً لِأُمَّتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ، وَأَنَا سَيِّدُ وَلَدِ آدَمَ وَلَا فَخْرَ. وَأَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْأَرْضُ وَلَا فَخْرَ. بِيَدِي لِوَاءُ الْحَمْدِ، وَآدَمُ وَمَنْ دُونَهُ تَحْتَ لِوَائِي وَلَا فَخْرَ. وَيَطُولُ يَوْمُ الْقِيَامَةِ عَلَى النَّاسِ وَيَشْتَدُّ حَتَّى يَقُولَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: انْطَلِقُوا بِنَا إِلَى آدَمَ أَبِي الْبَشَرِ فَيَشْفَعُ لَنَا إِلَى رَبِّكُمْ فَيَقْضِي بَيْنَنَا، فَيَنْطَلِقُونَ إِلَى آدَمَ فَيَقُولُونَ: يَا آدَمُ اشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّكَ فَلْيَقْضِ بَيْنَنَا. فَيَقُولُ آدَمُ: لَسْتُ هُنَاكَ إِنِّي أُخْرِجْتُ مِنَ الْجَنَّةِ بِخَطِيئَتِي وَإِنَّهُ لَا يُهِمُّنِي الْيَوْمَ إِلَّا نَفْسِي، وَلَكِنِ ائْتُوا نُوحًا. فَيَقُولُونَ: يَا نُوحُ اشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّكَ فَيَقْضِي بَيْنَنَا. فَيَقُولُ: لَسْتُ هُنَاكُمْ إِنِّي دَعَوْتُ دَعْوَةً أَغْرَقَتْ أَهْلَ الْأَرْضِ وَإِنَّهُ لَا يُهِمُّنِي الْيَوْمَ إِلَّا نَفْسِي، وَلَكِنِ ائْتُوا إِبْرَاهِيمَ - خَلِيلَ الرَّحْمَنِ -. فَيَأْتُونَ إِبْرَاهِيمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ

ابن عباس رضی اللہ عنہما

حضرت ابونضرہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سنا کہ آپ رضی اللہ عنہما بصرہ کی مسجد میں خطبہ ارشاد فرما رہے تھے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی نبی نہیں مگر اس نے دعا کی ہو اور اس کی دعا دنیا میں قبول نہ ہوئی ہو، میں نے اپنی دعا، اپنی امت کی شفاعت کے لیے قیامت کے دن کے لیے مؤخر کر دی ہے۔ میں اولادِ آدم کا سردار ہوں اس پر فخر نہیں میری قبر زمین سے سب سے پہلے کھلے گی۔ اس پر فخر نہیں حمد کا جھنڈا میرے ہاتھ میں ہوگا۔ آدم علیہ السلام اور آپ کے علاوہ سارے میرے جھنڈے کے نیچے ہوں گے اس پر فخر نہیں قیامت کا دن لوگوں پر لمبا ہوگا اور سخت ہوگا۔ یہاں تک کہ ان میں بعض بعض سے کہیں گے: آدم علیہ السلام کے پاس چلو! وہ ہمارے لیے اپنے رب کے ہاں شفاعت کریں' ہمارے درمیان فیصلہ کر دیا جائے۔ پس وہ حضرت آدم علیہ السلام کے پاس چل کر آئیں گے عرض کریں گے اے آدم علیہ السلام اپنے رب کے ہاں ہمارے لیے شفاعت کریں ہمارے درمیان فیصلہ کر دے۔ حضرت آدم علیہ السلام فرمائیں گے: میں یہاں آپ لوگوں کے لیے کچھ نہیں کر سکتا ہوں' میں جنت سے اپنی لغزش سے نکالا گیا ہوں کیونکہ آج مجھے اپنے ہی متعلق غم ہے' تم نوح کے پاس چلے

2324- الحديث في المقصد العلى برقم: **1913** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **372** وقال: رواه أبو يعلى وأحمد وفيه علي بن زيد وهو وثق على ضعفه وبقية رجالهما رجال الصحيح .

فَيَقُولُونَ: يَا إِبْرَاهِيمُ اشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّكَ فَلْيَقْضِ بَيْنَنَا فَيَقُولُ: لَسْتُ هُنَاكُمْ إِنِّي كَذَبْتُ فِي الْإِسْلَامِ ثَلَاثَ كَذِبَاتٍ: قَوْلُهُ: (إِنِّي سَقِيمٌ) (الصافات: 89)، وَقَوْلُهُ: (بَلْ فَعَلَهُ كَبِيرُهُمْ هَذَا) (الأنبياء: 63)، وَقَوْلُهُ لِلْمَلِكِ حِينَ مَرَّ بِهِ- . فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاللَّهِ مَا أَرَادَ بِهِمْ إِلَّا عَزَّةً لِدِينِ اللَّهِ. فَإِنَّهُ لَا يُهِمُّنِي الْيَوْمَ إِلَّا نَفْسِي، وَلَكِنِ ائْتُوا مُوسَى عَبْدًا اصْطَفَاهُ اللَّهُ بِرِسَالَتِهِ وَكَلَّمَهُ. فَيَأْتُونَ مُوسَى فَيَقُولُونَ: يَا مُوسَى اشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّكَ فَلْيَقْضِ بَيْنَنَا . فَيَقُولُ: إِنِّي لَسْتُ هُنَاكُمْ إِنِّي قَتَلْتُ نَفْسًا وَإِنَّهُ لَا يُهِمُّنِي الْيَوْمَ إِلَّا نَفْسِي، وَلَكِنِ ائْتُوا عِيسَى- رُوحَ اللَّهِ وَكَلِمَتَهُ- فَيَأْتُونَ عِيسَى فَيَقُولُونَ: يَا عِيسَى اشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّكَ فَلْيَقْضِ بَيْنَنَا فَيَقُولُ: لَسْتُ هُنَاكُمْ إِنِّي اتَّخَذْتُ إِلَهًا مِنْ دُونِ اللَّهِ وَإِنَّهُ لَا يُهِمُّنِي الْيَوْمَ إِلَّا نَفْسِي. أَرَأَيْتُمْ لَوْ كَانَ مَتَاعٌ فِي وِعَاءٍ مَخْتُومٍ أَكَانَ يُقْدَرُ عَلَى مَا فِيهِ حَتَّى يُفَضَّ الْخَاتَمُ؟ فَيَقُولُونَ: لَا . فَيَقُولُ: فَإِنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاتَمُ النَّبِيِّينَ وَقَدْ حَضَرَ وَقَدْ غَفَرَ اللَّهُ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ وَمَا تَأَخَّرَ، فَيَأْتُونَنِي فَيَقُولُونَ: يَا مُحَمَّدُ اشْفَعْ لَنَا إِلَى رَبِّكَ فَلْيَقْضِ بَيْنَنَا فَأَقُولُ: أَنَا لَهَا حَتَّى يَأْذَنَ اللَّهُ لِمَنْ يَشَاءُ وَيَرْضَى، فَإِذَا أَرَادَ اللَّهُ أَنْ يَقْضِيَ بَيْنَ خَلْقِهِ نَادَى مُنَادٍ: أَيْنَ أَحْمَدُ وَأُمَّتُهُ؟ أَيْنَ أَحْمَدُ وَأُمَّتُهُ؟ فَيَجِيئُونَ. فَنَحْنُ الْأَوَّلُونَ وَالْآخِرُونَ: آخِرُ

جاؤ۔ وہ لوگ عرض کریں گے: اے نوح! ہمارے لیے اپنے رب کے ہاں شفاعت کریں کہ ہمارے درمیان فیصلہ فرمائے! حضرت نوح علیہ السلام فرمائیں گے: میں یہاں تمہارے لیے کچھ نہیں کرسکتا ہوں کیونکہ میں نے زمین والوں کے لیے غرق ہونے کی دعا کی تھی اور مجھے غم اپنے ہی متعلق ہے' تم حضرت ابراہیم کے پاس چلے جاؤ' وہ رحمٰن کے دوست ہیں۔ وہ ابراہیم علیہ السلام کے پاس آئیں گے' عرض کریں گے: اے ابراہیم! ہمارے لیے اپنے رب کے ہاں شفاعت کرو! وہ ہمارے درمیان فیصلہ کرے! حضرت ابراہیم علیہ السلام فرمائیں گے: میں یہاں تمہارے لیے کچھ نہیں کرسکتا ہوں کیونکہ میں نے اسلام میں تین باتوں میں توریہ کیا تھا' وہ یہ ہیں: (۱) میں بیمار ہوں (۲) بلکہ یہ بڑے بت نے کیا ہے (۳) جس وقت بادشاہ کے پاس سے گزرا تھا (اُس نے آپ کی بیوی کو پکڑا تھا تو آپ نے فرمایا: یہ میری بہن ہے) حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کی قسم! ابراہیم نے یہ توریہ (اصل بات کو چھپا کر دوسری بات کو ظاہر کرنا) اللہ کے دین کی عزت کے لیے بولے تھے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام فرمائیں گے: مجھے آج اپنا ہی غم ہے' تم حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس چلے جاؤ کیونکہ اللہ نے ان کو اپنی رسالت اور اپنے ساتھ کلام کے لیے چنا تھا۔ وہ لوگ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آئیں گے اور عرض کریں گے: اے موسیٰ! ہمارے لیے اپنے رب کے ہاں شفاعت کریں کہ وہ ہمارے درمیان فیصلہ فرمائے! حضرت موسیٰ علیہ السلام فرمائیں گے: میں

مَنْ يُبْعَثُ وَأَوَّلُ مَنْ يُحَاسَبُ . فَتُفْرِجُ لَنَا الْأُمَمُ عَنْ طَرِيقِنَا فَنَمْضِي غُرًّا مُحَجَّلِينَ مِنْ آثَارِ الطُّهُورِ، فَتَقُولُ الْأُمَمُ: كَادَتْ هَذِهِ الْأُمَّةُ أَنْ تَكُونَ أَنْبِيَاءَ كُلُّهَا"

تمہارے لیے یہاں کچھ نہیں کرسکتا ہوں کیونکہ میں نے ایک جان کو قتل کیا تھا اور مجھے اپنی ہی ذات کا غم ہے' تم حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس چلے جاؤ کیونکہ آپ روح اللہ اور کلمۃ اللہ ہیں۔ وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس آئیں گے' عرض کریں گے: اے عیسیٰ! ہمارے لیے اپنے رب کے ہاں شفاعت کریں کہ وہ ہمارے درمیان فیصلہ کرے! حضرت عیسیٰ علیہ السلام جواب دیں گے: میں تمہارے لیے یہاں کچھ نہیں کرسکتا ہوں کیونکہ لوگوں نے مجھے اللہ کے علاوہ معبود بنا لیا تھا' مجھے اپنی ہی ذات کے متعلق غم ہے۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرمائیں گے: تم بتاؤ کہ اگر سامان ایسے برتن میں ہو جس پر مہر لگی ہو تو کیا اس کی مہر کھولنے سے پہلے اس پر قدرت رکھے گا؟ وہ کہیں گے: نہیں! حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرمائیں گے: بے شک محمد صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبیین ہیں' ان کے پاس جاؤ کیونکہ اللہ عزوجل نے آپ کی وجہ سے آپ کی اُمت کے پہلے اور اگلے گناہ معاف کر دیئے ہیں۔ وہ لوگ آئیں گے اور عرض کریں گے: اے محمد! ہمارے لیے اپنے رب کے ہاں شفاعت کریں کہ وہ ہمارے درمیان فیصلہ کرے! میں کہوں گا: میں ہی شفاعت کرنے کے لیے ہوں یہاں تک کہ اللہ اجازت دے گا جس کے لیے چاہے گا اور جس کے لیے راضی ہو گا' جب اللہ عزوجل اپنی مخلوق کے درمیان فیصلہ کرے گا تو ایک آواز دینے والا آواز دے گا: احمد اور اُن کی امت کہاں ہیں؟ احمد اور ان کی اُمت کہاں ہیں؟ وہ آئیں گے ہم اوّل اور آخر بھی ہیں' بھیجنے کے لحاظ سے آخر

ہیں' حساب کے لحاظ سے اوّل ہیں' ہمارے لیے اُمتیں راستہ کھول دیں گی' ہم اس حالت میں چلیں گے کہ ہمارے وضو والے اعضاء چمک رہے ہوں گے' دوسری اُمتیں کہیں گی: قریب ہے کہ یہ اُمت' سارے کے سارے نبیوں کے درجے میں ہوں۔

2325 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ جَمِيلٍ الْمَرْوَزِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْمُبَارَكِ، أَخْبَرَنَا رَبَاحُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ حَبِيبٍ، عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ أَبِي بَزَّةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُ يُحَدِّثُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ أَوَّلَ شَيْءٍ خَلَقَهُ اللَّهُ الْقَلَمَ وَأَمَرَهُ فَكَتَبَ كُلَّ شَيْءٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک سب سے پہلے جوشی اللہ عزوجل نے پیدا فرمائی وہ قلم ہے' پھر اس کے بعد اس کو حکم دیا (لکھ) اس نے ہر شی لکھ دی۔

2326 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ أَبِي إِسْحَاقَ، عَنِ التَّمِيمِيِّ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَقَدْ أُمِرْتُ بِالسِّوَاكِ حَتَّى ظَنَنْتُ أَنَّهُ يَنْزِلُ عَلَيَّ بِهِ قُرْآنٌ أَوْ وَحْيٌ

الْجَمْرَتَيْنِ وَلَمْ يُرِدِ اللُّؤْلُؤَتَيْنِ عَلِمْتَ أَنَّ أَحَدًا لَا يُؤْثِرُ الْجَمْرَتَيْنِ عَلَى اللُّؤْلُؤَتَيْنِ وَهُوَ يَعْقِلُ، فَقَرَّبَ ذَلِكَ، فَتَنَاوَلَ الْجَمْرَتَيْنِ فَانْتَزَعُوهُمَا مِنْ يَدِهِ مَخَافَةَ أَنْ تَحْرِقَاهُ، فَقَالَتِ الْمَرْأَةُ: أَلَا تَرَى؟ فَصَرَفَهُ اللَّهُ عَنْهُ بَعْدَمَا كَانَ قَدْ هَمَّ بِهِ، كَانَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ بَالِغًا فِيهِ أَمْرَهُ، فَلَمَّا بَلَغَ أَشُدَّهُ وَكَانَ مِنَ الرِّجَالِ لَمْ يَكُنْ أَحَدٌ مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ يَخْلُصُ إِلَى أَحَدٍ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ مَعَهُ بِظُلْمٍ وَلَا سُخْرَةٍ حَتَّى امْتَنَعُوا كُلَّ الِامْتِنَاعِ فَبَيْنَمَا مُوسَى فِي نَاحِيَةِ الْمَدِينَةِ إِذَا هُوَ بِرَجُلَيْنِ يَقْتَتِلَانِ أَحَدُهُمَا فِرْعَوْنِيٌّ وَالْآخَرُ إِسْرَائِيلِيٌّ، فَاسْتَغَاثَهُ الْإِسْرَائِيلِيُّ عَلَى الْفِرْعَوْنِيِّ، فَغَضِبَ مُوسَى غَضَبًا شَدِيدًا لِأَنَّهُ تَنَاوَلَهُ وَهُوَ يَعْلَمُ مَنْزِلَةَ مُوسَى مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ وَحِفْظَهُ لَهُمْ لَا يَعْلَمُ النَّاسُ أَنَّمَا ذَلِكَ مِنَ الرَّضَاعِ إِلَّا أُمُّ مُوسَى، إِلَّا أَنْ يَكُونَ اللَّهُ أَطْلَعَ مُوسَى مِنْ ذَلِكَ عَلَى مَا لَمْ يُطْلِعْ عَلَيْهِ غَيْرَهُ، فَوَكَزَ مُوسَى الْفِرْعَوْنِيَّ فَقَتَلَهُ وَلَيْسَ يَرَاهُمَا أَحَدٌ إِلَّا اللَّهُ وَالْإِسْرَائِيلِيُّ، فَقَالَ مُوسَى حِينَ قَتَلَ الرَّجُلَ: (هَذَا مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ إِنَّهُ عَدُوٌّ مُضِلٌّ مُبِينٌ) (القصص: 15) ثُمَّ قَالَ: (رَبِّ إِنِّي ظَلَمْتُ نَفْسِي فَاغْفِرْ لِي فَغَفَرَ لَهُ إِنَّهُ هُوَ الْغَفُورُ الرَّحِيمُ) (القصص: 16) وَأَصْبَحَ فِي الْمَدِينَةِ خَائِفًا يَتَرَقَّبُ الْأَخْبَارَ، فَأُتِيَ فِرْعَوْنُ فَقِيلَ لَهُ: إِنَّ بَنِي إِسْرَائِيلَ قَتَلُوا رَجُلًا مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ فَخُذْ لَنَا حَقَّنَا

محسوس تک نہ کرے (کہ کیا ہو رہا ہے)' سو وہ اُس وقت بہت خوشی سے گویا ہوئیں' جب ساری دائیاں عاجز آ گئیں: میں تمہاری راہنمائی کرتی ہوں ایک ایسے گھر کی طرف جو تمہارے لیے اس کی کفالت کریں گے اور وہ اس کے لیے مخلص ہوں گے۔ سو اُنہوں نے اُسے اپنی تحویل میں لے لیا۔ سو اُنہوں نے کہا: تجھے کیا معلوم کہ اس کے لیے کون مخلص ہے؟ کیا تُو ان کو جانتی ہے؟ یہاں تک کہ اُنہوں نے اس میں شک کی نگاہ ڈالی اور اے ابن جبیر! اس کا تعلق بھی فتون سے ہے' تو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بہن نے کہا: وہ اس بچے کے لیے اس لیے مخلص ہیں کہ انہیں بادشاہ کے گھر میں دلچسپی ہے اور وہ ان کا نفع چاہتے ہیں۔ سو اُنہوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بہن کو چھوڑ دیا' سو وہ اپنی ماں کے پاس آئیں اور انہیں آ کر ساری بات بتائی تو آپ علیہ السلام کی ماں آئیں۔ جب اُنہوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو اپنی گود میں ڈالا تو حضرت موسیٰ علیہ السلام آپ کے پستانوں کی طرف متوجہ ہوئے اور چوسنا شروع کر دیا یہاں تک کہ خوب سیر ہو کر پی لیا اور خوشخبری دینے والا' فرعون کی بیوی کی طرف گیا' یہ بشارت دیتے ہوئے کہ ہم نے آپ کے بیٹے کے لیے دایہ تلاش کر لی ہے۔ اس نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ کی طرف قاصد بھیجا کہ ان کو اور اُن کے بیٹے کو لے آئے۔ سو جب فرعون کی بیوی نے دیکھا کہ اتنی خوشی سے موسیٰ علیہ السلام ان کا دودھ پی رہے ہیں تو آپ کی والدہ سے کہا: میرے پاس ہی ٹھہر جاؤ! میرے اس بیٹے کو

وَلَا تُرَخِّصْ لَهُمْ، فَقَالَ: ابْغُونِي قَاتِلَهُ وَمَنْ يَشْهَدُ عَلَيْهِ، فَإِنَّ الْمَلِكَ وَإِنْ كَانَ صَفْوُهُ مَعَ قَوْمٍ لَا يَسْتَقِيمُ لَهُ أَنْ يُقِيدَ بِغَيْرِ بَيِّنَةٍ وَلَا ثَبْتٍ، فَاطْلُبُوا لِي عِلْمَ ذَلِكَ آخُذْ لَكُمْ بِحَقِّكُمْ فَبَيْنَمَا هُمْ يَطُوفُونَ لَا يَجِدُونَ ثَبْتًا إِذَا مُوسَى قَدْ رَأَى مِنَ الْغَدِ ذَلِكَ الْإِسْرَائِيلِيَّ يُقَاتِلُ رَجُلًا مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ آخَرَ، فَاسْتَغَاثَهُ الْإِسْرَائِيلِيُّ عَلَى الْفِرْعَوْنِيِّ، فَصَادَفَ مُوسَى قَدْ نَدِمَ عَلَى مَا كَانَ مِنْهُ، فَكَرِهَ الَّذِي رَأَى لِغَضَبِ الْإِسْرَائِيلِيِّ وَهُوَ يُرِيدُ أَنْ يَبْطِشَ بِالْفِرْعَوْنِيِّ، فَقَالَ لِلْإِسْرَائِيلِيِّ - لِمَا فَعَلَ أَمْسِ وَالْيَوْمَ - (إِنَّكَ لَغَوِيٌّ مُبِينٌ) (القصص:18) فَنَظَرَ الْإِسْرَائِيلِيُّ إِلَى مُوسَى حِينَ قَالَ لَهُ مَا قَالَ فَإِذَا هُوَ غَضْبَانُ كَغَضَبِهِ بِالْأَمْسِ، فَخَافَ أَنْ يَكُونَ إِيَّاهُ أَرَادَ وَمَا أَرَادَ الْفِرْعَوْنِيَّ، وَلَمْ يَكُنْ أَرَادَهُ إِنَّمَا أَرَادَ الْفِرْعَوْنِيَّ فَخَافَ الْإِسْرَائِيلِيُّ فَحَاجَزَ الْفِرْعَوْنِيَّ، وَقَالَ: (يَا مُوسَى أَتُرِيدُ أَنْ تَقْتُلَنِي كَمَا قَتَلْتَ نَفْسًا بِالْأَمْسِ) (القصص:19) وَإِنَّمَا قَالَ ذَلِكَ مَخَافَةَ أَنْ يَكُونَ إِيَّاهُ أَرَادَ مُوسَى لِيَقْتُلَهُ، وَتَنَازَعَا وَتَطَاوَعَا، وَانْطَلَقَ الْفِرْعَوْنِيُّ إِلَى قَوْمِهِ فَأَخْبَرَهُمْ بِمَا سَمِعَ مِنَ الْإِسْرَائِيلِيِّ مِنَ الْخَبَرِ حِينَ يَقُولُ: (أَتُرِيدُ أَنْ تَقْتُلَنِي كَمَا قَتَلْتَ نَفْسًا بِالْأَمْسِ) (القصص:19) فَأَرْسَلَ فِرْعَوْنُ الذَّبَّاحِينَ لِيَقْتُلُوا مُوسَى، فَأَخَذَ رُسُلُ فِرْعَوْنَ الطَّرِيقَ الْأَعْظَمَ يَمْشُونَ عَلَى هَيْئَتِهِمْ يَطْلُبُونَ لِمُوسَى وَهُمْ لَا

دودھ پلاؤ کیونکہ مجھے جتنا اس سے پیار ہے اتنا کسی چیز سے نہیں ہے۔ سو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ نے کہا: میں اپنا گھر اور بیٹا (ہارون) نہیں چھوڑ سکتی' اگر میں ایسا کروں تو انہیں ضائع کرنے والی ہوں گی' اگر تجھے یہ بات پسند آئے کہ تُو یہ بچہ مجھے دیدے اور میں اسے اپنے ساتھ گھر لے جاؤں' سو یہ میرے ساتھ ہوگا' میں اس کے ساتھ بھلائی میں زیادہ حریص ہوں گی' ورنہ میں اپنا گھر اور بیٹا چھوڑنے والی نہیں ہوں اور حضرت موسیٰ کی ماں نے اس وعدہ کا بھی تذکرہ کیا جو ان کے خدا نے ان سے فرمایا تھا۔ فرعون کی بیوی پر یہ بات مشکل ہوئی لیکن آپ کی والدہ کو یقین تھا کہ اللہ تعالیٰ اپنا وعدہ ضرور پورا فرمائے گا' سو آپ اپنے بیٹے کو لے کر اپنے گھر واپس آئیں۔ سو دیہات والے صبح کے وقت سارے اکٹھے ہوئے لیکن اب مذاق وظلم سے رُکنے والے تھے۔ راوی کا بیان ہے: سو جب آپ پروان چڑھے تو فرعون کی بیوی نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بیوی سے کہا: میری خواہش ہے کہ اب ایک بار آپ میرا بیٹا مجھے دکھائیں تو آپ نے اُس سے وعدہ کیا کہ کسی دن ضرور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی زیارت کروائیں گے۔ (اس دوران) فرعون کی بیوی نے اپنے خزانچیوں اور اپنی سب دائیوں کو حکم جاری کیا کہ تم میں سے کوئی بھی میرے بیٹے کا استقبال کرنے سے آج پیچھے نہ رہے' اپنے تحفے لے کر حاضر ہوں اور عزت واحترام سے پیش آئیں' میں اس کو خود ملاحظہ کروں گی اور میں ایک امین مقرر کر رہی ہوں جو تم

يَخَافُونَ أَنْ يَفُوتَهُمْ إِذْ جَاءَ رَجُلٌ مِنْ شِيعَةِ مُوسَى مِنْ أَقْصَى الْمَدِينَةِ فَاخْتَصَرَ طَرِيقًا قَرِيبًا حَتَّى يَسْبِقَهُمْ إِلَى مُوسَى فَأَخْبَرَهُ الْخَبَرَ، وَذَلِكَ مِنَ الْفُتُونِ يَا ابْنَ جُبَيْرٍ فَخَرَجَ مُوسَى مُتَوَجِّهًا نَحْوَ مَدْيَنَ لَمْ يَلْقَ بَلَاءً قَبْلَ ذَلِكَ وَلَيْسَ لَهُ بِالطَّرِيقِ عِلْمٌ إِلَّا حُسْنُ ظَنِّهِ بِرَبِّهِ عَزَّ وَجَلَّ فَإِنَّهُ قَالَ: (عَسَى رَبِّي أَنْ يَهْدِيَنِي سَوَاءَ السَّبِيلِ وَلَمَّا وَرَدَ مَاءَ مَدْيَنَ وَجَدَ عَلَيْهِ أُمَّةً مِنَ النَّاسِ يَسْقُونَ وَوَجَدَ مِنْ دُونِهِمُ امْرَأَتَيْنِ تَذُودَانِ) (القصص: 23) يَعْنِي بِذَلِكَ حَابِسَتَيْنِ غَنَمَهُمَا، فَقَالَ لَهُمَا: مَا خَطْبُكُمَا مُعْتَزِلَتَيْنِ لَا تَسْقِيَانِ مَعَ النَّاسِ؟ قَالَتَا: لَيْسَ لَنَا قُوَّةٌ نُزَاحِمُ الْقَوْمَ، وَإِنَّمَا نَنْتَظِرُ فُضُولَ حِيَاضِهِمْ، فَسَقَى لَهُمَا، فَجَعَلَ يَغْرِفُ فِي الدَّلْوِ مَاءً كَثِيرًا حَتَّى كَانَ أَوَّلَ الرِّعَاءِ فَرَاغًا، فَانْصَرَفَتَا بِغَنَمِهِمَا إِلَى أَبِيهِمَا، وَانْصَرَفَ مُوسَى فَاسْتَظَلَّ بِشَجَرَةٍ، فَقَالَ: (رَبِّ إِنِّي لِمَا أَنْزَلْتَ إِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيرٌ) (القصص: 24) فَاسْتَنْكَرَ أَبُوهُمَا سُرْعَةَ صُدُورِهِمَا بِغَنَمِهِمَا حُفَّلًا بِطَانًا، فَقَالَ: إِنَّ لَكُمَا الْيَوْمَ لَشَأْنًا، فَأَخْبَرَتَاهُ بِمَا صَنَعَ مُوسَى، فَأَمَرَ إِحْدَاهُمَا تَدْعُوهُ لَهُ، فَأَتَتْ مُوسَى فَدَعَتْهُ، فَلَمَّا كَلَّمَهُ قَالَ: (لَا تَخَفْ نَجَوْتَ مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ) (القصص: 25) لَيْسَ لِفِرْعَوْنَ وَلَا لِقَوْمِهِ عَلَيْنَا سُلْطَانٌ، وَلَسْنَا فِي مَمْلَكَتِهِ، قَالَ: (قَالَتْ إِحْدَاهُمَا يَا أَبَتِ اسْتَأْجِرْهُ إِنَّ خَيْرَ مَنِ اسْتَأْجَرْتَ الْقَوِيُّ الْأَمِينُ) (القصص:

میں سے ہر ایک کا عمل نوٹ کرے گا جو وہ کرے گا۔ تحفے' عطیات اور کرامت کا سلوک آپ کے اپنی ماں کے گھر سے نکلنے سے لے کر فرعون کی بیوی کے پاس داخل ہونے تک جاری رہا' سو جب آپ اس کے پاس پہنچے تو اُس نے آپ کی بے حد عزت وتکریم کی۔ آپ کی تشریف آوری سے بہت خوش ہوئی اور اُس نے آپ کی والدہ کی بھی بہت عزت کی' اُن کے اچھے سلوک کی وجہ سے۔ پھر کہا: اس کو فرعون کے پاس لے جاؤ! اُسے بھی چاہیے کہ اس کی عزت کرے اور تکریم بجالائے۔ سو جب آپ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو لے کر اس کے پاس آئیں تو آپ کو اُس کی گود میں ڈال دیا۔ سو موسیٰ علیہ السلام نے فرعون کی داڑھی کو پکڑ کر زمین کی طرف کھینچا۔ سرکش اللہ کے دشمنوں نے فرعون سے کہا: کیا آپ نہیں دیکھ رہے جو وعدہ اللہ نے اپنے نبی ابراہیم سے کیا کہ وہ تجھے پالے گا' تیرے خلاف اُٹھے گا اور تجھے پچھاڑ دے گا؟ سو اُس نے ذبح کرنے والے گروہ کی طرف پیغام بھیجا کہ آ کر اسے ذبح کر دو۔ اے ابن جبیر! اس کا تعلق بھی فتون سے ہے' ہر اس بلا کے بعد جس میں اُن کو مبتلا کیا گیا۔ (فرعون کی بیوی کو پتا چلا) تو وہ دوڑتی ہوئی فرعون کے پاس آئی اور کہا: تیرے لیے اس بچہ میں کیا بات ظاہر ہوئی ہے جو میں نے تیری طرف بھیجا ہے؟ راوی کا بیان ہے: اس کا گمان ہے کہ وہ اسے پچھاڑ دے گا اور غالب آ جائے گا۔ فرعون کی بیوی نے کہا: اپنے اور میرے درمیان ایک بات رکھ' جس سے حق واضح ہو

26) فَاحْتَمَلَتْهُ الْغَيْرَةُ عَلَى أَنْ قَالَ: وَمَا يُدْرِيكِ مَا قُوَّتُهُ وَمَا أَمَانَتُهُ؟ قَالَتْ: أَمَّا قُوَّتُهُ، فَمَا رَأَيْتُ مِنْهُ فِي الدَّلْوِ حِينَ سَقَى لَنَا، لَمْ أَرَ رَجُلًا أَقْوَى فِي ذَلِكَ السَّقْيِ مِنْهُ، وَأَمَّا أَمَانَتُهُ، فَإِنَّهُ نَظَرَ إِلَيَّ حِينَ أَقْبَلْتُ إِلَيْهِ وَشَخَصْتُ لَهُ، فَلَمَّا عَلِمَ أَنِّي امْرَأَةٌ صَوَّبَ رَأْسَهُ وَلَمْ يَرْفَعْهُ وَلَمْ يَنْظُرْ إِلَيَّ حَتَّى بَلَّغْتُهُ رِسَالَتَكَ، ثُمَّ قَالَ: امْشِي خَلْفِي، وَانْعَتِي لِيَ الطَّرِيقَ فَلَمْ يَفْعَلْ هَذَا الْأَمْرَ إِلَّا وَهُوَ أَمِينٌ، فَسُرِّيَ عَنْ أَبِيهَا فَصَدَّقَهَا وَظَنَّ بِهِ الَّذِي قَالَتْ، فَقَالَ لَهُ: هَلْ لَكَ (أَنْ أُنْكِحَكَ إِحْدَى ابْنَتَيَّ هَاتَيْنِ عَلَى أَنْ تَأْجُرَنِي ثَمَانِيَ حِجَجٍ فَإِنْ أَتْمَمْتَ عَشْرًا فَمِنْ عِنْدِكَ وَمَا أُرِيدُ أَنْ أَشُقَّ عَلَيْكَ سَتَجِدُنِي إِنْ شَاءَ اللَّهُ مِنَ الصَّالِحِينَ) (القصص: 27) فَفَعَلَ فَكَانَتْ عَلَى نَبِيِّ اللَّهِ مُوسَى صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَمَانُ سِنِينَ وَاجِبَةً، وَكَانَتْ سَنَتَانِ عِدَتَهُ مِنْهُ، فَقَضَى اللَّهُ عَنْهُ عِدَتَهُ فَأَتَمَّهَا عَشْرًا قَالَ سَعِيدٌ: فَلَقِيَنِي رَجُلٌ مِنْ أَهْلِ النَّصْرَانِيَّةِ مِنْ عُلَمَائِهِمْ، فَقَالَ: هَلْ تَدْرِي أَيُّ الْأَجَلَيْنِ قَضَى مُوسَى؟ قُلْتُ: لَا، وَأَنَا يَوْمَئِذٍ لَا أَدْرِي، فَلَقِيتُ ابْنَ عَبَّاسٍ فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لَهُ، فَقَالَ: أَمَا عَلِمْتَ أَنَّ ثَمَانِيًا كَانَ عَلَى مُوسَى وَاجِبَةً وَلَمْ يَكُنْ نَبِيُّ اللَّهِ لِيَنْقُصَ مِنْهَا شَيْئًا وَيَعْلَمُ أَنَّ اللَّهَ قَاضٍ عَنْ مُوسَى عِدَتَهُ الَّتِي وَعَدَ، فَإِنَّهُ قَضَى عَشْرَ سِنِينَ، فَلَقِيتُ النَّصْرَانِيَّ فَأَخْبَرْتُهُ ذَلِكَ، فَقَالَ: الَّذِي سَأَلْتَهُ فَأَخْبَرَكَ أَعْلَمُ مِنْكَ بِذَلِكَ، قَالَ: قُلْتُ

جائے (یہ بچہ ہے' اسے ابھی اچھے بُرے کی پہچان نہیں) دو انگارے اور اُن کے مشابہ دو سرخ موتی لائے جائیں' سب اس کے سامنے رکھ دیئے جائیں' اگر تو یہ موتیوں کو پکڑ لے اور انگاروں کو چھوڑ دے تو آپ یہ سمجھیں کہ یہ عقل مند ہے اور اگر انگاروں کو پکڑ لے اور موتیوں کی طرف جانے کا ارادہ ہی نہ کرے تو جان لے کہ کوئی بھی عقل رکھتے ہوئے موتیوں کو چھوڑ کر انگاروں کو ترجیح نہیں دیتا۔ سو اُس نے یہ چیزیں آپ کے قریب کیں تو آپ نے انگارے اُٹھا لیے' سو سب نے مل کر آپ کے ہاتھ سے کھینچ لیے کہ آپ کے ہاتھ نہ جل جائیں' تو فرعون کی بیوی نے کہا: ہاں! اب تُو نے دیکھ لیا؟ سو اللہ تعالیٰ نے آپ کو موتی سے پھیر دیا بعد اس کے کہ آپ اسے اُٹھانے کا ارادہ فرما چکے تھے۔ اللہ تعالیٰ ہی اس میں آکری بات تک پہنچانے والا ہے۔ سو جب آپ ہوش کی عمر کو پہنچے جبکہ آپ کا تعلق ان لوگوں سے تھا جن میں سے کوئی ایک آلِ فرعون سے نہ تھا۔ یہاں تک کہ وہ مکمل طور پر رُک گئے۔ اسی اثناء میں موسیٰ علیہ السلام شہر کے ایک کونے میں رہتے تھے' ایک دن اچانک آپ کی نظر پڑی تو دو آدمی آپس میں لڑ رہے ہیں' جن میں سے ایک فرعونی اور ایک اسرائیلی تھا۔ اسرائیلی نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے فرعونی کے خلاف مدد طلب کی۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کو سخت غصہ آیا کیونکہ آپ علیہ السلام نے اسے اس حال میں پایا کہ وہ جانتا تھا کہ موسیٰ علیہ السلام بنی اسرائیل سے ہیں اور فرعون نے آپ کی حفاظت کی ہے۔ دیگر لوگ

أَجَلُ، وَأَوْلَى فَلَمَّا سَارَ مُوسَى بِأَهْلِهِ كَانَ مِنْ أَمْرِ النَّارِ وَالْعَصَا وَيَدِهِ مَا قَصَّ اللّٰهُ عَلَيْكَ فِي الْقُرْآنِ فَشَكَا إِلَى رَبِّهِ تَبَارَكَ وَتَعَالَى مَا يَتَخَوَّفُ مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ فِي الْقَتْلِ وَعَقْدِ لِسَانِهِ، فَإِنَّهُ كَانَ فِي لِسَانِهِ عُقْدَةٌ تَمْنَعُهُ مِنْ كَثِيرٍ مِنَ الْكَلَامِ، وَسَأَلَ رَبَّهُ أَنْ يُعِينَهُ بِأَخِيهِ هَارُونَ يَكُونُ لَهُ رِدْءًا وَيَتَكَلَّمُ عَنْهُ بِكَثِيرٍ مِمَّا لَا يُفْصِحُ بِهِ لِسَانُهُ، فَآتَاهُ اللّٰهُ سُؤْلَهُ وَحَلَّ عُقْدَةً مِنْ لِسَانِهِ، فَأَوْحَى اللّٰهُ إِلَى هَارُونَ وَأَمَرَهُ أَنْ يَلْقَاهُ فَانْدَفَعَ مُوسَى بِعَصَاهُ حَتَّى لَقِيَ هَارُونَ، فَانْطَلَقَا جَمِيعًا إِلَى فِرْعَوْنَ، فَأَقَامَا عَلَى بَابِهِ حِينًا لَا يُؤْذَنُ لَهُمَا، ثُمَّ أُذِنَ لَهُمَا بَعْدَ حِجَابٍ شَدِيدٍ، فَقَالَا: (إِنَّا رَسُولَا رَبِّكَ) (طه: 47) قَالَ: (فَمَنْ رَبُّكُمَا يَا مُوسَى) (طه: 49) فَأَخْبَرَهُ بِالَّذِي قَصَّ اللّٰهُ عَلَيْكَ فِي الْقُرْآنِ، قَالَ: فَمَا تُرِيدُ، وَذَكَّرَهُ الْقَتِيلَ فَاعْتَذَرَ بِمَا قَدْ سَمِعْتَ، وَقَالَ: إِنِّي أُرِيدُ أَنْ تُؤْمِنَ بِاللّٰهِ وَتُرْسِلَ مَعِي بَنِي إِسْرَائِيلَ فَأَبَى عَلَيْهِ ذَلِكَ، وَقَالَ: ائْتِ بِآيَةٍ إِنْ كُنْتَ مِنَ الصَّادِقِينَ، فَأَلْقَى عَصَاهُ فَإِذَا هِيَ حَيَّةٌ عَظِيمَةٌ فَاغِرَةٌ فَاهَا مُسْرِعَةٌ إِلَى فِرْعَوْنَ، فَلَمَّا رَآهَا فِرْعَوْنُ قَاصِدَةً إِلَيْهِ خَافَهَا فَاقْتَحَمَ، عَنْ سَرِيرِهِ وَاسْتَغَاثَ بِمُوسَى أَنْ يَكُفَّهَا عَنْهُ فَفَعَلَ، ثُمَّ أَخْرَجَ يَدَهُ مِنْ جَيْبِهِ فَرَآهَا بَيْضَاءَ مِنْ غَيْرِ سُوءٍ - يَعْنِي مِنْ غَيْرِ بَرَصٍ - ثُمَّ رَدَّهَا فَعَادَتْ إِلَى لَوْنِهَا الْأَوَّلِ، فَاسْتَشَارَ الْمَلَأَ حَوْلَهُ فِيمَا رَأَى، فَقَالُوا لَهُ: (إِنْ

بس اتنا ہی جانتے تھے کہ موسیٰ علیہ السلام کی والدہ نے انہیں دودھ پلایا ہے مگر اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کو ان باتوں پر مطلع فرما دیا تھا جن پر کسی دوسرے کو مطلع نہ فرمایا تھا۔ سو موسیٰ علیہ السلام نے فرعونی کو مُکّہ دے مارا (اُسی غصہ میں)' سو وہ قتل ہو گیا (آپ کے ہاتھوں) جبکہ ان دونوں کو دیکھنے والا خدا تھا یا وہ اسرائیلی' اس کے سوا کوئی دیکھنے والا نہ تھا۔ سو موسیٰ علیہ السلام کے ہاتھوں جب وہ بندہ قتل ہو گیا تو آپ کی زبان سے بے اختیار نکلا (قرآن میں بھی ہے:) ''یہ تو شیطانی کام ہے کیونکہ شیطان گمراہ کرنے والا کھلا دشمن ہے''۔ پھر بولے: ''اے میرے رب! میں نے اپنی جان پر ظلم کر لیا' سو تُو مجھے معاف کر دے! سو اللہ نے موسیٰ علیہ السلام کو معاف کر دیا کیونکہ وہ بہت بخشنے والا' بہت ہی مہربان ہے''۔ اُنہوں نے شہر میں صبح اس حال میں کی کہ آپ ڈر محسوس کر رہے تھے' خبریں دینے والوں کو تاڑتے تھے۔ سو ایک آدمی فرعون کے پاس آیا اور اس سے کہا کہ اسرائیلیوں نے فرعونیوں کا ایک آدمی قتل کر دیا ہے' ہمیں ہمارا حق دلائیں اور ہم کسی صورت نہیں چھوڑیں گے۔ سو فرعون بولا: اس کے قاتل کو تلاش کر کے میرے پاس لے آؤ اور ایک گواہ بھی لاؤ! کیونکہ بادشاہ اگرچہ اس کی اپنی قوم کے ساتھ صفائی کے حوالے سے صحیح نہیں کہ غیر بینہ اور بغیر ثبوت کے ساتھ اس کے فیصلے کو مقید کیا جائے' تم میرے لیے اس کی معلومات تلاش کرو' میں تمہارا حق دلا دیتا ہوں۔ سو اسی اثناء میں کہ وہ گھوم رہے تھے اور کوئی ثبوت نہیں پا رہے تھے'

هَذَانِ لَسَاحِرَانِ يُرِيدَانِ أَنْ يُخْرِجَاكُمْ مِنْ أَرْضِكُمْ بِسِحْرِهِمَا وَيَذْهَبَا بِطَرِيقَتِكُمُ الْمُثْلَى) (طه:63) يَعْنِي مُلْكَهُمُ الَّذِي هُمْ فِيهِ وَالْعَيْشَ - فَأَبَوْا أَنْ يُعْطُوهُ شَيْئًا مِمَّا طَلَبَ - وَقَالُوا لَهُ: اجْمَعْ لَنَا السَّحَرَةَ فَإِنَّهُمْ بِأَرْضِكَ كَثِيرٌ حَتَّى يَغْلِبَ سِحْرُهُمْ سِحْرَهُمَا، فَأَرْسَلَ فِي الْمَدِينَةِ، فَحَشَرَ لَهُ كُلَّ سَاحِرٍ مُتَعَالِمٍ، فَلَمَّا أَتَوْا فِرْعَوْنَ قَالُوا: بِمَ يَعْمَلُ هَذَا السَّاحِرُ؟ قَالُوا: يَعْمَلُ بِالْحَيَّاتِ، قَالُوا: فَلَا وَاللّٰهِ مَا أَحَدٌ فِي الْأَرْضِ يَعْمَلُ السِّحْرَ بِالْحَيَّاتِ وَالْعِصِيِّ الَّذِي نَعْمَلُ، فَمَا أَجْرُنَا إِنْ نَحْنُ غَلَبْنَا؟ فَقَالَ لَهُمْ: إِنَّكُمْ أَقَارِبِي وَخَاصَّتِي، فَأَنَا صَانِعٌ إِلَيْكُمْ كُلَّ مَا أَحْبَبْتُمْ، فَتَوَاعَدُوا يَوْمَ الزِّينَةِ (وَأَنْ يُحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى) (طه:59)

قَالَ سَعِيدٌ: حَدَّثَنِي ابْنُ عَبَّاسٍ أَنَّ يَوْمَ الزِّينَةِ الْيَوْمُ الَّذِي أَظْهَرَ اللّٰهُ فِيهِ مُوسَى عَلَى فِرْعَوْنَ وَالسَّحَرَةِ، وَهُوَ يَوْمُ عَاشُورَاءَ، فَلَمَّا اجْتَمَعُوا فِي صَعِيدٍ، قَالَ النَّاسُ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ: انْطَلِقُوا فَلْنَحْضُرْ هَذَا الْأَمْرَ (لَعَلَّنَا نَتَّبِعُ السَّحَرَةَ إِنْ كَانُوا هُمُ الْغَالِبِينَ) (الشعراء:40) يَعْنُونَ مُوسَى وَهَارُونَ - اسْتِهْزَاءً بِهِمَا، فَقَالُوا: يَا مُوسَى - لِقُدْرَتِهِمْ بِسِحْرِهِمْ - (إِمَّا أَنْ تُلْقِيَ وَإِمَّا أَنْ نَكُونَ نَحْنُ الْمُلْقِينَ) (الأعراف:115) قَالَ: بَلْ أَلْقُوا (فَأَلْقَوْا حِبَالَهُمْ وَعِصِيَّهُمْ وَقَالُوا بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ إِنَّا لَنَحْنُ الْغَالِبُونَ) (الشعراء:44) فَرَأَى مُوسَى

دوسرے دن اچانک موسیٰ علیہ السلام کی نظر پڑی تو وہی اسرائیلی ایک اور فرعونی سے مقاتلہ کر رہا ہے تو اسرائیلی نے فرعون کے خلاف آپ سے استغاثہ کیا۔ موسیٰ علیہ السلام اپنے سابقہ عمل پر نادم تھے تو آپ نے اسرائیلی کے غصہ کو انتہائی ناپسند فرمایا' وہ چاہتے تھے کہ فرعونی کو پکڑ لیں' سو آپ نے اسرائیلی سے فرمایا: تُو نے کل بھی اور آج بھی یہ کام کیوں کیا: ''تُو تو نرا فسادی ہے''۔ اسرائیلی نے موسیٰ علیہ السلام کی طرف دیکھا جب موسیٰ علیہ السلام نے اس سے یہ بات کہی تو پس وہ انتہائی غصے میں تھا' جیسے ایک دن پہلے تھا۔ سو آپ کو خوف ہوا کہ ممکن ہے اسرائیلی نے پہلے لڑنے کا ارادہ کیا ہو اور فرعونی نے ارادہ نہ کیا ہو' حالانکہ اُس نے ارادہ کیا تھا' ارادہ تو فرعونی نے کیا تھا۔ سو اسرائیلی ڈرا اور فرعونی سے عاجز آ گیا اور بولا: ''اے موسیٰ! کیا تُو چاہتا ہے کہ تُو مجھے اسی طرح قتل کر دے جس طرح تُو نے کل ایک آدمی کو قتل کر دیا''۔ سو اُس نے یہ بات اس خوف سے کہی کہ موسیٰ علیہ السلام نے اُس کے قتل کرنے کا ارادہ کر لیا ہے۔ اُن دونوں نے خوب جھگڑا کیا اور ایک دوسرے کو نیچا دکھانے کی کوشش کی اور فرعونی اپنی قوم کی طرف گیا' سو ان سب کو خبردار کر دیا' جو بات اُس نے اسرائیلی سے سنی تھی' جب اسرائیلی کہہ رہا تھا: ''کیا تُو مجھے قتل کرنے کا ارادہ رکھتا ہے جس طرح تُو نے کل آدمی قتل کیا''۔ سو فرعون نے ذبح کرنے والوں کو بھیج دیا تاکہ وہ موسیٰ علیہ السلام کو قتل کر دیں۔ فرعون کے قاصد شاہراہ پر چلنے لگے' وہ بڑے سکون سے چل رہے تھے اور

مِنْ سِحْرِهِمْ مَا أَوْجَسَ فِي نَفْسِهِ خِيفَةً، فَأَوْحَى اللَّهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى إِلَيْهِ (أَنْ أَلْقِ عَصَاكَ) (الأعراف: 117) فَلَمَّا أَلْقَاهَا صَارَتْ ثُعْبَانًا عَظِيمًا فَاغِرَةً فَاهَا، فَجَعَلَتِ الْعِصِيُّ بِدَعْوَةِ مُوسَى تَلْتَبِسُ بِالْحِبَالِ حَتَّى صَارَتْ جُرُزًا إِلَى الثُّعْبَانِ تَدْخُلُ فِيهِ، حَتَّى مَا أَبْقَتْ عَصًا وَلَا حَبْلًا إِلَّا ابْتَلَعَتْهُ، فَلَمَّا عَرَفَ السَّحَرَةُ ذَلِكَ قَالُوا: لَوْ كَانَ هَذَا سِحْرًا لَمْ يَبْلُغْ مِنْ سِحْرِنَا هَذَا، وَلَكِنَّهُ أَمْرٌ مِنْ أَمْرِ اللَّهِ تَبَارَكَ وَتَعَالَى آمَنَّا بِاللَّهِ وَبِمَا جَاءَ بِهِ مُوسَى وَنَتُوبُ إِلَى اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ مِمَّا كُنَّا عَلَيْهِ، وَكَسَرَ اللَّهُ ظَهْرَ فِرْعَوْنَ فِي ذَلِكَ الْمَوْطِنِ وَأَشْيَاعَهُ، وَأَظْهَرَ الْحَقَّ (وَبَطَلَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ فَغُلِبُوا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوا صَاغِرِينَ) (الأعراف: 118) وَامْرَأَةُ فِرْعَوْنَ بَارِزَةٌ مُتَبَذِّلَةٌ تَدْعُو اللَّهَ بِالنَّصْرِ لِمُوسَى عَلَى فِرْعَوْنَ، فَمَنْ رَآهَا مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ ظَنَّ أَنَّهَا ابْتَذَلَتْ لِلشَّفَقَةِ عَلَى فِرْعَوْنَ وَأَشْيَاعِهِ، وَإِنَّمَا كَانَ حُزْنُهَا وَهَمُّهَا لِمُوسَى فَلَمَّا طَالَ مُكْثُ مُوسَى لِمَوَاعِيدِ فِرْعَوْنَ الْكَاذِبَةِ، كُلَّمَا جَاءَهُ بِآيَةٍ وَعَدَهُ عِنْدَهَا أَنْ يُرْسِلَ بَنِي إِسْرَائِيلَ، فَإِذَا مَضَتْ أَخْلَفَ مَوَاعِيدَهُ، وَقَالَ: هَلْ يَسْتَطِيعُ رَبُّكَ أَنْ يَصْنَعَ غَيْرَ هَذَا، فَأَرْسَلَ اللَّهُ عَلَيْهِ وَعَلَى قَوْمِهِ الطُّوفَانَ وَالْجَرَادَ وَالْقُمَّلَ وَالضَّفَادِعَ وَالدَّمَ آيَاتٍ مُفَصَّلَاتٍ، كُلُّ ذَلِكَ يَشْكُو إِلَى مُوسَى وَيَطْلُبُ إِلَيْهِ أَنْ يَكْفُفَهَا عَنْهُ، وَيُوَافِقُهُ أَنْ يُرْسِلَ مَعَهُ

انہیں موسیٰ علیہ السلام کی تلاش تھی' انہیں اس بات کا کوئی خوف نہ تھا کہ وہ آپ کو نہ پا سکیں گے۔ اچانک موسیٰ علیہ السلام کے گروہ کا ایک آدمی شہر کے پرلے کنارے سے آیا اور اُس نے قریبی راستہ طے کیا یہاں تک کہ موسیٰ علیہ السلام سے مل کر آپ کو ساری بات سے آگاہ کر دیا۔ اے ابن جبیر! اس کا تعلق بھی فتون سے ہے۔ سو حضرت موسیٰ علیہ السلام مدین کی طرف متوجہ ہوئے' اس شہر سے نکل پڑے۔ اس سے قبل اُن کی کوئی آزمائش نہ ہوئی تھی اور نہ انہیں راستے کا علم تھا مگر وہ اپنے رب کے بارے نیک گمان رکھتے تھے (کہ وہ راہنمائی فرمائے گا) کیونکہ آپ نے کہا: مجھے قوی اُمید ہے کہ میرا رب سیدھے راستے کی طرف میری راہنمائی فرمائے گا اور جب آپ مدین میں تشریف لائے تو لوگوں کے ایک گروہ کو پانی بھرتے دیکھا اور اُن کے ساتھ دو عورتیں رُکی ہوئی دیکھیں' یعنی وہ اپنے مویشیوں کو روکے ہوئے ایک طرف کھڑی تھیں تو آپ نے ان سے فرمایا: تمہارا کیا معاملہ ہے؟ تم کیوں الگ تھلگ کھڑی ہو؟ لوگوں کے ساتھ (اپنے مویشیوں کو) پانی کیوں نہیں پلاتی ہو؟ اُن دونوں نے کہا: قوم سے مزاحمت کرنے کی ہم میں طاقت نہیں' ہم حوضوں کے خالی ہونے کا انتظار کر رہی ہیں۔ سو آپ علیہ السلام نے ان کے مویشیوں کو پانی پلایا' پس آپ ڈول میں پانی ڈالتے رہے یہاں تک کہ پہلا فرواہا فارغ ہو گیا' سو وہ دونوں عورتیں اپنی بکریوں کو لے کر اپنے باپ کی طرف چلی گئیں اور موسیٰ علیہ السلام ایک طرف ہو کر درخت کے سائے

بَنِي إِسْرَائِيلَ، فَإِذَا كَفَّ ذَلِكَ عَنْهُ أَخْلَفَ مَوْعِدَهُ وَنَكَثَ عَهْدَهُ، حَتَّى أُمِرَ بِالْخُرُوجِ بِقَوْمِهِ، فَخَرَجَ بِهِمْ لَيْلًا، فَلَمَّا أَصْبَحَ فِرْعَوْنُ وَرَأَى أَنَّهُمْ قَدْ مَضَوْا، أَرْسَلَ فِي الْمَدَائِنِ حَاشِرِينَ، يَتْبَعُهُمْ بِجُنُودٍ عَظِيمَةٍ كَثِيرَةٍ، فَأَوْحَى اللَّهُ إِلَى الْبَحْرِ أَنْ إِذَا ضَرَبَكَ عَبْدِي مُوسَى بِعَصَاهُ فَانْفَرِقِ اثْنَيْ عَشَرَ فِرْقًا حَتَّى يَجُوزَ مُوسَى وَمَنْ مَعَهُ، ثُمَّ الْتَقِ عَلَى مَنْ بَقِيَ بَعْدَهُ مِنْ فِرْعَوْنَ وَأَشْيَاعِهِ، فَنَسِيَ مُوسَى أَنْ يَضْرِبَ الْبَحْرَ بِالْعَصَا فَانْتَهَى إِلَى الْبَحْرِ وَلَهُ قَصِيفٌ مَخَافَةَ أَنْ يَضْرِبَهُ مُوسَى بِعَصَاهُ وَهُوَ غَافِلٌ فَيَصِيرَ عَاصِيًا فَلَمَّا تَرَاءَى الْجَمْعَانِ وَتَقَارَبَا، قَالَ قَوْمُ مُوسَى (إِنَّا لَمُدْرَكُونَ) (الشعراء : 61) افْعَلْ مَا أَمَرَكَ رَبُّكَ، فَإِنَّكَ لَنْ تَكْذِبَ وَلَنْ تُكْذَبَ، فَقَالَ: وَعَدَنِي إِذَا أَتَيْتُ الْبَحْرَ أَنْ يُفْرَقَ لِي اثْنَيْ عَشَرَ فِرْقًا حَتَّى أُجَاوِزَهُ، ثُمَّ ذَكَرَ بَعْدَ ذَلِكَ الْعَصَا، فَضَرَبَ الْبَحْرَ بِعَصَاهُ فَانْفَرَقَ لَهُ حِينَ دَنَا أَوَائِلُ جُنْدِ فِرْعَوْنَ مِنْ أَوَاخِرِ جُنْدِ مُوسَى، فَانْفَرَقَ الْبَحْرُ كَمَا أَمَرَهُ رَبُّهُ، وَكَمَا وَعَدَ مُوسَى، فَلَمَّا أَنْ جَاوَزَ مُوسَى وَأَصْحَابُهُ كُلُّهُمْ، وَدَخَلَ فِرْعَوْنُ وَأَصْحَابُهُ الْتَقَى عَلَيْهِمْ كَمَا أَمَرَ اللَّهُ، فَلَمَّا أَنْ جَاوَزَ مُوسَى الْبَحْرَ قَالُوا: إِنَّا نَخَافُ أَنْ لَا يَكُونَ فِرْعَوْنُ غَرِقَ فَلَا نُؤْمِنُ بِهَلَاكِهِ، فَدَعَا رَبَّهُ، فَأَخْرَجَهُ لَهُ بِبَدَنِهِ حَتَّى اسْتَيْقَنُوا بِهَلَاكِهِ، ثُمَّ مَرُّوا عَلَى قَوْمٍ يَعْكُفُونَ عَلَى أَصْنَامٍ لَهُمْ (قَالُوا يَا مُوسَى اجْعَلْ لَنَا إِلَهًا كَمَا

میں بیٹھ گئے۔ پس آپ نے عرض کی: ''اے میرے رب! میں اس چیز کا محتاج ہوں جو تُو نے میرے لیے اُتاری ہے''۔ اُن دونوں عورتوں کے باپ نے تعجب کیا اس بات پر کہ وہ اپنے ریوڑ کو اتنا جلدی کس طرح خوب سیر کر کے لے آئی ہیں۔ ان کے باپ نے کہا: بے شک آج تمہیں کوئی خاص معاملہ پیش آیا ہے۔ سو اُن دونوں نے اپنے باپ کو خبر دے دی جو نیک سلوک حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اُن سے کیا تھا۔ اُن کے باپ نے اُن میں سے ایک کو حکم دیا کہ جاؤ اور اسے بلا کر لے آؤ! سو وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پاس آئی اور آپ کو دعوت دی۔ پس جب موسیٰ علیہ السلام نے جا کر اُن کے باپ (حضرت شعیب علیہ السلام) سے بات کی تو اُنہوں نے فرمایا: ''ڈریئے مت! آپ نے ظلم قوم سے نجات پالی ہے'' (کیونکہ فرعون کی حکومت ہم پر نہیں ہے اور) نہ ہی اُن کی قوم کا اِدھر کوئی دخل ہے اور نہ ہی ہم اُس کی مملکت میں ہیں۔ راوی کا بیان ہے: ''اُن دونوں عورتوں میں سے ایک نے کہا: اے میرے باپ! انہیں اُجرت عنایت کیجئے کیونکہ یہ طاقتور اور امانتدار مستاجر ہیں'' وہ غیرت میں آ گئے اور پوچھنے لگے: آپ کو اس کی قوت اور امانت کا کیا علم؟ اس نے اپنے باپ کو جواب دیا: میں نے اس کی طاقت کا اس وقت اندازہ کیا جب اِنہوں نے ہمیں ڈول میں پانی بھر کر دیا' میں نے پانی بھرنے کے کام میں اتنا طاقتور آج تک نہیں دیکھا' باقی رہی آپ کی امانت تو جب میں دُور سے اس کی طرف آنے لگی تو اس نے

لَهُمْ آلِهَةٌ قَالَ إِنَّكُمْ قَوْمٌ تَجْهَلُونَ إِنَّ هَؤُلَاءِ مُتَبَّرٌ مَا هُمْ فِيهِ وَبَاطِلٌ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ) (الأعراف: 138) قَدْ رَأَيْتُمْ مِنَ الْعِبَرِ، وَسَمِعْتُمْ مَا يَكْفِيكُمْ، وَمَضَى فَأَنْزَلَهُمْ مُوسَى مَنْزِلًا، ثُمَّ قَالَ لَهُمْ: أَطِيعُوا هَارُونَ، فَإِنِّي قَدِ اسْتَخْلَفْتُهُ عَلَيْكُمْ وَإِنِّي ذَاهِبٌ إِلَى رَبِّي، وَأَجَّلَهُمْ ثَلَاثِينَ يَوْمًا أَنْ يَرْجِعَ إِلَيْهِمْ فَلَمَّا أَتَى رَبَّهُ أَرَادَ أَنْ يُكَلِّمَهُ فِي ثَلَاثِينَ وَقَدْ صَامَهُنَّ لَيْلَتَيْنِ وَنَهَارَهُنَّ، كَرِهَ أَنْ يُكَلِّمَ رَبَّهُ وَيَخْرُجَ مِنْ فَمِهِ رِيحُ فَمِ الصَّائِمِ، فَتَنَاوَلَ مُوسَى شَيْئًا مِنْ نَبَاتِ الْأَرْضِ فَمَضَغَهُ، فَقَالَ لَهُ رَبُّهُ حِينَ أَتَاهُ أَفْطَرْتَ؟ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالَّذِي كَانَ، قَالَ: رَبِّ كَرِهْتُ أَنْ أُكَلِّمَكَ إِلَّا وَفَمِي طَيِّبُ الرِّيحِ، قَالَ: أَوَمَا عَلِمْتَ يَا مُوسَى أَنَّ رِيحَ فَمِ الصَّائِمِ أَطْيَبُ عِنْدِي مِنْ رِيحِ الْمِسْكِ، ارْجِعْ حَتَّى تَصُومَ عَشْرًا ثُمَّ ائْتِنِي فَفَعَلَ مُوسَى مَا أُمِرَ بِهِ، فَلَمَّا رَأَى قَوْمُ مُوسَى أَنَّهُ لَمْ يَرْجِعْ إِلَيْهِمْ لِلْأَجَلِ، قَالَ: سَاءَهُمْ ذَلِكَ، وَكَانَ هَارُونُ قَدْ خَطَبَهُمْ، فَقَالَ: إِنَّكُمْ خَرَجْتُمْ مِنْ مِصْرَ وَلِقَوْمِ فِرْعَوْنَ عَوَارٍ وَوَدَائِعُ لَكُمْ فِيهَا مِثْلُ ذَلِكَ، وَأَنَا أَرَى أَنْ تَحْتَسِبُوا مَالَكُمْ عِنْدَهُمْ، وَلَا أُحِلُّ لَكُمْ وَدِيعَةً وَلَا عَارِيَةً، وَلَسْنَا بِرَادِّينَ إِلَيْهِمْ شَيْئًا مِنْ ذَلِكَ وَلَا مُمْسِكِيهِ لِأَنْفُسِنَا، فَحَفَرَ حَفِيرًا وَأَمَرَ كُلَّ قَوْمٍ عِنْدَهُمْ شَيْءٌ مِنْ ذَلِكَ مِنْ مَتَاعٍ أَوْ حِلْيَةٍ أَنْ يَقْذِفُوهُ فِي ذَلِكَ الْحَفِيرِ، ثُمَّ أَوْقَدَ عَلَيْهِ النَّارَ فَأَحْرَقَهُ، فَقَالَ: لَا يَكُونُ لَنَا وَلَا لَهُمْ، وَكَانَ

میری طرف دیکھا' سو جب اسے علم ہو گیا کہ یہ عورت ہے تو اس نے سر جھکا لیا' پھر سر نہیں اُٹھایا اور نہ ہی میری طرف دیکھا یہاں تک کہ میں نے آپ کا پیغام انہیں پہنچا دیا۔ پھر کہا: میرے پیچھے چلنا اور مجھے راستہ بتاتے جانا' یہ کام وہی کر سکتا ہے جو امین ہو اور اس کے باپ سے کچھ سرگوشی کی گئی' سو اس کے باپ نے اس کی تصدیق اور جو کچھ اُس نے کہا: من وعن اس پر یقین کر لیا۔ اُن کے باپ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کہا: تیرا کیا خیال ہے کہ ''ان دو بیٹیوں میں سے ایک کا نکاح تجھ سے کر دوں اس شرط پر کہ آٹھ سال تک تُو میرے گھر کے کام بجا لائے' پس اگر دس سال مکمل کرے تو وہ تیری اپنی طرف سے ہوں گے' ہم تجھے مشکل میں نہیں ڈالنا چاہتے' آپ مجھے نیک سلوک کرنے والوں سے پائیں گے' ان شاء اللہ (اگر اللہ نے چاہا)''۔ سو آپ نے یہی کام کیا' سو اللہ کے نبی موسیٰ علیہ السلام پر آٹھ سال تو واجب تھے اور دو سال کی مدت ان کی اپنی طرف سے تھی' سو اُن کی طرف سے اللہ نے مدت مقرر فرمائی' سو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دس سال مکمل کیے۔ حضرت سعید نے فرمایا: نصرانی علماء میں سے ایک آدمی سے میری ملاقات ہوئی۔ سو اس نے کہا: کیا آپ کو معلوم ہے کہ موسیٰ علیہ السلام نے دو مدتوں میں سے کون سی مدت پوری فرمائی؟ میں نے جواب دیا: نہیں! (کیونکہ) اس دن تک مجھے معلوم نہ تھا' سو میں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ملا تو میں نے اُن سے اس کا سوال کیا تو آپ نے فرمایا: کیا آپ کو

السَّامِرِيُّ رَجُلًا مِنْ قَوْمٍ يَعْبُدُونَ الْبَقَرَ جِيرَانٍ لَهُمْ، وَلَمْ يَكُنْ مِنْ بَنِي إِسْرَائِيلَ، فَاحْتَمَلَ مَعَ مُوسَى وَبَنِي إِسْرَائِيلَ حِينَ احْتَمَلُوا، فَقُضِيَ لَهُ أَنْ رَأَى أَثَرًا، فَأَخَذَ مِنْهُ قَبْضَةً، فَمَرَّ بِهَارُونَ، فَقَالَ لَهُ هَارُونُ: يَا سَامِرِيُّ، أَلَا تُلْقِي مَا فِي يَدِكَ وَهُوَ قَابِضٌ عَلَيْهِ لَا يَرَاهُ أَحَدٌ طُوَالَ ذَلِكَ، قَالَ: هَذِهِ قَبْضَةٌ مِنْ أَثَرِ الرَّسُولِ الَّذِي جَاوَزَ بِكُمُ الْبَحْرَ، فَلَا أُلْقِيهَا بِشَيْءٍ إِلَّا أَنْ تَدْعُوَ اللَّهَ إِذَا أُلْقِيهَا أَنْ يَكُونَ مَا أُرِيدُ فَأَلْقَاهُ، فَدَعَا لَهُ هَارُونُ، وَقَالَ أُرِيدُ أَنْ أُكَوِّنَ عِجْلًا، فَاجْتَمَعَ مَا كَانَ فِي الْحُفْرَةِ مِنْ مَتَاعٍ أَوْ حِلْيَةٍ أَوْ نُحَاسٍ أَوْ حَدِيدٍ فَصَارَ عِجْلًا أَجْوَفَ لَيْسَ فِيهِ رُوحٌ لَهُ خُوَارٌ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: وَلَا وَاللَّهِ مَا كَانَ لَهُ صَوْتٌ قَطُّ، إِنَّمَا كَانَتِ الرِّيحُ تَدْخُلُ مِنْ دُبُرِهِ وَتَخْرُجُ مِنْ فِيهِ، وَكَانَ ذَلِكَ الصَّوْتُ مِنْ ذَلِكَ، فَتَفَرَّقَ بَنُو إِسْرَائِيلَ فِرَقًا، فَقَالَتْ فِرْقَةٌ: يَا سَامِرِيُّ، مَا هَذَا؟ فَأَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ، قَالَ: هَذَا رَبُّكُمْ، وَلَكِنَّ مُوسَى أَضَلَّ الطَّرِيقَ، وَقَالَتْ فِرْقَةٌ: لَا نُكَذِّبُ بِهَذَا حَتَّى يَرْجِعَ إِلَيْنَا مُوسَى، فَإِنْ كَانَ رَبَّنَا لَمْ نَكُنْ ضَيَّعْنَاهُ وَعَجَزْنَا فِيهِ حِينَ رَأَيْنَاهُ، وَإِنْ لَمْ يَكُنْ رَبَّنَا، فَإِنَّا نَتَّبِعُ قَوْلَ مُوسَى، وَقَالَتْ فِرْقَةٌ: هَذَا عَمَلُ الشَّيْطَانِ وَلَيْسَ بِرَبِّنَا وَلَا نُؤْمِنُ بِهِ وَلَا نُصَدِّقُ، وَأُشْرِبَ فِرْقَةٌ فِي قُلُوبِهِمُ التَّصْدِيقَ بِمَا قَالَ السَّامِرِيُّ فِي الْعِجْلِ، وَأَعْلَنُوا التَّكْذِيبَ بِهِ، فَقَالَ لَهُمْ هَارُونُ: (يَا قَوْمِ إِنَّمَا فُتِنْتُمْ بِهِ، وَإِنَّ رَبَّكُمُ

معلوم نہیں کہ آٹھ سال کی مدت موسیٰ علیہ السلام پر واجب تھی اور آپ نبی ہونے کے ناطے اس میں کمی نہیں کر سکتے تھے اور آپ جانتے تھے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی طرف سے اس مدت کا فیصلہ فرمایا ہے جس کا آپ نے وعدہ کیا' سو آپ نے دس سال مکمل فرمائے۔ (اس کے بعد) میں نصرانی سے جا ملا اور میں نے اُسے اس بات کی خبر دی۔ اس نے کہا: ہاں (ٹھیک ہے) اور بہتر ہے۔ سو جب موسیٰ علیہ السلام اپنی بیوی کو اپنے ساتھ لے کر چلے تو آگ' عصا اور ہاتھ کا معجزہ ہوا جن کو اللہ تعالیٰ نے قرآن میں بیان فرمایا' سو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے رب سے شکایت کی کہ انہیں قتل کے معاملے میں آلِ فرعون سے خوف ہے اور میری زبان میں لکنت ہے کیونکہ آپ کی زبان میں گرہ تھی جو زیادہ کلام کرنے سے آپ کو روکتی تھی' اور آپ نے اپنے رب سے سوال کیا کہ آپ کے بھائی ہارون کو آپ کا معاون و مددگار بنا دے۔ اور اُن کی طرف سے کثیر کلام کریں (اور اُس کی وضاحت کرے) جو ان کے منہ سے واضح ہو کر نہیں نکلتی۔ سو اللہ تعالیٰ نے اُن کا سوال پورا کیا اور ان کی زبان کی گرہ کھول دی' سو اللہ تعالیٰ نے حضرت ہارون علیہ السلام کو الہام کے ذریعے حکم دیا کہ وہ آپ سے ملاقات فرمائیں۔ سو موسیٰ علیہ السلام نے عصاء سے اپنا دفاع کیا یہاں تک کہ حضرت ہارون کی آپ سے ملاقات ہوگئی تو دونوں مل کر فرعون کی طرف گئے اور اس کے دروازے پر اُس وقت جا کر کھڑے ہوئے جب دروازے کھولنے کی اجازت نہ

الرَّحْمَنُ) (طه: 90) لَيْسَ هَكَذَا، قَالُوا: فَمَا بَالُ مُوسَى وَعَدَنَا ثَلَاثِينَ يَوْمًا ثُمَّ أَخْلَفَنَا، هَذِهِ أَرْبَعُونَ قَدْ مَضَتْ، فَقَالَ سُفَهَاؤُهُمْ: أَخْطَأَ رَبَّهُ فَهُوَ يَطْلُبُهُ وَيَتْبَعُهُ فَلَمَّا كَلَّمَ اللَّهُ مُوسَى وَقَالَ لَهُ مَا قَالَ أَخْبَرَهُ بِمَا لَقِيَ قَوْمُهُ مِنْ بَعْدِهِ، (فَرَجَعَ مُوسَى إِلَى قَوْمِهِ غَضْبَانَ أَسِفًا) (طه: 86) فَقَالَ لَهُمْ مَا سَمِعْتُمْ فِي الْقُرْآنِ (وَأَخَذَ بِرَأْسِ أَخِيهِ يَجُرُّهُ إِلَيْهِ) (الأعراف: 150) وَأَلْقَى الْأَلْوَاحَ، ثُمَّ إِنَّهُ عَذَرَ أَخَاهُ وَاسْتَغْفَرَ لَهُ، وَانْصَرَفَ إِلَى السَّامِرِيِّ، فَقَالَ لَهُ: مَا حَمَلَكَ عَلَى مَا صَنَعْتَ؟ قَالَ: قَبَضْتُ قَبْضَةً مِنْ أَثَرِ الرَّسُولِ وَفَطِنْتُ لَهَا وَعَمِيَتْ عَلَيْكُمْ فَقَذَفْتُهَا (وَكَذَلِكَ سَوَّلَتْ لِي نَفْسِي قَالَ فَاذْهَبْ فَإِنَّ لَكَ فِي الْحَيَاةِ أَنْ تَقُولَ لَا مِسَاسَ وَإِنَّ لَكَ مَوْعِدًا لَنْ تُخْلَفَهُ وَانْظُرْ إِلَى إِلَهِكَ الَّذِي ظَلْتَ عَلَيْهِ عَاكِفًا لَنُحَرِّقَنَّهُ ثُمَّ لَنَنْسِفَنَّهُ فِي الْيَمِّ نَسْفًا) (طه: 96) وَلَوْ كَانَ إِلَهًا لَمْ تَخْلُصْ إِلَى ذَلِكَ مِنْهُ فَاسْتَيْقَنَ بَنُو إِسْرَائِيلَ، وَاغْتَبَطَ الَّذِينَ كَانَ رَأْيُهُمْ فِيهِ مِثْلَ رَأْيِ هَارُونَ، وَقَالُوا جَمَاعَتُهُمْ لِمُوسَى: سَلْ لَنَا رَبَّكَ أَنْ يَفْتَحَ لَنَا بَابَ تَوْبَةٍ نَصْنَعُهَا فَتُكَفِّرَ مَا عَمِلْنَا، فَاخْتَارَ قَوْمَهُ سَبْعِينَ رَجُلًا لِذَلِكَ لِإِتْيَانِ الْجَبَلِ مِمَّنْ لَمْ يُشْرِكْ فِي الْعِجْلِ، فَانْطَلَقَ بِهِمْ لِيَسْأَلَ لَهُمُ التَّوْبَةَ فَرَجَفَتْ بِهِمُ الْأَرْضُ، فَاسْتَحْيَا نَبِيُّ اللَّهِ مِنْ قَوْمِهِ وَوَفْدِهِ حِينَ فُعِلَ بِهِمْ مَا فُعِلَ، فَقَالَ (رَبِّ لَوْ شِئْتَ أَهْلَكْتَهُمْ مِنْ قَبْلُ وَإِيَّايَ

تھی۔ بہت زیادہ رکاوٹ کے بعد اُن دونوں کے لیے دروازہ کھولنے کی اجازت دی گئی' سو دونوں نے کہا: ''ہم دونوں تیرے رب کے بھیجے ہوئے ہیں''۔ اُس نے کہا: ''اے موسیٰ! تم دونوں کا رب کون ہے؟'' (یعنی میرے سوا) سو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اسے بتایا جسے اللہ تعالیٰ نے تجھ پر قرآن میں بیان کر دیا ہے۔ اس نے کہا: تو کیا چاہتا ہے؟ اور مقتول کا تذکرہ کیا اور معذرت کی (اے راوی!) جس کو تُو نے سن لیا ہے اور فرمایا: میں چاہتا ہوں کہ تُو اللہ پر ایمان لے آئے اور بنی اسرائیل کو میرے ساتھ بھیج دے لیکن اُس نے اس سے انکار کر دیا اور اس نے کہا: کوئی نشانی لاؤ! اگر آپ سچے ہیں۔ سو موسیٰ علیہ السلام نے اپنا عصا زمین پر ڈال دیا تو وہ بہت بڑا سانپ بن کر گھومنے لگا' وہ سانپ منہ کھولے ہوئے تھا اور فرعون کی طرف جانے میں جلدی کر رہا تھا۔ سو جب فرعون نے دیکھا کہ اس کا ارادہ اُسی کی طرف آنے کا ہے تو اُسے خوف ہوا کہ وہ اُسے نگل لے گا۔ سو وہ اپنے تخت سے اُتر کر نیچے آیا اور موسیٰ علیہ السلام سے استغاثہ کیا کہ آپ اس کو روکیں۔ سو موسیٰ علیہ السلام نے اُسے روک لیا' پھر موسیٰ علیہ السلام نے اپنے گریبان سے ہاتھ نکالا تو فرعون نے دیکھا کہ وہ بغیر کسی بیماری کے روشن ہے' یعنی برص کی وجہ سے سفید نہیں ہے۔ پھر آپ نے اُسے پیچھے کر لیا تو اس کا رنگ وہی پہلے والا ہو گیا' جو کچھ اُس نے دیکھا اس بارے میں اُس نے اپنی کابینہ سے مشورہ کیا' سو اُنہوں نے اُس سے کہا: ''یہ تو جادوگر ہیں' یہ دونوں چاہتے ہیں کہ آپ کو اپنی

أَتُهْلِكُنَا بِمَا فَعَلَ السُّفَهَاءُ مِنَّا) (الأعراف: 155) وَفِيهِمْ مَنْ كَانَ اللَّهُ اطَّلَعَ عَلَى مَا أُشْرِبَ مِنْ حُبِّ الْعِجْلِ إِيمَانًا بِهِ فَلِذَلِكَ رَجَفَتْ بِهِمُ الْأَرْضُ، فَقَالَ (رَحْمَتِي وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ فَسَأَكْتُبُهَا لِلَّذِينَ يَتَّقُونَ وَيُؤْتُونَ الزَّكَاةَ وَالَّذِينَ هُمْ بِآيَاتِنَا يُؤْمِنُونَ الَّذِينَ يَتَّبِعُونَ الرَّسُولَ النَّبِيَّ الْأُمِّيَّ الَّذِي يَجِدُونَهُ مَكْتُوبًا عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَالْإِنْجِيلِ) (الأعراف: 156)

فَقَالَ: رَبِّ سَأَلْتُكَ التَّوْبَةَ لِقَوْمِي فَقُلْتَ: إِنَّ رَحْمَتَكَ كَتَبْتَهَا لِقَوْمٍ غَيْرِ قَوْمِي، فَلَيْتَكَ أَخَّرْتَنِي حَتَّى تُخْرِجَنِي حَيًّا فِي أُمَّةِ ذَلِكَ الرَّجُلِ الْمَرْحُومَةِ، فَقَالَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ لَهُ: إِنَّ تَوْبَتَهُمْ أَنْ يَقْتُلَ كُلُّ رَجُلٍ مِنْهُمْ كُلَّ مَنْ لَقِيَ مِنْ وَالِدٍ وَوَلَدٍ فَيَقْتُلُهُ بِالسَّيْفِ لَا يُبَالِي مَنْ قَتَلَ فِي ذَلِكَ الْمَوْطِنِ، وَيَأْتِي أُولَئِكَ الَّذِينَ خَفِيَ عَلَى مُوسَى وَهَارُونَ مَا اطَّلَعَ اللَّهُ عَلَيْهِ مِنْ ذُنُوبِهِمْ وَاعْتَرَفُوا بِهَا، وَفَعَلُوا مَا أُمِرُوا بِهِ فَغَفَرَ اللَّهُ لِلْقَاتِلِ وَالْمَقْتُولِ، ثُمَّ سَارَ بِهِمْ مُوسَى مُتَوَجِّهًا نَحْوَ الْأَرْضِ الْمُقَدَّسَةِ وَأَخَذَ الْأَلْوَاحَ بَعْدَمَا سَكَتَ عَنْهُ الْغَضَبُ، فَأَمَرَهُمْ بِالَّذِي أُمِرَ بِهِ أَنْ يُبَلِّغَهُمْ مِنَ الْوَظَائِفِ، فَثَقُلَ ذَلِكَ عَلَيْهِمْ وَأَبَوْا أَنْ يُقِرُّوا بِهَا فَنَتَقَ اللَّهُ عَلَيْهِمُ الْجَبَلَ كَأَنَّهُ ظُلَّةٌ، وَدَنَا مِنْهُمْ حَتَّى خَافُوا أَنْ يَقَعَ عَلَيْهِمْ فَأَخَذُوا الْكِتَابَ بِأَيْمَانِهِمْ وَهُمْ مُصْغُونَ إِلَى الْجَبَلِ وَالْأَرْضِ وَالْكِتَابُ بِأَيْدِيهِمْ وَهُمْ يَنْظُرُونَ إِلَى

سلطنت سے نکال دیں اپنے جادو کے زور سے اور تیری بہتر راہ وہ لے لیں'' یعنی اُن کا ملک جس میں وہ موجود ہیں اور عیش کی زندگی گزار رہے ہیں' سو اُنہوں نے انکار کر دیا کہ کوئی چیز بھی اُنہیں دیں جو اُنہوں نے مانگی ہے اور فرعون سے کہا: ہمارے لیے جادوگروں کو جمع کرو کیونکہ وہ تیری سلطنت میں بہت ہیں یہاں تک کہ ان کا جادو ان دونوں کے جادو پر غالب آ جائے۔ اس نے شہر میں قاصد بھیجا' اس نے ہر جادوگر کو دعوت دے کر سب کو اکٹھا کیا' سو جب وہ سارے فرعون کے پاس آ گئے تو اُنہوں نے کہا: یہ جادوگر کس چیز پر جادو کرتا ہے؟ تو اُنہوں نے کہا: سانپوں کے ذریعے کرتا ہے۔ اُنہوں نے کہا: قسم بخدا! اس زمین میں سانپوں اور رسیوں کے ذریعے جادو کا عمل نہیں کر سکتا ہے جیسا ہم کرتے ہیں' اب بتاؤ! اگر ہم غالب آ جائیں تو ہمارا اجر کیا ہو گا؟ فرعون نے اُن سے کہا: تم سب میرے قربِ خاص میں آ جاؤ گے اور میرے خاص بندوں میں شمار ہو گے' میں تم سے ہر وہ سلوک کروں گا جو تمہیں پسند ہو گا۔ سو اُنہوں نے کہا کہ سارے لوگ چاشت کے وقت اکٹھے ہو جائیں۔ حضرت سعید فرماتے ہیں: مجھ سے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے حدیث بیان کی کہ یومِ زینت سے مراد وہ دن ہے جس دن حضرت موسیٰ علیہ السلام فرعون اور جادوگروں پر غالب آئے اور وہ عاشوراء (دسویں محرم) کا دن تھا۔ سو جب وہ سارے کھلی جگہ اکٹھے ہو گئے تو لوگ ایک دوسرے سے کہتے تھے: چلو' چلو! ہمیں اس

الْجَبَلِ مَخَافَةَ أَنْ يَقَعَ عَلَيْهِمْ، ثُمَّ مَضَوْا حَتَّى أَتَوُا الْأَرْضَ الْمُقَدَّسَةَ، فَوَجَدُوا فِيهَا مَدِينَةً فِيهَا قَوْمٌ جَبَّارُونَ خَلْقُهُمْ خَلْقٌ مُنْكَرٌ، وَذَكَرُوا مِنْ ثِمَارِهِمْ أَمْرًا عَجِيبًا مِنْ عِظَمِهَا، فَقَالُوا: (يَا مُوسَى إِنَّ فِيهَا قَوْمًا جَبَّارِينَ) (المائدة:22) (لَا طَاقَةَ لَنَا بِهِمْ، وَلَا نَدْخُلُهَا مَا دَامُوا فِيهَا (فَإِنْ يَخْرُجُوا مِنْهَا فَإِنَّا دَاخِلُونَ) (المائدة:22) (قَالَ رَجُلَانِ مِنَ الَّذِينَ يَخَافُونَ) (المائدة:23) (الْجَبَّارِينَ آمَنَّا بِمُوسَى، فَخَرَجَا إِلَيْهِ، فَقَالَا: نَحْنُ أَعْلَمُ بِقَوْمِنَا، إِنْ كُنْتُمْ إِنَّمَا تَخَافُونَ مِمَّا تَرَوْنَ مِنْ أَجْسَامِهِمْ وَعُدَّتَهُمْ فَإِنَّهُمْ لَا قُلُوبَ لَهُمْ وَلَا مَنَعَةَ عِنْدَهُمْ، فَادْخُلُوا عَلَيْهِمُ الْبَابَ (فَإِذَا دَخَلْتُمُوهُ فَإِنَّكُمْ غَالِبُونَ) (المائدة:23)

وَيَقُولُ نَاسٌ: إِنَّهُمَا مِنْ قَوْمِ مُوسَى، وَزُعِمَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ أَنَّهُمَا مِنَ الْجَبَابِرَةِ آمَنَا بِمُوسَى، يَقُولُ: (مِنَ الَّذِينَ يَخَافُونَ) (المائدة:23) (إِنَّمَا عَنَى بِذَلِكَ الَّذِينَ يَخَافُهُمْ بَنُو إِسْرَائِيلَ (قَالُوا يَا مُوسَى إِنَّا لَنْ نَدْخُلَهَا أَبَدًا مَا دَامُوا فِيهَا فَاذْهَبْ أَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَا إِنَّا هَاهُنَا قَاعِدُونَ) (المائدة:24) (فَأَغْضَبُوا مُوسَى فَدَعَا عَلَيْهِمْ وَسَمَّاهُمْ فَاسِقِينَ وَلَمْ يَدْعُ عَلَيْهِمْ قَبْلَ ذَلِكَ لِمَا رَأَى مِنْهُمْ مِنَ الْمَعْصِيَةِ وَإِسَاءَتِهِمْ، حَتَّى كَانَ يَوْمُئِذٍ، فَاسْتَجَابَ اللَّهُ لَهُ فَسَمَّاهُمْ كَمَا سَمَّاهُمْ مُوسَى فَاسِقِينَ، وَحَرَّمَهَا عَلَيْهِمْ أَرْبَعِينَ سَنَةً يَتِيهُونَ فِي

کام کے لیے ضرور حاضر ہونا چاہیے' ممکن ہے کہ ہم جادوگروں کی پیروی کرنے والے ہوں' اگر وہ غالب آ جائیں'' اور اس سے موسیٰ و ہارون مراد لیتے تھے اور یہ بات مذاقاً کہتے تھے۔ سو اُنہوں نے موسیٰ علیہ السلام سے کہا: اے موسیٰ! اس وجہ سے کہ انہیں اپنی جادوگری پہ ناز تھا۔ ''آپ پہلے ڈالیں گے یا ہم پہلے ڈالنے والے بنیں'' آپ نے بڑی بے نیاز سے (اللہ پہ توکل کرتے ہوئے) کہا: بلکہ تم پہلے ڈالو! سو اُنہوں نے اپنی رسیاں ڈالیں اور اپنے چھوٹے بڑے سانپ چھوڑے اور بولے: عزتِ فرعون کی قسم! ہمیں غالب ہیں ضرور بالضرور۔ سو موسیٰ علیہ السلام نے ان کے جادو کو دیکھا تو ان کے دل میں ہلکا سا خوف محسوس ہوا تو اللہ تعالیٰ نے آپ کی طرف وحی فرمائی: ''کہ اپنا عصا پھینکو'' سو موسیٰ علیہ السلام نے عصا پھینکا تو وہ بہت بڑا سانپ بن گیا جو اپنا منہ کھولے ہوئے تھا۔ سو حضرت موسیٰ علیہ السلام نے آواز دی تو لاٹھیاں' رسیوں کی مانند ہوگئیں یہاں تک کہ بڑے سانپ کے سامنے بے کار ہوگئیں' وہ اس سانپ کے منہ میں داخل ہونے لگیں یہاں تک کہ نہ کوئی لاٹھی رہی' نہ کوئی رسّی رہی بلکہ سب کو سانپ نے نگل لیا۔ سو جب جادوگروں نے یہ دیکھا تو کہہ اُٹھے: اگر یہ جادو ہے تو ہمارے جادو کا مقابلہ نہیں کرسکتا تھا' لیکن یہ تو اللہ کے حکموں میں سے ایک حکم ہے' ہم اللہ پر ایمان لائے اور اس پر بھی جو موسیٰ علیہ السلام اللہ کی طرف سے لے کر آئے ہیں اور ہم جس غلط نظریہ پر تھے اس سے اللہ کی بارگاہ میں توبہ کرتے

الْأَرْضِ، يُصْبِحُونَ كُلَّ يَوْمٍ فَيَسِيرُونَ لَيْسَ لَهُمْ قَرَارٌ، ثُمَّ ظَلَّلَ عَلَيْهِمُ الْغَمَامَ فِي التِّيهِ، وَأَنْزَلَ عَلَيْهِمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوَى، وَجَعَلَ لَهُمْ ثِيَابًا لَا تَبْلَى وَلَا تَتَّسِخُ، وَجَعَلَ بَيْنَ ظُهُورِهِمْ حَجَرًا مُرَبَّعًا، وَأَمَرَ مُوسَى فَضَرَبَهُ بِعَصَاهُ (فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا) (البقرة:60) فِي كُلِّ نَاحِيَةٍ ثَلَاثَةُ أَعْيُنٍ، وَأَعْلَمَ كُلَّ سِبْطٍ عَيْنَهُمُ الَّتِي يَشْرَبُونَ مِنْهَا لَا يَرْتَحِلُونَ مِنْ مَنْقَلَةٍ إِلَّا وُجِدَ ذَلِكَ الْحَجَرُ فِيهِمْ بِالْمَكَانِ الَّذِي كَانَ فِيهِ بِالْأَمْسِ رَفَعَ ابْنُ عَبَّاسٍ هَذَا الْحَدِيثَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَدَّقَ ذَلِكَ عِنْدِي، أَنَّ مُعَاوِيَةَ، سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ، حَدَّثَ هَذَا الْحَدِيثَ فَأَنْكَرَهُ عَلَيْهِ أَنْ يَكُونَ الْفِرْعَوْنِيُّ هَذَا الَّذِي أَفْشَى عَلَى مُوسَى أَمْرَ الْقَتِيلِ الَّذِي قُتِلَ، قَالَ: فَكَيْفَ يُفْشِي عَلَيْهِ وَلَمْ يَكُنْ عَلِمَ بِهِ وَلَا ظَهَرَ عَلَيْهِ إِلَّا الْإِسْرَائِيلِيُّ الَّذِي حَضَرَ ذَلِكَ وَشَهِدَهُ، فَغَضِبَ ابْنُ عَبَّاسٍ، وَأَخَذَ بِيَدِ مُعَاوِيَةَ فَذَهَبَ بِهِ إِلَى سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ الزُّهْرِيِّ فَقَالَ: يَا أَبَا إِسْحَاقَ، هَلْ تَذْكُرُ يَوْمَ حَدَّثَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتِيلِ مُوسَى الَّذِي قَتَلَهُ مِنْ آلِ فِرْعَوْنَ الْإِسْرَائِيلِيُّ أَفْشَى عَلَيْهِ أَمِ الْفِرْعَوْنِيُّ؟ فَقَالَ: إِنَّمَا أَفْشَى عَلَيْهِ الْفِرْعَوْنِيُّ بِمَا سَمِعَ مِنَ الْإِسْرَائِيلِيِّ الَّذِي شَهِدَ ذَلِكَ وَحَضَرَهُ

ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان کے اپنے وطن میں فرعون اور اس کے گروہ کی کمر توڑ دی اور حق کو ظاہر کر دیا'' اور باطل کر دیا اس کو جسے وہ کرتے تھے۔ وہ وہیں پر مغلوب ہو گئے اور ذلیل ہو گئے''۔ اور فرعون کی بیوی ظاہراً باہر بڑی عاجزی سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے فرعون پر غالب آنے کی دعائیں کرتی تھی۔ سو فرعونیوں میں سے جو اُسے اس حال میں دیکھتا تو یہی گمان کرتا کہ یہ فرعون اور اس کے گروہ پر مشقت کی وجہ سے عاجزی کر رہی ہے' حالانکہ اس کی ساری پریشانی اور غم موسیٰ علیہ السلام کی وجہ سے تھا۔ فرعون کے جھوٹے وعدوں کی وجہ سے جب موسیٰ علیہ السلام کا ٹھہرنا لمبا ہو گیا (کیونکہ) جب بھی موسیٰ علیہ السلام اس کے پاس کوئی معجزہ لے آتے تو وہ بنی اسرائیل کو بھیجنے کا جھوٹا وعدہ کر دیتا۔ جب وہ مدت گزر جاتی تو اپنے وعدے کی خلاف ورزی کرتا اور بڑی ڈھٹائی سے کہتا: تیرا رب اس کے علاوہ کچھ اور بھی کر سکتا ہے؟ سو اللہ تعالیٰ نے اس پر اور اس کی قوم پر طوفان کا عذاب بھیجا' لکڑیاں' جوئیں' مینڈک اور خون نازل کیے' واضح آیات کی صورت میں' ان سب چیزوں کی شکایت اُنہوں نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی خدمت میں کی اور مطالبہ کیا کہ وہ اللہ سے دعا کر کے ان کو روک دیں اور اس سے بات کی موافقت کی کہ وہ اسرائیلیوں کو اُن کے ساتھ بخوشی بھیج دے گا۔ سو جب یہ ساری چیزیں رُک گئیں تو اس نے وعدہ خلافی کی اور اپنے عہد کو توڑ دیا یہاں تک کہ حکم جاری کر دیا گیا کہ موسیٰ اپنی قوم کو لے جائیں' سو آپ رات کے وقت اپنی

قوم کو لے کر نکلے' سو جب فرعون نے صبح کی اور دیکھا کہ اسرائیلی چلے گئے ہیں تو اُس نے شہروں میں اکٹھا کر کے لانے والے بھیجے۔ ان کے پیچھے ایک بہت بڑا لشکر تھا' سو اللہ تعالیٰ نے سمندر کی طرف وحی کی (جیسے اس کی شان ہے) کہ جب میرا بندہ موسیٰ علیہ السلام تجھے اپنے عصا سے مارے تو بارہ راستوں والا بن جا یہاں تک کہ موسیٰ علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں کو راستہ دے دے' پھر ان کے بعد فرعون اور اس کے حواریوں پر مل جانا جو باقی رہ جائیں۔ سو اللہ کا کرنا ایسا ہوا کہ موسیٰ علیہ السلام پر نسیان طاری ہو گیا اور اُنہوں نے سمندر کو اپنے عصا سے نہ مارا یہاں تک کہ سمندر کے کنارے پہنچ گئے جبکہ سمندر قوتِ استقلال کھو چکا تھا اس ڈر سے کہ موسیٰ علیہ السلام اپنا ڈنڈا ماریں اور وہ بے خرب ہو تو عاصی بنے۔ جب دونوں لشکر آمنے سامنے نظر آئے اور ایک دوسرے کے قریب ہوئے تو موسیٰ علیہ السلام کی قوم نے کہا: ''ہم تو پکڑے گئے'' وہ کام کر دکھایئے جو آپ کے رب نے آپ کو فرمایا ہے کیونکہ نہ تو آپ کبھی جھوٹ بولتے ہیں اور نہ آپ کو جھٹلایا جاتا ہے۔ سو آپ نے فرمایا: ہاں! میرے رب نے مجھ سے وعدہ فرمایا کہ جب میں سمندر کے کنارے آؤں تو وہ بارہ راستے بنا دے گا یہاں تک کہ میں اُس سے آگے گزر جاؤں' پھر آپ نے اس عصا کا ذکر کیا۔ سو آپ نے اپنے عصا سے سمندر کو مارا تو وہ پھٹ گیا یہاں تک کہ جب فرعونیوں کے لشکر کا پہلا گروہ پہنچ گیا اور موسیٰ علیہ السلام کا آخری گروہ گزر گیا۔ سمندر نے ایسے ہی

راستے بنائے جیسا اُس کے رب نے اُسے حکم دیا تھا اور جیسے موسیٰ علیہ السلام سے آپ کے رب نے وعدہ کیا تھا۔ جب موسیٰ علیہ السلام اور آپ کے تمام ساتھی اُس سے آگے گزر گئے اور فرعون اور اس کے ساتھی اس میں داخل ہو گئے تو وہ اُن پر مل گیا جیسے اللہ نے اسے حکم دیا۔ جب موسیٰ علیہ السلام سمندر پار کر گئے تو آپ کے حواریوں نے کہا: ہمیں ڈر ہے کہ کہیں فرعون غرق نہ ہو۔ سو ہم اس کی ہلاکت کا یقین نہیں کریں گے' سو آپ علیہ السلام نے اپنے رب کی بارگاہ میں دعا کی تو اللہ تعالیٰ نے اسے ہلاک کر کے اس کے بدن کو سمندر سے باہر نکال دیا یہاں تک کہ ان کو یقین ہو گیا کہ واقعی وہ ہلاک ہو چکا ہے۔ پھر آگے چلتے چلتے قوم کی نظر ایسے لوگوں پر پڑی جو بتوں پر گھٹنے ٹیک کر بیٹھی ہوئی تھی' تو اُنہوں نے کہا: اے موسیٰ! جیسے ان کے معبود ہیں تو ہمارے لیے بھی ایسا معبود (بت) بنا دے۔ آپ نے فرمایا: تم جاہل قوم ہو کیونکہ یہ لوگ اپنے دین میں باطل ہیں اور جو کچھ کر رہے ہیں وہ بھی باطل ہے' تم عبرت ناک واقعات دیکھ چکے ہو اور ایسی چیزیں سن چکے ہو جو تمہاری ہدایت کے لیے کافی ہیں۔ اور آپ آگے چلے گئے' سو موسیٰ علیہ السلام نے اُن کو وہیں اُتار دیا پھر اُن سے کہا: اب تم ہارون کی اطاعت کرو کیونکہ میں نے انہیں اپنا نائب بنا دیا ہے' میں اپنے رب کی بارگاہ میں حاضری دینے والا ہوں۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اپنے ماننے والوں کو تیس دن میں واپس تشریف لانے کی مدت بتائی۔ پس جب وہ اپنے رب کی بارگاہ میں حاضر ہوئے تو تیس دن

میں کلام کرنے کا ارادہ تھا۔ ان میں سے دو دن اور دو رات اُنہوں نے روزہ رکھا' لیکن (جب عین ملاقات کا وقت آیا تو) آپ علیہ السلام نے اس بات کو ناپسند کیا کہ اس حال میں اپنے رب سے ملاقات کریں کہ آپ کے منہ سے روزے کی بُو آ رہی ہو' تو موسیٰ علیہ السلام نے زمینی بُوٹیوں میں سے کوئی بوٹی (تھوم) منہ میں ڈال کر چبالی۔ سو اس حال میں جب حاضری ہوئی تو ربِ تعالیٰ نے فرمایا: جب تم میری ملاقات کو آنے لگے تو روزہ افطار کرلیا؟ وہ اُس حال کو زیادہ بہتر جانتا ہے جس حال پر وہ تھے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی: اے میرے رب! میں نے اپنے اجتہاد کے مطابق اس بات کو ناپسند کیا کہ تجھ سے اس حال میں ملاقات کروں کہ میرے منہ سے روزے کی بُو آ رہی ہو۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اے موسیٰ! تُو نہیں جانتا کہ روزہ دار کے منہ کی خوشبو' میرے نزدیک مُشک وعنبر سے بھی زیادہ پاکیزہ ہے۔ (ملاقات کے بغیر) اب واپس جاؤ! جا کر دس روزے رکھو پھر میری بارگاہ کی حاضری دو۔ سو موسیٰ علیہ السلام کو جو حکم ملا' بجالائے۔ پس جب موسیٰ علیہ السلام کی قوم نے دیکھا کہ موسیٰ علیہ السلام جو مدت بتا کر تشریف لے گئے' اُس کے مطابق واپس نہیں آئے۔ راوی کہتے ہیں: یہ بات اُن پر ناگوار گزری۔ حضرت ہارون علیہ السلام (جو پیچھے موجود تھے) اُنہیں خطبہ دیتے ہوئے کہنے لگے: بے شک تم لوگوں نے مصر سے کوچ کیا تو تمہارے پاس قومِ فرعون کی عاریتیں اور امانتیں تھیں جبکہ اُن میں تمہارے لیے اس کی مثل موجود

ہے' میرا خیال ہے کہ تم ان سب چیزوں کا حساب کرو جو تمہاری اُن کے پاس ہیں' میں حلال نہیں سمجھتا کہ تمہارے پاس کسی کی کوئی امانت ہو یا اُدھار لی ہوئی کوئی چیز ہو۔ اب ہم نہ تو فرعونیوں کو اُن کی کوئی چیز واپس کریں گے اور نہ ہی اُن کی کوئی چیز اپنے پاس رکھیں گے۔ پس آپ نے ایک گڑھا کھودا اور ہر گروہ کو الگ الگ حکم جاری فرمایا کہ جس کے پاس کوئی سامان یا کوئی زیور ہے تو وہ اس گڑھے میں ڈال دے۔ . آپ نے اس پر آگ جلا کر اسے راکھ کر دیا۔ اور فرمایا: اب یہ نہ ہمارا رہا اور نہ اُن کا رہا' سامری کا تعلق اُس گروہ سے تھا جو گائے کی پوجا کرنے والے تھے اور ان کے پڑوسی (موسیٰ) تھے۔ اُن کا تعلق بنی اسرائیل سے نہ تھا۔ سو جب بنی اسرائیل شک کا شکار ہوئے تو وہ بھی موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ شک کرنے لگا۔ اس نے نشانات محسوس کیے تو اس میں سے کچھ (مٹی) لے لیا۔ پس وہ حضرت ہارون علیہ السلام کے پاس سے گزرا تو حضرت ہارون علیہ السلام نے اُس سے فرمایا: اے سامری! جو کچھ تیرے ہاتھ میں ہے اسے پھینک کیوں نہیں دیتا' حالانکہ وہ اس کو اس طرح چھپائے ہوئے تھا کہ اس پر کسی کی نظر نہ پڑے۔ اس نے کہا: یہ رسول کے نشانِ قدم کی خاک ہے جو تمہارے پاس سے گزر کے سمندر کی طرف چلا گیا ہے۔ سو میں اس میں سے ایک ذرّہ بھی نہ پھینکوں گا مگر اس صورت میں کہ آپ اللہ سے دعا کریں کہ جب میں اسے پھینکوں تو وہ کام ہو جائے جس کا میں ارادہ رکھتا ہوں۔ سو

حضرت ہارون علیہ السلام نے اس کے حق میں دعا کی' اس نے کہا: میں تو ایک بچھڑا بنانا چاہتا ہوں' سو جو کچھ سامان' زیور' تانبا اور لوہا اُس گڑھے میں موجود تھے' اس نے اکٹھا کر لیا اور ایک ایسا بچھڑا تیار کیا جو اندر سے خالی تھا' اس میں رُوح نہ تھی لیکن وہ گائے کی طرح ڈکارتا تھا۔ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کا قول ہے: میں اللہ کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ اس بچھڑے کی اپنی سرے سے کوئی آواز نہ تھی۔ بس اُس کے پیچھے سے ہوا داخل ہوتی تھی جو اُس کے آگے سے منہ کی طرف سے نکلتی تھی اور ایک آواز آتی تھی۔ (اس کی وجہ سے) بنی اسرائیل گروہوں میں بٹ گئے' پس ان میں سے ایک گروہ نے کہا: اے سامری! یہ کیا ہے؟ سو اسے تُو ہی سب سے زیادہ جانتا ہے۔ اس نے کہا: یہ تمہارا رب ہے لیکن موسیٰ علیہ السلام نے تمہیں گمراہ کیا (صحیح رب کا پتہ نہیں دیا) اور ایک گروہ بولا: ہم سامری کی اس بات کو اس وقت تک جھوٹا نہ کہیں گے جب تک موسیٰ علیہ السلام ہمارے پاس واپس نہیں آ جاتے۔ پس اگر یہ ہمارا رب ہے تو ہم اسے ضائع نہ کریں گے' اس کے بارے اپنے عجز کا اظہار کریں گے' جب ہم نے اسے دیکھ لیا ہے اور اگر یہ ہمارا رب نہیں تو ہم موسیٰ علیہ السلام کی پیروی کریں گے۔ ایک گروہ نے کھلے لفظوں میں کہا: یہ شیطانی کام ہے' نہ یہ ہمارا رب ہے نہ ہم اس پر ایمان لائیں گے اور نہ ہی تصدیق کریں گے۔ لیکن بچھڑے کے بارے میں جو کچھ سامری نے کہا' ایک گروہ کے دلوں میں اس کی بات گھر کر گئی اور اُنہیں اسی

کا نشہ چڑھ گیا اور اُنہوں نے علی الاعلان تکذیب کی۔ سو حضرت ہارون علیہ السلام نے ان سے فرمایا: ''اے میری قوم! تم تو اس سے فتنہ میں مبتلا ہو گئے ہو اور اس میں کوئی شک نہیں کہ تمہارا رب تو وہ ہے جو بے حد مہربان ہے''۔ معاملہ اس طرح نہیں (جس طرح تم نے سمجھا ہے) اُن لوگوں نے کہا: موسیٰ علیہ السلام کو کیا ہوا؟ اُنہوں نے ہم سے تیس دن کا وعدہ کیا پھر وہ لوٹ کر ہمارے پاس نہیں آئے حالانکہ چالیس دن گزر گئے ہیں۔ سو اُن میں سے جو بے وقوف تھے' اُنہوں نے کہا: لگتا ہے کہ موسیٰ علیہ السلام اپنے رب تک پہنچنے کا راستہ بھول گئے ہیں' سو وہ اپنے رب کو تلاش کرتے پھر رہے ہوں گے۔ سو جب موسیٰ علیہ السلام سے ان کے رب نے کلام فرمایا اور اُن سے کہا جو کچھ کہا (خدا جانے یا موسیٰ جانے) حضرت موسیٰ علیہ السلام کے تشریف لے جانے کے بعد قوم جس فتنہ میں مبتلا ہوئی' آپ علیہ السلام کو اس کی خبر دی گئی۔ سو موسیٰ علیہ السلام اپنی قوم کی طرف اس حال میں آئے کہ غصہ میں بھی تھے اور اُن کی حالت پر افسوس کر رہے تھے۔ سو موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم سے جو کچھ کہا وہ آپ لوگوں نے قرآن کی زبان میں سن لیا ہے (اور وہ یہ ہے: کیا تمہارے رب نے تم سے عمدہ وعدہ نہیں کیا تھا تو کیا طویل مدت گزر گئی ہے اس وعدہ پر یا تم یہ چاہتے ہو کہ تم پر غضب اُترے تمہارے رب کی طرف سے' اس لیے تم نے توڑ ڈالا میرے ساتھ کیا ہوا وعدہ) اور اپنے بھائی کو سر کے بالوں سے پکڑ کر اپنی طرف کھینچا اور تختیاں اُن کے سامنے رکھ دیں' پھر اُن

کے بھائی نے اُن سے معذرت کی اور اپنے لیے مغفرت کی دعا کی (یا موسیٰ علیہ السلام نے ان کے لیے مغفرت مانگی) اس کے بعد آپ علیہ السلام سامری کی طرف متوجہ ہوئے اور اُس سے فرمایا: تمہیں کس چیز نے یہ کام کرنے پر اُبھارا؟ اس نے جواب دیا: میں نے رسول کی سواری کے نشانِ قدم کی خاک سے مٹھی بھر لی اور اُس کے بارے غور وفکر کیا اور اس طرح میرے لیے میرے نفس نے یہ بات سیدھی کر دی۔ (آپ نے غصہ سے) فرمایا: جا چلا جا! پس تیرے لیے اس زندگی میں تو یہ (سزا) ہے کہ تُو کہتا پھرے گا کہ مجھے کوئی ہاتھ نہ لگائے اور تیرے لیے ایک اور وعدہ (عذاب) بھی ہے جس کی خلاف ورزی نہ ہوگی اور ذرا دیکھ اپنے اُس خدا کی طرف جس پر تُو جم کر بیٹھا رہا (اُس کا کیا حشر ہوتا ہے) ہم اسے لا ڈالیں گے پھر ہم اس سمندر میں اس (کی راکھ) کو بہا دیں گے۔ اور اگر یہ معبود برحق ہوتا تو' سو بنی اسرائیل نے یقین حاصل کیا اور رشک کرتے ہوئے خوش ہوئے' وہ لوگ جن کا نظریہ اس کا بارے میں حضرت ہارون علیہ السلام کی مانند تھا' ان میں سے ایک جماعت نے موسیٰ علیہ السلام سے عرض کی: اپنے رب سے دعا کرو کہ وہ ہمارے لیے توبہ کا دروازہ کھول دے جو کچھ ہم نے کیا ہے' ہم اس سے توبہ کرتے ہیں۔ سو وہ ہمارے اُس بُرے عمل کو مٹا دے جس کے ہم مرتکب ہوئے ہیں۔ سو (توبہ کا طریقہ یہ اپنایا کہ) موسیٰ علیہ السلام نے اپنی قوم میں سے اس کے لیے ستّر آدمیوں کا انتخاب کیا جو بچھڑے کی عبادت کر کے شرک میں مبتلا

2834 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةً دَعَا بِهَا فَاسْتُجِيبَ لَهُ، وَإِنِّي اخْتَبَأْتُ دَعْوَتِي شَفَاعَةً لِأُمَّتِي

حضرت قتادہ رحمہ اللہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر نبی علیہ السلام کے لیے ایک خاص دعا کا اختیار تھا جو اس نے دعا کی تو اللہ تعالیٰ نے اس کو قبول فرمایا اور میں نے اپنی دعا کو اپنی امت کی شفاعت کے لیے چھپا کر رکھا ہے۔

2835 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بے

2833- أخرجه الترمذى رقم الحديث: **3778** قال: حدثنا خلاد بن أسلم قال: حدثنا النضر بن شُميل . قال: أخبرنا هشام بن حسان، عن حفصة فذكرته . وأخرجه أحمد جلد**3**صفحه**261** . والبخارى جلد **5**صفحه**32** قال: حدثنا محمد بن الحسين بن ابراهيم (ابن اشكاب) .

2834- أخرجه أحمد جلد**3**صفحه**134** قال: حدثنا بهز، وعفان . وفى جلد **3**صفحه**258** قال: حدثنا عفان . كلاهما قالا: حدثنا همام بن يحيى . وأخرجه احمد جلد**3**صفحه**276,208** . ومسلم جلد **1**صفحه**132** قال: حدثنيه زهير بن حرب، وابن أبى خلف .

قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ لِأُبَيٍّ: إِنَّ اللَّهَ أَمَرَنِي أَنْ أَقْرَأَ عَلَيْكَ فَقَالَ: إِنَّ اللَّهَ سَمَّانِي لَكَ؟ قَالَ: اللَّهُ سَمَّاكَ لِي، فَجَعَلَ أُبَيٌّ يَبْكِي

شک نبی اکرم ﷺ نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے فرمایا: بے شک اللہ نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں تجھ پر قرأت کروں۔ انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا آپ ﷺ کو اللہ تعالیٰ نے میرا نام لیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ نے مجھ پر تیرا نام لیا ہے۔ تو ابی بن کعب رضی اللہ عنہ رونا شروع ہو گئے۔

2836 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: إِنَّ اللَّهَ لَا يَظْلِمُ الْمُؤْمِنَ حَسَنَةً يُثَابُ عَلَيْهَا الرِّزْقَ فِي الدُّنْيَا وَيُجْزَى بِهَا فِي الْآخِرَةِ، وَأَمَّا الْكَافِرُ فَيُعْطَى حَسَنَاتِهِ حَتَّى إِذَا أَفْضَى إِلَى الْآخِرَةِ لَمْ يَكُنْ لَهُ حَسَنَةٌ يُعْطَى بِهَا خَيْرًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بے شک رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ کسی مومن پر ایک نیکی کا بھی ظلم نہیں فرمائے گا حتیٰ کہ اس کا ثواب دنیا میں ہی رزق کی صورت میں دے دیا جائے بلکہ اس کو دنیا میں بھی رزق دیا جاتا ہے اور آخرت میں بھی اس کی جزا دی جائے گی۔ بہرحال کافر اس کی حسنات کو دنیا میں ہی دے دیا جائے گا حتیٰ کہ جب آخرت برپا ہوگی تو اس کے لیے ایک بھی نیکی نہ ہوگی کہ جس کا بدلہ بھلائی کی صورت میں اس کو مل سکے۔

2837 - حَدَّثَنَا أَبُو نَصْرٍ التَّمَّارُ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ، وَعَمَلٍ لَا يُرْفَعُ، وَقَلْبٍ لَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک نبی کریم ﷺ کہا کرتے تھے: اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں، اس علم سے جو نفع نہ دے اور اس عمل سے جو مقبول نہ ہو اور ایسے دل سے جو ڈرتا نہ ہو اور

2836- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **123** قال: حدثنا يزيد، وبهز . وفي جلد **3** صفحه **125** قال: حدثنا عبد الصمد . وفي جلد **3** صفحه **283** قال: حدثنا عفان، وبهز . وعبد بن حميد: **1178** قال: أخبرنا يزيد . والبخاري في خلق أفعال العباد صفحه: **56** قال: حدثنا حفص بن عمر .

2837- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **192** قال: حدثنا بهز وأبو كامل . وفي جلد **3** صفحه **255** قال: حدثنا حسن بن موسى . وأخرجه أحمد جلد **3** صفحه **283** قال: حدثنا عفان . والنسائي جلد **8** صفحه **263** قال: أخبرنا قتيبة . وأخرجه ابن حبان رقم الحديث: **1002** . والطيالسي رقم الحديث: **1282** .

يَخْشَعُ، وَقَوْلٍ لَا يُسْمَعُ

ایسی بات سے جو سنی نہ جائے۔

2838 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ فَذَكَرَ مِثْلَ حَدِيثِ أَبِي نَصْرٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہا کرتے تھے: اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں۔ الیٰ آخر الحدیث باقی ابو نصر کی حدیث کی مثل ہے۔

2839 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخَ، حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، قَالَ: قُلْتُ لِأَنَسٍ: كَيْفَ كَانَ شَعْرُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كَانَ شَعْرًا رَجِلًا لَيْسَ بِالْجَعْدِ، وَلَا بِالسَّبْطِ بَيْنَ الْجِيدِ وَعَاتِقِهِ

حضرت قتادہ رحمہ اللہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بال مبارک کیسے تھے؟ انہوں نے کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بال مبارک نہ ہی تو بہت زیادہ گھنگھریالے تھے اور نہ ہی بہت زیادہ سیدھے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی گردن مبارک اور کان کی لو کے درمیان تھے (یعنی لمبائی میں)۔

2840 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، وَابْنُ حِسَابٍ، وَإِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، وَإِسْمَاعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ التُّرْجُمَانِيُّ، قَالُوا: حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَسَحَّرُوا فَإِنَّ فِي السَّحُورِ بَرَكَةً

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سحری کیا کرو، بے شک سحری میں برکت ہے۔

2841 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ، وَعَبْدُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ

2838- الحديث سبق برقم: **2837** فراجعه .

2839- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **135** قال: حدثنا بهز . وفى جلد **3** صفحه **203** قال: حدثنا يزيد . والبخارى جلد **7** صفحه **208** قال: حدثنا عمرو بن على' قال: حدثنا وهب بن جرير . وفى جلد **7** صفحه **208** أيضًا قال: حدثنا مسلم (هو ابن ابراهيم) .

2840- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **281** قال: حدثنا محمد بن جعفر . والدارمى رقم الحديث: **1703** قال: أخبرنا سعيد بن عامر . والبخارى جلد **3** صفحه **37** قال: حدثنا آدم بن أبى أياس . وابن خزيمة رقم الحديث: **1937** قال: حدثنا بندار' قال: حدثنا محمد' وهو ابن جعفر .

الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ كَانَ لِابْنِ آدَمَ وَادِيَانِ مِنْ مَالٍ لَابْتَغَى إِلَيْهِمَا وَادِيًا ثَالِثًا، وَلَا يَمْلَأُ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ إِلَّا التُّرَابُ، وَيَتُوبُ اللَّهُ عَلَى مَنْ تَابَ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر ابن آدم کی مال کی دو وادیاں ہوں تو وہ ضروری تیسری وادی کی تلاش میں ہوگا اور ابن آدم کا پیٹ سوائے مٹی کے اور کچھ بھی نہیں بھر سکتی اور اللہ تعالیٰ بھی اس کی طرف رجوع فرماتا ہے جو اس سے توبہ کرتا ہے۔

2842 - حَدَّثَنَا خَلَفٌ، وَعَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَا: حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْبُزَاقُ فِي الْمَسْجِدِ خَطِيئَةٌ وَكَفَّارَتُهَا دَفْنُهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بے شک نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: مسجد میں تھوکنا گناہ ہے اور اس کا کفارہ اس کو دفن کرنا ہے۔

2843 - حَدَّثَنَا خَلَفٌ، وَعَبْدُ الْوَاحِدِ، وَابْنُ حِسَابٍ، قَالُوا: حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَغْرِسُ غَرْسًا أَوْ يَزْرَعُ زَرْعًا فَيَأْكُلُ طَيْرٌ أَوْ إِنْسَانٌ أَوْ بَهِيمَةٌ إِلَّا كَانَ لَهُ صَدَقَةٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بے شک نبی کریم ﷺ نے فرمایا: جو بھی مسلمان باغ (یا درخت) لگاتا ہے یا کوئی کھیتی میں زراعت کرتا ہے اس سے کوئی پرندہ، انسان یا کوئی جانور کھاتا ہے تو وہ اس کے لیے صدقہ ہو جاتا ہے۔

2844 - حَدَّثَنَا خَلَفٌ، وَعَبْدُ الْوَاحِدِ، قَالَا: حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے، کہتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ لوگوں میں سب سے زیادہ ہلکی نماز

2842- أخرجه أحمد جلد 3صفحه173 قال: حدثنا حجاج وجلد 3صفحه277 قال: حدثنا يزيد بن هارون، وجلد 3صفحه277 قال: حدثنا الضحاك بن مخلد . والدارمي رقم الحديث: 1402 قال: حدثنا هاشم بن القاسم . والبخاري جلد 1صفحه113 قال: حدثنا آدم .

2843- أخرجه أحمد جلد 3صفحه228,147 قال: حدثنا يونس . وفي جلد 3صفحه243 قال: حدثنا سُريج . وفي جلد 3صفحه243 أيضًا قال: حدثنا عفان . والبخاري جلد 3صفحه135 قال: حدثنا قتيبة بن سعيد، وعبد الرحمٰن بن المبارك . وفي جلد8صفحه12 قال: حدثنا أبو الوليد .

2844- أخرجه أحمد جلد 3صفحه173 قال: حدثنا حجاج، ويزيد بن هارون . وفي جلد 3صفحه277 قال: حدثنا يزيد وأبو نوح . وفيه أيضًا قال: حدثنا هاشم والحجاج . والدارمي رقم الحديث: 1263 قال: أخبرنا هاشم . وعبد الله بن أحمد جلد3صفحه279 قال: حدثنا أبو عبد الله السلمي، قال: حدثنا أبو داؤد .

كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَخَفَّ النَّاسِ صَلَاةً فِي تَمَامٍ

پڑھاتے تھے سب نمازوں میں۔

2845 - حَدَّثَنَا كَامِلُ بْنُ طَلْحَةَ الْجَحْدَرِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اعْتَدِلُوا فِي السُّجُودِ، وَلَا يَبْسُطْ أَحَدُكُمْ بَاسِطًا ذِرَاعَيْهِ كَالْكَلْبِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہتے ہیں کہ بے شک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سجدوں میں اعتدال کرو اور تم میں سے کوئی بھی اپنی کلائیاں اس طرح نہ پھیلائے جس طرح کتا پھیلاتا ہے۔

2846 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ نَسِيَ صَلَاةً فَلْيُصَلِّهَا إِذَا ذَكَرَهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص نماز بھول جائے اسے چاہیے کہ اس کو جب یاد آئے، پڑھ لے۔

2847 - حَدَّثَنَا خَلَفُ بْنُ هِشَامٍ بِإِسْنَادِهِ مِثْلَهُ

حضرت خلف بن ہشام رحمہ اللہ اس جیسی اسناد کے ساتھ اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

2848 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اسی کے مثل روایت کرتے ہیں۔

2849 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی

2845- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **274,115** قال: حدثنا يحيى بن سعيد . وفي جلد **3** صفحه **177** قال: حدثنا محمد ابن جعفر، وحجاج .

2846- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **282** قال: حدثنا محمد بن جعفر، قال: حدثنا شعبة . وأخرجه أحمد جلد **3** صفحه **216** قال: حدثنا أزهر بن القاسم، قال: حدثنا هشام الدستوائي . وأخرجه أحمد جلد **3** صفحه **269** قال: حدثنا عفان، وبهز .

2847- الحديث سبق برقم: **2846** فراجعه .

2848- الحديث سبق برقم: **2847,2846** فراجعه .

2849- الحديث سبق برقم: **2848,2847,2846** فراجعه .

هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ نَسِيَ صَلَاةً فَلْيُصَلِّهَا إِذَا ذَكَرَهَا، لَا كَفَّارَةَ لَهَا إِلَّا ذَلِكَ

اکرم ﷺ نے فرمایا: جو نماز کو بھول جائے اس کو چاہیے کہ جب یاد آئے تو پڑھ لے اس کا صرف یہی کفارہ ہے۔

2850 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، وَابْنُ حِسَابٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "يَهْرَمُ ابْنُ آدَمَ وَتَشِبُّ مِنْهُ اثْنَتَانِ: الْحِرْصُ عَلَى الْمَالِ، وَالْحِرْصُ عَلَى الْعُمُرِ"

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ نبی اکرم ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا: ابن آدم بوڑھا ہو جاتا ہے اور اس کی خواہشیں جوان ہوجاتی ہیں: (۱) مال کے حرص کی (۲) اور عمر کے حرص کی۔

2851 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، وَابْنُ حِسَابٍ، قَالَا: حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: لَوْ أَنَّ لِابْنِ آدَمَ وَادِيَيْنِ مِنْ مَالٍ لَابْتَغَى إِلَيْهِمَا وَادِيًا ثَالِثًا، وَلَا يَمْلَأُ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ إِلَّا التُّرَابُ، وَيَتُوبُ اللّٰهُ عَلَى مَنْ تَابَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے بے شک رسول اللہ ﷺ فرمایا کرتے تھے کہ اگر ابن آدم کے پاس مال کی دو وادیاں ہوں تو ضرور تیسری وادی کی تلاش کرے گا اور ابن آدم کا پیٹ صرف مٹی ہی بھرے گی اور اللہ تعالیٰ اسی کی طرف توجہ فرماتا ہے جو اللہ تعالیٰ سے توبہ کرتا ہے۔

2852 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا أَبَانُ بْنُ يَزِيدَ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَبَحَ أُضْحِيَتَهُ بِيَدِهِ، وَكَبَّرَ عَلَيْهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بے شک رسول اللہ ﷺ نے اپنے ہاتھوں سے دو قربانی کے جانور ذبح کیے اور دونوں پر تکبیر پڑھی۔

2853 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بے

2850- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **275,115** قال: حدثنا يحيى بن سعيد . وفي جلد **3** صفحه **119** قال: حدثنا وكيع . وفي جلد **3** صفحه **275,169,119** قال: حدثنا محمد بن جعفر .

2851- لحديث سبق برقم: **2841** فراجعه .

2852- إلحديث سبق برقم: **2798** فراجعه .

2853- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **213** قال: حدثنا عبد الصمد' قال: حدثنا عمر بن ابراهيم . وأخرجه البخاري جلد **8** صفحه **84** قال: حدثنا اسحاق' قال: أخبرنا حبان . وفي جلد **8** صفحه **84** . ومسلم جلد **8** صفحه **93** قالا (البخاري' ومسلم) حدثنا هُدبة .

قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ اللَّهَ أَشَدُّ فَرَحًا بِتَوْبَةِ عَبْدِهِ مِنْ أَحَدِكُمُ اسْتَيْقَظَ عَلَى بَعِيرِهِ قَدْ أَضَلَّهُ بِأَرْضٍ فَلَاةٍ

شک رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ بے شک اللہ تعالیٰ کو اپنے بندے کی توبہ سے اس سے کہیں زیادہ خوشی ہوتی ہے جتنی کہ تم میں سے کسی کو اس وقت خوشی ہوتی ہے جب اس کا جانور ایک ویران جگہ میں گم ہونے کے بعد ملنے کی خوشی ہوتی ہے۔

2854 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، وَثَابِتٍ، وَحُمَيْدٍ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: غَلَا السِّعْرُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ: سَعِّرْ لَنَا، فَقَالَ: إِنَّ اللَّهَ هُوَ الْقَابِضُ، الْبَاسِطُ، الْمُسَعِّرُ الرَّازِقُ، وَإِنِّي لَأَرْجُو أَنْ أَلْقَى اللَّهَ وَلَيْسَ أَحَدٌ مِنْكُمْ يَطْلُبُنِي بِمَظْلِمَةٍ فِي نَفْسٍ وَلَا مَالٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک بار رسول اللہ ﷺ کے زمانہ مبارک میں اشیاء کے نرخ بڑھ گئے (قیمتیں بڑھ گئیں اور چیزیں مہنگی ہو گئیں) لوگوں نے کہا: اے رسول اللہ ﷺ! ہمارے لیے قیمتیں مقرر فرما دیں۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ ہی رزق کو پھیلانے والا اور اس کو تنگ کرنے والا اور رازق بھاؤ کو مقرر کرنے والا ہے۔ بے شک میں امید رکھتا ہوں کہ میں اللہ سے اس حال میں ملوں گا کہ تم میں سے کوئی بھی مجھ سے مطالبہ نہیں کرتا ہوگا کسی بھی ظلم کا جو میں نے اس کے نفس میں کیا ہو یا اس کے مال میں کیا ہو۔

2855 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَمُرُّ بِالتَّمْرَةِ فَلَا يَمْنَعُهُ أَنْ يَأْخُذَهَا إِلَّا مَخَافَةُ أَنْ تَكُونَ صَدَقَةً

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ کسی کھجور کے پاس سے گزرتے تو آپ ﷺ اس کو پکڑنے سے کوئی شے نہ روکتی مگر صرف یہی کہ صدقہ ہوگی اس کا خوف۔

2856 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا أَبُو هِلَالٍ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہتے

2854- الحديث سبق برقم: **2766** فراجعه .

2855- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **291** قال: حدثنا على بن عبد الله . ومسلم جلد **3** صفحه **118** قال: حدثنا محمد ابن المثنى' وابن بشار . وأخرجه أبو داؤد رقم الحديث: **1652** قال: حدثنا نصر بن علىّ' قال: أخبرنا أبى' عن خالد بن قيس .

حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: مَا خَطَبَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا قَالَ لَا إِيمَانَ لِمَنْ لَا أَمَانَةَ لَهُ، وَلَا دِينَ لِمَنْ لَا عَهْدَ لَهُ

ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں خطبہ دیا مگر اس میں یہ ضرور فرمایا: اس کا ایمان نہیں جو امانت دار نہیں اور اس کا دین نہیں جو وعدے کا وفادار نہیں۔

2857 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا أَبُو هِلَالٍ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ مِنْ أَوْجَزِ النَّاسِ صَلَاةً فِي تَمَامٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بے شک رسول اللہ ﷺ کی نماز تمام لوگوں میں سب سے زیادہ مختصر تھی، تمام نمازوں میں۔

2858 - حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، حَدَّثَنَا أَبُو هِلَالٍ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَزَالُ الْعَبْدُ بِخَيْرٍ مَا لَمْ يَسْتَعْجِلْ قَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ: وَكَيْفَ يَسْتَعْجِلُ، قَالَ: يَقُولُ دَعَوْتُ فَلَا أَرَى يُسْتَجَابُ لِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بندہ مسلسل بھلائی پر رہتا ہے جب تک جلدی نہ چاہے۔ انہوں نے عرض کی کہ یا رسول اللہ ﷺ وہ جلدی کب کرتا ہے، اور کیسے کرتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ کہتا ہے کہ میں نے دعا مانگی ہے میرا نہیں خیال کہ میرے حق میں قبول ہو۔

2859 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، أَخْبَرَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ جَارِيَةً وُجِدَ رَأْسُهَا قَدْ رُضَّ بَيْنَ حَجَرَيْنِ، فَقِيلَ لَهَا: مَنْ فَعَلَ هَذَا بِكِ؟ فُلَانٌ؟ فُلَانٌ؟ حَتَّى ذُكِرَ يَهُودِيٌّ، فَأَوْمَأَتْ بِرَأْسِهَا: فَأُخِذَ الْيَهُودِيُّ فَأَمَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُرَضَّ رَأْسُهُ بِالْحِجَارَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بے شک ایک بچی اس حال میں پائی گئی کہ اس کا سر دو پتھروں کے درمیان کچلا گیا تھا تو اس سے کہا گیا تیرے ساتھ یہ معاملہ کس نے کیا؟ فلاں نے، فلاں نے یا فلاں نے؟ یہاں تک کہ ایک یہودی کا نام ذکر کیا گیا تو اس نے اپنے سر کے ساتھ زبان میں اشارہ کیا تو اس یہودی

2857- الحديث سبق برقم: **2844** فراجعه .

2858- الحديث فى المقصد العلى برقم: **1695** . وأورده الهيثمى فى مجمع الزوائد جلد**10**صفحه**147** وقال: رواه أحمد وأبو يعلى بنحوه، والبزار، والطبرانى فى الأوسط، وفيه: أبو هلال الراسبى وهو ثقة وفيه خلاف، وبقية رجال أحمد وأبى يعلى رجال الصحيح .

2859- اخرجه أحمد جلد**3**صفحه**183** قال: حدثنا وكيع . وفى جلد**3**صفحه**203** قال: حدثنا يزيد بن هارون . وفى جلد**3**صفحه**269** قال: حدثنا عفان . والبخارى جلد **3**صفحه**159** قال: حدثنا موسى . وفى جلد **4**صفحه**4** قال: حدثنا حسان بن أبى عباد .

کو پکڑ لیا گیا پھر نبی اکرم ﷺ نے حکم فرمایا کہ اس کا سر بھی پتھر کے ساتھ کچلا جائے۔

2860 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، أَخْبَرَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الشُّرْبِ قَائِمًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بے شک نبی کریم ﷺ نے کھڑے ہوکر پینے سے منع فرمایا۔

2861 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَهُ حَادٍ يُقَالُ لَهُ: أَنْجَشَةُ، وَكَانَ حَسَنَ الصَّوْتِ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رُوَيْدًا يَا أَنْجَشَةُ، لَا تَكْسِرِ الْقَوَارِيرَ قَالَ قَتَادَةُ: يَعْنِي ضَعَفَةَ النِّسَاءِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم ﷺ کا ایک حُدی خوان تھا (جو اونٹوں کو گا کر ہانکتا تھا) اس کی آواز بہت پیاری تھی اس سے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: رُک جا! اے انجشہ! نرم و نازک شیشوں کو نہ توڑ۔ قتادہ رحمہ اللہ کہتے ہیں: یعنی کمزور عورتوں کو۔

2862 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِرَجُلٍ يَسُوقُ بَدَنَةً، فَقَالَ: ارْكَبْهَا قَالَ: إِنَّهَا بَدَنَةٌ، قَالَ: ارْكَبْهَا، وَيْلَكَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک نبی اکرم ﷺ ایک آدمی کے پاس سے گزرے وہ قربانی کا اونٹ ہانک کے لے جا رہا تھا (یعنی خود پیدل تھا، اونٹ کو آگے چلا رہا تھا)۔ اس سے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اس پر سوار ہو جا۔ اس نے عرض کی: یہ ''بدنہ'' قربانی کا جانور ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ہلاکت ہو تجھ پر اس پر سوار ہو۔

2863 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بے

2860- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 118 قال: حدثنا وكيع، وفي جلد 3 صفحه 147 قال: حدثنا أزهر بن القاسم . وفي جلد 3 صفحه 214 قال: حدثنا عبد الملك بن عمرو . ومسلم جلد 6 صفحه 110 قال: حدثنا قتيبة بن سعيد، وأبو بكر بن أبي شيبة، قالا: حدثنا وكيع . وأبو داؤد رقم الحديث: 3717 قال: حدثنا مسلم بن ابراهيم .

2861- الحديث سبق برقم: 2802,2801 فراجعه .

2862- الحديث سبق برقم: 2755 فراجعه .

2863- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 130 قال: حدثنا محمد بن جعفر . وفي جلد 3 صفحه 173 قال: حدثنا بهز .

قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " لَا عَدْوَى وَلَا طِيَرَةَ، وَيُعْجِبُنِي الْفَأْلُ: الْكَلِمَةُ الطَّيِّبَةُ، الْكَلِمَةُ الْحَسَنَةُ"

شک نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: نہ ہی تعدیہ ہے (بیماری کا متعدی ہونا کہ بیمار سے لوگ بیماری کی وجہ سے نفرت کریں) اور نہ ہی بدشگونی لینا ہے اور مجھے اچھی فال اچھی لگتی ہے اچھی بات تو اچھی ہوتی ہے۔

2864 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، قَالَ: قُلْتُ لِأَنَسٍ: أَكَانَتِ الْمُصَافَحَةُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ قَتَادَةُ: وَكَانَ الْحَسَنُ يُصَافِحُ

حضرت قتادہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے کہا کہ کیا رسول اللہ ﷺ کے مبارک عہد میں مصافحہ تھا؟ انہوں نے جواب میں فرمایا: ہاں! قتادہ رحمہ اللہ نے فرمایا: امام حسن بصری رحمہ اللہ مصافحہ کرتے تھے۔

2865 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، أَنَّ أَنَسًا، أَخْبَرَهُ " أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اعْتَمَرَ أَرْبَعَ عُمَرٍ كُلُّهُنَّ فِي ذِي الْقَعْدَةِ إِلَّا الَّتِي مَعَ حَجَّتِهِ: عُمْرَتُهُ مِنَ الْحُدَيْبِيَةِ، أَوْ زَمَنَ الْحُدَيْبِيَةِ فِي ذِي الْقَعْدَةِ، وَعُمْرَتُهُ مِنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ فِي ذِي الْقَعْدَةِ، وَعُمْرَتُهُ مِنَ الْجِعِرَّانَةِ حَيْثُ قَسَمَ غَنَائِمَ حُنَيْنٍ فِي ذِي الْقَعْدَةِ، وَعُمْرَتُهُ مَعَ حَجَّتِهِ"

حضرت قتادہ رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ ان کو حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے بتایا ہے کہ بے شک نبی اکرم ﷺ نے چار عمرے کیے ہیں، ان میں سے ہر ایک ذی القعدہ میں ادا کیا، سوائے اس عمرہ کے جو آپ ﷺ نے اپنے حج کے ساتھ کیا ہے۔(۱) آپ ﷺ کا حدیبیہ والے واقعہ کے وقت عمرہ یا راوی نے کہا کہ حدیبیہ کے زمانے کا عمرہ بھی ذی القعدہ میں تھا۔(۲) اس سے اگلے سال ذی القعدہ میں (۳) آپ ﷺ کا وہ عمرہ جس وقت آپ نے حنین کی بکریاں جعرانہ میں تقسیم فرمائیں یہ بھی ذی القعدہ میں (۴) اور آپ ﷺ کا حج کے ساتھ عمرہ۔

وفي جلد 3 صفحه 251 قال: حدثنا عفان . وفي جلد 3 صفحه 275 قال: حدثنا محمد بن جعفر، وحجاج . وفي جلد 3 صفحه 277 قال حدثنا يحيى .

2864- أخرجه البخاري جلد 8 صفحه 73 قال: حدثنا عمرو بن عاصم . والترمذي رقم الحديث: 2729 قال: حدثنا سويد، قال: أخبرنا عبد الله (ابن المبارك) .

2865- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 134 قال: حدثنا بهز، وعبد الصمد . وفي جلد 3 صفحه 256,245 قال: حدثنا عفان . والدارمي رقم الحديث: 1794 قال: حدثنا أبو داؤد الطيالسي . والبخاري جلد 3 صفحه 3 قال: حدثنا حسان بن حسان .

2866 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، قَالَ: قُلْتُ لِأَنَسٍ: أَيُّ اللِّبَاسِ كَانَ أَحَبَّ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْ أَعْجَبَ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: الْحِبَرَةُ"

حضرت قتادہ رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ ہم نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے عرض کی کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو سب سے زیادہ کون سا لباس محبوب تھا یا کون سا سب سے زیادہ پسند تھا (الفاظ میں راوی کو شک ہے)؟ تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نرم منقش یمنی لباس۔

2867 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاصَلَ فَوَاصَلَ النَّاسُ فَنَهَاهُمْ عَنِ الْوِصَالِ، وَقَالَ: إِنِّي أُطْعَمُ إِنْ شَاءَ اللَّهُ وَأُسْقَى

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے صوم وصال رکھنا شروع کیا تو لوگوں نے بھی صوم وصال رکھنا شروع کر دیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو صوم وصال سے منع فرما دیا اور فرمایا: اگر اللہ چاہے تو میں کھاتا ہوں اور اگر اللہ چاہے تو میں پیتا ہوں۔

2868 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، أَوْ عَنْ رَجُلٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ: أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ ضَخْمَ الْكَفَّيْنِ، ضَخْمَ الْقَدَمَيْنِ، حَسَنَ الْوَجْهِ، لَمْ أَرَ بَعْدَهُ

حضرت قتادہ رحمہ اللہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے یا کسی اور آدمی سے وہ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے موٹی مبارک ہتھیلیوں والے فربہ پاؤں والے اور حسین ترین چہرے مبارک والے

2866- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **134** قال: حدثنا بهز، وعفان. وفي جلد **3** صفحه **251** قال: حدثنا عفان. وفي جلد **3** صفحه **184** قال: حدثنا وكيع. والبخاري جلد **7** صفحه **189** قال: حدثنا عمرو بن عاصم. ومسلم جلد **6** صفحه **144**. وأبو داؤد رقم الحديث: **4060** قالا: حدثنا همّام بن خالد.

2867- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **276,173** قال: حدثنا بهز. وفي جلد **3** صفحه **276,202** قال: حدثنا يزيد بن هارون. وفي جلد **3** صفحه **276** قال: حدثنا حجاج. والدارمي رقم الحديث: **1711** قال: حدثنا سعيد بن الربيع. والبخاري جلد **3** صفحه **48** قال: حدثنا مسدد، قال: حدثني يحيى. وابن خزيمة رقم الحديث: **2069** قال: حدثنا عبد الله بن محمد الزهري، قال: حدثنا أبو سعيد يعني مولى بني هاشم.

2868- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **125** قال: حدثنا عبد الصمد. والبخاري جلد **7** صفحه **208** قال: حدثني عمرو ابن علي، قال: حدثنا معاذ بن هانئ. وأخرجه البخاري جلد **7** صفحه **208** قال: حدثنا أبو النعمان، قال: حدثنا جرير بن حازم. كلاهما (همام، وجرير) عن قتادة، فذكره.

مِثْلَهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

تھے میں نے آپ ﷺ کے بعد کسی کو بھی آپ ﷺ جیسا نہیں دیکھا۔

2869 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: بَيْنَا أَنَا أَسِيرُ فِي الْجَنَّةِ إِذَا أَنَا بِنَهْرٍ حَافَتَاهُ قِبَابُ اللُّؤْلُؤِ الْمُجَوَّفِ ، فَقُلْتُ: مَا هَذَا يَا جِبْرِيلُ؟ قَالَ: هَذَا الْكَوْثَرُ الَّذِي أَعْطَاكَ رَبُّكَ، فَضَرَبَ الْمَلَكُ بِيَدِهِ فَإِذَا طِينُهُ مِسْكٌ أَذْفَرُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اسی دوران کہ جس وقت میں جنت کی سیر کر رہا تھا اچانک ایک نہر پر آیا کہ جس پر موتیوں سے مزین سونے اور چاندی کے پیالے تیر رہے تھے، میں نے کہا: اے جبرائیل! یہ کیا ہے؟ تو انہوں نے کہا: یہ کوثر ہے جو آپ ﷺ کو آپ ﷺ کے رب نے عطا فرمائی ہے فرشتے نے اپنا ہاتھ مارا تو اچانک اس کے ہاتھ میں اس نہر کی مٹی آئی جو بہت ہی زیادہ خوشبودار تھی مسک کی طرح۔

2870 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَحَّى بِكَبْشَيْنِ أَمْلَحَيْنِ أَقْرَنَيْنِ، فَوَضَعَ رِجْلَهُ عَلَى صَفْحَتِهِمَا فَذَبَحَهَا بِيَدِهِ وَسَمَّى وَكَبَّرَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے دو موٹے فربہ سینگھوں والے مینڈھے ذبح فرمائے تو آپ ﷺ نے اپنا پاؤں مبارک ان کے چہرے پر رکھا آپ ﷺ نے ان دونوں کو اپنے ہاتھ سے ذبح کیا' بسم اللہ' اللہ اکبر پڑھا۔

2871 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، حَدَّثَنَا

حضرت قتادہ رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ ہم نے حضرت

2869- أخرجه أحمد جلد 3صفحه207 قال: حدثنا يونس . والبخاری جلد 6صفحه219 قال: حدثنا آدم كلاهما (يونس' وآدم) قالا: حدثنا شيبان . وأخرجه أحمد جلد 3صفحه191 قال: حدثنا بهز' وعفان . وفي جلد3 صفحه289 قال: حدثنا بهز .

2870- أخرجه أحمد جلد 3صفحه272,99 قال: حدثنا هُشيم . وفي جلد3صفحه115 قال: حدثنا يحيى . وفي جلد3صفحه178,183,118 قال: حدثنا وكيع . وفي جلد3صفحه183 قال: حدثنا وكيع' ومحمد بن جعفر . وفي جلد3صفحه222 قال: حدثنا هاشم .

2871- أخرجه أحمد جلد 3صفحه277 قال: حدثنا يحيى بن سعيد' وحجاج . والبخاری جلد5صفحه45 . والترمذی رقم الحديث: 3794 . والنسائی فی فضائل القرآن: 25 ثلاثتهم عن محمد بن بشار' قال:

هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، قَالَ: قُلْنَا لِأَنَسٍ: مَنْ جَمَعَ الْقُرْآنَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " أَرْبَعَةٌ كُلُّهُمْ مِنَ الْأَنْصَارِ: أُبَيُّ بْنُ كَعْبٍ، وَمُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ، وَزَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ، وَرَجُلٌ مِنَ الْأَنْصَارِ يُقَالُ لَهُ: أَبُو زَيْدٍ"

انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے مبارک میں کس نے قرآن جمع کیا؟ آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ چار آدمیوں نے۔ ان میں سے ہر ایک کا تعلق انصار سے ہے: ابی بن کعب' معاذ بن جبل' زید بن ثابت اورانصار میں سے ایک آدمی تھے جن کو ابو زید رضی اللہ عنہ کہا جاتا تھا۔

2872 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، أَخْبَرَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ أَحَدٌ يَسُرُّهُ أَنْ يَرْجِعَ إِلَى الدُّنْيَا وَلَهُ عَشَرَةُ أَمْثَالِهَا إِلَّا الشَّهِيدُ، فَإِنَّهُ وَدَّ لَوْ أَنَّهُ رَجَعَ إِلَى الدُّنْيَا فَقُتِلَ عَشْرَ مَرَّاتٍ لِمَا يَرَى مِنَ الْفَضْلِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنتیوں میں سے کوئی بھی ایسا نہ ہوگا جو اس بات میں خوشی محسوس کرتا ہو کہ اس کو دوبارہ دنیا میں بھیجا جائے اور اس کو پہلے جیسی دس گنا زیادہ مراعات حاصل ہوں سوائے شہید کے، شہید چاہے گا کاش کہ اس کو دوبارہ دنیا کی طرف لوٹا دیا جائے اور وہ اللہ کی راہ میں دس مرتبہ قتل کیا جائے یہ اس وجہ سے ہوگا' وہ اس کی فضیلت کو دیکھ چکا ہوگا۔

2873 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ الزُّبَيْرَ بْنَ الْعَوَّامِ، وَعَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ عَوْفٍ، شَكَيَا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بے شک زبیر بن عوام رضی اللہ عنہ اور عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے خارش (کھجلی) کی شکایت کی۔ ان

حدثنا يحيى بن سعيد .

2872- أخرجه البخارى جلد **4** صفحه **20** قال: حدثنا عبد الله بن محمد' قال: حدثنا معاوية بن عمرو' قال: حدثنا أبو اسحاق الفزارى . والترمذى رقم الحديث: **1643** . وأخرجه مسلم جلد **6** صفحه **35** . وعبد الله بن أحمد جلد **3** صفحه **278** قال: حدثنا أبو بكر بن أبى شيبة' قال: حدثنا أبو خالد الأحمر' عن حُميد' وشعبة عن قتادة' فذكراه .

2873- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **122** قال: حدثنا يزيد . وفى جلد **3** صفحه **192** قال: حدثنا بهز وعفان . وفى جلد **3** صفحه **252** قال: حدثنا عفان . والبخارى جلد **4** صفحه **50** قال: حدثنا أبو الوليد . وفى جلد **4** صفحه **50** أيضًا قال: حدثنا محمد بن سنان .

وَسَلَّمَ الْقَمْلَ فَرَخَّصَ لَهُمَا فِي قَمِيصِ الْحَرِيرِ ، فَرَأَيْتُ عَلَى كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا قَمِيصَ حَرِيرٍ

دونوں کو نبی پاک ﷺ نے ریشم کی قمیص پہننے کی رخصت عنایت فرمادی۔ میں نے ان میں سے ہرایک پر ریشم کی قمیض دیکھی ہے۔

2874 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، " أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ كَانُوا يَسْتَفْتِحُونَ الْقِرَاءَةَ بِالْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک رسول اللہ ﷺ ابوبکر رضی اللہ عنہ اور عمر رضی اللہ عنہ سارے اپنی قرأت کا آغاز الحمد للہ رب العلمین سے کیا کرتے تھے۔

2875 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَهْطًا قَدِمُوا عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عُرَيْنَةَ، قَالَ: فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، اجْتَوَيْنَا الْمَدِينَةَ فَعَظُمَتْ بُطُونُنَا، وَانْتُهِسَتْ لُحُومُنَا، فَأَمَرَهُمْ فَأَتَوْا رَاعِيَ الصَّدَقَةِ، فَشَرِبُوا مِنْ أَلْبَانِهَا وَأَبْوَالِهَا حَتَّى صَحَّتْ جُسُومُهُمْ، فَقَتَلُوا الرَّاعِيَ وَاسْتَاقُوا الْإِبِلَ وَارْتَدُّوا، فَبَعَثَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي أَثَرِهِمْ فَجِيءَ بِهِمْ، فَقَطَعَ أَيْدِيَهُمْ وَأَرْجُلَهُمْ، وَسَمَرَ أَعْيُنَهُمْ وَأَلْقَاهُمْ فِي الْحَرَّةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ قبیلہ بنوعرینہ کا ایک گروہ نبی پاک ﷺ کے پاس آیا۔ راوی کہتے ہیں: انہوں نے کہا: یارسول اللہ! ہمیں مدینہ کی آب وہوا ناموافق ہے۔ ہمارے پیٹ بڑے ہوگئے ہیں اور ہمارے گوشت لاغر ہوگئے ہیں۔ تو آپ ﷺ نے ان کو حکم دیا کہ بیت المال کے اونٹوں کے نگہبان کے پاس جائیں تو انہوں نے اونٹوں کا دودھ اور ان کا پیشاب پیا تو وہ تندرست ہوگئے۔ ان کے جسم بھی ٹھیک ہوگئے انہوں نے چرواہے کو قتل کر دیا اور اونٹ ہانک کر لے گئے اور مرتد ہوگئے۔ نبی پاک ﷺ نے ان کے پیچھے لوگوں کو بھیجا ان کو لایا گیا ان کے ہاتھ اور پاؤں کاٹ دیئے گئے اور آپ ﷺ نے ان کی آنکھیں نکال دیں اور ان کو گرمی میں (سورج کی دھوپ میں) ڈال دیا۔

2874- أخرجه الحميدى رقم الحديث: **1199** . وأحمد جلد**3**صفحه**111** . والبخارى فى جزء القراءة: **127** قال: حدثنا على . وابن ماجة رقم الحديث: **813** قال: حدثنا محمد بن الصباح . والنسائى جلد **2**صفحه**133** وفى الكبرٰى رقم الحديث: **886** قال: أخبرنا عبد الله بن محمد بن عبد الرحمٰن الزهرى .

2875- الحديث سبق برقم: **2808** فراجعه .

2876 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَعَاهُ خَيَّاطٌ فِي الْمَدِينَةِ إِلَى خُبْزِ شَعِيرٍ وَإِهَالَةٍ، وَكَانَ فِيهَا قَرْعٌ، فَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْجِبُهُ الْقَرْعُ، فَكُنْتُ أُقَدِّمُهُ بَيْنَ يَدَيْهِ، قَالَ أَنَسٌ: فَمَا زَالَ الْقَرْعُ يُعْجِبُنِي

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بے شک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مدینے کے ایک درزی نے یا ایک بوڑھے نے دعوت کے طور پر ایک جو کی روٹی اور ایک تھال پیش کیا جس میں کدو (شریف) تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کدو کو بہت پسند فرمایا کرتے تھے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بیٹھا تھا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کدو کو بہت پسند فرما رہے تھے تو تب سے میں بھی کدو بہت پسند کرتا ہوں۔

2877 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، وَالْحَسَنِ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يَبْزُقَنَّ أَحَدُكُمْ عَنْ يَمِينِهِ، وَلْيَبْزُقَنَّ عَنْ يَسَارِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے اور حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی بھی اپنے دائیں ہرگز نہ تھوکے، اسے چاہیے کہ وہ اپنے بائیں تھوکے۔

2878 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْبُزَاقُ فِي الْمَسْجِدِ خَطِيئَةٌ وَكَفَّارَتُهَا دَفْنُهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسجد میں تھوکنا گناہ ہے اور اس کا کفارہ اس کو دفن کر دینا ہے۔

2879 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

2876- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **273,177** قال: حدثنا محمد بن جعفر' (ح) وحدثنا خجاج . وفي جلد **3** صفحه **290** قال: حدثنا بهز . والدارمي رقم الحديث: **2057** قال: أخبرنا الأسود بن عامر . والترمذي في الشمائل رقم الحديث: **160** قال: حدثنا محمد بن بشار' قال: حدثنا محمد بن جعفر' وعبد الرحمٰن بن مهدي .

2877- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **273,176** قال: حدثنا محمد بن جعفر' وحجاج . وفي جلد **3** صفحه **278** قال: حدثنا بهز . والبخاري جلد **1** صفحه **113** قال: حدثنا آدم . وفي جلد **1** صفحه **113** قال: حدثنا حفص ابن عمر' وفي جلد **2** صفحه **82** قال: حدثنا محمد بن بشار' قال: حدثنا غُندَر .

2878- الحديث سبق برقم: **2842** فراجعه .

قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: يَخْرُجُ قَوْمٌ مِنَ النَّارِ بَعْدَمَا يُصِيبُهُمْ مِنْهَا سَفْعٌ، فَيَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ فَيُسَمِّيهِمْ أَهْلُ الْجَنَّةِ الْجَهَنَّمِيِّينَ

بے شک اللہ کے نبی ﷺ نے فرمایا: ایک قوم جہنم سے نکلے گی اپنی سزا پانے کے بعد اور ان کے رنگ بدل گئے ہوں گے وہ لوگ جنت میں داخل کر دیئے جائیں گے، اہلِ جنت ان کو جہنمیین کہہ کر پکاریں گے۔

2880 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا يُؤْمِنُ عَبْدٌ حَتَّى يُحِبَّ لِأَخِيهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ مِنَ الْخَيْرِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے بے شک رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کوئی شخص اس وقت تک مؤمن نہیں ہوسکتا جب تک کہ وہ اپنے بھائی کے لیے وہی بھلائی پسند نہ کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے۔

2881 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ رَجُلًا، سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: الرَّجُلُ يُحِبُّ الْقَوْمَ وَلَمَّا يَلْحَقْ بِهِمْ، قَالَ: الْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے نبی پاک ﷺ سے سوال کیا: ایک شخص کسی قوم سے محبت تو کرتا ہے مگر ان سے مل نہیں پاتا تو؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: آدمی اسی کے ساتھ ہوگا جس سے اس نے محبت کی (قیامت کو)۔

2882 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: "

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک نبی پاک ﷺ نے فرمایا: وہ شخص دوزخ سے نکال لیا جائے گا جس نے "لا الہ الا اللہ" کہا اور اس کے

2880- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **272,176** قال: حدثنا محمد بن جعفر، وحجاج . وفي جلد **3** صفحه **278** قال: حدثنا عبيد الله بن معاذ، قال: حدثنا أبي . وعبد بن حميد: **1175** . والدارمي رقم الحديث: **2743** قال: أخبرنا يزيد بن هارون .

2881- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **276,173** قال: حدثنا محمد بن جعفر، وحجاج . ومسلم جلد **8** صفحه **43** قال: حدثنا ابن المثنى وابن بشار، قالا: حدثنا محمد بن جعفر . وأخرجه البخاري في الأدب المفرد رقم الحديث: **352** قال: حدثنا مسلم بن ابراهيم .

2882- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **276,173** قال: حدثنا محمد بن جعفر، وحجاج . وفي جلد **3** صفحه **276** . وعبد بن حميد: **1173** قالا: (أحمد، وعبد): حدثنا يزيد بن هارون . ومسلم جلد **1** صفحه **125** قال: حدثنا محمد بن منهال، قال: حدثنا يزيد بن زُريع .

يَخْرُجُ مِنَ النَّارِ مَنْ قَالَ: لَا اِلَهَ اِلَّا اللَّهُ، وَكَانَ فِي قَلْبِهِ مِنَ الْخَيْرِ مَا يَزِنُ شَعِيرَةً" ثُمَّ قَالَ: " يَخْرُجُ مِنَ النَّارِ مَنْ قَالَ: لَا اِلَهَ اِلَّا اللَّهُ، وَكَانَ فِي قَلْبِهِ مِنَ الْخَيْرِ مَا يَزِنُ بُرَّةً، ثُمَّ يَخْرُجُ مِنَ النَّارِ مَنْ قَالَ: لَا اِلَهَ اِلَّا اللَّهُ، وَكَانَ فِي قَلْبِهِ مِنَ الْخَيْرِ مَا يَزِنُ ذَرَّةً"

دل میں آنکھ کے بال برابر بھی بھلائی ہو۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: وہ شخص جہنم سے نکال دیا جائے گا جس نے بھی ''لا الہ الا اللہ'' کہا اور اس کے دل میں ایک دانے برابر بھی بھلائی ہو۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا: وہ شخص دوزخ سے نکال دیا جائے گا جس کے دل میں ایک ذرہ برابر وزن کی مقدار میں بھی ایمان ہوا۔

2883 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: كُنَّا نَأْتِي أَنَسًا وَخَبَّازُهُ قَائِمٌ، فَقَالَ: كُلُوا، فَمَا أَعْلَمُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى رَغِيفًا مُرَقَّقًا وَلَا شَاةً سَمِيطًا بِعَيْنِهِ قَطُّ حَتَّى لَحِقَ بِاللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ

حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس آئے اس حالت میں نانبائی آپ کے پاس کھڑا تھا' آپ نے فرمایا: کھاؤ! میں نہیں جانتا ہوں کہ حضور ﷺ نے نرم روٹی دیکھی ہو یا بھونی ہوئی بکری' اپنی آنکھ سے دیکھی ہو یہاں تک کہ آپ اللہ عزوجل سے جا ملے۔

2884 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى أَنْ يُنْبَذَ التَّمْرُ وَالزَّبِيبُ جَمِيعًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک نبی اکرم ﷺ نے کھجور اور کشمش دونوں کو ملا کر نبیذ بنانے سے منع فرمایا ہے۔

2885 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، أَنَّهُ قَالَ يَوْمًا:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک انہوں نے ایک دن کہا کہ میں تم کو ایک ایسی

2883- أخرجه البخارى جلد 8صفحه119 . والترمذى رقم الحديث: 2363 . وفى الشمائل رقم الحديث: 150 قال: حدثنا عبد الله بن عبد الرحمن . والنسائى فى الكبرى (تحفة الأشراف) رقم الحديث: 1174 عن الفضل بن سهل الأعرج .

2884- أخرجه أحمد جلد 3صفحه134 قال: حدثنا بهز . وفى جلد 3صفحه210 قال: حدثنا عبد الصمد . وفى جلد3صفحه 251 قال: حدثنا عفان .

2885- اخرجه أحمد جلد 3صفحه273,98 قال: حدثنا هشيم . وفى جلد 3صفحه273,176 قال: حدثنا محمد ابن جعفر . وفى جلد 3صفحه202,176 قال: حدثنا يزيد بن هارون . وفى جلد3صفحه277,176 قال: حدثنا حجاج . والبخارى جلد1صفحه30 .

لَأُحَدِّثَنَّكُمْ بِحَدِيثٍ لَا يُحَدِّثُكُمْ بِهِ أَحَدٌ بَعْدِي سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ - أَوْ قَالَ - مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ يُرْفَعَ الْعِلْمُ، وَيَظْهَرَ الْجَهْلُ، وَيُشْرَبَ الْخَمْرُ، وَيَظْهَرَ الزِّنَى، وَيَقِلَّ الرِّجَالُ، وَيَكْثُرَ النِّسَاءُ، حَتَّى يَكُونَ لِلْخَمْسِينَ امْرَأَةً الْقَيِّمُ الْوَاحِدُ

حدیث بیان کرتا ہوں کہ میرے بعد کوئی بھی وہ حدیث بیان نہیں کرے گا۔ میں نے اس حدیث کو رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے، آپ ﷺ نے فرمایا: قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی یہاں تک کہ علم کو اٹھا لیا جائے گا، جہالت ظاہر ہو جائے گی، شراب سرعام پی جائے گی، زنا عام ہو جائے گا، مرد کم ہو جائیں گے، عورتیں زیادہ ہو جائیں گی اتنی زیادہ کہ پچاس عورتوں کے لیے ایک مرد ہو گا (راوی کو شک ہے کہ یا آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ قیامت کی نشانیوں میں سے یہ ہیں)۔

2886 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، قَالَ: سَأَلْتُ أَنَسًا هَلْ خَضَبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَمْ يَبْلُغْ ذَلِكَ، إِنَّمَا كَانَ شَيْبُهُ فِي صُدْغَيْهِ، وَلَكِنَّ أَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ خَضَبَا بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ

حضرت قتادہ رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ کیا نبی کریم ﷺ خضاب لگاتے تھے؟ تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ ﷺ کو خضاب لگانے کی ضرورت نہیں ہوئی' آپ ﷺ کی داڑھی مبارک میں کنپٹیوں کے پاس کچھ بال سفید تھے، ہاں لیکن ابوبکر رضی اللہ عنہ و عمر رضی اللہ عنہ مہندی اور زرد رنگ کا خضاب استعمال فرماتے تھے۔

2887 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ رَجُلًا رُفِعَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ سَكِرَ، فَأَمَرَ قَرِيبًا مِنْ عِشْرِينَ رَجُلًا، فَضَرَبُوهُ بِالْجَرِيدِ وَالنِّعَالِ، ثُمَّ رُفِعَ إِلَى أَبِي بَكْرٍ قَدْ سَكِرَ فَجَلَدَهُ أَرْبَعِينَ، فَلَمَّا وَلِيَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے بے شک ایک آدمی کو نبی کریم ﷺ کی بارگاہ میں اس حال میں حاضر کیا گیا کہ اس نے شراب پی ہوئی تھی تو آپ ﷺ نے تقریباً ۲۰ افراد سے فرمایا کہ اس کو مارو تو انہوں نے اس کو اپنے جوتوں اور کھجور کی چھڑیوں وغیرہ

2886- الحديث سبق برقم: 2823,2821 فراجعه .

2887- أخرجه أحمد جلد3صفحه115 قال: حدثنا يحيى وأبو نُعيم . وفي جلد3صفحه180 قال: حدثنا وكيع . والبخاري جلد8صفحه196 قال: حدثنا حفص بن عمر . وفي جلد8صفحه196 قال: حدثنا مسلم بن ابراهيم .

عُمَرُ وَأَدْمَنَ النَّاسَ فِي الْخَمْرِ، فَاسْتَشَارَ النَّاسَ، فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ: أَرَى أَنْ تَجْعَلَهُ . وَانْقَطَعَ عَلَى أَبِي يَعْلَى حَرْفٌ أَحْسِبُهُ قَالَ: ثَمَانِينَ

سے مارا۔ پھر اسی طرح ایک بندے کو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس لایا گیا اس حال میں کہ اس نے شراب پی ہوئی تھی تو آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو ۴۰ کوڑے مروائے پھر جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا زمانہ آیا لوگوں میں شراب کی سزا مقرر کرنے لگے اس سلسلے میں آپ نے لوگوں سے مشورہ کیا تو حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میری رائے یہ ہے کہ آپ رضی اللہ عنہ اس کو مقرر کریں۔ مصنف فرماتے ہیں کہ مجھے وہ لفظ مکمل یاد نہیں رہا مگر میرا غالب گمان ہے کہ راوی سے (۸۰) کا ہندسہ ہی کہا تھا۔

2888 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّهُ قَالَ: " شَهِدْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ أَصْحَابِهِ عِنْدَ الزَّوْرَاءِ - أَوْ قَالَ: عِنْدَ بُيُوتِ الْمَدِينَةِ - فَأَرَادَ الْوُضُوءَ، فَأُتِيَ بِقَعْبٍ فِيهِ مَاءٌ يَسِيرٌ، فَوَضَعَ يَدَهُ عَلَى الْقَعْبِ فَجَعَلَ الْمَاءُ يَنْبُعُ مِنْ بَيْنِ أَصَابِعِهِ حَتَّى تَوَضَّأَ الْقَوْمُ كُلُّهُمْ" ، قُلْتُ لِأَنَسٍ: كَمْ كُنْتُمْ؟ قَالَ: زُهَاءَ ثَلَاثِ مِائَةٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھا جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم زوراء کے مقام پر یا راوی نے کہا کہ مدینہ شریف کے گھروں کے پاس ہی تھے اپنے صحابہ کرام کے ہمراہ۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے وضو کا ارادہ فرمایا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک پیالہ لایا گیا جس کے اندر تھوڑا سا پانی تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پیالے پر اپنا دستِ نبوت رکھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک انگلیوں کے درمیان سے پانی پھوٹ پڑا۔ اتنا پانی یہاں تک کہ ساری کی ساری قوم نے وضو کر لیا۔ راوی (حضرت قتادہ رحمہ اللہ) فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ آپ رضی اللہ عنہ اس وقت کتنے لوگ تھے؟ تو آپ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تین سو افراد۔

2889 - حَدَّثَنَا هُدْبَةُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، حَدَّثَنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

2888- الحديث سبق برقم: 2751 فراجعه .

AlHidayah - الهداية

قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ أُمَّ سُلَيْمٍ، بَعَثَتْ مَعَهُ بِشَيْءٍ سَمَّاهُ هَمَّامٌ فِيهِ رُطَبٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَعَلَ يَقْبِضُ الْقَبْضَةَ فَيَبْعَثُ بِهَا إِلَى بَعْضِ أَزْوَاجِهِ، وَيَقْبِضُ الْقَبْضَةَ وَإِنَّهُ لَيَشْتَهِيهِ

کہ حضرت اُم سلیم رضی اللہ عنہا نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کے ساتھ کوئی شی بھیجی (ہمام نے اس میں اس کا نام رکھا) کہ تر کھجوریں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجیں' آپ صلی اللہ علیہ وسلم مٹھی بھرنے اور ازواج کے ہاں بھیجنے لگے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم بہت ہی چاہت سے مٹھی بھرتے تھے۔

2890 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْبَرَصِ وَالْجُذَامِ وَالْجُنُونِ وَسَيِّءِ الْأَسْقَامِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کہا کرتے تھے: اے اللہ! میں تیری پناہ میں آتا ہوں برص سے، خارش سے، پاگل پن سے اور بری بری بیماریوں سے۔

2891 - حَدَّثَنَا نَافِعُ بْنُ خَالِدٍ الطَّاحِيُّ، حَدَّثَنَا نُوحُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " يُؤْتَى بِالْمَوْتِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَأَنَّهُ كَبْشٌ أَمْلَحُ، فَيُوقَفُ بَيْنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ، ثُمَّ يُنَادِي مُنَادٍ: يَا أَهْلَ الْجَنَّةِ، فَيَقُولُونَ: لَبَّيْكَ رَبَّنَا، قَالَ: فَيُقَالُ: هَلْ تَعْرِفُونَ هَذَا؟ فَيَقُولُونَ: نَعَمْ رَبَّنَا، هَذَا الْمَوْتُ، فَيُذْبَحُ كَمَا تُذْبَحُ الشَّاةُ، فَيُؤْمَنُ هَؤُلَاءِ، وَيُنْقَطَعُ رَجَاءُ هَؤُلَاءِ "

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن موت کو لایا جائے گا وہ ایسے ہوگی جس طرح سرخ وسفید مینڈھا۔ اس کو دوزخ اور جنت کے درمیان کھڑا کیا جائے گا پھر ایک ندا دینے والا ندا دے گا: اے جنتیو! وہ کہیں گے: ہم حاضر ہیں! اے ہمارے رب! ان سے کہا جائے گا: کیا تم اس کو پہچانتے ہو؟ وہ عرض کریں گے: جی ہاں! ہمارے رب! یہ موت ہے۔ تو اس کو پھر ذبح کر دیا جائے گا جس طرح کہ بکری کو ذبح کیا جاتا ہے۔ تو یہ لوگ اہل جنت امن میں ہو جائیں گے کہ اب ہم مریں گے نہیں اور ان

2890- اخرجه أحمد جلد3صفحه192 قال: حدثنا بهز' وحسن بن موسى . وأبو داؤد رقم الحديث: 4554. قال: حدثنا موسى بن اسماعيل . وأخرجه النسائي جلد8صفحه270 قال: أخبرنا محمد بن المثنى' قال: حدثنا أبو داؤد' قال: حدثنا همام .

2891- الحديث في المقصد العلي برقم: 1953 . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد10صفحه395 وقال: رواه أبو يعلى' والطبراني في الأوسط بنحوه' والبزار' ورجالهم رجال الصحيح غير نافع بن خالد الطاحي وهو ثقة .

لوگوں (دوزخیوں) کی امیدیں منقطع ہو جائیں گی کہ وہ امید کریں کہ انہیں موت آئے اور ہماری تکلیف دور ہو جائے۔

2892 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدِ بْنِ حِسَابٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ:" يَجْمَعُ اللَّهُ النَّاسَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، فَيُلْهَمُونَ كَذَلِكَ يَقُولُونَ: لَوِ اسْتَشْفَعْنَا عَلَى رَبِّنَا حَتَّى يُرِيحَنَا مِنْ مَكَانِنَا هَذَا، قَالَ فَيَأْتُونَ آدَمَ فَيَقُولُونَ: يَا آدَمُ، أَبَا الْخَلْقِ خَلَقَكَ اللَّهُ بِيَدِهِ وَأَسْجَدَ لَكَ مَلَائِكَتَهُ فَاشْفَعْ لَنَا عِنْدَ رَبِّكَ حَتَّى يُرِيحَنَا مِنْ مَكَانِنَا، فَيَقُولُ: لَسْتُ هُنَاكُمْ، وَيَذْكُرُ خَطِيئَتَهُ الَّتِي أَصَابَ فَيَسْتَحْيِي مِنْ رَبِّهِ مِنْهَا، وَلَكِنِ ائْتُوا نُوحًا أَوَّلَ رَسُولٍ بَعَثَهُ اللَّهُ، فَيَأْتُونَ نُوحًا فَيَقُولُ: لَسْتُ هُنَاكُمْ وَيَذْكُرُ خَطِيئَتَهُ الَّتِي أَصَابَ فَيَسْتَحِي مِنْ رَبِّهِ، وَلَكِنِ ائْتُوا إِبْرَاهِيمَ، قَالَ: فَيَأْتُونَ إِبْرَاهِيمَ، فَيَقُولُ: لَسْتُ هُنَاكُمْ، وَيَذْكُرُ خَطِيئَتَهُ الَّتِي أَصَابَ فَيَسْتَحْيِي رَبَّهُ مِنْهَا وَلَكِنِ ائْتُوا مُوسَى، فَيَأْتُونَ مُوسَى فَيَقُولُ: لَسْتُ هُنَاكُمْ، وَيَذْكُرُ خَطِيئَتَهُ الَّتِي أَصَابَ، فَيَسْتَحْيِي رَبَّهُ مِنْهَا، وَلَكِنِ ائْتُوا عِيسَى رُوحَ اللَّهِ وَكَلِمَتَهُ، قَالَ: فَيَأْتُونَ عِيسَى فَيَقُولُ:

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن اللہ تعالیٰ سب لوگوں کو جمع فرمائے گا تو وہ سارے کے سارے گھبرائے ہوئے ہوں گے تو وہ کہیں گے کاش کہ کوئی آج ہماری، ہمارے رب کے ہاں سفارش کرے اور اس مکان سے ہم نجات پا لیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ سارے جناب آدم علیہ السلام کے پاس حاضر ہوں گے تو وہ آ کر کہیں گے، اے آدم! آپ ساری مخلوق کے باپ ہیں۔ آپ علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے اپنے دست قدرت (جیسا کہ اس کی شان کے لائق ہے) سے بنایا ہے اور ملائکہ نے آپ علیہ السلام کے سامنے سجدہ کیا تو آپ علیہ السلام ہمارے لیے اپنے رب کے حضور شفاعت کریں تا کہ اس جگہ سے ہمیں راحت نصیب ہو تو وہ جواباً کہیں گے کہ آج میں اُس مقام پہ نہیں ہوں اور پھر آپ علیہ السلام اپنی اس بات کا تذکرہ فرمائیں گے جسکے سبب آپ علیہ السلام آزمائے گئے پھر آپ علیہ السلام کو اپنے رب سے حیاء آئے گی اور فرمائیں گے لیکن تم نوح علیہ السلام کے پاس جاؤ وہ دنیا میں مبعوث ہونے والے پہلے رسول علیہ السلام ہیں تو وہ سارے جناب نوح علیہ السلام کی بارگاہ میں

2892- أخرجه عبد بن حميد: **1187** ۔ والبخاری جلد **6** صفحه **21** وجلد **9** صفحه **182** قالا: حدثنا مسلم بن ابراهيم ۔ وفی جلد **9** صفحه **149** قال: البخاری: حدثنی معاذ بن فضالة ۔ ومسلم جلد **1** صفحه **125** قال: حدثنا محمد بن المثنیٰ، قال: حدثنا معاذ بن هشام ۔ والنسائی فی الكبرىٰ تحفة الأشراف رقم الحديث: **1357** عن ابراهيم بن الحسن، عن الحارث بن عطية ۔

لَسْتُ هُنَاكُمْ وَلَكِنِ ائْتُوا مُحَمَّدًا عَبْدًا غَفَرَ اللَّهُ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ وَمَا تَأَخَّرَ، قَالَ: فَيَأْتُونِي، فَأَسْتَأْذِنُ فَيُؤْذَنُ لِي، فَإِذَا رَأَيْتُ رَبِّي وَقَعْتُ سَاجِدًا فَيَدَعُنِي مَا شَاءَ اللَّهُ أَنْ يَدَعَنِي فَيَقُولُ: ارْفَعْ مُحَمَّدُ، قُلْ يُسْمَعْ، وَسَلْ تُعْطَ، وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ، فَأَرْفَعُ رَأْسِي فَأَحْمَدُ رَبِّي بِتَحْمِيدٍ يُعَلِّمُنِيهِ، ثُمَّ أَشْفَعُ فَيَحُدُّ لِي حَدًّا فَأُخْرِجُهُمْ مِنَ النَّارِ فَأُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ، ثُمَّ أَعُودُ وَأَقَعُ سَاجِدًا فَأَحْمَدُ رَبِّي بِتَحْمِيدٍ يُعَلِّمُنِيهِ، ثُمَّ أَشْفَعُ فَيَحُدُّ لِي حَدًّا فَأُخْرِجُهُمْ مِنَ النَّارِ فَأُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ، ثُمَّ أَعُودُ وَأَقَعُ سَاجِدًا فَأَحْمَدُ رَبِّي بِتَحْمِيدٍ يُعَلِّمُنِيهِ، ثُمَّ يُقَالُ: يَا مُحَمَّدُ، قُلْ يُسْمَعْ، سَلْ تُعْطَ، اشْفَعْ تُشَفَّعْ، فَأَرْفَعُ رَأْسِي فَأَحْمَدُ رَبِّي بِتَحْمِيدٍ يُعَلِّمُنِيهِ، ثُمَّ أَشْفَعُ فَيَحُدُّ لِي حَدًّا فَأُخْرِجُهُمْ مِنَ النَّارِ وَأُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ، وَقَالَ فِي الثَّالِثَةِ - أَوِ الرَّابِعَةِ -: فَلَا يَبْقَى فِي النَّارِ إِلَّا مَنْ حَبَسَهُ الْقُرْآنُ " قَالَ قَتَادَةُ: أَيْ وَجَبَ الْخُلُودُ

حاضر ہوں گے تو جناب نوح علیہ السلام فرمائیں گے میں بھی اس مقام (مقام شفاعت میں) تمہارے ساتھ نہیں ہوں وہ بھی اپنی آزمائش کا تذکرہ کریں گے جس میں مبتلا ہوئے وہ بھی شفاعت کے مقابلے میں اپنے رب سے حیا کریں گے اور فرمائیں گے کہ تم ابراہیم علیہ السلام کے پاس جاؤ۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ سارے جناب ابراہیم علیہ السلام کے پاس حاضر ہوں گے، وہ بھی فرمائیں گے کہ میں اس مقام شفاعت میں تمہارے ساتھ نہیں ہوں، وہ بھی اپنی اس آزمائش کا ذکر فرمائیں گے جس میں مبتلا ہوئے۔ وہ بھی شفاعت کے معاملے میں اپنے رب سے حیاء کریں گے اور فرمائیں گے کہ لیکن تم عیسیٰ علیہ السلام روح اللہ کے پاس جاؤ وہ روح اللہ بھی ہیں اور اس کا کلمہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ سارے جناب عیسیٰ ابن مریم علیہ السلام کے پاس حاضر ہوں گے تو وہ بھی کہیں گے کہ میں اس مقام پہ نہیں ہوں لیکن تم محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جاؤ وہ اللہ کے خاص بندے ہیں کہ اللہ رب العزت نے ان کی وجہ سے ان کے پہلوں اور ان کے پچھلوں کے گناہوں کو بخش دیا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ سارے لوگ میرے پاس حاضر ہوں گے تو میں اجازت مانگوں گا (شفاعت کی) تو مجھ کو اجازت دے دی جائے گی۔ جب میں اپنے رب عزوجل کو دیکھوں گا تو میں سجدے میں گر جاؤں گا اللہ رب العزت میری وجہ سے جتنے لوگوں کو چاہے گا چھوڑ دے گا اور پھر فرمائے گا: اے محمد! اپنا سر مبارک سجدے سے اٹھایئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کہیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم

کی بات سنی جائے گی، سوال کریں آپ ﷺ کو دیا جائے گا، سفارش کریں آپ ﷺ کی سفارش قبول کی جائے گی۔ تو میں اپنا سر سجدے اسے اٹھاؤں گا پھر میں اپنے رب عزوجل کی اس طرح حمد کروں گا جیسا کہ اس نے مجھے سکھائی ہے پھر میں شفاعت کروں گا تو میرے لیے ایک حد مقرر کر دی جائے گی (کہ ان کے ایمان کی حد تک آپ ﷺ ان کو جنت میں لے جا سکتے ہیں) پھر میں ان کو آگ سے نکالوں گا اور میں ان کو جنت میں داخل کر دوں گا۔ پھر میں دوبارہ سجدے میں گر جاؤں گا اور میں اپنے رب کی کثرت سے حمد کروں گا جیسا کہ اس نے مجھے اپنی حمد سکھائی ہے پھر میں شفاعت کروں گا تو میرے لیے ایک حد مقرر کر دی جائے گی (کہ اس مقدار کے ایمان والے کو آپ ﷺ اپنے ساتھ لے جا سکتے ہیں) تو میں ان کو دوزخ سے نکالوں گا اور ان کو جنت میں داخل کر دوں گا پھر میں دوبارہ سجدے میں گر جاؤں گا میں اپنے رب کی حمد کروں گا ایسی حمد جیسی کہ اس نے مجھے اور خاص مجھے سکھائی ہے پھر کہا جائے گا: اے محمد! آپ کہو آپ ﷺ کی بات سنی جائے گی، سوال کرو آپ ﷺ کو دیا جائے گا، شفاعت کرو آپ ﷺ کی شفاعت قبول کی جائے گی۔ تو میں اپنا سر سجدے سے اٹھاؤں گا اس تحمید خاص کے ساتھ جو مجھے میرے رب نے سکھائی ہے، پھر میں شفاعت کروں گا تو میرے لیے ایک حد مقرر کر دی جائے گی (کہ اتنی مقدار کے ایمان والے کو آپ ﷺ اپنے ساتھ جنت میں لے جا سکتے

ہیں) تو میں ان کو جہنم سے نکالوں گا اور ان کو جنت میں داخل فرما دوں گا۔ (راوی کہتے ہیں) کہ آپ ﷺ نے تیسری یا چوتھی مرتبہ میں (یہ راوی کو شک ہے) فرمایا: دوزخ میں کوئی بھی باقی نہ رہے گا مگر وہی کہ جس کو قرآن نے روک رکھا ہو۔ قتادہ رحمہ اللہ نے کہا ہے کہ یعنی ان پر ہمیشہ ہمیشہ کے لیے خلود فی النار ہو گا اسی لیے وہ رہ جائیں گے۔

2893 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَوْنٍ الْخَرَّازُ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، عَنْ مِسْعَرِ بْنِ كِدَامٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى تَوَرَّمَتْ قَدَمَاهُ أَوْ سَاقَاهُ، فَقِيلَ لَهُ: أَلَيْسَ قَدْ غَفَرَ اللّٰهُ لَكَ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ، قَالَ: أَفَلَا أَكُونُ عَبْدًا شَكُورًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ اتنا قیام فرمایا کرتے تھے کہ آپ ﷺ کے پاؤں مبارک یا پنڈلی مبارک (راوی کو شک ہے) پر ورم ہو گیا۔ آپ ﷺ سے کہا گیا: کیا ایسا نہیں کہ آپ ﷺ کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے آپ ﷺ سے پہلوں اور پچھلوں کے گناہ بخش دیئے ہیں؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: کیا میں اپنے رب کا شکر گزار بندہ نہ بنوں؟

2894 - حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ، حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يُرْفَعَ الْعِلْمُ، وَيَظْهَرَ الْجَهْلُ، وَيَكْثُرَ النِّسَاءُ، وَيَقِلَّ الرِّجَالُ حَتَّى يَكُونَ الرَّجُلُ الْوَاحِدُ قَيِّمَ خَمْسِينَ امْرَأَةً

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس وقت تک قیامت قائم نہ ہو گی یہاں تک کہ علم اٹھا لیا جائے گا، جہالت عام ہو جائے گی، عورتیں بہت زیادہ ہو جائیں گی، مرد بہت کم رہ جائیں گے اتنے کم کہ پچاس عورتوں کے لیے ایک مرد ہو گا۔

2893- الحديث في المقصد العلي برقم: **406** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **2** صفحه **271** وقال: رواه أبو يعلى، والبزار، والطبراني في الأوسط، ورجاله رجال الصحيح . وأخرجه ابن كثير في التفسير جلد **6** صفحه **328** من طريق ابن أبي حاتم، حدثنا علي بن الحسين، عن عبد الله بن عون الخزاز بهذا السند .

2894- الحديث سبق برقم: **2885** فراجعه .

2895 - حَدَّثَنَا سُرَيْجٌ، حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ، أَخْبَرَنَا بَعْضُ أَصْحَابِنَا، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: عُمُرُ أُمَّتِي مَا بَيْنَ السِّتِّينَ إِلَى السَّبْعِينَ، وَأَقَلُّهُمُ الَّذِينَ يَبْلُغُونَ ثَمَانِينَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میری امت کی عمر ساٹھ سال سے ستر سال تک ہوگی وران میں سے بہت ہی کم ایسے ہوں گے جو ۸۰ سال کی عمر کو پہنچیں گے۔

2896 - حَدَّثَنَا سُرَيْجٌ، حَدَّثَنَا أَبُو حَفْصٍ الْأَبَّارُ، عَنْ رَجُلٍ مِنْ أَهْلِ الشَّامِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيضَةٌ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: علم حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔

2897 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ الْبَصْرِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنِ الْمُثَنَّى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا غَزَا قَالَ: اللَّهُمَّ أَنْتَ عَضُدِي، وَأَنْتَ نَصِيرِي، وَبِكَ أُقَاتِلُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب غزوہ کیا تو کہا: اے اللہ! تو ہی میری طاقت ہے، تو ہی میرا مددگار ہے اور تیری ہی وجہ سے میں قتال (جہاد) کرتا ہوں۔

2898 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنِ الْمُثَنَّى، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ إِذَا هَاجَتْ رِيحٌ شَدِيدَةٌ، قَالَ: اللَّهُمَّ أَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا أُمِرَتْ بِهِ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب شدید تیز ہوا چلتی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا: اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس بھلائی کا جس کا اس کو حکم دیا گیا ہے اور میں تیری پناہ میں آتا ہوں اس شر

2895- الحديث في المقصد العلى برقم: **1771** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **206** وقال: رواه أبو يعلى وفيه شيخ لم يسم' وبقية رجاله رجال الصحيح .

2896- الحديث سبق برقم: **2829** فراجعه .

2897- أخرجه أبو داؤد: **2632** . والترمذي رقم الحديث: **3578** من طريق نصر بن على الجهضمي' أخبرنى أبى' حدثنا المثنى بن سعيد به .

2898- الحديث في المقصد العلى برقم: **1667** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **135** وقال: رواه أبو يعلى بأسانيد ورجال أحدها رجال الصحيح .

وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا أُمِرَتْ بِهِ

(برائی) سے کہ جس کا اس ہوا کو حکم دیا گیا ہے۔

2899 - حَدَّثَنَا مُوسَى، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ: كَيْفَ كَانَتْ قِرَاءَةُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: كَانَ يَمُدُّ صَوْتَهُ مَدًّا

حضرت قتادہ رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ جس نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سوال کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی قرأت کیسی تھی؟ تو انہوں نے فرمایا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم بلند آواز سے قرآن کی تلاوت فرمایا کرتے تھے۔

2900 - حَدَّثَنَا مُوسَى، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: "لَمَّا دَعَا نَبِيُّ اللَّهِ مُوسَى عَلَيْهِ السَّلَامُ صَاحِبَهُ إِلَى الْأَجَلِ الَّذِي كَانَ بَيْنَهُمَا، قَالَ لَهُ صَاحِبُهُ: كُلُّ شَاةٍ وَلَدَتْ عَلَى غَيْرِ لَوْنِهَا فَلَكَ وَلَدُهَا، قَالَ: فَعَمَدَ فَوَضَعَ حِبَالًا عَلَى الْمَاءِ، فَلَمَّا رَأَتِ الْحِبَالَ فَزِعَتْ، فَجَالَتْ جَوْلَةً فَوَلَدْنَ كُلُّهُنَّ بُرْقًا إِلَّا شَاةً وَاحِدَةً، فَذَهَبَ بِأَوْلَادِهِنَّ ذَلِكَ الْعَامَ"

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب حضرت موسیٰ نبی اللہ علیہ السلام نے اپنے ساتھی کو بلایا' اس مقررحد کی طرف جو اُن دونوں کے درمیان تھی' آپ کے ساتھی نے آپ سے عرض کی: ہر بکری جو بچہ دے اس رنگ کے علاوہ جو اس کا اپنا ہے۔ اس نے جان بوجھ کر اپنی رسیاں پانی پر رکھیں' جب اُس نے رسیاں دیکھیں تو وہ گھبرا گئی' پس وہ گھومی' ان سب نے برق جنے' مگر ایک بکری نے وہ ان کے بچوں کو اس سال لے گیا۔

2901 - حَدَّثَنَا خَلَّادُ بْنُ أَسْلَمَ، حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَمَّا أَتَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم خیبر میں آئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا: جب ہم کسی قوم کے میدان میں اُترتے ہیں تو ڈرائے ہوئے

2899- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **119** قال: حدثنا وكيع. وفي جلد **3** صفحه **127** قال: حدثنا أبو عبد الرحمن المُقرئ. وفي جلد **3** صفحه **131** قال: حدثنا عبد الرحمن بن مهدي. وفي جلد **3** صفحه **289,192** قال: حدثنا بهز. وفي جلد **3** صفحه **198** قال: حدثنا زيد بن حباب.

2900- الحديث في المقصد العلي برقم: **683**. وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **4** صفحه **150** وقال: رواه أبو يعلى ورجاله رجال الصحيح. وأخرجه الطبري في التفسير جلد **20** صفحه **69**. وابن كثير في التفسير جلد **5** صفحه **277** من طريق محمد بن المثنى' حدثنا معاذ بن هشام بهذا السند.

2901- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **164** قال: حدثنا عبد الرزاق' قال: حدثنا معمر. ومسلم جلد **5** صفحه **185** قال: حدثنا اسحاق بن ابراهيم' واسحاق بن منصور' قالا: أخبرنا النضر بن شُميل' قال: أخبرنا شعبة.

وَسَلَّمَ خَيْبَرَ قَالَ: إِنَّا إِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِينَ

لوگوں کی صبح بہت بُری ہوتی ہے۔

2902 - حَدَّثَنَا الْقَوَارِيرِيُّ، وَمُوسَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَيَّانَ، قَالَا: حَدَّثَنَا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ لَيْسَ فِي حَدِيثِ مُوسَى مُتَعَمِّدًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص مجھ پر جان بوجھ کر جھوٹ باندھے وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔ موسیٰ بن محمد بن حیان کی روایت میں ''متعمدًا'' (جان بوجھ کر) کا لفظ نہیں ہے۔

2903 - حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى، حَدَّثَنَا خَالِدٌ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ عَلَى أُحُدٍ وَأَبُو بَكْرٍ وَعُمَرُ وَعُثْمَانُ فَرَجَفَ بِهِمَا فَضَرَبَهُ بِرِجْلِهِ، وَقَالَ: اثْبُتْ أُحُدٌ نَبِيٌّ وَصِدِّيقٌ وَشَهِيدَانِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم احد پہاڑ پر جلوہ افروز تھے اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ابوبکر رضی اللہ عنہ، عمر رضی اللہ عنہ اور عثمان رضی اللہ عنہ بھی تھے تو احد پہاڑ ہلا (زلزلہ آیا) تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر اپنے پاؤں مبارک سے مارا اور اس کو فرمایا: ثابت قدم ہو جا (رک جا) تیرے اوپر ایک نبی صلی اللہ علیہ وسلم، ایک صدیق اور دو شہید ہیں۔

2904 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَرْعَرَةَ السَّامِيُّ، حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ نَبْهَانَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ،" أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ہاتھ کی ہتھیلی (باطنی طرف) سے دعا کیا کرتے تھے اور راوی کہتے ہیں کہ حضرت

2902- قال عبد الله بن أحمد بن حنبل: قال أبي: كذا قال لنا أخطأ فيه وانما هو عبد العزيز بن صهيب . المسند جلد 3 صفحه209 . أخرجه أحمد جلد3صفحه172 قال: حدثنا حجاج وهاشم .

2903- أخرجه أحمد جلد 3صفحه112 قال: حدثنا يحيى بن سعيد قال: حدثنا شعبة . وأخرجه البخاري جلد 5 صفحه14 . والترمذي رقم الحديث: 3697 قالا: حدثنا محمد بن بشار قال: حدثنا يحيى . والبخاري جلد5صفحه14 . وأبو داؤد رقم الحديث: 4651 قالا: حدثنا مُسدد قال: حدثنا يزيد بن زُريع .

2904- أخرجه أبو داؤد رقم الحديث: 1487 قال: حدثنا عقبة بن مُكرم قال: حدثنا سَلْم بن قتيبة عن عمر ابن نبهان عن قتادة فذكره .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدْعُو بِبَطْنِ كَفَّيْهِ وَيَقُولُ: هَكَذَا- يُظْهِرُ كَفَّيْهِ"

انس رضی اللہ عنہ اپنے دونوں ہاتھوں کو ظاہر کر کے کہا کرتے تھی کہ اس طرح۔

2905 - حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ، حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ قُتَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ نَبْهَانَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي فِي خُفَّيْهِ وَنَعْلَيْهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے موزوں اور جوتوں میں نماز ادا فرمایا کرتے تھے۔

2906 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الطَّحَّانُ، حَدَّثَنَا أَبِي، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، " أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ صَوْمِ خَمْسَةِ أَيَّامٍ مِنَ السَّنَةِ: يَوْمِ الْفِطْرِ، وَيَوْمِ النَّحْرِ، وَثَلَاثَةِ أَيَّامِ التَّشْرِيقِ"

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے سال میں سے پانچ دن میں روزہ رکھنے سے منع فرمایا ہے۔ عید الفطر کے دن، عید الاضحیٰ کے دن، اور تین دن ایام تشریف کے عید الاضحیٰ کے تین دن بعد۔

2907 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَ لَمَّا عُرِجَ بِهِ إِلَى السَّمَاءِ قَالَ: أَتَيْتُ عَلَى إِدْرِيسَ فِي السَّمَاءِ الرَّابِعَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو جب آسمانوں پر معراج کے لیے لے جایا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں چوتھے آسمان پر حضرت ادریس علیہ السلام کے پاس آیا۔

2905- الحديث في المقصد العلي برقم: **337** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **2**صفحه**54** وقال: رواه البزار، وله يعني لأنس عند الطبراني في الأوسط..... قلت: في الصحيح منه الصلاة في النعلين فقط، ومدار الحديثين على عمر بن نبهان وهو ضعيف . وروى أبو يعلى منه الصلاة في الخفين .

2906- الحديث في المقصد العلي برقم: **543** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **3**صفحه**203** وقال: رواه أبو يعلى وهو ضعيف من طرقه كلها .

2907- أخرجه أحمد جلد **3**صفحه**260** . والترمذي رقم الحديث: **3156** من طريق حسين بن محمد، حدثنا شيبان، عن قتادة، عن أنس . وقال الترمذي: هذا حديث حسن صحيح . وأخرجه أحمد جلد **3**صفحه**148** . ومسلم رقم الحديث: **162** وأبو عوانة في المسند جلد **1**صفحه**126** من طرق عن حماد ابن سلمة، حدثنا ثابت البناني عن أنس مطولًا .

2908 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَلَّامٍ، حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، وَثَابِتٌ، وَحُمَيْدٌ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي بِهِمْ فَجَاءَ رَجُلٌ فَدَخَلَ فِي الصَّلَاةِ وَقَدْ حَفَزَهُ النَّفَسُ، فَقَالَ: اللَّهُ أَكْبَرُ، الْحَمْدُ لِلَّهِ حَمْدًا كَثِيرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيهِ ، فَلَمَّا قَضَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاتَهُ قَالَ: أَيُّكُمُ الْمُتَكَلِّمُ بِالْكَلِمَاتِ؟ فَأَرَمَّ الْقَوْمُ، فَقَالَ: أَيُّكُمُ الْمُتَكَلِّمُ بِالْكَلِمَاتِ، فَإِنَّهُ لَمْ يَقُلْ بَأْسًا فَقَالَ الرَّجُلُ: أَنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ، جِئْتُ وَقَدْ حَفَزَنِي النَّفَسُ فَقُلْتُهُنَّ، فَقَالَ: لَقَدْ رَأَيْتُ اثْنَيْ عَشَرَ مَلَكًا ابْتَدَرُوهَا أَيُّهُمْ يَرْفَعُهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو نماز پڑھا رہے تھے تو ایک آدمی آیا' وہ بھی نماز میں شامل ہو گیا' اس کی سانس پھولی ہوئی تھی اور کہنے لگا کہ اللہ بہت بڑا ہے، سب خوبیاں اور حمدیں اللہ جل جلالہ کے لیے ہیں' ایسی حمدیں جو بہت کثیر ہیں پاک ہیں بابرکت ہیں پھر جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ادا فرمائی (نماز سے فارغ ہوئے) تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان کلمات کو ادا کرنے والا کون ہے؟ اس نے کوئی برا نہیں کیا۔ تو اس آدمی نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں ہوں، میں آیا تھا، میری سانسیں پھولی ہوئی تھیں تو میں نے یہ کلمات کہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے بے شک (۱۲) بارہ فرشتوں کو دیکھا وہ سارے جلدی کر رہے تھے اور ایک دوسرے پر سبقت لے رہے تھے کہ ان میں ان کو اوپر لے کر بلند ہو۔

2909 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا عَبْدَةُ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " إِذَا سَلَّمَ عَلَيْكُمْ أَهْلُ الْكِتَابِ فَقُولُوا: وَعَلَيْكُمْ"

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کوئی اہل کتاب تم کو سلام کہے تو تم کہا کرو: وعلیکم اور تم پر۔

2908- أخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **3697** من طريق أبي بكر بن أبي شيبة' حدثنا محمد بن بشر' وعبدة ابن سليمان بهذا السند . وأخرجه مسلم رقم الحديث: **2163** . وأبو داؤد رقم الحديث: **5207** من طريق شعبة' عن قتادة به .

2909- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **273,115** قال: حدثنا يحيى' ومحمد بن جعفر' وحجاج . وفي جلد **3** صفحه **202** قال: حدثنا يزيد' ومحمد بن جعفر . وفي جلد **3** صفحه **222** قال: حدثنا هاشم . وفي جلد **3** صفحه **277** قال: حدثنا يزيد بن هارون . وفي جلد **3** صفحه **290** قال: حدثنا بهز .

2910 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ الْعَبْدِيُّ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يَمْنَعُكُمْ أَذَانُ بِلَالٍ عَنِ السَّحُورِ، فَإِنَّ فِي بَصَرِهِ شَيْئًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہیں بلال کی اذان سحری سے نہ روکے، بے شک اس کو آنکھوں میں کوئی مسئلہ ہے۔

2911 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا بَالُ أَقْوَامٍ يَرْفَعُونَ أَبْصَارَهُمْ إِلَى السَّمَاءِ فِي صَلَاتِهِمْ؟ فَاشْتَدَّ قَوْلُهُ فِي ذَلِكَ حَتَّى قَالَ: لَيَنْتَهُنَّ عَنْ ذَلِكَ أَوْ لَتُخْطَفَنَّ أَبْصَارُهُمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا حال ہے اس قوم کا جو اپنی نماز میں اپنی آنکھیں آسمان کی طرف اٹھا لیتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اس ارشاد میں سختی فرمائی حتیٰ کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ اس سے رُک جائیں کہیں ان کی آنکھیں اچک نہ لی جائیں۔

2912 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى لَحْمًا فَقَالَ: مَا هَذَا؟ فَقَالُوا: تُصُدِّقَ بِهِ عَلَى بَرِيرَةَ، فَقَالَ: هُوَ لَهَا صَدَقَةٌ، وَهُوَ لَنَا هَدِيَّةٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے گوشت دیکھا تو فرمایا کہ یہ کیا ہے؟ انہوں نے عرض کی: یا رسول اللہ! یہ بریرہ (حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی خادمہ تھیں) پر صدقہ کیا گیا ہے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ اس کے لیے صدقہ ہے ہمارے لیے ہدیہ ہے۔

2913 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

2910- الحديث في المقصد العلى برقم: **507** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **3**صفحه**153** وقال: رواه أحمد ورجاله رجال الصحيح، ورواه أبو يعلى أيضًا .

2911- أخرجه أحمد جلد **3**صفحه**109** قال: حدثنا ابن أبي عدي، ومحمد بن جعفر، والخَفَّاف . وفي جلد **3** صفحه**116,115,112** قال: حدثنا يحيى بن سعيد . وفي جلد**3**صفحه**140** قال: حدثنا محمد بن بشر .

2912- أخرجه أحمد جلد **3**صفحه**276,117** قال: حدثنا يحيى بن سعيد . وفي جلد**3**صفحه**276,180,130** قال: حدثنا محمد بن جعفر . وفي جلد **3**صفحه**276,180** قال: حدثنا وكيع . وفي جلد **3**صفحه**276** قال: حدثنا حجاج .

هَارُونَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ أُمَّ سُلَيْمٍ، سَأَلَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمَرْأَةِ تَرَى فِي مَنَامِهَا مَا يَرَى الرَّجُلُ، فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِذَا رَأَتِ الْمَرْأَةُ ذَلِكَ الْمَاءَ فَأَنْزَلَتْ فَعَلَيْهَا الْغُسْلُ فَقَالَتْ أُمُّ سُلَيْمٍ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، يَكُونُ هَذَا؟ قَالَ: نَعَمْ، مَاءُ الرَّجُلِ غَلِيظٌ أَبْيَضُ، وَمَاءُ الْمَرْأَةِ رَقِيقٌ أَصْفَرُ، فَأَيُّمَا سَبَقَ أَوْ عَلَا أَشْبَهَهُ الْوَلَدُ

بے شک سیدہ ام سلیم رضی اللہ عنہا نے نبی کریم ﷺ سے سوال کیا اس عورت کے بارے میں جو خواب میں وہ دیکھے جو مرد دیکھتا ہے (احتلام وغیرہ) تو آپ ﷺ نے فرمایا: جو عورت پانی دیکھے اور اس کو انزال ہو گیا ہو تو اس پر غسل واجب ہے تو ام سلیم رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یا رسول اللہ! (عورت کو بھی) یہ ہوتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں! مرد کا پانی گاڑھا اور سفید ہوتا ہے اور عورت کا پانی پتلا اور پیلا ہوتا ہے۔ ان پانیوں میں سے جو بھی سبقت لے جائے یا بلند ہو تو بچہ اسی کے مشابہ ہوتا ہے۔

2914 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّ عُصَيَّةَ، وَذَكْوَانَ، وَبَنِي لَحْيَانَ أَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَمَدُّوهُ- وَقَدْ أَسْلَمُوا - عَلَى عَدُوِّهِمْ فَأَمَدَّهُمْ بِسَبْعِينَ مِنَ الْأَنْصَارِ كَانُوا يُسَمَّوْنَ الْقُرَّاءَ كَانُوا يَحْتَطِبُونَ بِالنَّهَارِ وَيُصَلُّونَ بِاللَّيْلِ حَتَّى إِذَا كَانُوا بِبِئْرِ مَعُونَةَ قَتَلُوهُمْ، فَقَنَتَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهْرًا يَدْعُو عَلَيْهِمْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک عقبہ، ذکوان اور بنولحیان نبی پاک ﷺ کے پاس آئے اور اسلام قبول کر لیا اور اپنے دشمن پر آپ ﷺ سے مدد مانگی تو آپ ﷺ نے انصار میں سے (۷۰) قراء کے ساتھ مدد فرمائی ان سارے حضرات کو قرآء کہا جاتا تھا وہ دن کے وقت لکڑیاں اکٹھی کرتے تھے اور رات کے وقت نماز پڑھتے تھے حتیٰ کہ جب وہ سارے بئر معونہ پر آئے تو انہوں نے ان سب کو شہید کر دیا تو نبی اکرم ﷺ نے پورا مہینہ دعائے قنوت پڑھی اور ان کے خلاف دعا فرمائی۔

2915 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ مَسْعَدَةَ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ساری اولادِ آدم خطا کرنے

2914- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 115 قال: حدثنا يحيى . وفي جلد 3 صفحه 180 قال: حدثنا وكيع . وفي جلد 3 صفحه 217 قال: حدثنا أبو قَطَن . وفي جلد 3 صفحه 261 قال: حدثنا أبو نعيم .

2915- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 198 . وعبد بن حُميد: 1198 قال: حدثني ابن أبي شيبة . وابن ماجة رقم الحديث: 4251 . والترمذي رقم الحديث: 2499 قالا: حدثنا أحمد بن منيع .

أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ بَنِي آدَمَ خَطَّاءٌ، وَخَيْرُ الْخَطَّائِينَ التَّوَّابُونَ

والی ہے اور سب سے بہتر خطا کرنے والے وہ ہیں جو توبہ کرتے ہیں۔

2916 - حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ، حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ مَسْعَدَةَ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْإِسْلَامُ عَلَانِيَةٌ وَالْإِيمَانُ فِي الْقَلْبِ - ثُمَّ يُشِيرُ بِيَدِهِ إِلَى صَدْرِهِ- التَّقْوَى هَا هُنَا، التَّقْوَى هَا هُنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسلام علانیہ ہوتا ہے اور ایمان دل میں ہوتا ہے۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے سینے مبارک کی طرف اشارہ فرما کے فرمایا: تقویٰ یہاں ہوتا ہے، تقویٰ یہاں ہوتا ہے۔

2917 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا حَرَمِيٌّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: " كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْجِبُهُ الدُّبَّاءُ، قَالَ: فَرَأَيْتُهُ يَوْمًا يَأْكُلُ طَعَامًا فِيهِ دُبَّاءٌ، فَكُنْتُ أُقَرِّبُهُ إِلَيْهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کدو شریف بہت پسند فرمایا کرتے تھے۔ راوی کہتے ہیں کہ میں نے ایک دن ان کو دیکھا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کھانا کھا رہے تھے اور اس میں کدو تھے تو میں ان کو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب کرتا جاتا۔

2918 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بُعِثْتُ أَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ قَالَ أَبُو سَعِيدٍ بِإِصْبَعَيْهِ: السَّبَّابَةِ وَالْوُسْطَى

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں اور قیامت دونوں اس طرح مبعوث ہوئے ہیں۔ ابو سعید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی شہادت والی اور درمیان والی بڑی انگلی دونوں کو جمع فرما کا اشارہ کیا۔

2919 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

2916- الحديث في المقصد العلي برقم: **9** . وأورده الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **1** صفحه **52** وقال: رواه أحمد وأبو يعلى بتمامه والبزار مختصرًا ورجاله رجال الصحيح ما خلا علي بن مسعدة .

2917- الحديث سبق برقم: **2876** فراجعه .

2918- تخريج الحديث من رواية أبي التيّاح' وقتادة وحمزة: أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **278,222** قال: حدثنا هاشم' حدثنا شعبة' عن أبي التياح' وقتادة' وحمزة الضبي' فذكروه .

2919- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **218** . وعبد بن حُميد: **1180** . والبخاري جلد **8** صفحه **139** قال: حدثني محمد ابن معمر . ومسلم جلد **8** صفحه **134** قال: حدثنا عبد بن حُميد . وفي مسلم جلد **8** صفحه **134** قال.

مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، حَدَّثَنَا أَنَسٌ، أَنَّ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " يُقَالُ لِلرَّجُلِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ: أَرَأَيْتَ لَوْ كَانَ لَكَ مِلْءُ الْأَرْضِ ذَهَبًا أَكُنْتَ تَفْتَدِي بِهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَيُقَالُ لَهُ: قَدْ سُئِلْتَ أَيْسَرَ مِنْ ذَلِكَ"

بے شک اللہ کے نبی ﷺ نے فرمایا: قیامت کے دن ایک مرد سے کہا جائے گا، تیرا کیا خیال ہے اگر تیرے پاس پوری زمین کا سونا ہوتو کیا اس کا فدیہ دے دے گا، اس عذاب سے بچنے کے لیے؟ وہ کہے گا: جی ہاں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اسے کہا جائے گا کہ تجھ سے (دنیا میں) اس سے بہت کم کا سوال کیا گیا تھا۔

2920 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، وَأَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ جَمِيعًا قَالَا: حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " يَخْرُجُ مِنَ النَّارِ مَنْ قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَكَانَ فِي قَلْبِهِ مِنَ الْخَيْرِ مَا يَزِنُ بُرَّةً، ثُمَّ يَخْرُجُ مِنَ النَّارِ مَنْ قَالَ: لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَكَانَ فِي قَلْبِهِ مَا يَزِنُ ذَرَّةً"

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اس کو جہنم سے نکال دیا جائے گا جس نے کہا: لا الہ الا اللہ اور اس کے دل میں ایک دانے کے وزن برابر بھی نیکی ہو پھر اس کو بھی جہنم سے نکال دیا جائے گا جس نے لا الہ الا اللہ کہا اور اس کے دل میں ایک ذرہ برابر بھی نیکی ہو۔

2921 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةٌ دَعَا بِهَا، وَإِنِّي ادَّخَرْتُ دَعْوَتِي شَفَاعَةً لِأُمَّتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہر نبی کے لیے ایک خاص دعا ہے جو کہ ہر کسی نے دعا کر لی ہے اور میں نے اس کو قیامت کے دن اپنی امت کی شفاعت کے لیے بچا کر رکھا ہے۔

2922 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ، حَدَّثَنَا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ کے عہد مبارک میں چاند شق ہوا تھا۔

حدثني عمرو بن زرارة، قال: أخبرنا عبد الوهاب بن عطاء .

2920- الحديث سبق برقم: **2883** فراجعه .

2921- الحديث سبق برقم: **2834** فراجعه .

2922- أخرجه الطيالسي رقم الحديث: **2449** من طريق شعبة، بهذا السند . وأخرجه أحمد جلد **3** صفحه **278** . ومسلم رقم الحديث: **2802** . والطبري جلد **7** صفحه **85** من طريق الطيالسي .

انْشَقَّ الْقَمَرُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

2923 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، فِي قَوْلِهِ (اقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ) (القمر: 1) قَالَ: قَدِ انْشَقَّ زَمَنَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت قتادہ رحمہ اللہ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ اللہ کے اس فرمان کے بارے میں ''اقتربت الساعة وانشق القمر'' حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چاند کو شق کیا تھا۔

2924 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، قَالَ: حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: أَلَا أُحَدِّثُكُمْ بِحَدِيثٍ سَمِعَتْهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ يُرْفَعَ الْعِلْمُ، وَيَظْهَرَ الْجَهْلُ، وَيُشْرَبَ الْخَمْرُ، وَيَفْشُوَ الزِّنَى، وَيَقِلَّ الرِّجَالُ، وَيَكْثُرَ النِّسَاءُ حَتَّى يَكُونَ لِخَمْسِينَ امْرَأَةً الْقَيِّمُ الْوَاحِدُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کیا میں تم کو ایک ایسی حدیث نہ سناؤں جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے اور یہ حدیث میرے بعد تم کسی سے بھی نہیں سنو گے۔ فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے: قیامت کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ علم اٹھا لیا جائے گا، جہالت عام ہو جائے گی، شراب کھلم کھلا پی جائے گی، زنا عام ہو جائے گا، مرد کم ہو جائیں گے اور عورتیں بہت زیادہ ہو جائیں گی، اتنی زیادہ کہ ایک مرد پچاس عورتوں کے لیے ہوگا۔

2925 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، قَالَ سَعِيدٌ: حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (إِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُبِينًا) (الفتح:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ آیت نازل فرمائی: ''انا فتحنا لك فتحًا مبينًا'' آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا لوٹنا حدیبیہ سے تھا' اس حال میں نازل ہوئی کہ آپ کے صحابہ پریشان تھے' ان کے

2923- الحديث سبق برقم: 2922 فراجعه .

2924- الحديث سبق برقم: 2894,2885 فراجعه .

2925- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 122 قال: حدثنا يزيد . وفي جلد 3 صفحه 134 قال: حدثنا بهز . وفي جلد 3 صفحه 252 قال: حدثنا عفان .

1) مَرْجِعَهُ مِنَ الْحُدَيْبِيَةِ، وَنَزَلَتْ وَأَصْحَابُهُ مُخَالِطُونَ الْحُزْنَ، وَحِيلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ نُسُكِهِمْ، وَنَحَرُوا الْهَدْيَ بِالْحُدَيْبِيَةِ، فَلَمَّا نَزَلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ، قَالَ لِأَصْحَابِهِ: لَقَدْ أُنْزِلَتْ عَلَيَّ آيَةٌ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا جَمِيعًا ، فَلَمَّا تَلَاهَا نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: هَنِيئًا مَرِيئًا يَا نَبِيَّ اللَّهِ، قَدْ بَيَّنَ اللَّهُ لَنَا مَا يُفْعَلُ بِكَ فَمَاذَا يُفْعَلُ بِنَا فَأَنْزَلَ اللَّهُ بَعْدَهَا (لِيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ) (الفتح:5)

اور عمرہ کے احکامات ادا کرنے میں رکاوٹ آ چکی تھی' انہوں نے اپنی قربانیاں حدیبیہ کے مقام پر ہی ذبح کر لی تھیں۔ پس جب آیت نازل ہوئی تو آپ نے اپنے صحابہ سے فرمایا: مجھ پر وہ آیت نازل ہوئی ہے جو پوری دنیا سے بہتر ہے' پس جب آپ نے اس کو تلاوت کیا تو صحابہ میں سے ایک نے عرض کی: مبارک ہو! اے اللہ کے نبی! تحقیق اللہ تعالیٰ نے آپ کے ساتھ کیے جانے والے اچھے سلوک کو تو واضح کر دیا ہے لیکن وہ ہمارے ساتھ کیا سلوک فرمائے گا (اس نے اس کو بیان نہیں کیا) پس اللہ نے یہ آیت نازل فرمائی: ''لیدخل المؤمنین الیٰ آخرہ''۔

2926 - حَدَّثَنَا هُرَيْمُ بْنُ عَبْدِ الْأَعْلَى أَبُو حَمْزَةَ الْأَسَدِيُّ، حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبِي يُحَدِّثُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ عَامَّةُ وَصِيَّةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ حَضَرَهُ الْمَوْتُ: الصَّلَاةَ وَمَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ حَتَّى جَعَلَ يُغَرْغِرُهَا أَوْ يُغَرْغِرُ بِهَا فِي صَدْرِهِ وَمَا يُفِيضُ بِهَا لِسَانُهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عام وصیت جس وقت آپ کے وصال کا وقت قریب آیا' وہ یہ تھی کہ نماز (ادا کیا کرو) اور جو تمہارے غلام ہیں ان سے اچھا سلوک کیا کرو یہاں تک کہ آپ کے سینے مبارک سے آواز آنے لگی' یا آپ کی زبان اس سے چلنے لگی۔

2927 - حَدَّثَنَا أَبُو حَمْزَةَ هُرَيْمٌ، حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ، عَنْ أَبِيهِ، حَدَّثَنَا قَتَادَةُ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا

2926- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 117 قال: حدثنا أسباط بن محمد . وابن ماجة رقم الحديث: 2697 قال: حدثنا أحمد بن المقدام' قال: حدثنا المعتمر بن سليمان .

2927- أخرجه النسائي في عمل اليوم والليلة رقم الحديث: 432 قال: أخبرنا أبو الأشعث' قال: حدثنا المعتمر' قال: سمعت أبي . وفي رقم الحديث: 433 قال النسائي: أخبرنا محمد بن المثنىٰ' قال: حدثني عبد الله بن رجاء' عن عمران .

AlHidayah - الهداية

عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ: إِنِّي لَأَتُوبُ فِي الْيَوْمِ سَبْعِينَ مَرَّةً

کرتے تھے کہ میں ایک دن میں ۷۰ مرتبہ توبہ کرتا ہوں۔

2928 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ الضَّرِيرُ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرْفَعُ يَدَيْهِ فِي شَيْءٍ مِنَ الدُّعَاءِ إِلَّا فِي الِاسْتِسْقَاءِ فَإِنَّهُ كَانَ يَرْفَعُ يَدَيْهِ حَتَّى يُرَى بَيَاضُ إِبْطَيْهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دعاؤں میں سے کسی دعا میں اتنے زیادہ ہاتھ بلند نہ کرتے تھے جتنے کہ بارش طلب کرنے کے لیے دعا میں ہاتھ بلند کرتے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم استسقاء میں اس قدر ہاتھ بلند کرتے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے بغلوں مبارک کی سفیدی ظاہر ہو جاتی۔

2929 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ النَّاقِدُ، حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ أَبُو أَيُّوبَ الرَّقِّيُّ، حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو الرَّقِّيُّ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَنْتَعِلَ الرَّجُلُ قَائِمًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر جوتا پہننے سے منع فرمایا ہے۔

2930 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ غِيَاثٍ، وَسَعِيدُ بْنُ أَبِي الرَّبِيعِ، وَهَذَا لَفْظُ عَبْدِ الْوَاحِدِ قَالَا: حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ،" أَنَّ ثَلَاثَةً انْطَلَقُوا يَرْتَادُونَ لِأَهْلِيهِمْ فَأَخَذَتْهُمُ السَّمَاءُ فَوَقَعَ عَلَيْهِمْ حَجَرٌ مُتَجَافٍ حَتَّى مَا يَرَوْنَ مِنْهُ خَصَاصَةً، فَقَالَ بَعْضُهُمْ: قَدْ وَقَعَ الْحَجَرُ وَعَفَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک تین آدمیوں کا گروہ چلا اپنے اہل وعیال کے لیے رزق کی تلاش میں ان کو آسمان نے پکڑ لیا (تیز بارش آ گئی) تو اچانک ان پر ایک پتھر گرا جو بہت بڑا تھا حتیٰ کہ وہ اس پتھر کی وجہ سے کچھ بھی نہیں دیکھ پا رہے تھے۔ راوی کہتے ہیں کہ ان میں سے کسی نے کہا کہ پتھر آگے

2928- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 181 . ومسلم جلد 3 صفحه 24 قال: حدثنا محمد بن المثنى . والنسائي جلد 3 صفحه 158 . قال: أخبرني شعيب بن يوسف .

2929- أخرجه الترمذي رقم الحديث: 1776 قال: حدثنا أبو جعفر السمناني' قال: حدثنا سليمان بن عُبيد الله الرمي' قال: حدثنا عبيد الله بن عمرو الرقي' عن معمر' عن قتادة' فذكره .

2930- الحديث في المقصد العلي برقم: 1740 . أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 142 قال: حدثنا يحيى بن حماد . وفي جلد 3 صفحه 143 قال: وقال أبو عبيد بن عبد الله .

الْأَثَرُ وَلَا يَعْلَمُ مَكَانَكُمْ إِلَّا اللَّهُ، فَادْعُوا اللَّهَ بِأَوْثَقِ أَعْمَالِكُمْ، قَالَ: فَقَالَ رَجُلٌ: اللَّهُمَّ إِنَّكَ تَعْلَمُ أَنَّهُ كَانَ لِي وَالِدَانِ فَكُنْتُ أَحْلُبُ لَهُمَا فِي إِنَائِهِمَا، فَإِذَا وَجَدْتُهُمَا رَاقِدَيْنِ قُمْتُ عَلَى رُءُوسِهِمَا حَتَّى يَسْتَيْقِظَا مَتَى اسْتَيْقَظَا كَرَاهِيَةَ أَنْ أَرُدَّ وَسَنَهُمَا فِي رُءُوسِهِمَا، اللَّهُمَّ، إِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنِّي إِنَّمَا فَعَلْتُ ذَلِكَ رَجَاءَ رَحْمَتِكَ وَمَخَافَةَ عَذَابِكَ فَافْرُجْ عَنَّا، قَالَ: فَزَالَ ثُلُثُ الْحَجَرِ، وَقَالَ الثَّانِي: اللَّهُمَّ إِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّهُ أَعْجَبَتْنِي امْرَأَةٌ- وَأَنَّهُ جَعَلَ لَهَا بَدَلًا، فَلَمَّا قَدَرَ عَلَيْهَا وَقَرَ لَهَا جُعْلَهَا وَسَلَّمَ لَهَا نَفْسَهَا - اللَّهُمَّ إِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّمَا فَعَلْتُ ذَلِكَ رَجَاءَ رَحْمَتِكَ وَمَخَافَةَ عَذَابِكَ فَافْرُجْ عَنَّا، قَالَ: فَزَالَ ثُلُثَا الْحَجَرِ، وَقَالَ الْآخِرُ: اللَّهُمَّ إِنَّكَ تَعْلَمُ أَنِّي اسْتَأْجَرْتُ أَجِيرًا عَلَى عَمَلٍ يَعْمَلُهُ لِي فَأَتَى يَطْلُبُ أَجْرَهُ، وَأَنَا غَضْبَانُ فَزَبَرْتُهُ فَذَهَبَ وَتَرَكَ أَجْرَهُ، فَجَمَعْتُهُ لَهُ وَثَمَّرْتُهُ حَتَّى كَانَ مِنْهُ كُلُّ الْمَالِ، فَأَتَانِي يَطْلُبُ أَجْرَهُ فَأَعْطَيْتُهُ ذَاكَ كُلَّهُ، وَلَوْ شِئْتُ لَمْ أُعْطِهِ إِلَّا أَجْرَهُ الْأَوَّلَ، اللَّهُمَّ إِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنِّي فَعَلْتُ ذَلِكَ رَجَاءَ رَحْمَتِكَ وَمَخَافَةَ عَذَابِكَ فَافْرُجْ عَنَّا، قَالَ: فَزَالَ الْحَجَرُ وَخَرَجُوا يَمْشُونَ"

آ گیا ہے، ہمارا نشان بھی ختم ہو گیا ہے اور تمہارے اس جگہ موجود ہونے کو اللہ کے سوا کوئی بھی نہیں جانتا۔ تو اب تم اللہ تعالیٰ سے دعا کرو اپنے کسی نیک عمل کے طفیل۔ راوی فرماتے ہیں کہ ایک آدمی بولا: اے اللہ! بے شک تو جانتا ہے کہ میرے ماں باپ تھے، میں ان کے لیے برتن میں دودھ لایا کرتا تھا میں نے ان کو سویا ہوا پایا تو میں ان دونوں کے سرہانے کھڑا ہو گیا یہاں تک کہ وہ دونوں بیدار ہوں تو میں نے ان کو جگانا ناپسند سمجھا کہ کہیں ان کے آرام میں خلل نہ ہو اور میں ان کے سر میں دوبارہ نیند نہیں ڈال سکتا۔ اے اللہ! تُو جانتا ہے کہ یہ جو میں نے عمل کیا ہے صرف اور صرف تیری رحمت کی امید اور بڑے عذاب کے ڈر سے کیا ہے، ہم کو اس تکلیف سے خلاصی نصیب فرما۔ راوی کہتے ہیں: پتھر تیسرا حصہ ہٹ گیا۔ اور دوسرے نے کہا: اے اللہ! بے شک تو جانتا ہے کہ میں نے ایک مزدور اجرت پر رکھا تھا جو میرے لیے کام کرتا تھا ایک دن وہ آیا اور اپنی مزدوری کا مطالبہ کرنا شروع کر دیا اور میں اس وقت غصے کی حالت میں تھا، میں نے اس کو جھڑک دیا وہ چلا گیا اور اپنی مزدوری بھی چھوڑ گیا، میں نے اس کو جمع کر لیا اور اس سے منافع کمایا حتی کہ میرے پاس ہر قسم کا مال ہو گیا۔ پھر ایک دن وہ آیا اور اپنی مزدوری کا مطالبہ کرنے لگا تو میں نے اس کو (اس کی مزدوری سے کمایا گیا) سارا مال دے دیا اگر میں چاہتا تو میں اس کو صرف پہلی مزدوری ہی دیتا۔ اے اللہ! تُو جانتا ہے کہ یہ میں نے تیری رحمت کی امید اور

تیرے عذاب کے خوف سے کیا ہے تو ہماری اس تکلیف کو ہم سے دور فرما۔ راوی کہتے ہیں کہ وہ پتھر دوسرا حصہ ہٹ گیا۔ اور تیسرے نے کہا کہ اے اللہ! تُو جانتا ہے کہ مجھے ایک خاتون بہت اچھی لگتی تھی ایک دن اس نے بدل مقرر کیا پھر جب میں اس پر قادر ہو گیا اور اس کو اس کا بدل بھی دے دیا تھا تو اس نے اپنا نفس مجھے سونپ دیا (یعنی اس نے مجبور ہو کر ایک دن کچھ عوض کا مطالبہ کیا اور جب وہ عوض ادا کر چکا اور بالکل اس کی شرمگاہ کے قریب تھا کہ اچانک اس کو چھوڑ دیا) اے اللہ! تُو جانتا ہے کہ میں نے یہ عمل تیری رحمت کی امید اور تیرے عذاب کے خوف سے کیا تو ہم سے اس تکلیف کو دور کر اور ہم سے کھول دے۔ راوی کہتے ہیں کہ پتھر بالکل ہٹ گیا وہ سارے نکل گئے اور اپنے راستے پر چل پڑے۔

2931 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ ثَلَاثَةَ نَفَرٍ فِيمَنْ سَلَفَ مِنَ النَّاسِ، فَذَكَرَ نَحْوَهُ أَوْ قَرِيبًا مِنْهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تین آدمیوں کا گروہ تھا جو لوگوں میں سے گزر چکے ہیں باقی اسی کے مثل یا اس کے قریب قریب ذکر کیا۔

2932 - حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ الْجَهْضَمِيُّ، حَدَّثَنَا نُوحُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ أَخِيهِ خَالِدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، كَمِ افْتَرَضَ اللَّهُ عَلَى عِبَادِهِ مِنَ الصَّلَوَاتِ؟ قَالَ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے کہا: یا رسول اللہ! اللہ تعالیٰ نے کتنی نمازیں اپنے بندوں پر فرض کی ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پانچ نمازیں۔ اس نے عرض کی: کیا ان سے پہلے یا ان کے

2931- الحديث سبق برقم: **2930** فراجعه .

2932- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **267** قال: حدثنا أحمد بن عبد الملك . والنسائي جلد **1** صفحه **228** قال: أخبرنا قتيبة . كلاهما قال: حدثنا نوح بن قيس، عن خالد بن قيس، عن قتادة فذكره .

خَمْسُ صَلَوَاتٍ قَالَ: هَلْ قَبْلَهُنَّ أَوْ بَعْدَهُنَّ شَيْءٌ؟ قَالَ: افْتَرَضَ اللّٰهُ عَلَى عِبَادِهِ صَلَوَاتٍ خَمْسًا فَحَلَفَ الرَّجُلُ بِاللّٰهِ لَا يَزِيدُ عَلَيْهِنَّ وَلَا يَنْقُصُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ صَدَقَ دَخَلَ الْجَنَّةَ

بعد کچھ ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں پر پانچ نمازیں فرض کی ہیں۔ اس آدمی نے اللہ کی قسم اٹھائی اور حلفاً بولا کہ اس پر نہ ہی تو وہ کچھ اضافہ کرے گا اور نہ ہی وہ کچھ کم کرے گا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اگر اس نے سچ کہا تو یہ جنت میں داخل ہوگا۔

2933 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ قَائِلًا قَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، أَمَا يُرِيدُ الْمَدِينَةَ؟ - يَعْنِي الدَّجَّالَ - قَالَ: إِنَّهُ لَيَعْمِدُ إِلَيْهَا فَيَجِدُ الْمَلَائِكَةَ بِنِقَابِهَا وَأَبْوَابِهَا يَحْرُسُونَهَا مِنَ الدَّجَّالِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک کہنے والے نے کہا: یا نبی اللہ! کیا دجال مدینہ کا ارادہ کرے گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: بے شک وہ مدینہ کا ارادہ کرے گا جب وہ ارادہ کرے گا تو دیکھے گا کہ فرشتوں کو مدینے کے دروازوں اور گلیوں میں پائے گا' مدینے کی دجال سے حفاظت کر رہے ہوں گے۔

2934 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ الْقَوَارِيرِيُّ، حَدَّثَنَا مُعَاذٌ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدُورُ عَلَى نِسَائِهِ فِي السَّاعَةِ مِنَ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُنَّ إِحْدَى عَشْرَةَ، قَالَ: قُلْتُ لِأَنَسٍ فَهَلْ يُطِيقُ ذَلِكَ؟ قَالَ: كُنَّا نَتَحَدَّثُ أَنَّ لَهُ قُوَّةَ ثَلَاثِينَ

حضرت قتادہ رحمہ اللہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ بے شک اللہ کے نبی حضرت محمد ﷺ اپنے ازواج کے پاس دن کو بھی اور رات کی گھڑیوں میں بھی چکر لگایا کرتے تھے اور آپ ﷺ کی ازواج کی تعداد گیارہ (۱۱) تھی۔ راوی کہتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ کیا آپ ﷺ اتنی قدرت رکھتے تھے؟ تو حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ہم باتیں کیا کرتے تھے کہ آپ ﷺ کے پاس (۳۰) مردوں جتنی طاقت ہے۔

2933- أخرجه أحمد جلد**3**صفحه**277,202,123** . والبخاری جلد **9**صفحه**76** قال: حدثنا يحيى بن موسى . وجلد **9**صفحه**170** قال: حدثنا اسحاق بن أبي عيسى . والترمذی: **2242** قال: حدثنا عبدة بن عبد الله الخزاعی .

2934- أخرجه أحمد جلد **3**صفحه **291** قال: حدثنا علی بن عبد الله . والبخاری جلد **1**صفحه**75** قال: حدثنا محمد ابن بشار . والنسائی فی الكبرى (تحفة الأشراف) رقم الحديث: **1365** عن اسحاق بن ابراهيم .

2935 - حَدَّثَنَا أَبُو يُوسُفَ الْجِيزِيُّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيدِ الْعَدَنِيُّ، عَنْ سُفْيَانَ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَطُوفُ عَلَى نِسَائِهِ فِي غُسْلٍ وَاحِدٍ - يَعْنِي أَنَّهُ طَافَ عَلَى نِسَائِهِ فِي لَيْلَةٍ فَاغْتَسَلَ غُسْلًا وَاحِدًا-

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی غسل میں اپنی تمام ازواج کے پاس جاتے تھے یعنی ایک رات میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ازواج رضی اللہ عنہن کے پاس سے ہوتے اور پھر ایک ہی غسل فرمایا کرتے۔

2936 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: انْظُرْ مَنْ تَرَى فِي الْمَسْجِدِ فَنَظَرْتُ، فَإِذَا زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ فَدَعَوْتُهُ، فَأَكَلْنَا تَمْرًا وَشَرِبْنَا مَاءً ثُمَّ خَرَجْنَا إِلَى الصَّلَاةِ فَأُقِيمَتِ الصَّلَاةُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دیکھو مسجد میں تمہیں کون نظر آتا ہے؟ میں نے دیکھا تو وہاں پر زید بن ثابت رضی اللہ عنہ تھے۔ میں نے ان کو بلوایا تو ہم نے مل کر کھجوریں کھائیں اور پانی پیا۔ پھر ہم مسجد کی طرف نماز پڑھنے کے لیے نکلے، نماز کے لیے اقامت پڑھی گئی تھی۔

2937 - حَدَّثَنِي هَارُونُ بْنُ مَعْرُوفٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ، أَنَّهُ سَمِعَ قَتَادَةَ بْنَ دِعَامَةَ، حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، أَنَّ رَجُلًا جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ تَوَضَّأَ وَتَرَكَ عَلَى قَدَمَيْهِ مِثْلَ مَوْضِعِ الظُّفُرِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ارْجِعْ فَأَحْسِنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اس حال میں کہ اس نے وضو تو کیا تھا مگر اس نے اپنے قدموں پر ایک ناخن کی مقدار جگہ چھوڑ دی تھی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: واپس جاؤ اور اچھی طرح وضو کر کے آؤ۔

2935- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **161** . وابن خزيمة رقم الحديث: **230** قال: حدثنا محمد بن رافع، ومحمد بن يحيى، وأحمد بن سعيد الرباطي .

2936- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **197,170** . والنسائي جلد **4** صفحه **147** من طريق محمد بن جعفر، وعبد الوهاب . وأخرجه البخاري رقم الحديث: **1134,576** من طريقين عن روح .

2937- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **146** . وأبو داؤد رقم الحديث: **173** . وعبد الله بن أحمد جلد **3** صفحه **146** قالوا: حدثنا هارون بن معروف . وأخرجه ابن ماجة رقم الحديث: **665** قال: حدثنا حرملة بن يحيى . وابن خزيمة رقم الحديث: **164** قال: حدثنا محمد بن يحيى، قال: حدثنا أصبغ بن الفرج .

وُضُوءِكَ

2938 - حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ مِسْكِينٍ، حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ، عَنْ جَرِيرِ بْنِ حَازِمٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَقَّ، عَنِ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ بِكَبْشَيْنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ اور حضرت سیدنا امام حسین) کی طرف سے دو بکروں (مینڈھوں) کا عقیقہ کیا۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عجمیوں کی طرف خط لکھنے کا ارادہ کیا، آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی گئی: یا رسول اللہ! عجمی لوگ خط بغیر مہر کے قبول نہیں کرتے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے چاندی کی انگوٹھی بنوائی گویا کہ اب وہ منظر دیکھ رہا ہوں کہ وہ سفیدی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھوں میں۔

3001 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:" يَكْبَرُ ابْنُ آدَمَ وَيَشِبُّ مِنْهُ اثْنَتَانِ: حِرْصٌ عَلَى الْمَالِ، وَطُولِ الْعُمُرِ"

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آدمی تو بوڑھا ہوتا جاتا ہے لیکن دو چیزیں اس کی جوان ہوتی جاتی ہیں: (۱) مال کا لالچ (۲) لمبی عمر کا لالچ۔

3002 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا مُعَاذٌ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ: أَنَّ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَدَ تَمْرَةً، فَقَالَ: لَوْلَا أَنْ تَكُونَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک کھجور ملی، آپ نے فرمایا: اگر مجھے خوف نہ ہوتا کہ یہ صدقہ کی ہے تو میں اس کو کھالیتا۔

3000- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 275,223,180,168 قال: حدثنا محمد بن جعفر . وفي جلد 3 صفحه 275,168 قال: حدثنا حجاج .

3001- الحديث سبق برقم: **2979** فراجعه .

3002- الحديث سبق برقم: **2966** فراجعه .

صَدَقَةً لَأَكَلْتُهَا

3003 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَ أَحَبُّ الثِّيَابِ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحِبَرَةَ

حضرت قتادہ رحمہ اللہ کہتے ہیں کہ ہم نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے عرض کی کہ نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کو کپڑوں میں سب سے زیادہ پسندیدہ لباس نرم منقش یمنی لباس تھا۔

3004 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا مُعَاذٌ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيُصِيبَنَّ أَقْوَامًا سَفْعٌ مِنَ النَّارِ عُقُوبَةً بِذُنُوبٍ أَصَابُوهَا، ثُمَّ لَيُدْخِلَنَّهُمُ اللَّهُ الْجَنَّةَ بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کچھ لوگوں کو ضرور بضرور جہنم میں رکھا جائے گا' گناہوں کی وجہ سے جو انہوں نے کیے ہوں گے' پھر اللہ عزوجل ان کو اپنی رحمت سے جنت میں داخل کرے گا۔

3005 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ يُونُسَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: مَا أَكَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى خِوَانٍ وَلَا فِي سُكُرُجَةٍ قَطُّ، وَلَا خُبِزَ لَهُ مُرَقَّقًا ، قَالَ: فَقُلْتُ لِأَنَسٍ: عَلَامَ كَانُوا يَأْكُلُونَ؟ قَالَ: عَلَى السُّفَرِ، قَالَ أَبُو مُوسَى: هَذَا يُونُسُ بْنُ أَبِي الْفُرَاتِ الْإِسْكَافُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دسترخوان پر چھوٹی پیالی میں شوربہ میں ڈبو کر کھاتے تھے۔ حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے عرض کی: کس چیز پر لوگ کھاتے تھے؟ فرمایا: دسترخوان پر کھاتے تھے۔ ابوموسیٰ فرماتے ہیں: یہ راوی جس کا نام سند میں یونس آیا ہے' یہ یونس بن ابی فرات اسکاف ہیں۔

3006 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، " أَنَّ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَلَدَ فِي الْخَمْرِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے شراب کی حد جوتوں اور ٹہنیوں سے لگائی۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اپنے دورِ خلافت میں چالیس کوڑے

3003- الحديث سبق برقم: 2866 فراجعه .

3004- الحديث سبق برقم: 2969 فراجعه .

3005- أخرجه أحمد جلد 3 صفحه 130 . والبخاري جلد 7 صفحه 91 قال: حدثنا علي بن عبد الله . وفي جلد 7 صفحه 97 قال: حدثنا عبد الله بن أبي الأسود .

3006- الحديث سبق برقم: 2887 فراجعه .

بِالْجَرِيدِ وَالنِّعَالِ، ثُمَّ جَلَدَ أَبُو بَكْرٍ أَرْبَعِينَ، فَلَمَّا كَانَ عُمَرُ وَدَنَا النَّاسُ مِنَ الرِّيفِ وَالْقُرَى، قَالَ: مَا تَرَوْنَ فِي جَلْدِ الْخَمْرِ " ، فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ: أَرَى أَنْ تَجْعَلَهَا كَأَخَفِّ الْحُدُودِ، قَالَ: فَجَلَدَ عُمَرُ ثَمَانِينَ

لگائے جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا دور آیا تو لوگ ایسی زمین کے نزدیک پہنچے جو شاداب تھی (یعنی انگور وغیرہ ہونے لگے) اور دیہاتوں میں گئے۔ آپ نے مشورہ کیا کہ شراب کی حد کے متعلق آپ لوگوں کی کیا رائے ہے؟ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میری رائے یہ ہے کہ آپ مختصر حد رکھیں۔ تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسّی کوڑے مقرر کیے۔

3007 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الدَّجَّالُ مَكْتُوبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ ك ف ر قَالَ: وَذَكَرَ قَتَادَةُ: أَنَّهُ يَقْرَؤُهُ كُلُّ مُؤْمِنٍ أُمِّيٍّ وَكَاتِبٍ، يَخْرُجُ فِي قِلَّةٍ مِنَ النَّاسِ وَنَقْصٍ مِنَ الطَّعَامِ، يَدْخُلُ أَمْصَارَ الْعَرَبِ كُلَّهَا غَيْرَ طِيبَةَ، وَهِيَ الْمَدِينَةُ قَالَ قَائِلٌ: يَا نَبِيَّ اللَّهِ، أَمَا يُرِيدُ الْمَدِينَةَ؟ قَالَ: بَلَى، وَلَكِنَّ الْمَلَائِكَةَ صَافُّونَ بِنِقَابِهَا وَأَبْوَابِهَا يَحْرُسُونَهَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دجال کی دونوں آنکھوں کے درمیان لکھا ہوا ہے: ک' ف' ر۔ راوی کہتے ہیں: حضرت قتادہ نے ذکر کیا کہ ہر مؤمن اسے پڑھ سکے گا' خواہ اَن پڑھ ہو یا پڑھا لکھا' اس جگہ سے نکلے گا جہاں لوگ کم ہوں گے' کھانا بھی کم ہوگا' عرب ممالک میں داخل ہوگا سوائے ایک پاکیزہ شہر کے اور وہ مدینہ ہے۔ ایک عرض کرنے والے نے عرض کی: کیا وہ مدینہ کی طرف منہ ہی نہیں کرے گا؟ اے اللہ کے نبی! آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مدینہ میں داخل ہونے کا ارادہ کرے گا لیکن اس کی گلیوں اور دروازوں پر فرشتے صفیں بنائے کھڑے ہوں گے اور اس کی حفاظت کر رہے ہوں گے۔

3008 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دجال کی دونوں آنکھوں کے درمیان کافر لکھا

3007- أخرجه أحمد جلد3صفحه103 قال: حدثنا عمرو بن الهيثم . وفي جلد3صفحه276,173 قال: حدثنا محمد ابن جعفر . وفي جلد3صفحه173 قال: حدثنا حجاج .

3008- الحديث سبق برقم: 3007 فراجعه .

أَنَسًا، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا قَدْ أَنْذَرَ أُمَّتَهُ الدَّجَّالَ الْأَعْوَرَ، إِنَّهُ أَعْوَرُ، وَإِنَّ رَبَّكُمْ لَيْسَ بِأَعْوَرَ، مَكْتُوبٌ بَيْنَ عَيْنَيْهِ كَافِرٌ

ہوا ہوگا۔

3009 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ، وَالْبُخْلِ، وَالْهَرَمِ، وَعَذَابِ الْقَبْرِ، وَفِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کرتے تھے: ''اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ الٰی آخرہٖ''۔

3010 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا مُعَاذٌ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: "مَا مِنْ أَهْلِ الْجَنَّةِ أَحَدٌ يَسُرُّهُ أَنْ يَرْجِعَ إِلَى الدُّنْيَا غَيْرَ الشَّهِيدِ، فَإِنَّهُ يُحِبُّ أَنْ يَرْجِعَ إِلَى الدُّنْيَا يَقُولُ: حَتَّى أُقْتَلَ عَشْرَ مَرَّاتٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ مِمَّا يَرَى أَعْطَاهُ اللّٰهُ مِنَ الْكَرَامَةِ"

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جنتیوں میں سے کوئی بھی اس بات سے خوش نہ ہوگا کہ وہ دنیا میں واپس آئے سوائے شہید کے کیونکہ وہ دنیا کی طرف لوٹنا پسند کرے گا' وہ کہے گا: یہاں تک کہ میں دس بات اللہ کی راہ میں قتل کیا جاؤں' یہ اس وجہ سے ہوگا کہ وہ دیکھ چکا ہوگا' وہ کرامت جو اللہ تعالیٰ اسے عطا کر چکا ہے۔

3011 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَنَسًا، يُحَدِّثُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالہ سے اسی طرح بیان کرتے ہوئے سنا ہے۔

3012 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن کافر کو کہا جائے گا۔ اگر تیرے لیے

3009- اخرجه أحمد جلد 3 صفحه 208 قال: حدثنا روح . وفي جلد 3 صفحه 214 قال: حدثنا عبد الملك وعبد الوهاب . وفي جلد 3 صفحه 231 قال: حدثنا أبو فطن .

3010- الحديث سبق برقم: 2872 فراجعه .

3011- الحديث سبق برقم: 2871 فراجعه .

3012- الحديث سبق برقم: 2967 فراجعه .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: " يُقَالُ لِلْكَافِرِ: أَرَأَيْتَ لَوْ كَانَ لَكَ مِلْءُ الْأَرْضِ ذَهَبًا تَفْتَدِي بِهِ؟ فَيَقُولُ: نَعَمْ، فَيُقَالُ لَهُ: قَدْ سُئِلْتَ أَيْسَرَ مِنْ ذَلِكَ"

دنیا کی مثل سونا ہوتو اس عذاب سے چھٹکارے کے لیے فدیہ دے گا؟ وہ کہے گا: جی ہاں! اس کو کہا جائے گا: تجھ سے اس سے زیادہ آسان مطالبہ کیا گیا تھا۔

3013 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةً دَعَا بِهَا فِي أُمَّتِهِ، وَإِنِّي اخْتَبَأْتُ دَعْوَتِي شَفَاعَةً لِأُمَّتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت قتادہ سے روایت ہے کہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے ہمیں حدیث سنائی کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک ہر نبی کو اپنی پوری اُمت کے لیے ایک خاص دعا کا حق دیا گیا' بے شک میں نے اپنی اُمت کے لیے شفاعت کی خاطر اپنی دعا کو چھپا کے رکھ لیا۔

3014 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَجُلًا مِنْ أَهْلِ الْبَادِيَةِ سَأَلَ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَكَانُوا هُمْ أَجْدَرَ أَنْ يَسْأَلُوهُ مِنْ أَصْحَابِهِ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَتَى السَّاعَةُ؟ قَالَ: وَمَا أَعْدَدْتَ لَهَا؟ قَالَ: مَا أَعْدَدْتُ لَهَا غَيْرَ أَنِّي أُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ، قَالَ: فَإِنَّكَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ قَالَ أَنَسٌ: فَمَا رَأَيْتُ الْمُسْلِمِينَ فَرِحُوا بِشَيْءٍ بَعْدَ الْإِسْلَامِ أَشَدَّ فَرَحًا مِنْهُ بِقَوْلِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی: یا رسول اللہ! قیامت کب آئے گی؟ تو جواباً نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: خبردار! بے شک وہ آنے والی ہے، تو نے اس کے لیے کیا تیاری کی ہے؟ اس نے عرض کی: میں نے اس کے لیے کوئی زیادہ تیاری تو نہیں کی مگر میں اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کرتا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تو پھر تو اسی کے ساتھ ہوگا، جس سے تو محبت کرتا ہے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اسلام لانے کے بعد میں نے مسلمانوں کو کسی چیز پر اتنا خوش ہوتے ہوئے نہیں دیکھا جتنا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان پہ خوش ہوئے۔

3015 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی: یا رسول اللہ!

3013- الحديث سبق برقم: 2834,2961 فراجعه .

3014- الحديث سبق برقم: 2750 فراجعه .

3015- الحديث سبق برقم: 3014,2750 فراجعه .

أَنَسًا، قَالَ: جَاءَ أَعْرَابِيٌّ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَتَى السَّاعَةُ؟ قَالَ: مَا أَعْدَدْتَ لَهَا؟ قَالَ: أُحِبُّ اللَّهَ وَرَسُولَهُ، قَالَ: أَنْتَ مَعَ مَنْ أَحْبَبْتَ

قیامت کب آئے گی؟ تو جواباً نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تو نے اس کے لیے کیا تیاری کی ہے؟ اس نے عرض کی: میں اللہ اور اس کے رسول ﷺ سے محبت کرتا ہوں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تو پھر تو اسی کے ساتھ ہوگا، جس سے تو محبت کرتا ہے

3016 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَهَلَّ بِالْحَجِّ وَالْعُمْرَةِ جَمِيعًا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم ﷺ نے حج اور عمرہ کا احرام اکٹھے باندھا۔

3017 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا عَدْوَى وَلَا طِيَرَةَ، وَيُعْجِبُنِي الْفَأْلُ الصَّالِحُ قَالَ: قِيلَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، وَمَا الْفَأْلُ الصَّالِحُ؟ قَالَ: كَلِمَةٌ حَسَنَةٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بے شک نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: نہ ہی تعدیہ ہے (بیماری کا متعدی ہونا کہ بیمار سے لوگ بیماری کی وجہ سے نفرت کریں) اور نہ ہی بدشگونی لینا ہے اور مجھے اچھی فال اچھی لگتی ہے اچھی بات تو اچھی ہوتی ہے۔

3018 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، يُحَدِّثُ عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِهِ، غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ: قِيلَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَا الْفَأْلُ؟ قَالَ: الْكَلِمَةُ الطَّيِّبَةُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بے شک نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: نہ ہی تعدیہ ہے (بیماری کا متعدی ہونا کہ بیمار سے لوگ بیماری کی وجہ سے نفرت کریں) اور نہ ہی بدشگونی لینا ہے اور مجھے اچھی فال اچھی لگتی ہے اچھی بات تو اچھی ہوتی ہے۔

3019 - حَدَّثَنَا أَبُو مُوسَى، حَدَّثَنَا أَبُو

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ

3016- الحديث سبق برقم: 2813 فراجعه .

3017- الحديث سبق برقم: 2863 فراجعه .

3018- الحديث سبق برقم: 3017,2863 فراجعه .

3019- الحديث سبق برقم: 2824 فراجعه .

دَاوُدَ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، وَحَدَّثَنَا هِشَامٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَنَتَ شَهْرًا ، قَالَ شُعْبَةُ: يَلْعَنُ، وَقَالَ هِشَامٌ: يَدْعُو عَلَى أَحْيَاءٍ مِنْ أَحْيَاءِ الْعَرَبِ، ثُمَّ تَرَكَهُ بَعْدَ الرُّكُوعِ، وَهُوَ قَوْلُ هِشَامٍ

نے ایک ماہ تک (نمازِ فجر میں) قنوت پڑھی۔ حضرت شعبہ فرماتے ہیں: یعنی لعنت کرتے تھے۔ حضرت ہشام فرماتے ہیں: عرب کے قبیلوں میں سے کسی قبیلہ کے لیے بددعا کرتے تھے' پھر رکوع کے بعد چھوڑ دیا۔ یہ ہشام کا قول ہے (یعنی رکوع کے بعد چھوڑ دیا)۔

وَقَالَ شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَنَتَ شَهْرًا يَلْعَنُ رِعْلًا وَذَكْوَانَ وَبَنِي لِحْيَانَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ماہ تک نمازِ فجر میں دعاءِ قنوت پڑھی' قبیلہ ذکوان اور بنی لحیان کے لیے بددعا کرتے تھے۔

3020 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنِّي أُرِيدُ الصِّيَامَ فَهَلْ عِنْدَكَ شَيْءٌ؟ قَالَ: فَجِئْتُهُ بِطَبَقٍ فِيهِ تَمْرٌ وَإِنَاءٍ فِيهِ مَاءٌ بَعْدَ مَا أَذَّنَ بِلَالٌ فَقَالَ: انْظُرْ إِنْسَانًا يَأْكُلُ فَخَرَجْتُ فَوَجَدْتُ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ فَدَعَوْتُهُ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي شَرِبْتُ شَرْبَةً مِنْ سَوِيقٍ وَأَنَا أُرِيدُ الصِّيَامَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَأَنَا أُرِيدُ الصِّيَامَ فَتَسَحَّرَ مَعَهُ، ثُمَّ صَلَّى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ خَرَجَ فَأُقِيمَتِ الصَّلَاةُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں روزہ رکھنا چاہتا ہوں' کوئی شی موجود ہے۔ کہتے ہیں: پس میں ایک تھال لایا' جس میں کھجوریں تھیں اور ایک برتن لایا جس میں پانی تھا بعد اس کے کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ اذانِ تہجد دے چکے تھے' پس آپ نے فرمایا: کوئی کھانا والا آدمی دیکھو۔ میں نکلا تو میں نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو دیکھا تو میں نے ان کو دعوت دی تو انہوں نے کہا: اے اللہ کے رسول! میں نے ستو کا ایک گھونٹ پیا اور میرا روزہ رکھنے کا ارادہ ہے۔ پس انہوں نے آپ کے ساتھ مل کر سحری کی' پھر دو رکعتیں پڑھیں' پھر آپ تشریف لے گئے تو نماز کھڑی کی گئی۔

3021 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، وَحُمَيْدٍ الطَّوِيلِ،

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر و عمر و عثمان رضی اللہ عنہم کو الحمد للہ

3020- الحديث سبق برقم: 2936 فراجعه .

3021- الحديث سبق برقم: 2976 فراجعه .

وَأَبَانَ، كُلُّهُمْ عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: " سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ وَعُثْمَانَ يَفْتَتِحُونَ الْقِرَاءَةَ بِـ (الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ) (الفاتحة: 2)"

رب العالمین سے قرأت شروع کرتے ہوئے سنا۔

3022 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِلْأَنْصَارِ، وَلأَبْنَاءِ الأَنْصَارِ، وَلأَبْنَاءِ أَبْنَاءِ الأَنْصَارِ وَقَالَ مَعْمَرٌ، عَنِ ابْنٍ لِعَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ، قَالَ: فَكَانَ أَبِي يَقُولُ: مَا بَقِيَ مِنْ أَهْلِ الدَّعْوَةِ غَيْرِي

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی: اے اللہ! انصار اور انصار کے بیٹوں اور پوتوں کو بخش دے۔ حضرت معمر' ابن عبداللہ بن ابی بکر بن عمرو بن حزم سے روایت کرتے ہیں کہ میرے والد کہا کرتے تھے: میرے علاوہ کوئی باقی نہیں رہا ہے' جس کے لیے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی تھی۔

3023 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، وَأَبَانَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لأُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ: أَمَرَنِي رَبِّي أَنْ أَقْرَأَ عَلَيْكَ قَالَ: وَسَمَّانِي لَكَ؟ قَالَ: وَسَمَّاكَ لِي قَالَ: فَبَكَى أُبَيٌّ، قَالَ مَعْمَرٌ: قَالَ أَبَانُ، قَالَ أَنَسٌ: وَذُكِرْتُ هُنَاكَ؟

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ سے فرمایا: بے شک اللہ نے مجھے حکم دیا ہے کہ تجھے قرآن سناؤں! عرض کی: میرا نام لیا؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ رو پڑے۔ حضرت معمر فرماتے ہیں کہ حضرت ابان نے فرمایا کہ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں ان کا ذکر یہاں کر رہا ہوں؟

3024 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ:

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ کا جنازہ اُٹھایا گیا تو منافقین کہنے لگے: اس

3022- أخرجه أحمد جلد3صفحه162 قال: حدثنا عبد الرزاق' قال: حدثنا معمر . والنسائي في فضائل الصحابة رقم الحديث: 245 قال: أخبرنا عمرو بن علي' قال: حدثنا يزيد بن زُريع' قال: حدثنا سعيد .

3023- الحديث سبق برقم: 2986,2835 فراجعه .

3024- اخرجه عبد بن حُميد: 1195 . والترمذي رقم الحديث: 3849 قال: حدثنا عبد بن حُميد' قال: أخبرنا عبد الرزاق' قال: أخبرنا عبد الرزاق' قال: أخبرنا معمر' عن قتادة' فذكره .

لَمَّا حُمِلَتْ جِنَازَةُ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ قَالَ الْمُنَافِقُونَ: مَا أَخَفَّ جِنَازَتَهُ، وَذَلِكَ لِحُكْمِهِ فِي بَنِي قُرَيْظَةَ، فَبَلَغَ ذَلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنَّ الْمَلَائِكَةَ كَانَتْ تَحْمِلُهُ

کے لیے جنازہ کا وزن کم' بنی قریظہ میں انصاف کا فیصلہ کرنے کی وجہ سے ہوا ہے۔ یہ بات حضور ﷺ تک پہنچی تو آپ نے فرمایا: اس کو فرشتے اُٹھائے ہوئے ہیں۔

3025 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ أَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، إِنَّا إِذَا كُنَّا عِنْدَكَ رَأَيْنَا فِي أَنْفُسِنَا مَا نُحِبُّ، وَإِذَا رَجَعْنَا إِلَى أَهْلِينَا فَخَالَطْنَاهُمْ أَنْكَرْنَا أَنْفُسَنَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ تَدُومُونَ عَلَى مَا تَكُونُونَ عِنْدِي فِي الْخَلَاءِ لَصَافَحَتْكُمُ الْمَلَائِكَةُ حَتَّى تُظِلَّكُمْ بِأَجْنِحَتِهَا عِيَانًا، وَلَكِنْ سَاعَةً وَسَاعَةً

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کے صحابہ نے عرض کی، یا رسول اللہ ﷺ جب ہم آپ ﷺ کے پاس بیٹھے ہوتے ہیں تو ہم اپنے آپ کو دیکھتے ہیں کہ ہم کو کوئی شے پسند نہیں ہے۔ جب ہم اپنے گھر واپس جاتے ہیں تو ہم ان کے ساتھ ملتے جلتے ہیں تو ہم دنیا میں مشغول ہو جاتے ہیں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: اگر تم اس حالت میں رہو جس حالت میں میرے پاس ہوتے ہو خلوت میں تو تم سے ضرور فرشتے مصافحہ کرتے ہیں یہاں تک کہ تم کو اپنے پروں سے ڈھانپ لیتے ہیں، ہر وقت۔ لیکن یہ کوئی وقت ہوتا ہے۔

3026 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ ثَابِتٍ، وَقَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: نَظَرَ بَعْضُ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَضُوءاً فَلَمْ يَجِدْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَا هُنَا قَالَ: فَرَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَضَعَ يَدَهُ فِي الْإِنَاءِ الَّذِي فِيهِ الْمَاءُ قَالَ: تَوَضَّئُوا بِسْمِ اللَّهِ قَالَ: فَرَأَيْتُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: بعض صحابہ نے پانی کو دیکھا تو نہ پایا۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: یہیں ٹھہرو! راوی کہتے ہیں: میں نے رسول کریم ﷺ کو دیکھا' آپ ﷺ نے اپنا ہاتھ اس برتن میں رکھا جس میں تھوڑا سا پانی تھا۔ فرمایا: بسم اللہ! وضو کرو۔ راوی کا بیان ہے کہ میں نے دیکھا کہ آپ کی انگلیوں کے درمیان سے پانی پھوٹ رہا ہے اور صحابہ لگاتار وضو کیے جا رہے ہیں' یہاں

3025- الحديث في المقصد العلي برقم: 1733 . وأخرجه ابن حبان رقم الحديث: 2493 من طريق الحسن بن سفيان' حدثنا أبو قديد عبيد الله بن فضالة' حدثنا عبد الرزاق بهذا السند .

3026- الحديث سبق برقم: 2750 فراجعه .

الْمَاءَ يَفُورُ مِنْ بَيْنِ أَصَابِعِهِ، وَالْقَوْمُ يَتَوَضَّئُونَ حَتَّى تَوَضَّأَ آخِرُهُمْ، قَالَ ثَابِتٌ: قُلْتُ لِأَنَسٍ: كَمْ تُرَاهُمْ كَانُوا؟ قَالَ: نَحْوًا مِنْ سَبْعِينَ رَجُلًا

تک کہ ان میں سے آخری صحابی نے وضو فرمایا۔ حضرت ثابت کا قول ہے: میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے عرض کی: وہ کتنے لوگ تھے؟ اُنہوں نے فرمایا: تقریباً ستر آدمی۔

3027 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، وَثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْ قَالَ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ قَوْمًا يَخْرُجُونَ مِنَ النَّارِ وَقَدْ أَصَابَهُمْ سَفْعُ النَّارِ عُقُوبَةً بِذُنُوبٍ عَمِلُوهَا، وَلَيُخْرِجَنَّهُمُ اللَّهُ بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ فَيُدْخِلُهُمُ الْجَنَّةَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُنہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو سنا' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جہنم سے کچھ لوگ نکالے جائیں گے اس حالت میں کہ ان کی انگلیاں جلی ہوئی ہوں گی گناہوں کی سزا کی وجہ سے جو اُنہوں نے کیے تھے' اللہ عزوجل ضرور اُن کو اپنی رحمت کے فضل سے جہنم سے نکالے گا اور اس کے بعد جنت میں داخل کرے گا۔

3028 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: إِنَّ فِي الْجَنَّةِ لَشَجَرَةً يَسِيرُ الرَّاكِبُ فِي ظِلِّهَا مِائَةَ عَامٍ لَا يَقْطَعُهَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں ایک درخت (اس کی مسافت اتنی ہے) کہ کوئی سوار اس کے سایہ میں ایک سو سال تک چلتا رہے تو اس کا سایہ ختم نہیں ہوگا۔

3029 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: حَسْبُكَ مِنْ نِسَاءِ الْعَالَمِينَ مَرْيَمُ بِنْتُ عِمْرَانَ، وَخَدِيجَةُ بِنْتُ خُوَيْلِدٍ، وَفَاطِمَةُ بِنْتُ مُحَمَّدٍ، وَآسِيَةُ امْرَأَةُ فِرْعَوْنَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ساری کائنات سے زیادہ فضیلت و مقام و مرتبہ والی یہ عورتیں ہیں: مریم بنت عمران، خدیجہ بنت خویلد، فاطمہ بنت محمد صلی اللہ علیہ وسلم، آسیہ فرعون کی بیوی۔

3030 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ ہمیں حضرت انس رضی اللہ عنہ

3027- الحديث سبق برقم: 2969,2872 فراجعه .

3028- الحديث سبق برقم: 2879 فراجعه .

3029- أخرجه أحمد جلد3صفحه135 . والترمذى رقم الحديث: 3878 قال: حدثنا أبو بكر بن زنجويه .

3030- الحديث سبق برقم: 2952,2894,2885 فراجعه .

عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، قَالَ: قَالَ لَنَا أَنَسٌ: أَلَا أُحَدِّثُكُمْ حَدِيثًا لَا تَجِدُونَ أَحَدًا يُحَدِّثُكُمُوهُ بَعْدِي، سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ يَذْهَبَ الْعِلْمُ، وَيَظْهَرَ الْجَهْلُ، وَيُشْرَبَ الْخَمْرُ وَيَفْشُوَ الزِّنَى، وَيَقِلَّ الرِّجَالُ، وَيَكْثُرَ النِّسَاءُ حَتَّى يَكُونَ قَيِّمَ خَمْسِينَ امْرَأَةً رَجُلٌ وَاحِدٌ

نے فرمایا: کیا میں تمہیں ایسی حدیث بیان نہ کروں جو حدیث تم میرے بعد کسی سے سننے والا نہیں پاؤ گے۔ میں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ قیامت کی نشانیاں یہ ہیں: (۱) علم کا اُٹھنا (۲) جہالت کا عام ہونا (۳) شراب کا پیا جانا (۴) زنا کا عام ہونا (۵) مردوں کا کم ہونا (۶) عورتوں کی کثرت ہونا یہاں تک کہ پچاس عورتوں کی ذمہ داری ایک مرد کے ذمہ ہوگی۔

3031 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: احْتَجَمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُحْرِمٌ عَلَى ظَهْرِ الْقَدَمِ مِنْ وَجِعٍ كَانَ بِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے اپنے پاؤں کی پشت پر پچھنا لگوایا کسی تکلیف کی وجہ سے جو آپ ﷺ کو تھی۔

3032 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ ثَابِتٍ، وَقَتَادَةَ، وَأَبَانَ، كُلُّهُمْ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: حُرِّمَتِ الْخَمْرُ، قَالَ: إِنِّي لَأَسْقِي يَوْمَئِذٍ أَحَدَ عَشَرَ رَجُلًا، قَالَ: فَأَمَرُونِي فَكَفَأْتُهَا وَكَفَأَ النَّاسُ آنِيَتَهُمْ بِمَا فِيهَا حَتَّى كَادَتِ السِّكَكُ تَمْتَنِعُ مِنْ رِيحِهَا، قَالَ أَنَسٌ: وَمَا خَمْرُهُمْ يَوْمَئِذٍ إِلَّا الْبُسْرُ وَالتَّمْرُ مَخْلُوطَيْنِ، قَالَ: فَجَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: إِنَّهُ كَانَ عِنْدِي مَالُ يَتِيمٍ فَاشْتَرَيْتُ بِهِ خَمْرًا، أَفَتَأْذَنُ لِي أَنْ أَبِيعَهُ فَأَرُدَّ عَلَى الْيَتِيمِ مَالَهُ؟ قَالَ:

حضرت ثابت وقتادہ وابان رضی اللہ عنہم بیان کرتے ہیں کہ شراب (جب) حرام کی گئی تو میں اس دن گیارہ مرد حضرات کو شراب پلا رہا تھا' مجھے حکم دیا گیا تو میں نے اسے بہا دیا۔ لوگوں نے اپنے برتنوں میں جو شراب تھی وہ بھی بہا دی (اتنی شراب ہوئی) کہ قریب تھا کہ گلیوں سے شراب کی بدبو کی وجہ سے گلیاں بند ہو جاتیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ان دنوں شراب خشک اور تازہ کھجور کو ملا کر بنی ہوتی تھی' اس کی حرمت نازل ہونے کے بعد ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا اور عرض کی: میرے پاس یتیم کا مال ہے' میں نے اس کے بدلے

3031- أخرجه أحمد جلد3صفحه164 من طريق عبد الرزاق به . ومن طريق أحمد أخرجه أبو داؤد رقم الحديث: **1837** . وأخرجه النسائي جلد5صفحه194 من طريق اسحاق بن ابراهيم .

3032- الحديث سبق برقم: **2999** فراجعه .

فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قَاتَلَ اللّٰهُ الْيَهُودَ حُرِّمَتْ عَلَيْهِمُ الثُّرُوبُ فَبَاعُوهَا وَأَكَلُوا أَثْمَانَهَا وَلَمْ يَأْذَنْ لَهُ فِي بَيْعِ الْخَمْرِ

شراب خریدی ہے' کیا آپ مجھے اجازت دیتے ہیں کہ میں اس کو فروخت کر کے یتیم کو اس کا مال واپس کر دوں؟ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل یہود کو ہلاک کرے! ان پر چربی حرام کی گئی تو اُنہوں نے اسے فروخت کیا اور اس کی کمائی کھائی' آپ نے اس کو شراب فروخت کرنے کی اجازت نہیں دی۔

3033 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، فِي قَوْلِهِ (فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِينَ) (الصافات: 177) قَالَ: لَمَّا أَتَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْبَرَ فَوَجَدَهُمْ حِينَ خَرَجُوا إِلَى زَرْعِهِمْ مَعَهُمْ مَسَاحِيهِمْ، فَلَمَّا رَأَوْهُ وَمَعَهُ الْجَيْشُ نَكَصُوا فَرَجَعُوا إِلَى حِصْنِهِمْ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: " اللّٰهُ أَكْبَرُ، خَرِبَتْ خَيْبَرُ، إِنَّا إِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ (فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِينَ) (الصافات: 177)"

حضرت انس رضی اللہ عنہ' اللہ عزوجل کے اس ارشاد کہ ''بُری صبح ہوگی ڈرنے والوں کے لیے'' کے متعلق فرمایا: جب حضور ﷺ خیبر آئے تو خیبر والوں کو پایا جس وقت وہ اپنے کھیتوں کی طرف نکل رہے تھے' اُن کے ساتھ اپنے سبل کے ساتھ' جب اُنہوں نے آپ کو اور آپ کے ساتھ لشکر کو دیکھا تو اُلٹے پاؤں پلٹے اور اپنے قلعوں میں آئے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ بہت بڑا ہے' خیبر تباہ ہو گیا' جب ہم اُترتے ہیں کسی قوم کی ہلاکت کے لیے تو وہ صبح بُری صبح ہوگی ڈرنے والوں کے لیے۔

3034 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَدِمَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفَرٌ مِنْ عُكْلٍ وَعُرَيْنَةَ هَكَذَا، قَالَ مَعْمَرٌ: قَالَ: فَتَحَدَّثُوا بِالْإِسْلَامِ فَأَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرُوا أَنَّهُمْ أَهْلُ ضَرْعٍ وَلَيْسُوا أَهْلَ رِيفٍ،

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ کے پاس قبیلہ عکل اور عرینہ سے کچھ لوگ آئے۔ حضرت معمر فرماتے ہیں: وہ اسلام کے ساتھ آئے' اس کے بعد وہ حضور ﷺ کی بارگاہ میں آئے' اُنہوں نے ذکر کیا کہ وہ گاؤں کے رہنے والے ہیں اور شہری نہیں ہیں' مدینہ کی آب و ہوا موافق نہ آئی تو حضور ﷺ نے

3033- الحديث سبق برقم: 2901 فراجعه .

3034- الحديث سبق برقم: 2875,2808 فراجعه .

وَاجْتَوَوُا الْمَدِينَةَ، وَشَكُوا وَبَاءَهَا إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَ لَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذَوْدٍ، وَأَمَرَ لَهُمْ بِرَاعٍ، وَقَالَ: تَخْرُجُونَ مِنَ الْمَدِينَةِ فَتَشْرَبُونَ مِنْ أَبْوَالِهَا وَأَلْبَانِهَا، وَانْطَلَقُوا فَنَزَلُوا بِنَاحِيَةِ الْحَرَّةِ فَكَفَرُوا بَعْدَ إِسْلَامِهِمْ وَقَتَلُوا الرَّاعِيَ وَسَاقُوا الذَّوْدَ ، فَبَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي طَلَبِهِمْ فَأُتِيَ بِهِمْ فَقَطَعَ أَيْدِيَهُمْ وَأَرْجُلَهُمْ وَسَمَرَ أَعْيُنَهُمْ، وَتُرِكُوا بِنَاحِيَةِ الْحَرَّةِ يَقْضَمُونَ حِجَارَتَهَا حَتَّى مَاتُوا . قَالَ قَتَادَةُ: فَبَلَغَنَا أَنَّ هَذِهِ الْآيَةَ نَزَلَتْ فِيهِمْ (إِنَّمَا جَزَاءُ الَّذِينَ يُحَارِبُونَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَيَسْعَوْنَ فِي الْأَرْضِ فَسَادًا) (المائدة: 33) إِلَى آخِرِ الْآيَةِ

اُنہیں اونٹوں کے پاس جانے کا حکم دیا اور انہیں اونٹ چرانے کا حکم دیا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ وہ مدینہ سے نکلے' اُنہوں نے ان اونٹوں کا دودھ اور پیشاب پیا اور چلے' وہ ایک گرم جگہ میں آئے' وہ مسلمان ہونے کے بعد کافر ہو گئے' اُنہوں نے چرواہے کو قتل کیا اور اونٹ ہانک کر لے گئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی تلاش میں بھیجا' انہیں لایا گیا تو آپ نے ان کے ہاتھ اور پاؤں کاٹے اور انہیں سورج کی گرمی میں ڈال دیا' انہیں پتھر مارے گئے یہاں تک کہ وہ مر گئے۔ حضرت قتادہ فرماتے ہیں: ہمیں یہ بات پہنچی ہے کہ یہ آیت ان کے متعلق نازل ہوئی ہے: ''ان کو جزاء جو اللہ اور اس کے رسول سے لڑائی کرتے ہیں اور زمین میں فساد کرتے ہیں'' آخر آیت تک۔

3035 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مَهْدِيٍّ، حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَقَدْ نَزَلَتْ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (لِيَغْفِرَ لَكَ اللَّهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِكَ وَمَا تَأَخَّرَ) (الفتح: 2) مَرْجِعَهُ مِنَ الْحُدَيْبِيَةِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَقَدْ نَزَلَتْ عَلَيَّ آيَةٌ هِيَ أَحَبُّ إِلَيَّ مِمَّا عَلَى الْأَرْضِ ، وَقَرَأَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا: هَنِيئًا مَرِيئًا يَا نَبِيَّ اللَّهِ، قَدْ بَيَّنَ اللَّهُ لَكَ مَاذَا يَفْعَلُ بِكَ فَمَاذَا يَفْعَلُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ آیت مبارکہ نازل ہوئی: ''آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کے وسیلہ سے اللہ تعالیٰ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے پہلے اور اگلے گناہ معاف کر دیئے ہیں'' (الفتح:۲) مقام حدیبیہ سے لوٹتے وقت۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھ پر یہ آیت نازل ہوئی ہے جو کچھ زمین میں ہے اس سے زیادہ پسند ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی تلاوت فرمائی۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! اے غیب کی خبریں بتانے والے! اللہ آپ کو ہمیشہ خوش رکھے، بے شک اللہ

3035- أخرجه الترمذى رقم الحديث: **3259** من طريق عبد بن حميد' حدثنا عبد الرزاق بهذا السند . قال الترمذى: هذا حديث حسن صحيح وراجع الحديث رقم: **2925** فقد سبق هناك .

بِنَا؟ فَنَزَلَتْ (لِيُدْخِلَ الْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ) (الفتح: 5) حَتَّى بَلَغَ (فَوْزًا عَظِيمًا) (النساء: 73)

نے واضح کر دیا ہے کہ آپ کے لیے جو آپ ﷺ کے ساتھ ہوگا، ہمارے ساتھ کیا ہوگا؟ پھر اس کے بعد یہ آیت نازل ہوئی: ''مومن مرد و عورت کو داخل کیا جائے (یہاں تک) بہت بڑی کامیابی ہے''۔

3036 - حَدَّثَنَا أَبُو خَيْثَمَةَ، حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ: أَنَّ رَجُلًا، قَالَ: يَا نَبِيَّ اللَّهِ كَيْفَ يُحْشَرُ الْكَافِرُ عَلَى وَجْهِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ قَالَ: أَلَيْسَ الَّذِي أَمْشَاهُ عَلَى رِجْلَيْهِ فِي الدُّنْيَا قَادِرًا أَنْ يُمْشِيَهُ عَلَى وَجْهِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ؟ قَالَ قَتَادَةُ: بَلَى وَعِزَّةِ رَبِّنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! کافروں کو قیامت کے دن چہرے کے بل کیسے چلایا جائے گا؟ آپ ﷺ نے فرمایا: کیا وہ ذات جس نے اس کو دنیا میں قدموں کے بل چلایا ہے، وہ اس پر قادر نہیں ہے کہ اس کو قیامت کے دن اُن کے چہروں کے بل چلائے؟ حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: کیوں نہیں! ہمارے ربّ کی عزت کی قسم!

3037 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، قَالَ: سَمِعْتُ قَتَادَةَ، قَالَ: سَأَلْتُ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ: كَيْفَ كَانَتْ قِرَاءَةُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: كَانَ يَمُدُّ بِهَا مَدًّا

حضرت قتادہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ حضور ﷺ قرأت کیسے کرتے تھے؟ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ قرأت لمبی کرتے تھے۔

3038 - حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ، حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ، حَدَّثَنَا أَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ عَلَى الْأَخْدَعَيْنِ وَالْكَاهِلِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے گردن کی دونوں رگوں اور دونوں کندھوں کے درمیان پچھنے لگوائے۔

3036- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **229** . وعبد بن حُميد: **1182** . والبخاري جلد **6** صفحه **137** وجلد **8** صفحه **136** قال: حدثنا عبد الله بن محمد .

3037- الحديث سبق برقم: **2899** فراجعه .

3038- الحديث سبق برقم: **3031,2827** فراجعه .

3039 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا يُؤْمِنُ أَحَدٌ حَتَّى أَكُونَ أَحَبَّ إِلَيْهِ مِنْ وَالِدِهِ وَوَلَدِهِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی اس وقت تک کامل ایمان والا نہیں ہوسکتا جب تک وہ مجھ سے اپنی اولاد، ماں باپ اور تمام لوگوں سے بڑھ کر محبت نہ کرے۔

3040 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ، حَدَّثَنَا سَعِيدٌ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَ صَفِيَّةَ بِنْتَ حُيَيٍّ وَجَعَلَ عِتْقَهَا صَدَاقَهَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت صفیہ بنت حیی سے نکاح کیا، آپ کو آزاد کرنا آپ کا حق مہر بنایا گیا۔

3041 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الْمَدِينَةُ يَأْتِيهَا الدَّجَّالُ فَيَجِدُ الْمَلَائِكَةَ يَحْرُسُونَهَا فَلَا يَدْخُلُهَا الدَّجَّالُ وَلَا الطَّاعُونُ إِنْ شَاءَ اللَّهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مدینہ میں دجال آئے گا تو فرشتوں کو اس کی حفاظت کرتے ہوئے پائے گا' دجال اور طاعون مدینہ میں داخل نہیں ہوں گے' اگر اللہ نے چاہا۔

3042 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْوِصَالِ، قَالُوا: يَا رَسُولَ اللَّهِ، فَإِنَّكَ تُوَاصِلُ، قَالَ: أَنْتُمْ لَسْتُمْ كَهَيْئَتِي، إِنِّي أَبِيتُ أُطْعَمُ وَأُسْقَى

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے لگاتار روزے رکھنے سے منع فرمایا۔ صحابہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! آپ بھی تو لگاتار روزے رکھتے ہیں' آپ نے فرمایا: تم میری ہیئت پر نہیں ہو' میں رات اس حال میں گزارتا ہوں کہ کھلایا جاتا ہوں اور پلایا جاتا

3039- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **275,177** قال: حدثنا محمد بن جعفر' وحجاج . وعبد بن حميد: **1176** قال: أخبرنا يزيد بن هارون .

3040- أخرجه البخاري جلد **7** صفحه **8** . ومسلم جلد **4** صفحه **146** . والنسائي جلد **6** صفحه **114** . وأخرجه الدارمي رقم الحديث: **2248** قال: حدثنا مسدد' قال: حدثنا حماد بن زيد .

3041- الحديث سبق برقم: **2923** فراجعه .

3042- الحديث سبق برقم: **2963** فراجعه .

ہوں۔

3043 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أُتِيَ رَجُلٌ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ شَرِبَ الْخَمْرَ، فَأَمَرَ بِهِ فَضُرِبَ بِنَعْلَيْنِ أَرْبَعِينَ، ثُمَّ أُتِيَ أَبُو بَكْرٍ بِرَجُلٍ قَدْ شَرِبَ الْخَمْرَ فَصَنَعَ بِهِ مِثْلَ ذَلِكَ، ثُمَّ أُتِيَ عُمَرُ بِرَجُلٍ قَدْ شَرِبَ الْخَمْرَ، فَاسْتَشَارَ النَّاسَ فِي ذَلِكَ، فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ: أَرَى أَنْ تَجْعَلَهَا أَقَلَّ الْحُدُودِ ثَمَانِينَ، فَضَرَبَهُ عُمَرُ ثَمَانِينَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے بے شک ایک آدمی کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں اس حال میں حاضر کیا گیا کہ اس نے شراب پی ہوئی تھی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس کو مارو تو انہوں نے اس کو چالیس چھتر مارے۔ پھر اسی طرح ایک بندے کو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے پاس لایا گیا اس حال میں کہ اس نے شراب پی ہوئی تھی تو آپ رضی اللہ عنہ نے اس کو اسی کی مثل کوڑے مروائے پھر جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس ایک آدمی لایا گیا جس نے شراب پی تھی' اس سلسلے میں آپ نے لوگوں سے مشورہ کیا تو حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ آپ کم از کم حد اسّی کوڑے مقرر فرمائیں' پس حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے اسّی کوڑے لگوائے۔

3044 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عِبَادَةَ، حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيُصِيبَنَّ نَاسًا سَفْعٌ مِنَ النَّارِ عُقُوبَةً بِذُنُوبٍ عَمِلُوهَا فَيُدْخِلُهُمُ اللَّهُ الْجَنَّةَ بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ، يُقَالُ لَهُمُ: الْجَهَنَّمِيُّونَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کچھ لوگوں کو ضرور بضرور جہنم میں رکھا جائے گا' گناہوں کی وجہ سے جو انہوں نے کیے ہوں گے' پھر اللہ عزوجل ان کو اپنی رحمت سے سفارش کرنے والوں کی سفارش کی وجہ سے جنت میں داخل کرے گا' ان کو جہنمی کہا جائے گا۔

3045 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: سَوُّوا صُفُوفَكُمْ، فَإِنَّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنی صفیں درست کیا کرو۔ بے شک صف کا سیدھا کرنا یہ نماز کے مکمل ہونے سے۔

3043- الحديث سبق برقم: 2887 فراجعه .

3044- الحديث سبق برقم: 2968 فراجعه .

3045- الحديث سبق برقم: 2988 فراجعه .

تَسْوِيَةَ الصَّفِّ تَمَامُ أَوْ مِنْ تَمَامِ الصَّلَاةِ

3046 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا أَبُو عَامِرٍ، عَنْ شُعْبَةَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَا أَحَدٌ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ يَتَمَنَّى أَنْ يَخْرُجَ مِنْهَا وَإِنَّ لَهُ مَا عَلَى الْأَرْضِ مِنْ شَيْءٍ إِلَّا الشَّهِيدُ، فَإِنَّهُ يَتَمَنَّى أَنْ يَرْجِعَ فَيُقْتَلَ عَشْرَ مَرَّاتٍ لِمَا يَرَى مِنَ الْكَرَامَةِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنتیوں میں سے کوئی بھی ایسا نہ ہوگا جو اس بات میں خوشی محسوس کرتا ہو کہ اس کو دوبارہ دنیا میں بھیجا جائے اور اس کو پہلے جیسی دس گنا زیادہ مراعات حاصل ہوں سوائے شہید کے، شہید چاہے گا کاش کہ اس کو دوبارہ دنیا کی طرف لوٹا دیا جائے اور وہ اللہ کی راہ میں دس مرتبہ قتل کیا جائے اس کے لیے وہ اس کی فضیلت کو دیکھ چکا ہوگا۔

3047 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا وَكِيعٌ، حَدَّثَنَا هِشَامٌ الدَّسْتُوَائِيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: قَنَتَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهْرًا بَعْدَ الرُّكُوعِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ماہ رکوع کے بعد (نمازِ فجر میں) دعاءِ قنوت پڑھی۔

3048 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا أَبُو هِلَالٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: كَانَتْ شَجَرَةٌ فِي طَرِيقِ النَّاسِ كَانَتْ تُؤْذِي النَّاسَ، فَأَتَاهَا رَجُلٌ فَعَزَلَهَا عَنْ طَرِيقِ النَّاسِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَلَقَدْ رَأَيْتُهُ يَتَقَلَّبُ فِي ظِلِّهَا فِي الْجَنَّةِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ راستے میں ایک درخت تھا' اس سے لوگوں کو تکلیف ہوتی تھی' ایک آدمی آیا اور اُس نے اسے راستے سے ہٹا دیا۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے اسے جنت میں اس درخت کے سایہ میں آتے جاتے ہوئے دیکھا ہے۔

3049 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

3046- الحديث سبق برقم: **2872** فراجعه .

3047- الحديث سبق برقم: **3020,3019,2914** فراجعه .

3048- الحديث في المقصد العلى برقم: **1059** . وأخرجه أحمد جلد **3** صفحه **230,154** من طريق الحسن بن موسى الأشيب به .

3049- أخرجه أحمد جلد **3** صفحه **133** قال: حدثنا أبو عامر . وفي جلد **3** صفحه **208** قال: حدثنا روح

مُوسَى، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: لَقَدْ دُعِيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ عَلَى خُبْزِ شَعِيرٍ، وَإِهَالَةٍ سَنِخَةٍ قَالَ: وَلَقَدْ سَمِعْتُهُ ذَاتَ يَوْمٍ وَهُوَ يَقُولُ: وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ، مَا أَصْبَحَ عِنْدَ مُحَمَّدٍ صَاعُ حَبٍّ وَلَا صَاعُ تَمْرٍ وَإِنَّ لَهُ يَوْمَئِذٍ تِسْعَ نِسْوَةٍ قَالَ: وَلَقَدْ رَهَنَ دِرْعًا لَهُ عِنْدَ يَهُودِيٍّ بِالْمَدِينَةِ أَخَذَ مِنْهُ طَعَامًا فَمَا وَجَدَ لَهَا مَا يَفْتَكُّهَا بِهِ

حضور ﷺ کی دعوت کی گئی ایک دن جو کی روٹی اور بدبودار چربی کی۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے ایک دن آپ ﷺ سے سنا آپ ﷺ فرمارہے تھے: اس ذات کی قسم جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے! محمد کے پاس گندم یا کھجور کے صاع نے صبح نہیں کی حالانکہ آپ ﷺ کی اس وقت نو بیویاں تھیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: آپ ﷺ نے اپنی زرہ مبارک یہودی کے پاس گروی کے طور پر رکھی ہوئی تھی، مدینہ شریف میں اس سے گندم لی تھی۔ آپ ﷺ کے پاس بظاہر اسے چھڑانے کے لیے کوئی چیز نہیں تھی۔

3050 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، قَالَ: أَلَا أُحَدِّثُكُمْ حَدِيثًا لَا يُحَدِّثُهُ أَحَدٌ بَعْدِي سَمِعْتُهُ مِنْ نَبِيِّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: إِنَّ مِنْ أَشْرَاطِ السَّاعَةِ أَنْ يُرْفَعَ الْعِلْمُ، وَيَظْهَرَ الْجَهْلُ، وَيُشْرَبَ الْخَمْرُ، وَيَفْشُوَ الزِّنَى، وَيَقِلَّ الرِّجَالُ، وَيَكْثُرَ النِّسَاءُ حَتَّى يَكُونَ لِخَمْسِينَ امْرَأَةً قَيِّمٌ وَاحِدٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہتے ہیں کیا میں تم کو ایک ایسی حدیث نہ سناؤں جو میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنی ہے اور یہ حدیث میرے بعد تم کسی سے بھی نہیں سنو گے۔ فرمایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا کہ آپ ﷺ فرمارہے تھے: قیامت کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ علم اٹھا لیا جائے گا، جہالت عام ہو جائے گی، شراب کھلم کھلا پی جائے گی، زنا عام ہو جائے گا، مرد کم ہو جائیں گے اور عورتیں زیادہ ہو جائیں گی، اتنی زیادہ کہ ایک مرد پچاس عورتوں کے لیے ہوگا۔

3051 - حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ، حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُوسَى، حَدَّثَنَا شَيْبَانُ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ:

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر ابن آدم (آدم کے بیٹے) کے پاس مال کی ایک وادی ہو تو وہ دوسری کی تلاش میں

وعبد الصمد . وفي جلد3صفحه232 قال: حدثنا محمد بن يزيد .

3050- الحديث سبق برقم: 2952,2924,2894,2885 فراجعه .

3051- الحديث سبق برقم: 2944,1851,2841 فراجعه .

AlHidayah - الهداية

لَوْ أَنَّ لِابْنِ آدَمَ وَادِيَيْنِ مِنْ مَالٍ لَابْتَغَى وَادِيًا ثَالِثًا، وَلَا يَمْلَأُ جَوْفَ ابْنِ آدَمَ إِلَّا التُّرَابُ، وَيَتُوبُ اللَّهُ عَلَى مَنْ تَابَ

ہوگا اور اس کے پاس دو ہوں تو وہ ضرور تیسری کی تلاش و فکر میں ہوگا اور ابنِ آدم کا پیٹ مٹی کے سوا کوئی شے نہیں بھر سکتی اور اللہ تعالیٰ صرف اسی کی توبہ قبول کرتا ہے جو توبہ کرتا ہے۔

☆☆☆☆☆